ابوعبیداللہ مسلم بیان کرتے ہیں: میں حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کے ساتھ روانہ ہوا ہم نے "مرج الصفر" کے مقام پر پڑاؤ کیا۔

انہوں نے فرمایا: ہمارا زادراہ لے کر آؤ تاکہ ہم اسے استعمال کریں۔

حاضرین ان سے اس چیز کو محفوظ کرنا چاہتے تھے تو انہوں نے فرمایا: میرے بھتیجے تم مجھ سے اس چیز کو محفوظ نہ کرو بلکہ مجھ سے اس چیز کو محفوظ کرلو جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:) جس وقت لوگ دینار اور درہموں کا خزانہ بنا رہے ہوں تو تم ان کلمات کا خزانہ اکٹھا کرو۔

"اے اللہ! میں دین میں ثابت قدمی کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور ہدایت میں عزیمت کا سوال کرتا ہوں اور تیری نعمت کے شکر کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری اچھی طریقے سے عبادت کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور میں ہر اس بھلائی کا تجھ سے سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور میں

935– واخرجه احمد 4/123 من طريق روح، عن الأوزاعي، عن حسان بن عطية، قال: كان شداد بن أوس ... ، ورجاله ثقات إلا أن حسان بن عطية لم يدرك شدادا. واخرجه احمد 4/125، والترمذي (3407)، والطبراني في الكبير (7175) و (7176) و (7177) من طرق عن سعيد الجريري. ورواه الطبراني (7178)، وقال. عن رجل من بني مجاشع. واخرجه الطبراني (7179) من طريق الجريري، عن أبي العلاء، عن رجلين من بني حنظلة، عن شداد بن أوس. واخرجه النسائي 3/54 في السهو: باب نوع آخر من الدعاء، والطبراني (7176) و (7180) من طريق الجريري، عن أبي العلاء، عن شداد. وصححه الحاكم 1/508 على شرط مسلم، ووافقه الذهبي.

تجھ سے اس چیز کی مغفرت طلب کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے۔ بے شک تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔"

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِمَسْأَلَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْحَسَنَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فِي دُعَائِهِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ آدمی اپنی دعا میں اپنے پروردگار سے دنیا اور آخرت میں بھلائی کا سوال کرے

936 – (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الزُّرَقِيُّ بِطَرَسُوسَ . قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا قَدْ صَارَ مِثْلَ الْفَرْخِ، فَقَالَ: مَا كُنْتَ تَدْعُو بِشَيْءٍ أَوْ تَسْأَلُ؟، قَالَ: كُنْتُ أَقُولُ: اَللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبَنِي بِهِ فِي الْآخِرَةِ، فَعَجِّلْهُ فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا تَسْتَطِيعُهُ ، أَوْ لَا تُطِيقُهُ، قُلْ: اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (1: 104)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: مَا سَمِعَ حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ حَدِيثًا، وَالْآخَرُ سَمِعَهَا مِنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی عیادت کی جو بیماری کی وجہ سے سکڑ کر پرندے کی مانند ہو گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیا دعا مانگتے ہو؟ یا تم کیا مانگتے ہو۔ اس نے عرض کی: میں یہ کہتا ہوں۔

"اے اللہ! تو نے آخرت میں مجھ کو جو سزا دینی ہے وہ دنیا میں ہی دیدے۔"

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے تم اس کی استطاعت نہیں رکھتے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تم اس کی طاقت نہیں رکھتے تم یہ کہو۔

"اے اللہ! تو دنیا میں بھی ہمیں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر۔ اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچا لے۔"

(امام ابن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) حمید نامی راوی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے صرف اٹھارہ احادیث سنی ہیں۔ باقی

936– إسناده صحيح، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (1053) عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (2688) عن عاصم بن النضر، عن خالد بن الحارث، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 10/261، وأحمد 3/107، والبخاري في الأدب المفرد (727) و (728) ، ومسلم (2688) في الذكر: باب كراهية الدعاء بتعجيل العقوبة، والترمذي (3487) في الدعوات. باب من جاء في عقد التسبيح، والطبري 2/300، والنسائي في عمل اليوم والليلة (1053) ، والبغوي (1383) ، من طرق عن حميد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/288، ومسلم (2688) (24) في الذكر طريق عفان عن حماد، عن ثابت، به .وسيرد من طرق أخرى مع تخريجها في الروايات الآتية بالأرقام: (937) و (938) (939) و (940) .

روایات انہوں نے ثابت کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنی ہیں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ سُؤَالُ الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا الْحَسَنَةَ لَهُ فِي دَارَيْهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنے خالق سے دونوں جہانوں میں اپنے لئے بھلائی کا سوال کرے

937 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (5: 12)

قَالَ شُعْبَةُ: فَذَكَرْتُهُ لِقَتَادَةَ، فَقَالَ: كَانَ اَنَسٌ يَدْعُوْ بِهٖ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو دنیا میں بھی ہمیں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے قتادہ کے سامنے اس روایت کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے فرمایا: حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی یہ دعا مانگا کرتے تھے:

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الدُّعَاءَ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ كَانَ مِنْ اَكْثَرِ مَا يَدْعُوْ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَحْوَالِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ دعا جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات یہ دعا مانگا کرتے تھے

938 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوْا لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: ادْعُ اللّٰهَ لَنَا، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، قَالُوْا: زِدْنَا، فَاَعَادَهَا؛ قَالُوْا: زِدْنَا، فَاَعَادَهَا؛ فَقَالُوْا: زِدْنَا، فَقَالَ: مَا تُرِيْدُوْنَ؟ سَاَلْتُ

938- إسناده صحيح، وهو في مسند الطيالسي برقم (2036)، ومن طريقه اخرجه احمد 3/209 و 277، والنسائي في عمل اليوم والليلة (1054)، والبغوي في شرح السنة (1382). واخرجه احمد 3/208 عن روح، والبخاري في الأدب المفرد (677) عن عمرو بن مرزوق، ومسلم (2690) (27) عن عبيد الله بن معاذ، عن ابيه، كلهم عن شعبة، به وانظر ما بعده.

لَكُمْ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

قَالَ أَنَسٌ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَ بِهَا: اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (5: 12)

ثابت، بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا آپ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لئے دعا کیجئے' تو انہوں نے یہ دعا کی۔

''اے اللہ! تو دنیا میں ہمیں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

لوگوں نے درخواست کی آپ مزید دعا کیجئے' تو انہوں نے دوبارہ یہی دعا کی۔

لوگوں نے کہا مزید کیجئے' تو انہوں نے پھر یہی دعا کی۔

لوگوں نے کہا مزید کیجئے' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کیا چاہتے ہو میں نے تمہارے لئے دنیا اور آخرت کی بھلائی مانگ لی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ شُعْبَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُلَيَّةَ إِلَّا خَبَرَ التَّزَعْفُرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' شعبہ نامی راوی نے اسماعیل بن علیہ نامی راوی سے صرف زعفران لگانے والی روایت کا سماع کیا ہے

939 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ ابْنِ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَخْبِرْنِي عَنْ دُعَاءٍ كَانَ يَدْعُو بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ فَلَقِيتُ إِسْمَاعِيلَ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: أَكْثَرُ دَعْوَةٍ يَدْعُو بِهَا: رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (5: 12)

939- إسناده صحيح، والقسم الثاني أخرجه ابن أبي شيبة 10/248 عن يزيد بن هارون، وأحمد 3/247، والبغوي (1381) عن عفان، كلاهما عن حماد، بهذا الإسناد. وانظر ما مضى. وقسمه الأول أخرجه البخاري في الأدب المفرد (633) عن موسى، عن عمر بن عبد الله الرومي، عن أبيه، عن أنس. (2) في الأصل: بكر وهو تحريف.

ⴾⴾ عبدالعزیز بن صہیب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا آپ ایسی دعا کے بارے میں مجھے بتائیے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مانگا کرتے تھے:

انہوں نے بتایا: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے)

''اے اللہ! تو دنیا میں ہمیں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: میری ملاقات اسماعیل سے ہوئی میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: (روایت کے الفاظ یہ ہیں)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے ہمارے پروردگار! تو دنیا میں ہمیں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّزِيْدَ فِي الدُّعَاءِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ الْإِقْرَارَ بِالرُّبُوبِيَّةِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ دعا جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے آدمی اس میں پروردگار کی ربوبیت کا اقرار بھی شامل کرلے

940 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلَ قَتَادَةُ اَنَسًا: اَيُّ دَعْوَةٍ اَكْثَرُ مَا يَدْعُوْ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: اَكْثَرُ دَعْوَةٍ يَدْعُوْ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (5: 12)

ⴾⴾ عبدالعزیز بن صہیب بیان کرتے ہیں: قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات کون سی دعا مانگا کرتے تھے' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے:

940– صحيح، عبد الله بن أبي يعقوب، وثقه المؤلف، وتابعه عليه غير واحد، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه مسلم (2690) (26) في الذكر والدعاء: باب فضل الدعاء باللّهم آتنا في الدنيا حسنة ..، عن زهير بن حرب، وأبو داوُد (1519) في الصلاة: باب في الاستغفار، والنسائي في عمل اليوم والليلة (1056) عن زياد بن أيوب. (3) إسناده صحيح، وأخرجه البخاري (6389) في الدعوات: باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ربنا آتنا في الدنيا حسنه، وفي الأدب المفرد (682)، وأبو داوُد (1519) في الصلاة، كلاهما عن مسدد، بهذا الإسناد. لكن قوله: سأل قتادة أنساً.. لم يرد عند البخاري. وأخرجه البخاري (4522) في التفسير. باب (ومنهم من يقول ربنا آتنا في الدنيا حسنة) عن أبي معمر، عن عبد الوارث، به ولم يرد عنده قوله: سأل قتادة أنساً. وبلفظ المؤلف أخرجه مسلم وأبو داوُد والنسائي من طريق زهير بن حرب

''اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تو دنیا میں ہمیں بھلائی عطا کر آخرت میں بھی ہمیں بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ مَكْرُوْهٌ لَهُ اَنْ يَّدْعُوْ بِضِدِّ مَا وَصَفْنَا مِنَ الدُّعَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کے لئے یہ بات مکروہ ہے' وہ دعا مانگتے ہوئے اس کی متضاد دعا مانگے' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

941 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا قَدْ جَهِدَ حَتّٰى صَارَ مِثْلَ الْفَرْخِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ كُنْتَ دَعَوْتَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ؟، قَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ اَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِيْ بِهِ فِي الْاٰخِرَةِ، فَعَجِّلْهُ لِيْ فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَطِيْعُهُ، اَوْ لَا تُطِيْقُهُ، فَهَلَّا قُلْتَ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ؟ قَالَ: فَدَعَا اللّٰهُ فَشَفَاهُ. (5: 12)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی عیادت کی جو (بیماری کی وجہ سے) پرندے کے بچے کی مانند کمزور ہو گیا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیا اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا کرتے ہو؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں میں یہ کہتا ہوں۔

''اے اللہ! تو نے آخرت میں مجھے جو سزا دینی ہے وہ ابھی مجھے دنیا میں ہی دیدے۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کی استطاعت نہیں رکھتے۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)

تم اس کی طاقت نہیں رکھتے تم یہ کیوں نہیں کہتے۔

''اے اللہ! تو ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: اس نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگی' تو اللہ تعالیٰ نے اسے شفا عطا کر دی۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ سُؤَالِ الْبَارِي تَعَالَى الثَّبَاتَ وَالْاِسْتِقَامَةَ عَلٰى مَا يُقَرِّبُهُ اِلَيْهِ بِفَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا بِذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ پروردگار سے ان چیزوں پر ثابت قدمی اور استقامت کا سوال کرے جو اس کو پروردگار کی بارگاہ میں مقرب کر دیں اللہ تعالیٰ اس چیز کے ذریعے ہم پر بھی فضل کرے

942 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيُّ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلْ لِيْ قَوْلًا لَا اَسْاَلُ عَنْهُ اَحَدًا بَعْدَكَ، قَالَ: قُلْ: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ، ثُمَّ اسْتَقِمْ. (3: 65)

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کوئی ایسی بات بتائیے کہ میں آپ کے بعد اس بارے میں کسی اور سے دریافت نہ کروں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو میں اللہ پر ایمان لایا اور پھر اس پر استقامت اختیار کرو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ التَّمَلُّقِ اِلَى الْبَارِى فِيْ ثَبَاتِ قَلْبِهِ لَهُ عَلٰى مَا يُحِبُّ مِنْ طَاعَتِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں یہ دعا کرے کہ وہ اس کے دل کو ان چیزوں پر ثابت رکھے جن کا تعلق پروردگار کی فرمانبرداری سے ہے اور جسے پروردگار پسند کرتا ہے

943 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ ثَوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيَّ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّوَّاسَ بْنَ سَمْعَانَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ قَلْبٍ اِلَّا بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ، اِنْ شَاءَ اَقَامَهُ، وَاِنْ شَاءَ اَزَاغَهُ قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ، ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى دِيْنِكَ قَالَ: وَالْمِيْزَانُ بِيَدِ

942- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم (936) من طريق خالد بن الحارث، عن حميد، به . العباس بن الوليد القرشي ترجمه المؤلف في الثقات 8/510 . وباقي رجاله ثقات، رجال الصحيحين وأخرجه أحمد 3/413، ومسلم (38) في الايمان: باب جامع أوصاف الاسلام من طرق عن هشام بن عروة بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (2410) ، وأبو داوٗد الطيالسي (1231) ، وابن ماجة (3972) ، والطبراني (6396) و (6397) ، وأحمد 3/413، والنسائي في الرقائق كما في التحفة 4/20 من طرق. وأخرجه أحمد 3/413 و 4/384، 385، والطبراني (6398) ، والنسائي في التفسير كما في التحفة 4/20 من طريقين عن يعلى بن عطاء ، عن عبد الله بن سفيان الثقفي، عن أبيه، وهذا إسناد صحيح. وانظر شرح هذا الحديث في جامع العلوم والحكم ص 191- 194.

الرَّحْمٰنِ يَرْفَعُ قَوْمًا وَّيَخْفِضُ اٰخَرِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ . (3: 67)

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہر (شخص کا) دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے' اگر وہ چاہتا ہے' تو اسے ثابت رکھتا ہے اور اگر چاہتا ہے' تو اسے ٹیڑھا کر دیتا ہے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے:

''اے دلوں کو پھیرنے والے' تو ہمارے دلوں کو اپنے دین پر ثابت رکھنا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے۔

''میزان رحمٰن کے ہاتھ میں ہے وہ ایک قوم کو سربلندی عطا کرتا ہے اور دوسروں کو پست کر دیتا ہے۔ ایسا قیامت تک ہوتا رہے گا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَلْفَاظَ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ اُطْلِقَتْ بِاَلْفَاظِ التَّمْثِيلِ وَالتَّشْبِيهِ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ فِيمَا بَيْنَهُمْ دُونَ الْحُكْمِ عَلٰى ظَوَاهِرِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ الفاظ اس نوع سے تعلق رکھتے ہیں

جس میں تمثیل اور تشبیہ کے الفاظ لوگوں کے محاورے کے مطابق استعمال کیے گئے ہیں لیکن اس کے ظاہر پر حکم عائد نہیں کیا جائے گا

944 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ بِنَسَا، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

943- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيحين ما خلا أبا ثور . وأخرجه أحمد 4/182، والآجرى فى الشريعة ص 317 و 386 عن الوليد بن مسلم، والنسائى فى النعوت من الكبرى كما فى التحفة 9/61 من طريق ابن المبارك، وابن ماجة (199) فى المقدمة: باب فيما أنكرت الجهمية، وابن أبى عاصم فى السنة (219) ، والبغوى فى شرح السنة (89) من طريق صدقة بن خالد، والحاكم 1/525 من طريق بشر بن بكر، و 2/289 من طريق ابن شابور، كلهم عن عبد الرحمٰن بن يزيد بن جابر، بهذا الإسناد، وصرح الوليد بن مسلم بسماعه من عبد الرحمٰن، فانتفت شبهة تدليسه، وقال البوصيرى فى مصباح الزجاجة ورقة 14/2: إسناده صحيح وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى .وفى الباب عن عبد الله بن عمرو تقدم برقم (902) .وعن أنس عند الترمذى (2140) فى القدر: باب ما جاء أن القلوب بين أصبعى الرحمٰن، وحسنه، وابن ماجة (2834) ، وابن أبى عاصم (225) ، والآجرى ص .317 وعَنْ عَآئِشَةَ عند أحمد 6/91 و 251، وابن أبى عاصم (224) ، والآجرى ص .317 وعن أم سلمة عند أحمد 6/294 و 302، وابن أبى عاصم (223) ، والآجرى ص .316 وعن سبْرة بن الفاكه عند ابن أبى عاصم (220) . وعن أبى هريرة عنده (229) .

944- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم (269) .

(متن حدیث): يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا ابْنَ اٰدَمَ، مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِي، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، كَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ فَيَقُوْلُ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ، اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي.

وَيَقُوْلُ: يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِي؟ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، كَيْفَ اَسْقِيْكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ فَيَقُوْلُ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا اسْتَسْقَاكَ فَلَمْ تَسْقِهِ؟ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي.

يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، وَكَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ فَيَقُوْلُ: اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا اسْتَطْعَمَكَ فَلَمْ تُطْعِمْهُ، اَمَا لَوْ اَنَّكَ اَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بندے سے یہ فرمائے گا اے آدم کے بیٹے میں بیمار ہوا تھا لیکن تو نے میری عیادت نہیں کی' تو بندہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار میں کیسے تیری عیادت کر سکتا ہوں' تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا کہ کیا تمہیں اس بات کا علم نہیں تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا' تو نے اس کی عیادت نہیں کی تمہیں اس بات کا علم نہیں تھا کہ اگر تم اس کی عیادت کر لیتے' تو اس کا اجر میرے پاس پا لیتے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے تجھ سے پینے کے لئے پانی مانگا تھا' تو نے مجھے پینے کے لئے پانی نہیں دیا' تو بندہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار میں تجھے کیسے پینے کے لئے کچھ دے سکتا ہوں' تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تمہیں علم نہیں ہے' میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی مانگا تھا' تو تم نے اسے پانی نہیں دیا تھا کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ اگر تم اسے پانی پلا دیتے' تو اس کا اجر و ثواب میرے پاس پا لیتے۔

اے آدم کے بیٹے میں نے تم سے کھانے کے لئے مانگا تھا' تو تم نے مجھے کھانے کے لئے نہیں دیا تھا۔

بندہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار میں تجھے کیسے کھلا سکتا ہوں جبکہ تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ میرے فلاں بندے نے تم سے کھانا مانگا تھا' تو تم نے اسے کھانے کے لئے نہیں دیا تھا۔

اگر تم اسے کھانے کے لئے دے دیتے' تو اس کا اجر و ثواب میرے پاس پا لیتے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْهِدَايَةَ وَالْعَافِيَةَ وَالْوِلَايَةَ فِيْمَنْ رُزِقَ اِيَّاهَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ بندہ اپنے پروردگار سے' جو رزق اس نے عطا کیا ہے اس میں ہدایت' عافیت اور ولایت کا سوال کرے

945 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ بُرَيْدَ بْنَ اَبِيْ مَرْيَمَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: مَا تَذْكُرُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: اَذْكُرُ اَنِّي اَخَذْتُ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَجَعَلْتُهَا فِيْ فِيَّ، فَانْتَزَعَهَا بِلُعَابِهَا، فَطَرَحَهَا فِي التَّمْرِ، وَكَانَ يُعَلِّمُنَا هٰذَا الدُّعَاءَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ ، قَالَ شُعْبَةُ وَاَظُنُّهُ قَالَ: تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ . (1: 104)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو الْحَوْرَاءِ رَبِيْعَةُ بْنُ شَيْبَانَ السَّعْدِيُّ، وَاَبُو الْجَوْزَاءِ اِسْمُهُ: اَوْسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُمَا جَمِيْعًا تَابِعِيَّانِ بَصْرِيَّانِ

ابوحوراء سعدی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ کو نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کیا بات یاد ہے' تو انہوں نے فرمایا: مجھے یہ بات یاد ہے' ایک مرتبہ میں نے صدقے کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لے لی تھی۔ اور اسے اپنے منہ میں ڈال لیا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کھجور کو لعاب سمیت باہر نکال دیا تھا اور انہیں کھجوروں میں رکھ دیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ ہمیں یہ دعا تعلیم دیا کرتے تھے۔

''اے اللہ! جنہیں' تو نے ہدایت عطا کی ہے ان میں مجھے بھی ہدایت عطا کر اور جنہیں' تو نے عافیت عطا کی ہے ان میں مجھے بھی عافیت عطا کر اور جن کا تو نگران ہے ان میں سے میرا بھی نگران بن جا' تو نے جو کچھ عطا کیا ہے اس میں

945- إسناده صحيح، ومحمد: هو ابن جعفر الهذلي مولاهم البصري الملقب بغندر، وأخرجه أحمد 1/200 عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد.وأخرجه الطيالسي (1177) و (1179) عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/200 عن يحيى بن سعيد، والدارمي 1/373 في الصلاة: باب الدعاء في القنوت، عن عثمان بن عمر، كلاهما عن شعبة بهذ الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق (4984) ، والطبراني (2711) من طريق الحسن بن عمارة، عن بُريد، به .وأخرج القسم الأول أيضاً الطبرانيّ (2710) من طريق عفان، عن شعبة، به.وأخرجه أحمد 1/200، والطبراني (2714) ، عن أبي أحمد الزبيري، عن العلاء بن صالح، عن بُريد، به.وأخرج القسم الثاني الطبراني (2707) من طريق عمرو بن مرزوق، عن شعبة، بهذا الإسناد.وأخرجه أبو داوُد (1425) في الصلاة: باب القنوت في الوتر، والترمذي (464) في الصلاة: باب ما جاء في القنوت في الوتر، والنسائي 3/248 في قيام الليل: باب الدعاء في الوتر، والدارمي 1/373، والطبراني (2705) ، والبغوي (640) ، من طرق عن أبي الأحوص، عن أبي إسحاق السبيعي، عن بريد، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 2/300، وأحمد 1/200، وابن ماجة (1178) في الإقامة: باب ما جاء في القنوت في الوتر، والدارمي 1/373، والبيهقي في السنن 2/209، والطبراني (2701) و (2702) و (2703) و (2704) و (2706) ، وابن الجارود (273) ، من طرق عن أبي إسحاق، عن بُريد، به.وأخرجه أحمد 1/199، والطبراني (2712) وابن الجارود (272) ، وابن نصر ص 135 كما في مختصر قيام الليل عن وكيع، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ بُرَيد، به .وأخرجه النسائي 3/248 عن محمد بن سلمة، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بن سالم، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ علي عن الحسن بن علي به، وصححه الحاكم 3/172، وانظر الطبراني (2713) .

میرے لئے برکت رکھ دے اور تو نے جو فیصلہ کیا ہے اس کے شر سے مجھے بچالے۔

بے شک تو فیصلہ کرتا ہے تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جاسکتا جس کا تو نگران ہو وہ ذلیل نہیں ہوتا"۔

شعبہ نامی راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں۔

"تو برکت والا اور بلند و برتر ہے۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالجوزاء ربیعہ بن شیبان سعدی ہیں اور ابوالجوزاء کا نام اوس بن عبداللہ ہے اور یہ دونوں حضرات تابعی ہیں اور دونوں بصرہ کے رہنے والے ہیں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ وَالرَّحْمَةَ وَالْهِدَايَةَ وَالرِّزْقَ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ بندہ اپنے پروردگار سے مغفرت رحمت ہدایت اور رزق کا سوال کرے

946 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُوْسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِيْ كَلَامًا اَقُوْلُهُ، قَالَ: قُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ، قَالَ: هٰؤُلَاءِ لِرَبِّي، فَمَا لِي؟، قَالَ: قُلِ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، وَارْحَمْنِي، وَاهْدِنِي، وَارْزُقْنِي. (1: 104)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كُلُّ مَا فِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْهُدَى، وَمَا يُشْبِهُهَا مِنَ الْاَلْفَاظِ اِنَّمَا اُرِيْدَ بِهَا الثَّبَاتُ عَلَى الْهُدَى وَالزِّيَادَةُ فِيْهِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يُؤْمِنَ الْمُؤْمِنُ بِسُؤَالِ الزِّيَادَةِ وَقَدْ هَدَاهُ اللّٰهُ قَبْلَ ذٰلِكَ

۞۞ مصعب بن سعد بن وقاص اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسے کلام کی تعلیم دیجئے جسے میں پڑھا کروں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ پڑھا کرو:

"اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور تمام حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا وہ بلند و برتر اور عظیم ہے جو غالب اور حکمت والا ہے۔"

اس شخص نے عرض کی: یہ کلمات تو میرے پروردگار کے لئے ہیں میرے لئے کیا ہوں گے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو۔

"اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے تو مجھ پر رحم کر اور مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ اور تو مجھے رزق عطا کر۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں جو یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں' اے اللہ! تو مجھے ہدایت دے۔اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت کا سوال کرتا ہوں اور اس کی مانند جو دیگر الفاظ ہیں۔اس سے مراد ہدایت پر ثابت قدم رہنا اور اس میں اضافہ ہونا ہے' کیونکہ یہ بات ناممکن ہے' کوئی مومن اضافی ہدایت کا سوال کرے جبکہ اللہ اس سے پہلے اسے ہدایت دے چکا ہو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ سُؤَالُ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا الْمَعُوْنَةَ وَالنَّصْرَ وَالْهِدَايَةَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے پروردگار سے اعانت' مدد اور ہدایت کا سوال کرے

947 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ طَلِيقِ بْنِ قَيْسٍ الْحَنَفِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ، وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ، وَامْكُرْ لِي، وَلَاتَمْكُرْ عَلَيَّ، وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِي، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ، رَبِّ اجْعَلْنِيْ لَكَ شَاكِرًا، لَكَ ذَاكِرًا، لَكَ اَوَّاهًا، لَكَ مِطْوَاعًا، لَكَ مُخْبِتًا اَوَّاهًا مُنِيبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي، وَاغْسِلْ حَوْبَتِي، وَاَجِبْ دَعْوَتِي، وَثَبِّتْ حُجَّتِي، وَاهْدِ قَلْبِيْ، وَسَدِّدْ لِسَانِي، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ قَلْبِيْ . (5: 12)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے میرے پروردگار! تو میری اعانت کر' تو میرے خلاف اعانت نہ کر' تو میری مدد کر' تو میرے خلاف مدد نہ کر' تو میرے حق میں خفیہ تدبیر کر' تو میرے خلاف خفیہ تدبیر نہ کر' تو مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ اور میرے لئے ہدایت پر ثابت قدم رہنا آسان کردے اور جو شخص میرا مقابلہ کرتا ہے' تو اس کے خلاف میری مدد کر۔اے میرے پروردگار تو

947- إسناده صحيح، موسى الجهني: هو موسى بن عبد الله، ويقال: ابن عبد الرحمٰن الجهني أبو سلمة الكوفي ثقة عابد من رجال مسلم، وأخرجه أحمد 1/185 عن عبد الله بن نمير ويعلى بن عبيد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (2696) في الذكر والدعاء : باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء ، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن ابن نمير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/180 عن يحيى بن سعيد، ومسلم (2696) من طريق علي بن مسهر، كلاهما عن موسى الجهني، به.(1) إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، غير طليق بن قيس، وهو ثقة، سفيان: هو الثوري، وعبد الله بن الحارث . هو الزبيدي المعروف بالمكتب، وأخرجه أبو داوٗد (1510) في الصلاة: باب ما يقول الرجل إذا سلّم، عن محمد ابن كثير العبدي، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 1/519-520 ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/280، وأحمد 1/227، والترمذي (3551) في الدعوات: باب في دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والنسائي في، عمل اليوم والليلة (607) ، وابن ماجة (3830) في الدعاء : باب دعاء رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والبخاري في الأدب. المفرد (664) و (665) ، والبغوي في شرح السنة (1375) ، من طرق عن سفيان، به، وهو في السنة (384) لابن أبي عاصم من طريق سفيان مختصراً،

مجھے اپنا شکر گزار بنادے اور اپنا ذکر کرنے والا بنادے اپنا فرمانبردار بنادے اپنا اطاعت کرنے والا بنادے اور اپنی بارگاہ کی طرف رجوع کرنے والا اور تواضع وانکساری کرنے والا اور فرمانبردار بنادے۔ اے میرے پروردگار! تو میری توبہ کو قبول کرلے میری خطا کو دھودے میری دعا کو قبول کرلے۔ میری حجت کو ثابت کردے میرے دل کو ہدایت پر ثابت قدم رکھ میری زبان کو ٹھیک رکھ اور مجھے دل کی خرابیوں سے محفوظ رکھ۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے عمرو بن مرہ نامی راوی نے یہ روایت عبداللہ بن حارث سے نہیں سنی ہے

948 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو ابْنُ مُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْمُعَلِّمُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ طَلِيقُ بْنُ قَيْسٍ الْحَنَفِيُّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو، فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ، وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ، وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ، وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرْ لِيَ الْهُدٰى، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ لَكَ شَكَّارًا، لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ مِطْوَاعًا، اِلَيْكَ مُخْبِتًا، لَكَ اَوَّاهًا مُنِيبًا، رَبِّ اقْبَلْ تَوْبَتِيْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ، وَسَدِّدْ لِسَانِيْ، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ قَلْبِيْ. (5: 12)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَبُوْ صَالِحٍ مَا حَدَّثَنَا عَنْهُ اَبُوْ يَعْلٰى اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے ہوئے یہ کہا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو میری اعانت کر تو میرے خلاف اعانت نہ کرنا تو میری مدد کر تو میرے خلاف مدد نہ کر تو میرے حق میں خفیہ تدبیر کر تو میرے خلاف تدبیر نہ کر تو مجھے ہدایت عطا کرے اور میرے لئے ہدایت کو آسان کردے اور جو شخص میرے خلاف آتا ہے تو اس کے خلاف میری مدد کر اے اللہ! مجھے اپنا بہت زیادہ شکر کرنے والا بہت زیادہ ذکر کرنے والا اپنا بہت زیادہ فرمانبردار، اپنی طرف رجوع کرنے والا اپنا مطیع وفرمانبردار بنادے۔ اے میرے پروردگار! تو میری توبہ کو قبول کرلے اور میری خطاؤں کو دھودے۔ میری حجت کو ثابت کردے۔ میری زبان کو سیدھا رکھ اور میرے دل کی بیماریوں کو ختم کردے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) محمد بن یحییٰ بن سعید ابوصالح کے حوالے سے امام ابویعلیٰ نے صرف یہی حدیث ہمیں

سنائی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْعَافِيَةَ فِيْ اُمُوْرِهٖ كُلِّهَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے

وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے تمام امور میں عافیت کا سوال کرے

949 - سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عَمَّارٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اَيُّوْبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبِيْ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ اَرْطَاةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَافِيَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ.

وَاَخْبَرَنَاهُ الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بِاِسْنَادِهٖ وَقَالَ: عَاقِبَتَنَا بِالْقَافِ. (5: 12)

حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"اے اللہ! تمام امور میں ہماری عافیت کو اچھا کردے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچالے۔"

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔ تاہم اس میں لفظ "عافیت" کی بجائے لفظ "عاقبت" منقول ہے، جو "ق" کے ساتھ ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْعَافِيَةَ، اِذْ هِيَ خَيْرُ مَا يُعْطَى الْمَرْءُ بَعْدَ التَّوْحِيدِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کیا جائے کیونکہ توحید کے بعد انسان کو ملنے والی یہ سب سے بہترین چیز ہے

950 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حَيْ

949- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله، وأخرجه أحمد 1/227. وأبو داؤد (1511)، والنسائي (607)، من طريق يه القطان، بهذا الإسناد.

950- أيوب بن ميسرة بن حلبس؛ روى عنه ابنه محمد وغيره، وذكره المؤلف في الثقات. وأخرجه أحمد 181 والطبراني (1196) عن الهيثم بن خارجة، عن محمد ابن أيوب، به. وأخرجه الطبراني (1197) من طريق هيثم بن خارجة، عن ع ابن علاق، عن يزيد بن عبيدة، عن مولى لآل بسر، عن بسر بن أرطاة، وزاد. وقال: من كان ذلك دعاءه مات قبل أن يصيبه الب وأخرجه الطبراني (1198) والحاكم في المستدرك 3/591 من طريق محمد بن المبارك الصوري. وذكره الهيثمي في مـ الزوائد 10/178، وقال رواه أحمد، والطبراني، ورجال أحمد، وأحد أسانيد الطبراني ثقات.

بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ الْحَارِثِ السَّهْمِيَّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْيَوْمَ عَامَ اَوَّلٍ يَقُوْلُ، ثُمَّ اسْتَعْبَرَ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَبَكٰى، ثُمَّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَنْ تُؤْتَوْا شَيْئًا بَعْدَ كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ مِثْلَ الْعَافِيَةِ، فَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ.

(104:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اس منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں میں نے آج سے ایک سال پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آج کے دن یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا تھا اس کے بعد حضرت ابوبکر رو نے لگے۔

پھر انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا تھا۔

''کلمہ اخلاص کے بعد تمہیں عافیت جیسی اور کوئی چیز نہیں دی گئی تو تم لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگو''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَقْرِيْنِ الْعَفْوِ اِلَى الْعَافِيَةِ عِنْدَ سُؤَالِهِ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ سَاَلَهَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ عافیت کے ساتھ عفو کو بھی ساتھ ملا لیا جائے' جب بندہ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرے' پھر یہ حکم اس شخص کے لئے ہے' جو اس کا سوال کرتا ہے

951 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ جَهْضَمٍ مُوْسَى بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَسْاَلُ اللّٰهَ؟، قَالَ: سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا اَسْاَلُ اللّٰهَ؟ قَالَ: سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ. (1: 104)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ تعالیٰ سے کیا چیز مانگوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو۔''

انہوں نے پھر دریافت کیا: میں اللہ تعالیٰ سے کیا مانگوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو۔

951- وأخرجه النسائي في و عمل اليوم والليلة (886) عن محمد بن رافع. وأخرجه النسائي (887) عن محمد بن رافع أيضاً بالإسناد المذكور. وأخرجه النسائي (888) عن محمد بن علي بن الحسين. وسيورده المؤلف مطولاً برقم (952) من طريق أوسط بن عامر البجلي، عن أبي بكر. ويخرج من طريقه هناك. وأخرجه الحاكم 1/529 عن طريق مسدد، عن عبد الواحد بن زياد، وصححه الحاكم على شرط البخاري ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/206 عن ابن فضيل، وأحمد 1/209، ومن طريقه الطيالسي 1/257، عن حسين بن علي، عن زائدة، والبخاري في الأدب المفرد (726) عن فروة، عن عبيدة، والترمذي (3514) في الدعوات، عن أحمد بن منيع.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْيَقِينَ بَعْدَ الْمُعَافَاةِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ بندہ اپنے پروردگار سے معافات کے بعد یقین کا بھی سوال کرے

952 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ اَوْسَطَ بْنِ عَامِرٍ الْبَجَلِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ يَخْطُبُ النَّاسَ وَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اَوَّلٍ فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، سَلُوْا اللّٰهَ الْمُعَافَاةَ، فَاِنَّهُ لَمْ يُعْطَ اَحَدٌ مِثْلَ الْيَقِينِ بَعْدَ الْمُعَافَاةِ، وَلَا اَشَدَّ مِنَ الرِّيبَةِ بَعْدَ الْكُفْرِ، وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّهُ يَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَاِنَّهُ يَهْدِىْ اِلَى الْفُجُورِ وَهُمَا فِي النَّارِ. اَرَادَ بِهِ مُرْتَكِبَهُمَا لَا نَفْسَهُمَا. (1: 104)

اوسط بن عامر بجلی یہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد مدینہ منورہ آیا' تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے پایا۔ انہوں نے فرمایا: گزشتہ سال نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے تھے۔ (یہ بات انہوں نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی)

لیکن وہ ہر مرتبہ درمیان میں رونے لگ پڑتے تھے۔ پھر انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! تم اللہ تعالیٰ سے معافات مانگو کیونکہ کسی بھی شخص کو معافات کے بعد یقین جیسی (یہاں ہونا یہ چاہئے کہ یقین کے بعد معافات جیسی) کوئی چیز نہیں دی گئی اور کفر کے بعد شک سے زیادہ شدید اور کوئی چیز نہیں ہے اور تم پر سچائی کو اختیار کرنا لازم ہے۔

952- إسناده قوی، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (883) عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/8 عن عبد الرحمٰن بن مهدی، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدی (2)، والنسائي (881)، وابو بكر المروزی فی مسند ابی بكر (94) من طريق الوليد بن مسلم، والنسائي (880) عن يحيى بن عثمان. وأخرجه الحميدی (7) عن عبد الرحمٰن بن زياد الرصاصی، وأحمد 1/3 عن محمد بن جعفر، و 1/5 عن هاشم، و 1/7 عن روح، والنسائي (882) عن علی بن الحسين، عن أمية بن خالد، وابو بكر المروزی (92) عن احمد بن علی، عن علی بن الجعد، و (93) عن احمد بن علی، عن أبی خيثمة، عن وهب بن جرير، و (95) عن أحمد بن علی، عن عبيد الله بن عمر القواريری، عن غندر، وابن ماجة (3849) فی الدعاء، عن ابی بكر وعلی بن محمد، عن عبيد بن سعيد، كلهم عن شعبة. وصححه الحاكم 1/529 من طريق بشر بن بكر، عن سليم بن عامر، به، ووافقه الذهبی. وقال الهيثمی فی المجمع 10/173: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح غير أوسط، وهو ثقة. وأخرجه البخاری فی الأدب المفرد (724) عن ادم، عن شعبة، عن سويد ابن حجير عن سُليم، به. وأخرجه النسائي (879) من طريق لقمان بن عامر،

کیونکہ یہ نیکی کی طرف لے کر جاتی ہے اور یہ دونوں جنت میں ہوں گی اور تم پر جھوٹ سے بچنا لازم ہے کیونکہ یہ گناہ کی طرف لے کر جاتا ہے اور یہ دونوں جہنم میں ہوں گے"۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مراد ان کا ارتکاب کرنے والا شخص ہے ان کا وجود مراد نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَسْتَعْمِلُهُ ...

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی جو عمل کرتا ہے (محشی نے یہ وضاحت کی ہے یہاں اصل مسودے میں تقریباً سات الفاظ مٹے ہوئے ہیں)

953 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنَادَةَ بْنَ اَبِي اُمَيَّةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيلَ رَقَاهُ وَهُوَ يُوعَكُ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، مِنْ كُلِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَّسَمٍّ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ جب نبی اکرم ﷺ کو بخار تھا' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کو دم کیا انہوں نے یہ کلمات پڑھے:

''میں اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے آپ کو ہر اس بیماری سے بچنے کا دم کر رہا ہوں' جو آپ کو اذیت دیتی ہے اور ہر حاسد کے حسد سے بچنے کے لئے اور (نقصان پہنچانے والی) نظر اور زہر سے بچاؤ کے لئے آپ کو دم کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو شفا عطا کرے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا التَّفَضُّلَ عَلَيْهِ بِمَغْفِرَةِ اَنْوَاعِ ذُنُوْبِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس پر فضل کرتے ہوئے اس کے مختلف قسم کے گناہوں کی مغفرت کر دے

954 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّي، وَهَزْلِي، وَخَطَئِي، وَعَمْدِي، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِي. (5: 12)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو میری کوشش (یا سنجیدگی) میرے مذاق میری خطا میرے جان بوجھ کے کرنے اور میری طرف سے ہونے والی ہر چیز کی مغفرت کردے۔''

ذِكْرُ مَا اُبِيحَ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ لِذُنُوْبِه بِلَفْظِ التَّمْثِيلِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مباح قرار دی گئی ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگتے ہوئے تمثیل کے الفاظ استعمال کرے

955 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، عَنْ مَّجْزَاَةِ بْنِ زَاهِرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفَى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ مِنَ الدَّنَسِ . (5: 12)

❁❁ حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو برف اولوں اور پانی کے ذریعے مجھے ذنوب سے پاک کردے۔ اے اللہ! تو مجھے ذنوب سے یوں پاک کردے جس طرح میل سے کپڑے کو پاک کیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّقَدِّمَ قَبْلَ هٰذَا الدُّعَاءِ التَّحْمِيْدَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اس دعا سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے

953–واخرجه ابن أبي شيبة 10/205 عن يحيى بن ابي كثير، وأحمد 1/3، وأبو بكر المروزى (47)، والترمذى (3558) فى الدعوات، من طريق أبي عامر العقدى، والبغوى فى شرح السنة (1377) من طريق يحيى بن أبي بكير، كلهم عن زهير بن محمد، عن عبد الله بن محمد بن عقيل، عن معاذ بن رفاعة، عن أبيه، عن أبي بكر. وسنده حسن. وأخرجه أحمد 1/9، ومن طريقه النسائي (885) عن بهز بن أسد، عن سليم بن حبان، عن قتادة عن حميد بن عبد الرحمٰن، عن عمر، عن أبي بكر. وأخرجه أحمد 1/8 عن وكيع، و 1/11 عن سفيان، كلاهما عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ، عن أبي بكر. وأخرجه النسائي (884) من طريق جبير بن نفير، عن أبي بكر. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/205 من طريق يحيى بن جعدة، عن أبي بكر. وتقدم برقم (950) من طريق أبي هريرة، عن أبي بكر.. وفي الباب ما يقويه من حديث أبي سعيد الخدرى عند مسلم (2186)، والترمذى (972)، وابن أبي شيبة 10/317، وعَنْ عَآئِشَةَ عند مسلم (2185)، وعن أبي هريرة عند ابن ماجة (3524)، وفيه عاصم بن عبيد الله العمرى، وهو ضعيف. (1) حديث صحيح، شريك: هو ابن عبد الله النخعي الكوفي القاضي سيّء الحفظ، لكنه متابع، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 4/417 من طريق أبي أحمد الزبيرى، وابن ابي شيبة 10/281 من طريق محمد بن عبد الله الأسدى، كلاهما، عن شريك، به وأخرجه البخارى (6399) في الدعوات: باب قول النبي: اَللّٰهم اغفر لي، وفي الأدب المفرد (689) عن محمد بن المثنى،

956 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِیْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِیْ مِنْ ذُنُوْبِیْ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ . (5: 12)

حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! حمد تیرے لئے مخصوص ہے' جو آسمانوں کو بھر دے اور جو زمین کو بھر دے اور اس کے بعد جس چیز کو تو چاہے بھر دے' تو مجھے برف اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ذریعے پاک کر دے اے اللہ! تو مجھے گناہوں سے یوں پاک کر دے جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ الرَّبَّ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ لِذُنُوْبِهٖ، وَاِنْ كَانَ فِیْ لَفْظِهٖ اسْتِقْصَاءٌ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے پروردگار سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرے اگرچہ اس کے الفاظ میں استقصاء ہو

957 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُوْسَى الْاَشْعَرِیِّ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

956- إسناده صحيح، رجاله رجال البخاري ما عدا إبراهيم بن يزيد، وهو صدوق . وأخرجه النسائي 1/199 في الطهارة: باب الاغتسال بالماء البارد. (3) إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه أبو داؤد الطيالسي (824) عن شعبة، به.

957- وأخرجه أحمد 4/354 عن محمد بن جعفر وحجاج وروح، ومسلم (476) (204) في الصلاة: باب ماذا يقول إذا رفع رأسه من الركوع من طريق محمد بن جعفر، والنسائي 1/198 في الطهارة: باب الاغتسال بالثلج، من طريق بشر بن المفضل، والبخاري في الأدب المفرد (684) من طريق ادم، جميعهم عن شعبة، به. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (676) من طريق عبد الله بن محمد، عن أبي عامر، عن إسرائيل، عن مجزاة، به . ونصفه الأول اللّٰهم لك الحمد .. من شيء بعد أخرجه ابن أبي شيبة 2/247، ومن طريقه مسلم (476) (202)، وأخرجه أحمد 4/381، كلاهما (ابن أبي شيبة وأحمد) عن أبي معاوية عن الأعمش، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبي أوفى . وأخرجه أبو داؤد الطيالسي 1/256، ومسلم (476) (203) عن شعبة، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبي أوفى . وأخرجه أحمد 4/356 عن أبي نعيم، عن مسعر، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبي أوفى . ونصفه الآخر اللّٰهم طهرني بالثلج .. أخرجه ابن أبي شيبة 10/213 من طريق يحيى بن أبي بكير، عن شعبة، به . وأخرجه أحمد 4/381 عن إسماعيل، عن ليث عن مدرك، عن ابن أبي أوفى. وأخرجه الترمذي (473) في الدعوات: باب في دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيئَتِي وَجَهْلِي، وَإِسْرَافِي فِي أَمْرِي، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ، وَعَمْدِيْ وَجَهْلِي، وَجِدِّي وَهَزْلِي، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِي، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، إِنَّكَ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (5: 12)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میری خطاؤں' میرے جہل' میرے اپنے معاملے میں اسراف کے حوالے سے میری مغفرت کردے اور ہر چیز کے بارے میں بھی جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے' اے اللہ! میری خطاؤں میرے جان بوجھ کر کئے گئے اعمال میرے عمد' میرے جہل میری سنجیدگی اور میرے مذاق اور ہر وہ چیز جو میری طرف سے ہوئی ہے اس کی مغفرت کر دے۔ اے اللہ! جو میں نے پہلے کیا ہے' جو بعد میں کروں گا' جو پوشیدہ طور پر کیا' جو اعلانیہ کیا۔ اس کے حوالے سے میری مغفرت کردے' بے شک تو آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰى فِيْ دُعَائِهِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہوئے ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی دعا میں اللہ تعالیٰ سے ''فردوس اعلیٰ'' کا سوال کرے

958 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا لَجِنَانٌ، وَإِنَّ حَارِثَةَ إِ الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلٰى، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَسَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ. (104:1)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے اُم حارثہ! بے شک جنت کی کئی قسمیں ہیں اور حارثہ فردوس اعلیٰ میں ہے' جب تم نے اللہ تعالیٰ سے مانگنا ہو' تو اس سے (جنت) فردوس مانگو۔''

958- إسناد صحيح، على شرطهما، وأخرجه البخاري (639) في الدعوات: باب قول النبي: اللّٰهم اغفر لي ما قدمت أخرت، وفي الأدب المفرد (688)، ومسلم (2719) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل، عن محمد بن بشار، الإسناد. وأخرجه مسلم (2719) (70) عن عبيد الله بن معاذ، عن أبيه، عن شعبة، به. وانظر الحديث (954).

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا تَحْسِينَ خُلُقِهِ كَمَا تَفَضَّلَ عَلَيْهِ بِحُسْنِ صُورَتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے اخلاق کو اچھا کردے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اس پر یہ فضل کیا ہے کہ اس کی شکل وصورت کو اچھا بنایا ہے

''بے شک تم اسے ہدایت نہیں دیتے' جسے تم پسند کرتے ہو' اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اسے ہدایت دیتا ہے۔ وہ ہدایت پانے والوں کے بارے میں زیادہ جانتا ہے۔''

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي إِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الْوَطْأِ لَمْ يَضُرَّ الشَّيْطَانُ وَلَدَهُ

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی صحبت کرتے وقت اسے پڑھ لے گا تو شیطان اس کی اولاد کو نقصان نہیں پہنچائے گا

983 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَا اِنَّ اَحَدَكُمْ لَوْ اَنَّهُ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْتِيَ اَهْلَهُ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، ثُمَّ رُزِقَا وَلَدًا لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ . (2:1)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آنے کا ارادہ کرے تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہئے۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں یہ عمل کرنے لگا ہوں) اے اللہ! تو شیطان کو ہم سے دور رکھنا اور شیطان کو اس چیز سے بھی دور رکھنا' جو تو ہمیں رزق (یعنی اولاد عطا کرے گا)''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:)

پھر اگر انہیں اولاد عطا کر دی جائے' تو شیطان اسے نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا زَارَ قَوْمًا اَنْ يَدْعُوَ لِلْمَزُوْرِ عِنْدَ انْصِرَافِهِ عَنْهُمْ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' جب وہ کسی کو ملنے کے لئے جائے' تو وہاں سے واپس آتے وقت ان لوگوں کے لئے دعا کرے جن سے ملنے گیا تھا

983– إسناده صحيح، على شرط مسلم، يونس: هو ابن يزيد بن أبي النجاد الأيلي، وأخرجه مسلم (24) في الإيمان: باب الدليل على صحة إسلام من حضره الموت ما لم يشرع في النزع، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبري في التفسير 11/41، و 20/92 عن أحمد بن عبد الرحمن بن وهب، عن عبد الله بن وهب، به. وأخرجه أحمد 5/433، والبخاري (1360) في الجنائز: باب إذا قال المشرك عند الموت: لا إله إلا الله، و (3884) في مناقب الأنصار: باب قصة أبي طالب، و (4675) في التفسير. باب (ما كان للنبي والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين)، و (4772) باب (إنك لا تهدي من أحببت) و (6681) في الأيمان والنذور: باب إذا قال: والله لا أتكلم اليوم فصلى، ومسلم (24) (40) في الإيمان، والنسائي 4/9 في الجنائز: باب النهي عن الاستغفار للمشركين، والطبري 11/42 و 20/92، والواحدي في أسباب النزول ص 187، والبيهقي في الأسماء والصفات، ص 97، 98، من طرق عن ابن شهاب الزهري، به.

984 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَعِيْنُهُ فِيْ دَيْنٍ كَانَ عَلٰى اَبِيْ، فَقَالَ: اٰتِيْكُمْ، فَقُلْتُ لِلْمَرْاَةِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْنَا، فَاِيَّاكِ اَنْ تُكَلِّمِيْهِ اَوْ تُؤْذِيْهِ، قَالَ: فَاَتٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَبَحْتُ لَهُ دَاجِنًا كَانَ لَنَا، قَالَ: يَا جَابِرُ كَاَنَّكَ عَلِمْتَ حُبَّنَا اللَّحْمَ؟، فَلَمَّا خَرَجَ، قَالَتْ لَهُ الْمَرْاَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: صَلِّ عَلَيَّ وَعَلٰى زَوْجِي، قَالَ: فَفَعَلَ، فَقَالَ لَهَا: اَلَمْ اَقُلْ لَكِ؟ فَقَالَتْ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ بَيْتِيْ وَيَخْرُجُ وَلَا يُصَلِّي عَلَيْنَا؟ .(5: 12)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں آپ سے مدد حاصل کرنا چاہتا تھا۔ وہ قرض جو میرے والد کے ذمے لازم تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے ہاں آؤں گا' میں نے اپنی بیوی سے کہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں آئیں گے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کوئی بات چیت کرنے یا آپ کو کوئی اذیت پہنچانے سے بچنے کی کوشش کرنا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے آپ کے لئے اپنے گھر میں موجود ایک بکری ذبح کر لی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جابر! لگتا ہے تمہیں پتہ ہے' مجھے گوشت بہت پسند ہے پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے جانے لگے' تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ میرے لئے اور میرے شوہر کے لئے دعائے رحمت کیجئے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔

پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس خاتون سے کہا: کیا میں نے تمہیں انہیں تھا کہ تم (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہ کہنا)

تو وہ عورت بولی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائیں اور پھر ہمارے لئے دعائے رحمت کیے بغیر واپس چلے جائیں؟

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّدْعُوَ الْمَرْءُ لِنَفْسِهٖ، وَيُعْقِبَ دُعَاءَهٗ بِسُؤَالِ اللّٰهِ مَنْعَ ذٰلِكَ غَيْرَهٗ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنے لئے کوئی دعا مانگے اور پھر اس دعا کے بعد یہ سوال کرے

984- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخارى (3271) في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، عن موسى ابن اسماعيل، والطبراني في الكبير (12195) عن حفص بن عمر الحوضي، كلاهما عن همام، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن أبي شيبة 10/394، وأحمد 1/217 و 220 و 243 و 283 و286، والبخارى (141) في الوضوء : باب التسمية على كل حال وعند الوقاع، و (3283) في بدء الخلق، و (5165) في النكاح: باب ما يقول الرجل إذا أتى اهله، و (6388) في الدعوات، و (7396) في التوحيد: باب السؤال بأسماء الله تعالى، ومسلم (1434) في النكاح: باب ما يستحب أن يقوله عند الجماع، وأبو داؤد (2161 في النكاح، والترمذى (1092) في النكاح، والنسائي في عمل اليوم والليلة (266) ، وفي عشرة النساء في الكبرى كما في التحفة 5/204، وابن ماجة (1919) في النكاح، والبغوى في شرح السنة (1330) من طرق عن منصور، به.وأخرجه البخارى (3283) والنسائي في عمل اليوم والليلة (270) من طريق الأعمش، عن سالم بن أبي الجعد، به.

کہ اللہ تعالیٰ وہ چیز کسی دوسرے کو عطا نہ کرے

985 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ اَعْرَابِيٌّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، وَهُوَ جَالِسٌ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِمُحَمَّدٍ وَّلَا تَغْفِرْ لِاَحَدٍ مَعَنَا، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ، قَالَ: لَقَدِ احْتَظَرْتَ وَاسِعًا ، ثُمَّ وَلَّى الْاَعْرَابِيُّ حَتّٰى اِذَا كَانَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَجَّجَ لِيَبُوْلَ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ بَعْدَ اَنْ فَقِهَ فِي الْاِسْلَامِ: فَقَامَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يُؤَنِّبْنِيْ، وَلَمْ يَسُبَّنِيْ، وَقَالَ: اِنَّمَا بُنِيَ هٰذَا الْمَسْجِدُ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَالصَّلَاةِ، وَاِنَّهُ لَا يُبَالُ فِيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِسَجْلٍ مِنْ مَّاءٍ فَاَفْرَغَهُ عَلَيْهِ .(2: 82)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی مسجد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت تشریف فرما تھے وہ بولا: اے اللہ! تو میری اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کردے اور تو ہمارے ساتھ کسی اور کی مغفرت نہ کرنا۔

راوی بیان کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے ایک کشادہ چیز کو تنگ کردیا ہے۔

پھر وہ دیہاتی مڑ کے واپس چلا گیا وہ مسجد کے کنارے پر پہنچا' تو وہ پیشاب کرنے کے ارادہ سے رکا

وہ دیہاتی مسلمان ہوجانے کے بعد یہ بات بیان کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کے میرے پاس آئے، آپ نے مجھے ڈانٹا نہیں آپ نے صرف یہ فرمایا: یہ مسجد اللہ کا ذکر کرنے کے لئے اور نماز ادا کرنے کے لئے بنائی گئی ہے۔ اس میں پیشاب نہیں کرنا چاہئے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ڈول منگوایا اور وہ اس پر بہادیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّدْعُوَ الْمَرْءُ لِنَفْسِهِ بِالْخَيْرِ وَحْدَهٗ دُوْنَ اَنْ يَّقْرِنَ بِهٖ غَيْرَهٗ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی صرف اپنے لئے بھلائی کی دعا مانگے اور اس بھلائی میں اپنے ساتھ دوسرے کو شامل نہ کرے

985- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين ما عدا نبيح، وهو ابن عبد الله العَنَزي الكوفي وثقه أبو زرعة والعجلي والمؤلف، وصحح حديثه الترمذي وابن خزيمة والحاكم، وقد تقدم من طريق سفيان بهذا الإسناد برقم (916) ، ومن طريق أبي عوانة عن الأسود بن قيس به برقم (918) ، وتقدم تخريجه هناك .(2) إسناده حسن، رجاله رجال مسلم إلا أن محمد بن عمرو صدوق له أوهام، وأخرجه ابن أبي شيبة 1/193، ومن طريقه ابن ماجة (529) في الطهارة: باب الأرض يصيبها البول كيف تغسل، عن علي بن مسهر، وأحمد 2/503 عن يزيد، كلاهما عن محمد بن عمرو . بهذا الإسناد . وسيعيده المؤلف برقم (1402) .وسيورده المؤلف برقم (987) من طريق الزهري، عن أبي سلمة، به، وبرقم (1399) من طريق الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أبي هريره، به.

986 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِمُحَمَّدٍ وَّحْدَنَا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَجَبْتَهَا عَنْ نَاسٍ كَثِيْرٍ . (2: 88)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے کہا: اے اللہ! تو صرف میری اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کرنا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے (اس مغفرت) کو بہت سے لوگوں سے مجوب کر دیا ہے۔ (یعنی اس کو ان تک نہیں پہنچنے دیا)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ اَلَّا يَرْحَمَ مَعَهُ غَيْرَهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ بندہ پروردگار سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے ہمراہ کسی دوسرے پر رحم نہ کرے

987 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ فِي الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَلَا تَرْحَمْ مَعَنَا اَحَدًا! فَلَمَّا صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِلْاَعْرَابِيِّ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا يُرِيْدُ رَحْمَةَ اللّٰهِ . (2: 46)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آپ کے ساتھ ہم بھی کھڑے ہو گئے۔ ایک دیہاتی نے نماز کے دوران کہا: اے اللہ! تو مجھ پر رحم کر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحم کر اور ہمارے ساتھ اور کسی پر رحم نہ کرنا۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی' تو آپ نے اس دیہاتی سے فرمایا:

''تم نے ایک کشادہ چیز کو تنگ کر دیا ہے۔''

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد اللہ تعالیٰ کی رحمت تھی۔

986- حديث صحيح، رجاله ثقات، وحماد بن سلمة سمع من عطاء قبل الاختلاط وبعده. وأخرجه أحمد 2/170 و 196 و 221 عن عبد الصمد وعفان، والبخاري في الأدب المفرد (626) عن موسى بن إسماعيل وشهاب، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/150 وقال. رواه أحمد، والطبراني بنحوه، وإسنادهما حسن. وانظر الحديث قبله، والحديث بعده.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ يَجِبُ اَنْ يَّبْدَاَ بِنَفْسِهٖ، ثُمَّ بِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جب بندہ اپنے مسلمان بھائی کے لئے دعا کرتا ہے' تو یہ بات ضروری ہے' وہ پہلے اپنے لئے دعا کرے پھر اس کے لئے کرے

988 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ اَحَدًا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ، وَاِنَّهٗ، قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلٰى مُوْسٰى، لَوْ صَبَرَ مَعَ صَاحِبِهٖ، لَرَاَى الْعَجَبَ الْاَعَاجِيْبَ، وَلٰكِنَّهٗ، قَالَ: (اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي) (الكهف: 76)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سے پہلے جن بھی انبیاء کا ذکر کرتے تھے' تو پہلے آپ اپنا ذکر کرتے تھے۔ ایک دن آپ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ ہم پر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحمت کرے اگر وہ اپنے ساتھی (یعنی حضرت خضر علیہ السلام) کے ساتھ صبر سے کام لیتے' تو وہ خود بھی حیران کن چیزیں دیکھتے لیکن انہوں نے یہ کہا۔

''اگر میں نے آپ سے اس کے بعد کوئی سوال کیا' تو آپ میرے ساتھ نہ رہے گا۔''

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ كَثْرَةِ دُعَاءِ الْمَرْءِ لِاَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ رَجَاءَ الْاِجَابَةِ لَهُمَا بِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کا اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اس کے لئے زیادہ دعا مانگنا مستحب ہے' کیونکہ اس بات کی اُمید کی جاسکتی ہے' کہ وہ دعا ان دونوں کے حق میں مستجاب ہوگئی

989 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي

988- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 2/283، والبخاري (6010) في الأدب: باب رحمة الناس والبهائم، والنسائي 3/14 في السهو: باب الكلام في الصلاة، من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/239، وأبو داوُد (380) في الطهارة: باب الأرض يصيبها البول، والترمذي (147) في الطهارة: باب ما جاء في البول يصيب الأرض، والنسائي 3/14 في السهو: باب الكلام في الصلاة، بن طريق سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أبي عن هريرة. وفي الباب عن واثلة بن الأسقع عند ابن ماجه (530) في الطهارة.

الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ لِاَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ اِلَّا، قَالَ الْمَلَكُ: وَلَكَ بِمِثْلٍ، وَلَكَ بِمِثْلٍ . (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كُلُّ مَا يَجِيءُ فِي الرِّوَايَاتِ فَهُوَ: كُرَيْزٌ، اِلَّا هٰذَا فَاِنَّهُ: كَرِيزٌ وَاُمُّ الدَّرْدَاءِ اسْمُهَا: هُجَيْمَةُ بِنْتُ حُيَيٍّ الْاَوْصَابِيَّةُ، وَاَبُو الدَّرْدَاءِ: عُوَيْمِرُ بْنُ عَامِرٍ.

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو بھی مسلمان اپنے بھائی کے لئے اس کی غیر موجودگی میں دعا کرتا ہے' تو فرشتہ یہ کہتا ہے: تمہیں بھی اسی کی مانند ملے تمہیں بھی اسی کی مانند ملے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) تمام تر روایات میں راوی کے (دادا) کا نام کریز ہے۔ (یعنی ''ک'' پر پیش اور ''ر'' پر زبر ہے) جبکہ یہاں اس کا نام کریز ہے (یعنی ک پر زبر اور ر پر زیر) نقل ہوا ہے۔ جبکہ سیدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کا نام ہجیمہ بنت حیی ہے' جبکہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کا نام عویمر بن عامر ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ دُعَاءِ الْمَرْءِ لِاَخِيهِ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ آدمی اپنے بھائی کے مال اور اولاد میں کثرت کی دعا کرے

990 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْحَاتِمٍ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

989- حديث صحيح غسان بن عمر بن عبيد الله العدني انفرد بتوثيقه المؤلف 9/2، ولم يرو عنه غير أبي الربيع الزهراني سليمان بن داؤد، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه أبو داؤد (3984) في الحروف والقراء ات من طريق عيسى بن يونس، والطبري في التفسير 15/288 من طريق حجاج بن محمد، كلاهما عن حمزة الزيات بهذا الإسناد .وأخرجه مطولا مسلم (2380) (172) في الفضائل: باب من فضائل الخضر، من طريقين عن إسرائيل، عن أبي إسحاق، به.وأخرجه بنحوه البخاري (122) و (3401) و (4725) و (4727) ، ومسلم (2380) من طرق. (2) حديث صحيح، أبو هاشم الرفاعي محمد بن يزيد العجلي: أخرج له مسلم في صحيحه، وقال ابن معين: ما أرى به بأساً، وكذا قال العجلي، وقال البرقاني: ثقة أمرني الدارقطني أن أخرج حديثه في الصحيح، وقال الحافظ في التقريب . ليس بالقوي، وقد توبع عليه، وبقية رجاله ثقات . فأخرجه مسلم (2732) (86) في الذكر: باب فضل الدعاء للمسلمين بظهر الغيب، عن أحمد بن عمر ابن حفص الوكيعي، عن محمد بن فضيل بن غزوان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (2732) (87) ، والبيهقي في السنن 3/353 من طريق إسحاق بن إبراهيم، وأبو داؤد (1534) في الصلاة: باب الدعاء بظهر الغيب، عن رجاء بن المرجي، كلاهما عن النضر بن شميل، عن موسى بن مروان المعلم، عن طلحة بن عبد الله بن كريز، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/198 عن ابن نمير، عن فضيل بن غزوان، عن طلحة، عن أم الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وأخرجه ابن أبي شيبة 10/197 ومن طريقه مسلم (2732) (2733) عن يزيد بن هارون، والبخاري في الأدب المفرد (625) من طريق يحيى بن أبي غنية، والبغوي (1397) من طريق يعلى بن عبيد، كلهم عن عبد الملك بن أبي سليمان، عن أبي الزبير، عن صفوان بن عبد الله بن صفوان، عن أم الدرداء وأبي الدرداء ، به. وفي الباب عن عبد الله بن عمرو عند ابن أبي شيبة 10/198، وأبي داؤد (1535) ، والترمذي (1981) ، والبخاري في الأدب المفرد (623) .

الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ فَاَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَّسَمْنٍ، فَقَالَ: اَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهِ، وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهِ، فَاِنِّيْ صَائِمٌ فَصَلّٰى صَلَاةً غَيْرَ مَكْتُوْبَةٍ، وَصَلَّيْنَا مَعَهُ، فَدَعَا لِاُمِّ سُلَيْمٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهَا، فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ خُوَيْصَةً، قَالَ: مَا هِيَ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ، قَالَتْ: خَادِمُكَ اَنَسٌ، فَدَعَا لِيْ بِخَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَّوَلَدًا، وَبَارِكْ لَهُ، قَالَ: فَاِنِّيْ مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ وَلَدًا.(12:5)

قَالَ: وَاَخْبَرَتْنِيْ ابْنَتِيْ اُمَيْنَةُ اَنَّهَا دَفَنَتْ مِنْ صُلْبِيْ اِلٰى مَقْدَمِ الْحَجَّاجِ الْبَصْرَةَ بِضْعًا وَّعِشْرِيْنَ وَمِئَةً .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے وہ آپ کی خدمت میں کھجور اور گھی لے کر آئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھی کو واپس اسی برتن میں ڈال دو اور اپنی کھجوروں کو واپس اسی برتن میں ڈال دو کیونکہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے نفل نماز ادا کی۔ آپ کی اقتداء میں ہم نے بھی نماز ادا کی پھر نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا اور ان کے گھر کے افراد کو بلایا' تو سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک درخواست ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! وہ کیا انہوں نے عرض کی: آپ کا خادم انس (آپ اس کے لیے دعا کر دیں)۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) تو نبی اکرم ﷺ نے میرے حق میں دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا کی۔

(آپ نے دعا کی:)

''اے اللہ! اسے مال اور اولاد عطا کر اور اس کے لئے ان میں برکت رکھ دے۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں لوگوں میں اولاد کے اعتبار سے کثرت والا ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بیٹی امینہ نے یہ بات بتائی ہے' حجاج کے بصرہ کا گورنر بننے تک میری اولاد اور (اولاد کی اولاد میں سے) ایک سو بیس لوگوں کا انتقال ہو چکا تھا۔

990– إسناده صحيح، على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 3/108 و 188، والبخارى (1982) في الصوم: لا من زارَ قوماً فلم يفطر عندهم، من طرق عن حميد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/248، ومسلم (2481) في فضائل الصحابة: باب من فضائل ابن، من طريق عن ثابت، عن أنس .وأخرجه ابن سعد في الطبقات ، 7/19 من طريق سليمان بن حرب، عن حماد بن زيد، عن سنان بن ربيعة قال. سمعت أنس بن مالك ....وأخرجه الطبراني في الكبير (710) وأخرجه الطيالسي 2/140، والبخارى (6334) في الدعوات: باب قوله تعالى: (وصلِّ عليهم) ، و (6344) باب دعوة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لخادمه، و (6378، 6379) باب الدعاء بكثرة المال والولد مع البركه، و (6380، 6381) باب الدعاء بكثرة الولد مع البركة، ومسلم (2480) ، والترمذى (3829) في المناقب: باب مناقب لأنس، من طرق عن شعبة، عن قتادة، عن انس .وأخرجه البخارى (6378، 6379) أيضاً من طريق شُعْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ.

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهِ عِنْدَ وُجُودِ الْجَدْبِ بِالْمُسْلِمِينَ

اس بات کا تذکرہ کہ جب مسلمانوں کو قحط کی صورت حال لاحق ہو تو آدمی کو کیا دعا کرنی چاہئے؟

991 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ الْاَيْلِيُّ، (حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُورٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ الْاَيْلِيِّ)، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: شَكَا النَّاسُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَحْطَ الْمَطَرِ، فَاَمَرَ بِالْمِنْبَرِ، فَوُضِعَ لَهُ فِي الْمُصَلَّى، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَخْرُجُونَ فِيهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ، قَالَ: اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ جِنَانِكُمْ، وَاحْتِبَاسَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهِ عَنْكُمْ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوهُ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَسْتَجِيبَ لَكُمْ، ثُمَّ، قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيدُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلَى حِينٍ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَاَيْنَا بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَقَلَبَ اَوْ حَوَّلَ رِدَاءَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ وَنَزَلَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابًا، فَرَعَدَتْ وَاَبْرَقَتْ وَاَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمْ يَلْبَثْ فِي مَسْجِدِهِ حَتَّى سَالَتِ السُّيُولُ، فَلَمَّا رَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَثَقَ الثِّيَابِ عَلَى النَّاسِ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَاَنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بارش نہ ہونے کی شکایت کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر کے بارے میں حکم دیا۔ اسے عیدگاہ میں رکھ دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ ایک دن کا وعدہ کیا کہ وہ لوگ اس دن نکلیں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سورج کی ٹکیہ ظاہر ہوئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگوں نے اپنے باغات کے خشک ہو جانے کی اور طویل عرصے سے بارش نہ ہونے کی شکایت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں یہ حکم دیا ہے' تم اس سے دعا مانگو اور اس نے تم سے یہ وعدہ کیا ہے' وہ تمہاری دعا کو قبول کرے گا۔''

پھر آپ نے یہ فرمایا:

''تمام حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے: اے اللہ! تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے: اے اللہ! تو ہی اللہ ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو بے نیاز ہے اور ہم غریب ہیں' تو ہم پر بارشیں نازل کر اور ہم پر جو چیز تو نازل کرے گا اسے مخصوص مدت کے لئے قوت اور بلاغ بنا دے۔''

پھر نبی اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھ بلند کئے یہاں تک کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی بھی دیکھ لی۔
پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنی پشت لوگوں کی طرف کرلی اور آپ نے اپنی چادر کو الٹالیا۔ آپ نے اس وقت اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے ہوئے تھے پھر آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور منبر سے نیچے اتر آئے پھر آپ نے دو رکعات نماز ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے بادل پیدا کردیا وہ گرجا بجلی چمکی اور اللہ کے حکم سے بارش نازل ہونا شروع ہوگئی۔
نبی اکرم ﷺ ابھی مسجد (یعنی عیدگاہ) میں ہی تھے کہ نالیاں بہنے لگیں۔
جب نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ملاحظہ کی کہ لوگوں نے اپنے اوپر کپڑے کرلئے ہیں تو نبی اکرم ﷺ مسکرادیے۔ یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دانت نظر آنے لگے۔
آپ نے فرمایا:
''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اور بے شک میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔''

ذِكْرُ مَا يَدْعُوْ بِهِ الْمَرْءُ عِنْدَ اشْتِدَادِ الْاَمْطَارِ، وَكَثْرَةِ دَوَامِهَا بِالنَّاسِ

اس بات کا تذکرہ کہ جب لوگوں پر شدید بارش ہورہی ہو اور مسلسل ہورہی ہو تو آدمی کو کیا دعا مانگنی چاہیے؟

992 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ رِجَاءَهُ الْمِنْبَرُ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلَكَتِ الْمَوَاشِي وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ لِيُغِيثَنَا، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا، اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا، قَالَ اَنَسٌ: وَاللّٰهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ سَحَابَةً وَلَا قَزَعَةً بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلَا دَارٍ، فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلُ تُرْسٍ، فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ، فَوَاللّٰهِ مَا رَاَيْنَا الشَّمْسَ سِتًّا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنَ الْبَابِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا ثُمَّ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلَكَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَكُفَّهَا عَنَّا، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

991- إسناده حسن، وأخرجه أبو داؤد (1173) في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/325، والبيهقي في السنن 3/349 من طريق هارون بن سعيد الأيلي، وقال أبو داؤد: إسناده جيد، وصححه الحاكم 1/328 ووافقه الذهبي على شرط الشيخين

يَـدَيْـهِ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ، قَالَ: فَاَقْلَعَتْ وَخَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي الشَّمْسِ، فَسَاَلْتُ اَنَسًا اَهُوَ الرَّجُلُ الْاَوَّلُ؟، قَالَ: لَا اَدْرِي. (5: 12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں منبر کے سامنے والے دروازے سے داخل ہوا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے وہ شخص آپ کے سامنے آکر کھڑا ہوگیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مویشی ہلاکت کا شکار ہورہے ہیں راستے منقطع ہورہے ہیں۔

آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم پر بارش نازل کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ بلند کیا اور دعا مانگی۔

''اے اللہ! ہم پر بارش نازل کر۔ اے اللہ! ہم پر بارش نازل کر۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خدا کی قسم! ہمیں اس وقت آسمان میں بادل یا بادل کا کوئی ٹکڑا بھی نظر نہیں آرہا تھا' جو ہمارے اور سلع پہاڑ کے درمیان ہو۔

کسی گھر اور محلے کے اوپر بادل نہیں تھا اسی دوران اس (پہاڑ) کے پیچھے کی طرف سے ڈھال کی طرح کا بادل نمودار ہوا وہ آسمان کے درمیان میں پہنچا' تو پھیلنے لگا اور پھر بارش شروع ہوگئی پھر اللہ کی قسم ہم نے چھ دن تک سورج نہیں دیکھا۔

اگلے جمعے والے دن اس دروازے سے ایک شخص اندر آیا اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے وہ آپ کے سامنے آکر کھڑا ہوگیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مال مویشی ہلاکت کا شکار ہورہے ہیں۔ راستے منقطع ہورہے ہیں آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم سے بارش کو روک لے۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ بلند کئے اور دعا مانگی:

992- حديث صحيح. وأخرجه مالك في الموطأ 1/198 باب ما جاء في الاستسقاء، ومن طريقه أخرجه البخاري (1016) و (1017) و (1019) في الاستسقاء، وأبو نعيم في دلائل النبوة 2/577، 578، عن شريك، به. وأخرجه البخاري (1013) و (1014) في الاستسقاء، ومسلم (897) في الاستسقاء: باب الدعاء بالاستسقاء، وأبو داؤد (1175) في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، والنسائي 3/161، 162 في السهو: باب ذكر الدعاء، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/322، والبيهقي في السنن 3/355، والبغوي في شرح السنة (1166) من طرق عن شريك، به. وأخرجه أحمد 3/256، والبخاري (933) في الجمعة، و (1018) و (1033) في الاستسقاء، ومسلم (897) (9) في الاستسقاء، والنسائي 3/166، وأبو نعيم الأصبهاني في دلائل النبوة 2/576، والبيهقي في السنن 3/354، وفي دلائل النبوة 6/139، وابن الجارود (256)، والبغوي في شرح السنة (1167) من طرق عن الأوزاعي، عن إسحاق ابن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ. وأخرجه أحمد 3/271، والبخاري (932) في الجمعة، و (1015) و (1021) و (1029) في الاستسقاء، و (3582) في المناقب: باب علامات النبوة في الاسلام، و (6093) في الأدب: باب التبسم والضحك، و (6342) في الدعوات: باب الدعاء غير مستقبل القبلة، ومسلم (798) (10) و (11) و (12) في الاستسقاء، وأبو داؤد (1174) في الصلاة، والنسائي 3/160، 161، والبيهقي في السنن 3/356 و 357، وفي دلائل النبوة 6/140 و 141 و 142، من طرق عن أنس، به.

"اے اللہ! ہمارے آس پاس (بارش) ہو ہم پر نہ ہو اے اللہ! پہاڑوں کی چوٹیوں پر کھلے میدانوں میں جنگلات میں بارش ہو۔"

راوی بیان کرتے ہیں: تو بادل چھٹ گیا اور نبی اکرم ﷺ دھوپ میں چلتے ہوئے باہر تشریف لائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا یہ پہلے والا شخص تھا؟

انہوں نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم۔

ذِكْرُ مَا يَقُولُ الْمَرْءُ إِذَا تَفَضَّلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَى النَّاسِ بِالْمَطَرِ وَرَآهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب اللہ تعالیٰ لوگوں پر بارش کے ذریعے فضل کرے اور آدمی بارش کو دیکھے تو اسے کیا پڑھنا چاہئے؟

993 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَاَى الْمَطَرَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا هَنِيًّا. (5: 12)

۞۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ جب بارش دیکھتے تھے تو یہ دعا مانگتے تھے۔

"اے اللہ! یہ موسلا دھار ہو اور نفع دینے والی ہو۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَنِيًّا اَرَادَ بِهِ: نَافِعًا

993- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن عبد الرحمٰن هو: ابن حكيم بن سهم، وأخرجه أحمد 6/90 عن علي بن بحر، والنسائي في عمل اليوم والليلة (917) عن علي بن خشرم، كلاهما عن عيسى بن يونس، به. وأخرجه أحمد 6/90، والنسائي في عمل اليوم والليلة (918)، والبيهقي في السنن 3/361 من طريق الوليد بن مسلم، وابن ماجة (3890) في الدعاء، من طريق ابن أبي العشرين، كلاهما عن الأوزاعي، عن نافع، عن القاسم بن محمد، به. وأخرجه النسائي (919)، والبيهقي 3/361، 362 من طريقين عن الأوزاعي، عن رجل، عن نافع، عن القاسم، به. وأخرجه النسائي (920) من طريق الأوزاعي، عن محمد بن الوليد، عن نافع، عن القاسم به. وأخرجه أحمد 6/129، والبخاري (1032) في الاستسقاء: باب ما يقال إذا أمطرت، والنسائي في عمل اليوم والليلة (921)، والبيهقي في السنن 3/361 من طريق عبد الله بن المبارك، عن عبيد الله بن عمر، عن نافع، عن القاسم، به. ولفظ البخاري اللّٰهم صيباً نافعاً والصيب: هو المطر المنهمر المتدفق. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/218، من طريق أبي أسامة، والنسائي (922) من طريق يحيى، كلاهما عن عبيد الله، عن نافع، عن القاسم، عن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مرسلاً. وأخرجه أحمد 6/119 من طريق علي بن إسحاق، عن عبد الله، عن نافع، وعبد الرزاق (19999) ومن طريقه أحمد 6/166، وأبو نعيم في الحلية 2/186، و 3/14، عن معمر، عن أيوب، كلاهما عن القاسم بن محمد، به. وانظر ما بعده.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان "هنيا" سے مراد نفع دینے والا ہے

994 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُنَيْسٍ الْغَزِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَى الْغَيْثَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا اَوْ سَيْبًا نَافِعًا. (5: 12)

مقدام بن شریح اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بادل دیکھتے' تو یہ دعا مانگتے تھے۔

"اے اللہ! یہ موسلا دھار ہو اور فائدہ دینے والی ہو۔"

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ سُؤَالِهِمْ رَبَّهُمْ اَنْ يُّبَارِكَ لَهُمْ فِيْ رَيْعِهِمْ دُوْنَ اتِّكَالِهِمْ مِنْهُ عَلَى الْاَمْطَارِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ عام مسلمانوں پر بات لازم ہے' وہ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگیں کہ وہ ان کی پیداوار میں ان کیلئے برکت رکھے یہ نہیں' وہ اس کی بجائے صرف بارشوں پر اکتفاء کر لیں

995 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَتِ السَّنَةُ بِاَنْ لَا تُمْطَرُوْا، وَلٰكِنِ السَّنَةُ اَنْ تُمْطَرُوْا، وَاَنْ تُمْطَرُوْا، وَلَا تُنْبِتُ الْاَرْضُ شَيْئًا. (3: 53)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

995- أخرجه النسائي 3/164 في الاستسقاء: باب القول عند المطر، وفي اليوم والليلة كما في التحفة 11/422 من طريق محمد بن منصور، حدثنا سفيان، بهذا الإسناد وهذا إسناد صحيح. وأخرجه أحمد 6/137، 138 عن وكيع، و 6/190 عن عبد الرحمٰن، وأبو داؤد (5099) في الأدب: باب ما يقول إذا هاجت الريح، عن ابن بشار، عن عبد الرحمٰن، والنسائي في عمل اليوم والليلة (915) عن إبراهيم بن محمد التيمي القاضي، عن يحيى، والبخاري في الأدب المفرد (686) عن خلاد بن يحيى، كلهم عن سفيان، عن المقدام بن شريح، به. وأخرجه أحمد 1/46 عن عبدة، والبيهقي 3/362 من طريق محمد بن بشر، كلاهما عن مسعر، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/218، والنسائي في عمل اليوم والليلة (914) عن قتيبة بن سعيد، وابن ماجة (3889) في الدعاء، عن أبي بكر بن أبي شيبة، كلاهما عن يزيد بن المقدام بن شريح، عن المقدام بن شريح، عن أبيه، به. وسيورده المؤلف برقم (1006) من طريق شريك عن المقدام بن شريح.

"خشک سالی یہ نہیں ہے تم پر بارش نہ ہو خشک سالی یہ ہے: تم پر بارش ہو پھر بارش ہو لیکن زمین پر کوئی سبزہ پیدا نہ ہو۔"

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُسْلِمِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلا التَّاَلُّفَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَاِصْلاحَ ذَاتِ بَيْنِهِمْ

مسلمان کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے پروردگار اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ وہ مسلمانوں کے درمیان الفت قائم کرے اور ان کے درمیان اصلاح رکھے

996 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّي يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ فِي الصَّلَاةِ، كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، وَيُعَلِّمُنَا مَا لَمْ يَكُنْ يُعَلِّمُنَا كَمَا يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ: اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّورِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا فِي اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَاَزْوَاجِنَا، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ، مُثْنِيْنَ بِهَا عَلَيْكَ، قَابِلِيْنَ بِهَا، فَاَتْمِمْهَا عَلَيْنَا. (1: 104)

❁❁ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز کے دوران تشہد پڑھنے کے کلمات اسی طرح سکھایا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی کوئی سورت سکھایا کرتے تھے۔

آپ ہمیں جس طرح تشہد کے کلمات سکھایا کرتے تھے اسی طرح آپ ہمیں یہ کلمات کہنا بھی سکھاتے تھے۔

"اے اللہ! تو ہمارے دلوں کے درمیان الفت پیدا کر دے اور ہمارے درمیان اصلاح کر دے اور سلامتی کے راستوں کی طرف ہماری رہنمائی کر اور تاریکیوں سے ہمیں نجات دے کر ہمیں نور کی طرف لے جا اور ہمیں ظاہری اور باطنی فحاشیوں سے دور کر دے۔ اے اللہ! ہماری سماعت، ہماری بصارت اور ہماری بیویوں کی حفاظت کر اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والا بنا دے اور ان پر اپنی تعریف کرنے والا بنا دے اور انہیں قبول کرنے والا بنا دے اور ان کو ہم پر مکمل کر دے۔"

996- إسناده جيد، وخالد هو: ابن عبد الله بن عبد الرحمٰن بن يزيد الطحان الواسطي. وأخرجه أحمد 2/342 عن عفان، عن حماد بن سلمة و 2/358 عن يحيى بن أبي كثير، عن زهير بن محمد، ومسلم (2904) في الفتن: باب في سكنى المدينة وعمارتها قبل الساعة، عن قتيبة بن سعيد، حدثنا يعقوب بن إبراهيم، والشافعي 1/198 عمن لا يتهم، جميعهم عن سهيل ابن أبي صالح، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا كَانَ فِي حَالَةٍ لَيْسَ لَهُ سُؤَالُ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا الْحُلُولَ مِنْ تِلْكَ الْحَالَةِ، لِاَنَّ هٰذَا كَلَامٌ مُحَالٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے جب کوئی شخص مخصوص حالت میں ہو' تو اسے اس بات کا حق حاصل نہیں ہے

وہ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگے کہ وہ اسے اس حالت سے (دوسری حالت میں) منتقل کر دے' اس کی وجہ یہ ہے' یہ ناممکن کلام ہے

997 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً، وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً، فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَإِيعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيبٌ بِالْحَقِّ، وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَإِيعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيقٌ بِالْحَقِّ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ، وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرَى، فَلْيَتَعَوَّذْ مِنَ الشَّيْطَانِ، ثُمَّ قَرَاَ: (الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ) الْآيَةَ (البقرة: 268). (1: 95)

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک شیطان کا ایک اثر ہوتا ہے اور فرشتے کا ایک اثر ہوتا ہے شیطان کا اثر یہ ہوتا ہے' وہ برائی کی طرف واپس لے کر جاتا ہے اور حق کی تکذیب کرتا ہے اور فرشتے کا اثر یہ ہوتا ہے' وہ بھلائی کی طرف واپس لے کے جاتا ہے اور حق کی تصدیق کرتا ہے' تو جو شخص اس صورتحال کو پائے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے اور جو شخص دوسری صورت حال کو پائے' تو وہ شیطان سے پناہ مانگے''۔

پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی:

''شیطان تمہارے ساتھ غربت کا وعدہ کرتا ہے''۔

998 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

997- وأخرجه أبو داؤد (969) في الصلاة: باب التشهد، من طريق تميم بن المنتصر، أخبرنا إسحاق بن يوسف، عن شريك بهذا الإسناد، وصحّحه الحاكم 1/265 على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبراني في الكبير (10426) من طريق شريك عن جامع بن أبي راشد، عن أبي وائل، عن عبد الله، وأورده الهيثمي في المجمع 10/679، ونسبه للطبراني في الكبير والأوسط، وقال: وإسناد الكبير جيد. (2) عطاء بن السائب: اختلط، وأبو الأحوص -وهو سلامة بن سليم- سمع منه بعد الاختلاط، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الترمذي (2988) في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري في التفسير 3/88، والنسائي في التفسير من الكبرى كما في التحفة 7/139 عن هناد بن السري، بهذا الإسناد.

مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِ، يَقُولُ:

(متنِ حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالسَّدَادَ، وَاذْكُرْ بِالْهُدٰى هِدَايَتَكَ الطَّرِيقَ، وَاذْكُرْ بِالتَّسْدِيدِ تَسْدِيدَ السَّهْمِ ، وَنَهَانِي نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَسِّيِّ، وَالْمِيثَرَةِ، وَعَنِ الْخَاتَمِ فِي السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى . (5: 12)

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت اور سیدھا رہنا مانگتا ہوں۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں یا شاید حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:)

''تم ہدایت کے ہمراہ راستے کی ہدایت کو ذہن میں رکھو اور سیدھے رہنے کے ہمراہ تیر کے سیدھے رہنے کو ذہن میں رکھو۔''

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے قسی اور میثرہ استعمال کرنے اور شہادت کی انگلی اور درمیان والی انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع کیا تھا۔

998–وأخرجه الطبرى 3/88 و 89 من طريق ابن علية، وعمرو بن قيس الملائى، وحماد بن سلمة، ثلاثتهم عن عطاء ، به، موقوفاً على ابن مسعود . وأخرجه الطبرى أيضاً 3/88 من طريق عبد الرزاق. (1) إسناده صحيح. وأخرجه الطيالسى 1/257، وأحمد 1/138 عن محمد بن جعفر، كلاهما عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/134 و 154، ومسلم (2725) في الذكر: باب التعوذ من شر ما عمل، وأبو داوُد (4225) في الخاتم: ما جاء في خاتم الحديد، والنسائي 8/177 في الزينة: باب النهي عن الخاتم في السبابة، و 8/219 باب النهي عن الجلوس على الميائر من الأرجوان، من طرق عن عاصم بن كليب، به . ونصفه الثاني أخرجه الترمذى (1786) في اللباس: باب كراهية التختم في أصبعين، والنسائى 8/194 في الزينة: باب موضع الخاتم، وابن ماجة (3648) في اللباس: باب التختم في الابهام، والبغوى في شرح السنة (3149) من طرق عن عاصم، به.

10- بَابُ الْاِسْتِعَاذَةِ

باب: 10 پناہ مانگنے کا بیان

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْاَشْيَاءِ الْاَرْبَعِ الَّتِيْ يُسْتَحَقُّ الْاِسْتِعَاذَةُ مِنْهَا بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ ان چار اشیاء سے اللہ کی پناہ مانگی جائے جو اس بات کی مستحق ہیں کہ ان سے اللہ کی پناہ مانگی جائے

999 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُوسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ هٰذَا الدُّعَاءَ كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ. (1: 104)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو اس دعا کی تعلیم اس طرح دیا کرتے تھے جس طرح انہیں قرآن کی کسی سورت کی تعلیم دیا کرتے تھے۔

''اے اللہ! میں جہنم کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور زندگی اور موت کی آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور دجال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ ظاہری اور باطنی فتنوں سے اللہ کی پناہ مانگی جائے

1000 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا نَحْنُ فِيْ حَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ،

فَحَادَتْ بِهٖ بَغْلَتُهٗ،

فَـإِذَا فِي الْحَائِطِ اَقْبُرٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّعْرِفُ هٰؤُلَاءِ الْاَقْبُرَ؟، فَقَالَ رَجُلٌ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا هُمْ؟، قَالَ: مَاتُوا فِي الشِّرْكِ، قَالَ: لَوْلَا اَنْ لَا تَدَافَنُوا، لَدَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّسْمِعَكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ الَّذِيْ اَسْمَعُ مِنْهُ، اِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ تُبْتَلٰى فِيْ قُبُوْرِهَا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ، فَقَالَ: تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ (1:104)

حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بنونجار کے ایک باغ میں موجود تھے۔ آپ اس وقت ایک خچر پر سوار تھے۔ وہ آپ کو لے کر چل رہا تھا۔ باغ میں کچھ قبریں موجود تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ان قبروں کے بارے میں کون جانتا ہے؟ ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! میں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون تھے؟ ان صاحب نے عرض کی: یہ شرک پر مرے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تم ایک دوسرے کو (یعنی اپنے مردوں کو) دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتا کہ وہ تمہیں قبر کے عذاب کے حوالے سے وہ (آوازیں) سنائے جو میں نے سنی ہیں۔ بے شک اس امت کی ان کی قبروں میں آزمائش ہوگی۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف رخ کیا اور ارشاد فرمایا:

''جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو ظاہری اور باطنی فتنوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو دجال کے فتنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْتَعِيذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ يَتَعَوَّذُ مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگے' ہم اس سے پناہ مانگتے ہیں

1000- إسناده صحيح، وأخرجه البغوى (1364) عن طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، عن مالك، وهو فى الموطأ 1/215 فى الصلاة: باب ما جاء فى الدعاء، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 1/242 و 258 و 298 و 311، ومسلم (590) فى المساجد: باب ما يستعاذ منه فى الصلاة، وأبو داؤد (1542) فى الصلاة: باب الإستعاذة، والترمذى (3494) فى الدعوات، والنسائى 4/102 فى الجنائز: باب التعوذ من عذاب القبر، و 8/276-277 فى الإستعاذة: باب الإستعاذة من فتنة الممات. وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد (694) وابن ماجة (3840) فى الدعاء: باب ما تعوذ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والطبرانى فى الكبير (12159) من طريق إبراهيم بن المنذر، عن بكر بن سليم، عن حميد الخراط، عن كريب، عن ابن عباس وقال البوصيرى فى مصباح الزجاجة ورقة 238/1: هذا إسناد حسن حميد بن زياد أبو صخر الخراط وبكر بن سليم الصواف، مختلف فيهما، وأصله فى الصحيحين من حديث عائشة.

1001 - سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانَ بِالرَّقَّةِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ مُوْسَى الْاَنْصَارِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ عِيَاضٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُوْسَى بْنَ عُقْبَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أُمَّ خَالِدٍ بِنْتَ (خَالِدِ بْنِ) سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، تَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَعِيْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَهَا . (5: 12)

موسیٰ بن عقبہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ اُمّ خالد رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

(وہ بیان کرتی ہیں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر کے عذاب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہوئے سنا ہے۔

(موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں) میں نے اس خاتون کے علاوہ اور کسی کو یہ بیان کرتے ہوئے نہیں سنا کہ "میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے"۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِيْ يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ فِي التَّعَوُّذِ اَنْ يَقْرِنَهَا اِلٰى مَا ذَكَرْنَا قَبْلُ

ان خصائل کا تذکرہ جن کے بارے میں یہ بات مستحب ہے وہ پناہ مانگتے ہوئے انہیں اس چیز کے ساتھ ملا دے جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

1002 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَبِيْ مَعْشَرٍ اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ (اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِيْ) إِسْحَاقَ، عَنْ مُجَاهِدٍ اَبِي الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا صَلَّى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعًا اَوِ اثْنَتَيْنِ اِلَّا سَمِعْتُهُ يَدْعُوْ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الصَّدْرِ وَسُوْءِ

1001- إسناده صحيح، وخالد: هو ابن عبد الله الواسطي، وأبو نضرة اسمه: المنذر بن مالك. وأخرجه أحمد 5/190، والبغوي في شرح السنة (1361) من طريق يزيد بن هارون، وابنُ أبي شيبة 10/185، وعن طريقه مسلم (2867) في الجنة: باب عرض مقعد الميت في الجنة والنار، عن ابن علية. وأخرجه الطبراني في الكبير (4785) من طريق عفان بن مسلم، عن وهيب بن خَالِدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عن أبي سعيد، عن زيد بن ثابت.

1002- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه عبد الرزاق (6743)، والحميدي (336)، وابنُ أبي شيبة 10/193، وأحمد 6/364 و365، والبخاري (1376) في الجنائز: باب التعوذ من عذاب القبر، و(6364) في الدعوات: باب التعوذ من عذاب القبر، والنسائي في النعوت من الكبرى كما في التحفة 11/269 من طرق عن موسى بن عقبة، به. (2) رجاله ثقات رجال الصحيح خلا محمد بن وهب بن أبي كريمة، وهو صدوق، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن يزيد أو ابن أبي يزيد الحراني، وأبو إسحاق: هو السبيعي، وسيورده المؤلف برقمي (1018) و(1019) من طريقين آخرين عن أبي هريرة، بنحوه. وفي الباب عن عمر سيأتي برقم (1024).

الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ . (12:5)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بھی چار یا دو رکعات ادا کیں تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! میں جہنم کے عذاب سے' قبر کے عذاب سے' سینے کی آزمائش' بری زندگی اور (بری) موت سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ مِنَ الْفَقْرِ الَّذِیْ يُطْغِي وَالذُّلِّ الَّذِیْ يُفْسِدُ الدِّيْنَ

ایسا فقر جو سرکش کر دے اور ایسی ذلت جو دین کو خراب کر دے ان سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1003 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ جَعْفَرُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الْفَقْرِ وَالذِّلَّةِ، وَاَنْ تَظْلِمَ اَوْ تُظْلَمَ . (104:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''فقر' ذلت' یہ کہ تم ظلم کرو یا تم پر ظلم کیا جائے' ان (سب سے) اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ

بزدلی اور کنجوسی سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1004 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ كَمَا تُعَلَّمُ الْكِتَابَةُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ

1004- حديث صحيح، جعفر بن عياض لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف 4/105، ولم يَرْوِ عنه سوى إسحاق بن عبد الله، وباقي رجاله ثقات، وقد صرح الوليد بالسماع، وأخرجه النسائي 8/261 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من الذلة، وباب الاستعاذة من القلة، و8/262 باب الاستعاذة من الفقر، وابن ماجة (3842) في الدعاء: باب ما تعوذ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، من طرق عن الأوزاعي، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 1/531، ووافقه الذهبي. وله طريق آخر يتقوى به، إسناده صحيح، سيأتي برقم (1030) ويخرج هناك.

الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ . (1:104)

۞۞ مصعب بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ان کلمات کی اس طرح تعلیم دیا کرتے تھے جس طرح کتابت کی تعلیم دی جاتی ہے۔

''اے اللہ! میں بخل سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور بزدلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ مجھے رذیل ترین عمر کی طرف لوٹایا جائے اور میں دنیا کی آزمائش اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالِاسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الشَّيْطَانِ عِنْدَ نَهِيقِ الْحَمِيرِ

گدھے کے رینکنے کے وقت شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1005 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدِ الطَّاحِيُّ الْعَابِدُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا سَمِعْتُمْ اَصْوَاتَ الدِّيَكَةِ، فَاِنَّهَا رَاَتْ مَلَكًا، فَاسْاَلُوْا اللّٰهَ، وَارْغَبُوْا اِلَيْهِ، وَاِذَا سَمِعْتُمْ نُهَاقَ الْحَمِيرِ، فَاِنَّهَا رَاَتْ شَيْطَانًا، فَاسْتَعِيذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا رَاَتْ . (1:104)

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) اگر وہ شخص اسی دن یا اسی رات میں فوت ہوجائے' تو جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الدُّعَاءَ يَدْفَعُ الْقَضَاءَ السَّابِقَ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ دعا تقدیر کے سابقہ فیصلے کو ٹال دیتی ہے

1036 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا لُدِغَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ كُنْتَ قُلْتَ حِيْنَ اَمْسَيْتَ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، مَا ضَرَّكَ

قَالَ: فَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا لُدِغَ اِنْسَانٌ مِنَّا اَمَرَهُ اَنْ يَقُوْلَهَا . (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ضَرَّكَ اَرَادَ بِهِ اَنَّكَ لَوْ قُلْتَ مَا قُلْنَا، لَمْ يَضُرَّكَ اَلَمُ اللَّدْغِ، لَا اَنَّ الْكَلَامَ الَّذِي، قَالَ يَدْفَعُ قَضَاءَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لیے ہوتے:

1036- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 5/356، وأبو داوٗد (5070) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، والنسائي في عمل اليوم والليلة (466) و (579)، والبزار (564)، من طريق زهير بن معاوية، وابن ماجة (3872) في الدعاء: باب ما يدعو به الرجل إذا أصبح وإذا أمسى، من طريق إبراهيم بن عيينة، والنسائي في عمل اليوم والليلة (20)، والحاكم 1/514، 515 من طريق عن عيسى بن يونس، إسناده صحيح، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (591) عن محمد بن عثمان العقيلي، عن عبد الأعلى، عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد . وتقدم برقم (1021) من طريق مالك، وبرقم (1022) من طريق جرير بن حازم، كلاهما عن سهيل بن أبي صالح، به، وبرقم (1020) من طريق القعقاع بن حكيم، عن أبي صالح، به، وسبق تخريجها هناك.

''(اللہ نے) جو پیدا کیا ہے میں اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) تو اس چیز نے تمہیں نقصان نہیں پہنچانا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم میں سے جب کسی شخص کو کوئی زہریلی چیز کاٹ لیتی تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اسے یہ کلمات پڑھنے کی ہدایت کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے ''کوئی چیز تمہیں نقصان نہیں دے گی'' اس سے مراد یہ ہے ہم نے جو پڑھا ہے اگر تم وہ پڑھ لو گے تو ڈنگ مارنے کی تکلیف تمہیں نقصان نہیں دے گی۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعا پڑھی تھی۔ وہ اس شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کو پرے کر دے گی۔

8- كِتَابُ الطَّهَارَةِ

طہارت کے بارے میں روایات

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْإِيمَانِ لِلْمُحَافِظِ عَلَى الْوُضُوْءِ

وضو کی حفاظت کرنے والے کے لئے ایمان کے اثبات کا تذکرہ

1037 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، وَاَبُوْ خَيْثَمَةَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنِيْ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، اَنَّ اَبَا كَبْشَةَ السَّلُوْلِيَّ حَدَّثَهُ . اَنَّهُ سَمِعَ ثَوْبَانَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ. (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذِهِ اللَّفْظَةُ مِمَّا ذَكَرْنَا فِيْ كُتُبِنَا اَنَّ الْعَرَبَ تُطْلِقُ الْاِسْمَ بِالْكُلِّيَّةِ عَلَى جُزْءٍ مِنْ اَجْزَاءِ شَيْءٍ يُطْلَقُ اسْمُ ذٰلِكَ الشَّيْءِ عَلَى جُزْءٍ مِنْ اَجْزَائِهِ . فَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ اَطْلَقَ اسْمَ الْاِيمَانِ عَلَى الْمُحَافِظِ عَلَى الْوُضُوْءِ، وَالْوُضُوْءُ مِنْ اَجْزَاءِ الْاِيمَانِ، كَذٰلِكَ اسْمُ الْاِيمَانِ عَلَى الْمُفْرِدِ الْعَمَلَ بِهِ، لِاَنَّهُ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَاءِ الْاِيمَانِ عَلَى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَاهُ.

وَخَبَرُ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عن ثوبان خبر منقطع، فلذلك تنكبناه.

❀❀ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم سنت کی پیروی کرو اور میانہ روی اختیار کرو''۔

اور یہ بات جان لو کہ تمہارے اعمال میں سب سے بہتر نماز ہے اور وضو کی حفاظت صرف مومن کرتا ہے۔

1037- حديث صحيح، إسناده حسن، رجاله رجال البخاري عدا ابن ثوبان -واسمه عبد الرحمٰن- وهو حسن الحديث، وأخرجه أحمد 5/282، والدارمي 1/168، والطبراني في الكبير (1444) من طريق الوليد بن مسلم بهذا الإسناد، وأخرجه أحمد 5/280 من طريقين. وأخرجه أحمد 5/276-277 و 282، والطيالسي (996)، والدارمي 1/168، والطبراني في الصغير 2/88، وابن ماجة (277)، والحاكم 1/130، والبيهقي 1/457، والخطيب في تاريخه 1/293 من طريقين

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ الفاظ ہیں' جن کا ہم اپنی کتابوں میں کئی بار ذکر کر چکے ہیں' عرب اپنے محاورے میں کسی چیز کے مختلف اجزاء میں سے کسی ایک جز پر مکمل چیز کا نام استعمال کرتے ہیں۔ وہ اس چیز کے نام کو اس ایک جزء کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "وضو کی حفاظت صرف مومن کرے گا"۔ یہاں لفظ ایمان کے لفظ کا اطلاق وضو کی حفاظت کرنے والے پر کیا گیا ہے۔ حالانکہ وضو ایمان کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ اس طرح لفظ ایمان کا اطلاق ایک ایسی مفرد چیز پر کیا گیا ہے' جس پر عمل کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے' یہ ایمان کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

سالم بن ابوالجعد نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے وہ "منقطع" ہے۔ اس لئے ہم نے اس سے پہلو تہی کی ہے۔

بَابُ فَضْلِ الْوُضُوْءِ

وضو کی فضیلت

ذِكْرُ حَطِّ الْخَطَايَا وَرَفْعِ الدَّرَجَاتِ بِإِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكَارِهِ

طبیعت آمادہ نہ ہونے کی صورت میں اچھی طرح وضو کرنے سے گناہوں کے مٹ جانے اور درجات بلند ہونے کا تذکرہ

1038 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءُ عَلَى الْمَكَارِهِ. وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، فَذٰلِكُمُ الرباط، فذلكم الرباط، فذلكم الرباط. 1:2

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: مَعْنَاهُ الرِّبَاطُ مِنَ الذُّنُوْبِ، لأن الوضوء يكفر الذنوب.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"کیا میں تمہیں اس چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے اور اس کے ذریعے درجات کو بلند کر دیتا ہے جب طبیعت آمادہ نہ ہو تو اچھی طرح وضو کرنا زیادہ قدموں کے ساتھ چل کر مسجد تک جانا اور ایک نماز کے بعد

1038 - سناده صحيح، على شرط مسلم، وهو في الموطأ 1/176 في الصلاة: باب انتظار الصلاة والمشي إليها، برواية يحيى الليثي ولم يرد فيه من رواية القعنبي طبعة عبد الحفيظ منصور ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/277 و 303، ومسلم 251 في الطهارة: باب فضل إسباغ الوضوء على المكاره، والنسائي 1/89 في الطهارة: باب الفضل في إسباغ الوضوء، وابن خزيمة في صحيحه برقم 5، والبيهقي في السنن 1/82، والبغوي في شرح السنة 149. وأخرجه أحمد 2/235 و 301 و 438، ومسلم 251 في الطهارة، والترمذي 51 و 52 في الطهارة: باب ما جاء في إسباغ الوضوء وقال الترمذي: حسن صحيح، وفي الباب عن جابر في الحديث التالي، وعن أبي سعيد الخدري تقدم برقم 402، وعن علي بن أبي طالب عند البزار 447، والحاكم 1/132 وصححه على شرط مسلم، وعن أنس عند البزار 263. والرباط: في الأصل: ربط الخيل وإعدادها للجهاد، أو مرابط العدو وملازمتهم، فشبه هذه الأعمال بتلك ونزلها منزلتها.

دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی تیاری ہے یہی تیاری یہی تیاری ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب گناہوں سے (بچنے کے لئے) پہرہ ہے' کیونکہ وضو گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرنے میں عبدالرحمٰن بن یعقوب نامی راوی منفرد ہے

1039 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا هَوْبَرُ بْنُ مُعَاذٍ الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ شرحبيل بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا، وَيُكَفِّرُ بِهِ الذُّنُوبَ؟ قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكْرُوْهَاتِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصلاة، فذلك الرباط. 1:2

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے' اور اس کے ذریعے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب طبیعت آمادہ نہ ہو' تو اچھی طرح وضو کرنا زیادہ قدموں کے ساتھ (چل کر) مسجد کی طرف جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی تیاری ہے''۔

ذكر حط الخطايا بالوضوء وخروج المتوضىء نَقِيًّا مِنْ ذُنُوْبِهٖ بَعْدَ فَرَاغِهٖ مِنْ وَضُوْئِهٖ

وضو کی وجہ سے گناہوں کے ختم ہو جانے کا تذکرہ اور وضو کرنے والے شخص کا وضو سے فارغ ہونے کے بعد اپنے گناہوں سے پاک صاف ہو کر نکلنے کا تذکرہ

1040 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ -اَوِ الْمُؤْمِنُ- فَغَسَلَ وَجْهَهُ، خَرَجَتْ مِنْ وَجْهِهٖ كُلُّ خَطِيئَةٍ

نَظَرَ اِلَيْهَا بِعَيْنَيْهِ مَعَ الْمَاءِ، وَمَعَ اٰخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ، اَوْ نَحْوَ هٰذَا، فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتْ مِنْ يَدَيْهِ كُلُّ خَطِيئَةٍ بَطَشَتْهَا يَدَاهُ مَعَ الْمَاءِ، اَوْ مَعَ اٰخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ، حَتّٰى يَخْرُجَ نقيا من الذنوب . 1:2

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب مسلمان بندہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مومن بندہ وضو کرتے ہوئے اپنے چہرے کو دھوتا ہے تو پانی کے ساتھ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانی کے آخری قطرے کے ساتھ یا اس کی مانند کوئی اور الفاظ ہیں۔ اس کے چہرے سے ہر وہ گناہ نکل جاتا ہے جس کے ذریعے وہ اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھتا ہے جب وہ اپنے دونوں بازو دھوتا ہے۔ اس سے ہر وہ گناہ نکل جاتا ہے جس کو اس نے اپنے ہاتھوں کے ذریعے پکڑا تھا۔ پانی کے ساتھ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانی کے آخری قطرے کے ساتھ یہاں تک کہ وہ شخص گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا بَيْنَ الصلاتين للمتوضیء بِوُضُوْئِهِ وَصَلَاتِهِ

وضو کرنے والے شخص کے وضو کرنے اور نماز پڑھنے کی وجہ سے دو نمازوں کے درمیان ہونے والے گناہوں کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت کا تذکرہ

1041 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حمران بن بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُمْرَانَ

1040- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البغوي في شرح السنة 150 من طريق أحمد بن أبي بكر، عن مالك، به، وهو في الموطأ 1/32 في الطهارة: باب جامع الوضوء، ومن طريق مالك أخرجه: أحمد 2/303، ومسلم 244 في الطهارة: باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء، والترمذي 2 في الطهارة: باب ما جاء في فضل الطهور، والدارمي 1/183 في الوضوء: باب فضل الوضوء، وابن خزيمة في صحيحه برقم 4، والبيهقي في السنن 1/81.

1041- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البغوي في شرح السنة 153 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، عن مالك، بهذا الإسناد، وهو في الموطأ 1/51، 52 في الطهارة: باب جامع الوضوء، ومن طريقه أخرجه النسائي 1/91 في الطهارة: باب ثواب من توضأ كما أمر. وأخرجه عبد الرزاق 141 عن ابن جريج، والطيالسي 1/48 عن حماد بن سلمة، وأحمد 1/57 عن يحيى بن سعيد، مسلم 227 في الطهارة: باب فضل الوضوء والصلاة عقبه، من طريق جرير، وابن خزيمة في صحيحه 2، والبغوي في شرح السنة 152، والشافعي كما في بدائع المنن 1/28، ومن طريقه البيهقي في معرفة السنن والآثار 1/225، من طريق سفيان، كلهم عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 160 في الوضوء: باب الوضوء ثلاثاً ثلاثاً، ومسلم 227 61 في الطهارة: باب فضل الوضوء والصلاة عقبه، من طريق إبراهيم بن سعد، عن صالح بن كيسان، عن عروة، به. وأخرجه أحمد 1/64 و 68، والبخاري 6433 في الرقاق: باب قوله تعالى: (يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا) من طريق محمد بن إبراهيم القرشي، عن معاذ بن عبد الرحمن، عن حمران، به. وتقدم برقم 360 من طريق شقيق بن سلمة، عن حمران، به، فانظره. وأخرجه أحمد 1/66 و 67، وأبو داود 107 في الطهارة: باب صفة وضوء النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وابن ماجة 285 من طرق أخرى، عن حمران، به.

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ جَلَسَ عَلَى الْمَقَاعِدِ، فَجَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ، فَآذَنَهُ بِصَلَاةِ الْعَصْرِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ قَالَ: لَاُحَدِّثَنَّكُمْ حَدِيثًا لَوْلَا آيَةٌ فِي كِتَابِ اللّٰهِ لَمَا حَدَّثْتُكُمُوْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول: ما من امْرِءٍ يَتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ يُصَلِّي الصَّلَاةَ، اِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الصَّلَاةِ الأخرى حتى يصليها .

حمران بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ صحن میں بیٹھے تھے مؤذن ان کے پاس اطلاع دینے کے لئے آیا۔ انہوں نے پانی منگوایا وضو کیا پھر یہ بات ارشاد فرمائی میں تم لوگوں کو ایک حدیث بیان کرنے لگا ہوں اگر اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ایک آیت موجود نہ ہوتی' تو میں وہ حدیث بیان نہ کرتا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے سنا ہے:

''جو بھی شخص اچھی طرح وضو کرتا تھا پھر نماز ادا کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے اس نماز اور اس کے بعد والی نماز کے درمیانی گناہوں کی مغفرت کر دیتا ہے' جب تک وہ (اگلی) نماز ادا نہیں کرتا''۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی مراد یہ آیت تھی۔

''تم دن کے دونوں کناروں اور رات کے کچھ حصہ میں نماز قائم کرو۔ بے شک نیکیاں گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں۔ یہ نصیحت حاصل کرنے والوں کے لئے نصیحت ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يغفر ذنوب المتوضيء بَعْدَ فَرَاغِهِ مِنْهُ اِذَا تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلّٰى كَمَا اُمِرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وضو کرنے والے کے وضو سے فارغ ہونے کے بعد

اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی مغفرت اس وقت کرتا ہے' جب وہ اسی طرح وضو کرے جس طرح اسے حکم دیا گیا تھا اور اس طرح نماز ادا کرے جس طرح اسے حکم دیا گیا ہے

1042 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ غَزَوْا غَزْوَةَ السَّلَاسِلِ، فَفَاتَهُمُ الْعَدُوُّ فَرَابَطُوْا ثُمَّ رَجَعُوا اِلٰى مُعَاوِيَةَ وَعِنْدَهُ اَبُو اَيُّوْبَ وَعُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، فَقَالَ عَاصِمٌ: يَا اَبَا اَيُّوْبَ فَاتَنَا الْعَدُوُّ الْعَامَ وَقَدْ، اُخْبِرْنَا اَنَّهُ مَنْ صَلّٰى فِي الْمَسَاجِدِ الْاَرْبَعَةِ غفر له ذنبه . قال: يا بن أخي، اَدُلُّكَ عَلٰى مَا هُوَ اَيْسَرُ مِنْ ذٰلِكَ؟ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ، وَصَلّٰى كَمَا اُمِرَ، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ اَكَذٰلِكَ يَا عُقْبَةُ؟ قَالَ: نَعَمْ .

1042–وأخرجه أحمد 5/423، والنسائي 1/90، 91 في الطهارة: باب ثواب من توضأ كما أمر، وابن ماجة 1396 في الإقامة: باب ما جاء في أن الصلاة كفارة، والدارمي 1/182 في الوضوء: باب فضل الوضوء من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَلْمَسَاجِدُ الْاَرْبَعَةُ: مَسْجِدُ الْحَرَامِ وَمَسْجِدُ الْمَدِينَةِ وَمَسْجِدُ الْاَقْصَى وَمَسْجِدُ قُبَاءٍ.

وَغَزَاةُ السَّلَاسِلِ كَانَتْ فِي اَيَّامِ مُعَاوِيَةَ، وَغَزَاةُ السَّلَاسِلِ كَانَتْ فِي اَيَّامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

عاصم بن سفیان ثقفی بیان کرتے ہیں: لوگوں نے غزوہ سلاسل میں شرکت کی لیکن وہ دشمن پر قابو نہ پاسکے وہ پہرے داری کرتے رہے' پھر جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس واپس آئے' تو اس وقت ان کے پاس حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ عاصم بن سفیان نے کہا: اے حضرت ابوایوب اس سال ہم دشمن پر قابو نہیں پاسکے۔ ہمیں یہ بات بتائی گئی ہے' جو شخص چار مساجد میں نماز ادا کر لیتا ہے اس کے گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جو تمہارے لئے اس سے زیادہ آسان ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اسی طرح وضو کرتا ہے' جس طرح اسے حکم دیا گیا ہے' اور اسی طرح نماز ادا کرتا ہے' جس طرح اسے حکم دیا گیا ہے' تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے''۔

(پھر انہوں نے حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا) اے عقبہ! کیا اسی طرح ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وہ چار مساجد یہ ہیں۔ مسجد حرام، مسجد مدینہ، مسجد اقصیٰ اور مسجد قبا

جنگ سلاسل حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوئی تھی' اور غزوہ سلاسل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ہوا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ اَرَادَ بِهِ مِنَ الصَّلَاةِ اِلَى الصَّلَاةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے'' اس سے مراد ایک نماز سے لے کر دوسری نماز تک (کے درمیانی گناہ ہیں)

1043- (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ

1043- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه الطيالسي 75 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/66 عن هاشم، و 1/69، ومسلم 231 11 في الطهارة: باب فضل الوضوء والصلاة عقبه، وابن ماجة 459 في الطهارة وسننها: باب ما جاء في الوضوء على ما أمر الله تعالى، من طريق محمد بن جعفر، والنسائي 1/91 عن محمد بن عبد الأعلى، عن خالد، والبغوي في شرح السنة 154 من طريق علي بن الجعد، أربعتهم عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/7، ومسلم 231 10 من طريق وكيع، عن مسعر، عن جامع بن شداد أبي صخرة، به.

جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ حُمْرَانَ بْنَ اَبَانَ يُحَدِّثُ اَبَا بُرْدَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ اَتَمَّ الْوُضُوْءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، فَالصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كفارة لما بينهن. 1:2

❀❀ جامع بن شداد بیان کرتے ہیں: انہوں نے حمران کو ابو بردہ کو یہ بات بتاتے ہوئے سنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

''جو شخص اس طرح مکمل وضو کرے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا ہے تو پانچ نمازیں اپنے درمیان میں (ہونے) والے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يغفر ذنوب المتوضىء الَّتِي ذَكَرْنَاهَا اِذَا كَانَ مُجْتَنِبًا لِلْكَبَائِرِ دُوْنَ مَنْ لَمْ يَجْتَنِبْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ وضو کرنے والے کے ان گناہوں کی مغفرت کرتا ہے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جبکہ وہ شخص کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہو یہ حکم اس شخص کے لئے نہیں ہے جو کبیرہ گناہوں سے اجتناب نہیں کرتا

1044 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فَدَعَا بِطَهُوْرٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا مِنِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ تَحْضُرُهُ الصَّلَاةُ الْمَكْتُوْبَةُ فَيُحْسِنُ وُضُوْءَهَا وَرُكُوْعَهَا وَخُشُوْعَهَا اِلَّا كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا قَبْلَهَا مِنَ الذُّنُوْبِ، مَا لَمْ يَاْتِ كَبِيْرَةً، وَذٰلِكَ الدَّهْرَ كُلَّهُ. 1:2

❀❀ اسحاق بن سعید اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ انہوں نے وضو کے لئے پانی منگوایا پھر یہ بات بتائی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس بھی مسلمان کے سامنے فرض نماز کا وقت ہو جاتا ہے اور وہ اچھی طرح وضو کرے اچھی طرح رکوع اچھی طرح خشوع (کے ساتھ) نماز ادا کرے تو یہ نماز اس کے پہلے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے جبکہ اس نے گناہ کبیرہ کا

1044- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 228 في الطهارة: باب فضل الوضوء والصلاة عقبه، عن عبد بن حميد وحجاج بن الشاعر، كلاهما عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد.

ارتکاب نہ کیا ہو اور یہ (فضیلت) ہمیشہ حاصل ہوتی ہے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حِلْيَةَ اَهْلِ الْجَنَّةِ تَبْلُغُهُمْ مَبْلَغَ وُضُوْئِهِمْ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا نَسْاَلُ اللّٰهَ الوصول إِلٰى ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اہل جنت کا زیور وہاں تک ہوگا جہاں تک دنیا میں ان کا وضو ہوتا تھا ہم اللہ تعالیٰ سے وہاں پہنچنے کی دعا کرتے ہیں

1045 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): تَبْلُغُ حِلْيَةُ أهل الجنة مبلغ الوضوء. 1:2

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اہل جنت کے زیور وہاں تک جائیں گے جہاں تک وضو کیا جاتا ہے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اُمَّةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَفُ فِي الْقِيَامَةِ بِالتَّحْجِيلِ بِوُضُوْئِهِمْ كَانَ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت قیامت کے دن دنیا میں کیے جانے والے اپنے وضو کی چمک کی وجہ سے پہچانی جائے گی

1046 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ

1045- حديث صحيح. عبد الغفار بن عبد الله الزبيرى ذكره المؤلف فى الثقات 8/421، وترجمه ابن أبى حاتم فى الجرح والتعديل 6/54، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، وروى عنه اثنان وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 2/371 ومن طريقه أبو عوانة 1/244 عن حسين بن محمد المروزى، ومسلم 250 فى الطهارة: باب تبلغ حلية المؤمن حيث يبلغ الوضوء، والنسائي 1/93 فى الطهارة: باب حلية الوضوء، والبيهقى 1/56- 57، والبغوى فى شرح السنة. 219، من طريق قتيبة بن سعيد،

1046- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى الموطأ 1/28 فى الطهارة: باب جامع الوضوء. ومن طريق مالك أخرجه: مسلم 249 فى الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل فى الوضوء، والنسائى 1/93، 95 فى الطهارة: باب حلية الوضوء وابن خزيمة فى صحيحه 6، والبيهقى فى السنن 1/82- 83، والبغوى فى شرح السنة 151. وأخرجه أحمد 2/300 و 408، ومسلم 249 فى الطهارة، وابن ماجة 4306 فى الزهد: باب ذكر الحوض، وابن خزيمة فى صحيحه 6 من طرق عن العلاء بن عبد الرحمن.

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ الْمَقْبَرَةَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ. وَدِدْتُ اَنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ إِخْوَانَنَا . قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَسْنَا إِخْوَانَكَ؟ قَالَ: بَلْ اَصْحَابِيْ، وَإِخْوَانُنَا الَّذِيْنَ لَمْ يَاْتُوا بَعْدُ، وَاَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ . قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ يَاْتِيْ بَعْدَكَ مِنْ اُمَّتِكَ؟ فقال: أرأيت لو كانت لرجل خيل غير مُحَجَّلَةٌ فِيْ خَيْلٍ دُهْمٍ بُهْمٍ، اَلَا يَعْرِفُ خَيْلَهُ ؟ قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّهُمْ يَاْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِيْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ، وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ ، فَلَيُذَادَنَّ رِجَالٌ عَنْ حَوْضِيْ، كَمَا يُذَادُ الْبَعِيْرُ الضَّالُّ، اُنَادِيْهِمْ: اَلَا هَلُمَّ، اَلَا هَلُمَّ، فَيُقَالُ: إِنَّهُمْ قَدْ بدلوا بعدك. فأقول: فسحقا فسحقا، فسحقا .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَلْاِسْتِثْنَاءُ يَسْتَحِيْلُ فِي الشَّيْءِ الْمَاضِيْ، وَاِنَّمَا يَجُوْزُ الْاِسْتِثْنَاءُ فِي الْمُسْتَقْبَلِ مِنَ الْاَشْيَاءِ

وَحَالُ الْاِنْسَانِ فِي الْاِسْتِثْنَاءِ عَلٰى ضَرْبَيْنِ، اِذَا اسْتَثْنٰى فِيْ اِيْمَانِهِ: فَضَرْبٌ مِنْهُ يُطْلَقُ مُبَاحٌ لَهُ ذٰلِكَ، وَضَرْبٌ اٰخَرُ اِذَا اسْتَثْنٰى فِيْهِ الْاِنْسَانُ، كَفَرَ.

وَاَمَّا الضَّرْبُ الَّذِيْ لَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ، فَهُوَ اَنْ يُقَالَ لِلرَّجُلِ: اَنْتَ مُؤْمِنٌ بِاللّٰهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَالْبَعْثِ وَالْمِيْزَانِ، وَمَا يُشْبِهُ هٰذِهِ الْحَالَةَ؟ فَالْوَاجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يَقُوْلَ: اَنَا مُؤْمِنٌ بِاللّٰهِ حَقًّا، وَمُؤْمِنٌ بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ حَقًّا، فَمَتٰى مَا اسْتَثْنٰى فِيْ هٰذَا، كَفَرَ.

وَالضَّرْبُ الثَّانِيْ: اِذَا سُئِلَ الرَّجُلُ: اِنَّكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْ يُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ، وَهُمْ فِيْهَا خَاشِعُوْنَ، وَعَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ؟ فَيَقُوْلُ: اَرْجُو اَكُوْنَ مِنْهُمْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. اَوْ يُقَالُ لَهُ: اَنْتَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ فَيَسْتَثْنِيْ اَنْ يَكُوْنَ مِنْهُمْ.

وَالْفَائِدَةُ فِي الْخَبَرِ حَيْثُ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَنَّهُ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ بَقِيْعَ الْغَرْقَدِ فِيْ نَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، فِيْهِمْ مُؤْمِنُوْنَ وَمُنَافِقُوْنَ، فَقَالَ: اِنَّا -اِنْ شَاءَ اللّٰهُ- بِكُمْ لَاحِقُوْنَ وَاسْتَثْنٰى الْمُنَافِقِيْنَ اَنَّهُمْ -اِنْ شَاءَ اللّٰهُ- يُسْلِمُوْنَ، فَيَلْحَقُوْنَ بِكُمْ، عَلٰى اَنَّ اللُّغَةَ تُسَوِّغُ اِبَاحَةَ الْاِسْتِثْنَاءِ فِي الشَّيْءِ الْمُسْتَقْبَلِ وَاِنْ لَمْ يَشُكَّ فِيْ كَوْنِهِ، لِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ) (الفتح:27).

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان تشریف لے گئے تو آپ نے یہ دعا پڑھی۔

"تم پر سلام ہو اے اہل ایمان کی بستی کے رہنے والو! بے شک ہم بھی اللہ نے چاہا تو تم سے آپ ملیں گے میری یہ

خواہش ہے میں نے اپنے بھائیوں کو دیکھ لیا ہوتا''۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے ساتھی ہو ہمارے بھائی وہ لوگ ہوں گے جو بعد میں آئیں گے اور میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اپنی اُمت کے بعد میں آنے والے لوگوں کو کیسے پہچانیں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر کسی شخص کا کوئی ایسا سیاہ گھوڑا ہو جس کے ماتھے اور چاروں پاؤں کے پاس سفید نشان ہوں تو وہ مکمل سیاہ گھوڑوں کے درمیان اس کو پہچان نہیں لے گا۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ بھی جب قیامت کے دن آئیں گے تو وضو کی وجہ سے ان کی پیشانیاں چمک رہی ہوں گی اور میں عرض ان پر لوگوں پر پیش رو ہوں گا' اور میرے حوض سے کچھ لوگوں کو پرے کر دیا جائے گا' جس طرح گم شدہ اونٹ کو پرے کیا جاتا ہے۔ میں انہیں پکار کر کہوں گا: آگے آؤ! آگے آؤ! تو یہ کہا جائے گا ان لوگوں نے آپ کے بعد تبدیلی کی تھی' تو میں کہوں گا: پرے ہو جاؤ پرے ہو جاؤ پرے ہو جاؤ۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ماضی کی چیز میں استثنیٰ کرنا ناممکن ہے۔ استثنیٰ صرف ان چیزوں میں ہوسکتا ہے' جو مستقبل سے تعلق رکھتی ہو۔

استثنیٰ کے بارے میں انسان کی حالت دو طرح کی ہوسکتی ہے۔ اس وقت جب وہ اپنے ایمان میں استثنیٰ کرتا ہے ان میں سے ایک قسم وہ ہے' جس کو مطلق طور پر کرنا آدمی کے لئے مباح ہے۔ دوسری قسم وہ ہے اس میں انسان استثنیٰ کرے' تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔

جہاں تک اس قسم کا تعلق ہے' جو جائز نہیں ہے وہ یہ ہے' آدمی سے کہا جائے کہ کیا تم اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں اس کی کتابوں، رسولوں، جنت، جہنم، دوبارہ زندہ ہونے، میزان اور ان جیسی دوسری چیزوں پر ایمان رکھتے ہو' تو آدمی پر لازم ہے' وہ یہ کہے' میں اللہ تعالیٰ کے حق ہونے پر اور ان چیزوں کے حق ہونے پر ایمان رکھتا ہوں۔ جب آدمی ان چیزوں کے بارے میں استثنیٰ کرے گا' تو وہ کافر ہو جائے گا' اور دوسری قسم یہ ہے' جب آدمی سے یہ سوال کیا جائے کہ تم ان مومنوں میں سے ہو جو نماز قائم کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ ان میں خشوع کرتے ہیں' اور وہ لغو چیزوں سے اعراض کرتے ہیں' تو وہ شخص پھر یہ کہے' میں اُمید کرتا ہوں کہ اگر اللہ نے چاہا تو میں ان میں سے ہوں گا۔ یا اس سے یہ کہا جائے کہ کیا تم جنتی ہو' تو جنتی ہونے میں استثنیٰ کر لے۔

یہ فائدہ روایت سے اس طرح ثابت ہوتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے'' بے شک اگر اللہ نے چاہا تو ہم تم سے آملیں گے''۔ یہ اس وقت ہوا تھا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چند صحابہ کے ہمراہ جنت البقیع میں تشریف لائے تھے۔ جس میں مومن اور منافق دونوں لوگ تھے'' بے شک اگر اللہ نے چاہا تو ہم تم سے آملیں گے' یہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے استثنیٰ کر لیا) جبکہ منافقین کے بارے میں آپ نے یہ استثنیٰ کیا کہ اگر اللہ نے چاہا تو وہ مسلمان ہو کر تم لوگوں سے آملیں گے۔ اس کی بنیاد پر یہ بات سامنے آتی ہے' لغت اس بات کو درست قرار دیتی ہے' مستقبل سے تعلق رکھنے والی کسی چیز کے بارے میں استثنیٰ کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ اس کے ہونے کے بارے میں شک نہ ہو۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اگر اللہ نے چاہا تو تم لوگ ضرور بہ ضرور امن کی حالت میں مسجد حرام میں داخل ہو گے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِي الْقِيَامَةِ بِآثَارِ وُضُوْئِهِمْ كَانَ فِي الدُّنْيَا

قیامت کے دن اس اُمت کی صفت کا تذکرہ جو دنیا میں ان کے کئے گئے وضو کے آثار کی وجہ سے ہوگی

1047 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ اُمَّتِكَ؟ قَالَ: غر محجلون بلق من اثار الطهور.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے اپنی اُمت کے جن افراد کو دیکھا نہیں آپ انہیں کیسے پہچانیں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ وضو کے آثار کی وجہ سے چمک دار پیشانیوں والے ہوں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ التَّحْجِيلَ بِالْوُضُوْءِ فِي الْقِيَامَةِ اِنَّمَا هُوَ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ فَقَطُ وَاِنْ كَانَتِ الْاُمَمُ قَبْلَهَا تَتَوَضَّاُ لِصَلَاتِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن وضو کی وجہ سے چمک صرف اس اُمت کے لئے ہو گی اگرچہ اس سے پہلے کی اُمتیں بھی نماز کے لئے وضو کیا کرتی تھیں

1048 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تَرِدُوْنَ غُرًّا مُحَجَّلِيْنَ مِنَ الوضوء سيما أمتي ليس لأحد غيرها.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ وضو کی وجہ سے چمک دار پیشانیاں لے کر آؤ گے یہ میری اُمت کا مخصوص علامتی نشان ہے۔ یہ ان کے علاوہ کسی اور کا نہیں ہوگا''۔

1047– إسناده حسن. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/6 عن يزيد بن هارون، والطيالسي 1/49، وأحمد 1/403 عن عبد الصمد، وأحمد 1/451، 452 عن يزيد، و 453 عن عفان، وابن ماجة 284 في الطهارة: باب ثواب الطهور، من طريق هشام بن عبد الملك، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

1048– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في مصنف ابن أبي شيبة 1/6، ومن طريقه أخرجه ابن ماجة 4282 في الزهد: باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم. وأخرجه مسلم 247 في الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، من طريق مروان الفزاري، ومحمد بن فضيل.

ذكر البيان بأن التحجيل يكون للمتوضيء فِي الْقِيَامَةِ مَبْلَغُ وَضُوْئِهِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن وضو کرنے والے شخص کی چمک وہاں تک ہوگی جہاں تک وہ دنیا میں وضو کیا کرتا تھا

1049- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى اَبَا هُرَيْرَةَ يَتَوَضَّاُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ حَتّٰى كَادَ يَبْلُغَ الْمَنْكِبَيْنِ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ حَتّٰى رَفَعَ اِلَى السَّاقَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّ اُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ مِنْ اَثَرِ الْوُضُوْءِ فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يطيل غرته فليفعل. 1:2

❀❀ نعیم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے وضو کے دوران چہرہ دھویا اور بازوؤں کو کندھوں تک دھویا۔ پھر دونوں پاؤں دھوئے اور انہیں پنڈلیوں تک دھویا پھر یہ بات بیان کی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک قیامت کے دن میری اُمت کے افراد وضو کے نشان کی وجہ سے چمک دار پیشانیوں والے ہوں گے'' تم میں سے جو شخص اپنی چمک میں جتنا اضافہ کرسکتا ہو اسے کرنا چاہیے''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِمَنْ شَهِدَ لِلّٰهِ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَلِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ بعد فراغه من وضوئه

جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے نبی کی رسالت کی گواہی دے اس کے جنت میں داخلے کے لازم ہونے کا تذکرہ

1049- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم 246 35 في الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، عن هارون بن سعيد الأيلي، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/400 عن أبي العلاء الحسن بن سوار، والبخاري 136 في الوضوء: باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء، والبيهقي 1/57 عن يحيى بن بكير، كلاهما عن الليث بن سعد، عن خالد بن يزيد، عن سعيد بن أبي هلال، به. ومن طريق البخاري أخرجه البغوي في شرح السنة 218. وأخرجه أحمد 2/523 من طريق فليح بن سليمان، ومسلم 246 من طريق عمارة بن غزية، كلاهما عن نعيم بن عبد الله المُجْمِر، به. وأخرجه أحمد 2/362 عن معاوية بن عمرو، قال: حدثنا زائدة، عن ليث، عن كعب، عن أبي هريرة.

1050 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خُدَّامَ اَنْفُسِنَا نَتَنَاوَبُ الرِّعْيَةَ - رِعْيَةَ اِبِلِنَا - فَكُنْتُ عَلٰى رِعْيَةِ الْاِبِلِ، فَرُحْتُهَا بِعَشِيٍّ، فَاَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ النَّاسَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يَتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ، يُقْبِلُ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَوَجْهِهٖ، فَقَدْ اَوْجَبَ.

قَالَ: فَقُلْتُ: مَا اَجْوَدَ هٰذِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ: الَّذِیْ قَبْلَهَا اَجْوَدُ.

فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ. قُلْتُ: مَا هُوَ يَا اَبَا حَفْصٍ؟ قَالَ: اِنَّهٗ قَالَ اٰنِفًا، قَبْلَ اَنْ تَجِیْءَ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَقُوْلُ: حِيْنَ يَفْرُغُ مِنْ وَضُوْئِهٖ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اِلَّا فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ لَهٗ، يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ. 1:2

قَالَ: مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ: وَحَدَّثَنِيهِ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِيسَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَبُو عُثْمَانَ هٰذَا يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ حَرِيزَ بْنَ عُثْمَانَ الرَّحَبِیَّ، وَاِنَّمَا اعْتِمَادُنَا عَلٰى هٰذَا الْاِسْنَادِ الْاٰخِيرِ، لِاَنَّ حَرِيزَ بْنَ عُثْمَانَ لَيْسَ بِشَیْءٍ فِی الْحَدِيْثِ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہم اپنے خادم خود ہی تھے۔ اپنے اونٹوں کی دیکھ بھال خود کیا کرتے تھے۔ میں بھی کچھ اونٹوں کو چرا رہا تھا۔ میں شام کے وقت انہیں واپس لایا مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملے آپ لوگ کو خطبہ دے رہے تھے۔ میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''جو بھی شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر اٹھ کر دو رکعات نماز ادا کرتا ہے جس کے دوران وہ اپنے

1050- أخرجه أبو داوٗد 169 في الطهارة: باب ما يقول الرجل إذا توضأ أخرجه أحمد 4/145، 146 من طريق الليث بن سعد عن معاوية بن صالح به، ومن طريق أحمد أخرجه البيهقي 1/78 و 2/280، وأخرجه البيهقي أيضاً 1/78 من طريق عبد الله بن صالح الجهني . وأخرجه أحمد 4/153، ومسلم 234 17 في الطهارة: باب الذكر المستحب عقب الوضوء ، من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي . وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة 3/1، 4، ومن طريقه مسلم 234 ، والبيهقي 1/78، وأخرجه النسائي 1/92 في الطهارة . وأخرجه الترمذي 55 في الطهارة: باب فيما يقال بعد الوضوء من طريق زيد بن الحباب . وأخرجه عبد الرزاق 142 عن إسرائيل، وابن ماجة 470 في الطهارة: باب ما يقال بعد الوضوء من طريق أبي بكر بن عياش . وأخرجه أحمد 1/19، وأبو داوٗد 170 ، والنسائي في عمل اليوم والليلة 84 ، والدارمي 1/182 من طريق عبد الله بن يزيد المقرء، عن حيوة بن شريح، وأحمد 1/150، 151 عن عبد الله بن يزيد المقرء، عن سعيد بن أبي أيوب، كلاهما عن أبي عقيل زهرة بن معبد، عن ابن عمه، عن عقبة بن عامر . وأخرجه الطيالسي 1/49، 50 عن حماد بن سلمة، عن زياد بن مخراق، عن شهر بن حوشب، عن عقبة بن عامر، به.

دماغ اور چہرے، کے ساتھ متوجہ رہتا ہے تو وہ شخص (اپنے لیے جنت کو) واجب کر لیتا ہے"۔

حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کہا یہ کتنی عمدہ بات ہے تو ایک صاحب نے کہا جو بات اس سے پہلے تھی وہ زیادہ عمدہ تھی۔ میں نے دیکھا تو وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے دریافت کیا: اے ابوحفص! وہ کیا بات تھی، تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے آنے سے پہلے یہ بات ارشاد فرمائی تھی:

"جو شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرتا ہے اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ پڑھتا ہے: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں"۔

تو اس شخص کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں وہ ان میں سے جس میں سے چاہے اندر داخل ہو جائے۔

معاویہ بن صالح کہتے ہیں ربیعہ بن یزید نے ابوادریس کے حوالے سے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث مجھے سنائی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعثمان نامی راوی کے بارے میں امکان موجود ہے، یہ حریز بن عثمان رجبی ہو۔ ہمارا اعتماد اس دوسری سند پر ہے، حریز بن عثمان نامی راوی علم حدیث میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

ذِكْرُ اسْتِغْفَارِ الْمَلَكِ لِلْبَائِتِ مُتَطَهِّرًا، عِنْدَ اسْتِيقَاظِهِ

جو شخص باوضو حالت میں رات بسر کرتا ہے اس کے بیدار ہونے تک، فرشتے کے اس کے لئے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ

1051 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ بِعُكْبَرَا، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ أَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ الْحَنَفِيُّ، حدثنا ابن الْمُبَارَكِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ عَطَاءٍ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاتَ طَاهِرًا، بَاتَ فِي

1051 - رجاله رجال الصحيح إلا الحسن بن ذكوان وأخرجه البزار (288) عن وهب بن يحيى بن زمام القيسي، عن ميمون بن زيد، عن الحسن بن ذكوان، بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في الجامع الكبير ص 758، وزاد نسبته إلى الدارقطني والبيهقي، وقال: ورواه الحاكم في تاريخه من حديث ابن عمر. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 11/226 وقال: أرجو أنه حسن الإسناد. قال الحافظ في الفتح 11/109: وأخرج الطبراني في الأوسط من حديث ابن عباس نحوه بسند جيد. ويشهد له أيضاً حديث عمرو بن عبسة عند أحمد 4/113 ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/223 ونسبه إلى أحمد والطبراني في الكبير و الأوسط، وقال: وإسناده حسن والشعار، ككتاب: ما تحت الدثار من اللباس، وهو يلي شعر الجسد.

شِعَارِهِ مَلَكٌ، فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ إِلَّا قَالَ الْمَلَكُ:

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فُلَانٍ، فَإِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا . 1:2

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص باوضو حالت میں رات بسر کرتا ہے' تو اس کے لحاف کے اندر فرشتہ بھی رات بسر کرتا ہے وہ شخص جب بیدار ہوتا ہے' تو فرشتہ یہ کہتا ہے اے اللہ! فلاں بندے کی مغفرت کردے' کیونکہ اس نے باوضو حالت میں رات بسر کی ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَعْقِدُ عَلٰى مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمُسْلِمِ عُقَدًا كَعَقْدِهٖ عَلٰى قَافِيَةِ رَاْسِهٖ عِنْدَ النَّوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شیطان مسلمان کے وضو کے مقامات پر اسی طرح گرہیں لگاتا ہے' جس طرح وہ مسلمان کے سونے کے وقت اس کے سر کی گدی پر گرہ لگاتا ہے

1052 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يحيى، حدثنا بن وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا عُشَّانَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا اَقُوْلُ الْيَوْمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ بَيْتًا مِّنْ جَهَنَّمَ.

وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: رَجُلٌ مِنْ اُمَّتِي يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ يُعَالِجُ نَفْسَهُ اِلَى الطَّهُوْرِ، وَعَلَيْكُمْ عُقَدٌ، فَاِذَا وَضَّاَ يَدَيْهِ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَاِذَا وَضَّاَ وَجْهَهُ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، وَاِذَا مَسَحَ رَاْسَهُ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، وَاِذَا وَضَّاَ رِجْلَيْهِ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلَّذِيْ وَرَاءَ الْحِجَابِ: انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ هٰذَا يُعَالِجُ نَفْسَهُ لِيَسْاَلَنِي، مَا سَاَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا، فَهُوَ لَهُ، مَا سَاَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا، فَهُوَ لَهُ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے آج کوئی ایسی بات بیان نہیں کررہا جو آپ نے ارشاد نہ فرمائی ہو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی بات منسوب کرتا ہے وہ جہنم میں اپنے گھر پہنچنے کے لئے تیار رہے''۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی بتائی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا

1052- إسناده صحيح، أبو عُشّانة: هو حيُّ بن يُؤْمِن روى له أصحاب السنن وهو ثقة، وباقي رجاله على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 4/201 عن هارون بن معروف، عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/159 عن الحسن بن موسى، والطبراني في الكبير 17/305 843 من طريق عبد الله بن الحكم، كلاهما عن ابن لهيعة، عن أبي عشانة، به . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/224 وقال: رواه أحمد، والطبراني في الكبير، وله سندان، رجال أحدهما رجال الصحيح.

ہے:

''میری اُمت کا ایک شخص رات کے وقت کھڑا ہو کر وضو کرنے کے لئے جاتا ہے تم لوگوں پر گرہیں لگی ہوئی ہوتی ہیں' جب وہ شخص اپنے دونوں ہاتھ دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنا چہرہ دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنے پاؤں دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' تو اللہ تعالیٰ حجاب کے دوسرے طرف (موجود) فرماتا ہے: میرے اس بندے کا جائزہ لو! جو مجھ سے مانگنے کے لئے اپنے آپ کو تیار کررہا ہے۔ میرا یہ بندہ مجھ سے جو بھی مانگے وہ اسے مل جائے گا میرا یہ بندہ مجھ سے جو بھی مانگے گا وہ اسے مل جائے گا''۔

بَابُ فَرْضِ الْوُضُوْءِ

باب 2: وضو کے فرائض

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ لِمَنْ اَرَادَ اَدَاءَ فَرْضِهِ

جو فرض کی ادائیگی کا ارادہ کرے اس کے لئے وضو اچھی طرح کرنے کا حکم ہونا

1053 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): صَفْقَتَانِ فِيْ صَفْقَةٍ رِبًا، وَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بإسباغ الوضوء . 1:78

❁❁ عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

ایک سودے میں دو سودے کرنا سود ہے اور اللہ کے رسول نے ہمیں اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا ہے۔

ذكر الأمر بتخليل الأصابع للمتوضىء مَعَ الْقَصْدِ فِيْ اِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

وضو کرنیوالے کو اچھی طرح وضو کرنے کے ارادے کے ہمراہ انگلیوں کا خلال کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1054 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ وَافِدَ بَنِي الْمُنْتَفِقِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ نُصَادِفْهُ فِيْ مَنْزِلِهِ، وَصَادَفْنَا عَائِشَةَ، فَاَمَرَتْ لَنَا بِخَزِيْرَةٍ فَصُنِعَتْ، وَاَتَتْنَا

1053—وأخرجه البزار 1278 عن محمد بن عثمان بن أبي صفوان، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 176 . وأخرج القسم الأول منه عبد الرزاق في المصنف 14636 ، والطبراني 9609 من طريق أبي نعيم، كلاهما عن سفيان الثوري، به. وأخرجه احمد 1/393 من طريق شعبة، عن سماك بن حرب، به، وهذا سند حسن، وأخرجه أيضاً 1/398، والبزار 1277 ؛ طرق عن شريك، عن سماك، به . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 4/84 وقال: رواه البزار، وأحمد، والطبراني في الأوسط، ورجال احمد ثقات وفي الباب عن أبي هريرة، قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيعتين في بيعة، أخرجه الترمذي 1231 في البيوع: باب ما جاء في النهي عن بيعتين في بيعة، والنسائي 7/296 في البيوع، والبغوي في شرح السنة 8/142. وعن ابن عمر أخرجه أحمد 1/72، والبزار 1279 . وعن ابن عمرو أخرجه أحمد 2/174، 175، 205، والبغوي في شرح السنة 8/144 .

بِقِنَاعٍ -وَالْقِنَاعُ الطَّبَقُ فِيهِ التَّمْرُ- فَأَكَلْنَا فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ أَصَبْتُمْ شَيْئًا؟ أَوْ أُمِرَ لَكُمْ بِشَيْءٍ؟ قُلْنَا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ. فَبَيْنَمَا نَحْنُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوسٌ، إِذْ رَفَعَ الرَّاعِي غَنَمَهُ إِلَى الْمُرَاحِ وَمَعَهُ سَخْلَةٌ تَيْعَرُ، فَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا وَلَّدْتَ؟ قَالَ: بَهْمَةٌ. قَالَ: اذْبَحْ مَكَانَهَا شَاةً. ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ: لَا تَحْسِبَنَّ -وَلَمْ يَقُلْ لَا تَحْسَبَنَّ- أَنَّا مِنْ أَجْلِكَ ذَبَحْنَاهَا، إِنَّ لَنَا غَنَمًا مِائَةً لَا تَزِيدُ، فَمَا وَلَدَتْ بَهْمَةً ذَبَحْنَا مَكَانَهَا شَاةً. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ لِي امْرَأَةً فِي لِسَانِهَا شَيْءٌ، قَالَ: فَطَلِّقْهَا إِذًا. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي مِنْهَا وَلَدًا، وَلَهَا صُحْبَةٌ. قَالَ: عِظْهَا، فَإِنْ يَكُ فِيهَا خَيْرٌ، فَسَتَقْبَلُ، وَلَا تَضْرِبْ ظَعِينَتَكَ ضَرْبَكَ أَمَتَكَ. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَخْبِرْنِي عَنِ الْوُضُوءِ، قَالَ: أَسْبِغِ الْوُضُوءَ، وَخَلِّلْ بَيْنَ أَصَابِعِكَ، وَبَالِغْ فِي الِاسْتِنْشَاقِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ صَائِمًا. 3:65

❀❀ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں بنومنتفق کے وفد میں شامل ہو کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے لیکن آپ ہمیں اپنے گھر میں نہیں ملے۔ ہم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئے تھے۔ انہوں نے ہمارے لئے خزیرہ تیار کرنے کا حکم دیا تھا۔ وہ تیار ہو گیا وہ ہمارے پاس ایک تھال میں کھجوریں لے کے آئی۔ ہم انہیں کھا رہے تھے۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا تم نے کوئی چیز کھائی ہے یا میں تمہارے لئے کسی چیز کا حکم دوں۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں! یا رسول اللہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران چرواہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بکریاں لے کر ان کے باڑے کی طرف جا رہا تھا۔ اس کے ساتھ ایک بکری تھی جو آواز نکال رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس نے بچے کو جنم دے دیا ہے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ بچہ پیدا ہوا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بچے کی جگہ ایک بکری کو ذبح کر دو پھر

1054– أخرجه الشافعي في مسنده 1/30، 31، وأبو داوٗد 142 في الطهارة: باب في الاستنثار، والبغوي 213، والبيهقي 7/303 في السنن، وفي المعرفة 1/213– 214 من طرق عن يحيى بن سليم، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه أحمد 4/211، وأبو داوٗد 143، والبيهقي في السنن 1/51– 52 من طريق يحيى بن سعيد القطان، والدارمي 1/179 في الصلاة: باب في تخليل الأصابع، عن أبي عاصم، كلاهما عن ابن جريج، قال: أخبرني إِسْمَاعِيلُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطٍ، عن أبيه، وهذا إسناد صحيح، فقد صرح ابن جريج بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم 80، ومن طريقه الطبراني 19/215 479 عن ابن جريج، عن إسماعيل بن كثير، به. وأخرجه مختصراً ابن أبي شيبة 1/11 و 27، ومن طريقه ابن ماجة 407 في الطهارة وسننها: باب المبالغة في الاستنشاق والاستنثار، و 448 باب تخليل الأصابع، عن يحيى بن سليم، وأبو داوٗد 2366 في الصوم: باب الصائم يصب عليه الماء من العطش، والترمذي 788 في الصوم: باب ما جاء في كراهية مبالغة الاستنشاق للصائم، والنسائي 1/66 في الطهارة: باب المبالغة في الاستنشاق، و 1/79 باب الأمر بتخليل الأصابع، وابن الجارود في المنتقى 80، والبيهقي 1/76، من طرق عن يحيى بن سليم، به، وصححه ابن خزيمة 150 و 168. وأخرجه مختصراً الطيالسي 1/52 عن الحسن بن علي أبي جعفر، عن إسماعيل بن كثير، به. وأخرجه مختصراً أيضاً عبد الرزاق 79، والنسائي 1/66 و 79، والترمذي 38 في الطهارة: باب ما جاء في تخليل الأصابع، والبيهقي 1/50 و 1/264 من طرق عن سفيان.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ یہ نہ سمجھنا ہم تمہاری وجہ سے اسے ذبح کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس ایک سو بکریاں ہیں۔ اس سے زیادہ نہیں ہوتی جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو ہم اس بچے کی جگہ ایک بکری ذبح کر لیتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک بیوی ہے جس کی زبان میں کچھ تیزی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے طلاق دے دو۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا اس سے بچہ بھی ہے اور بڑا پرانا ساتھ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے نصیحت کرو اگر اس میں بھلائی ہوگی تو وہ اسے قبول کر لے گی تاہم تم اپنی بیوی کو اس طرح نہ مارو جس طرح کنیز کو مارا جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے وضو کے بارے میں بتائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اچھی طرح وضو کرو انگلیوں کے درمیان خلال کرو۔ ناک میں اچھی طرح پانی ڈالو البتہ اگر تم روزے کی حالت میں (ہو تو اس کا حکم مختلف) ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا گیا ہے

1055 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ اَبِيْ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): رَجَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ، تَعَجَّلَ قَوْمٌ عِنْدَ الْعَصْرِ، فَتَوَضَّؤُوا وَهُمْ عِجَالٌ. قَالَ: فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِمْ، وَاَعْقَابُهُمْ تَلُوحُ، لَمْ يَمَسَّهَا الْمَاءُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): وَيْلٌ لِلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ، اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ. 1:78

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ سے مدینہ منورہ کی طرف واپس آ رہے تھے۔ راستے میں کسی جگہ کچھ لوگ عصر کی نماز کے وقت تیزی سے آگے بڑھے۔ انہوں نے جلد بازی میں

1055–أخرجه مسلم 241 أيضاً، والبيهقي في السنن 1/69، عن إسحاق بن راهويه، عن جرير بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 161 .وأخرجه ابن أبي شيبة 1/26، ومن طريقه مسلم 241 ، وابن ماجة 450 في الطهارة: باب غسل العراقيب، عن وكيع، وأحمد 2/193، عن وكيع وعبد الرحمٰن بن مهدي، وأبو داؤد 97 في الطهارة: باب في إسباغ الوضوء ، عن مسدد، عن يحيى، والنسائي 1/77 في الطهارة: باب إيجاب غسل الرجلين، عن محمود بن غيلان، عن وكيع، وعن عمرو بن علي، عن عبد الرحمٰن، والطبري 6/133 عن ابن بشار . عن عبد الرحمٰن، و 6/134 عن أبي كريب، عن وكيع، البيهقي 1/69 من طريق عبد الرحمٰن، كلاهما وكيع وعبد الرحمٰن عن سفيان الثوري، عن منصور، به.وأخرجه الطيالسي 3/51، وأحمد 2/201، والطبري 6/133، والطحاوي 1/39، من طريق شعبة، والدارمي 1/179 في الصلاة: باب ويل للأعقاب من النار، من طريق جعفر بن الحارث، والطحاوي 1/38 من طريق زائدة، كلهم عن منصور، به .وأخرجه أحمد 2/205، والطبري 6/134 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، عن أبي بشر، عن رجل من أهل مكة، عن عبد الله بن عمرو.

وضو شروع کیا۔ حضرت عبداللہ بیان کرتے ہیں: جب ہم ان لوگوں کے پاس پہنچے تو ان کی (ایڑیاں) خشک تھیں۔ چمک رہی تھیں وہاں پانی نہیں لگا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان ایڑیوں کے لئے جہنم کی بربادی ہے تم لوگ اچھی طرح وضو کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْفَرضِ عَلَى الْمُتَوَضیء فِيْ وَضُوْئِهِ الْمَسْحُ عَلَى الرِجْلَيْنِ دُونَ الْغُسْلِ

بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ وَإِسْرَائِيلُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ فَقَالَ: تَوَضَّأْ إِنْ شِئْتَ . وَسُئِلَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ فَقَالَ: صَلِّ إِنْ شِئْتَ . وَسُئِلَ عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ فَقَالَ: تَوَضَّأْ . وَسُئِلَ عَنِ الصَّلَاةِ فی مبات الإبل فقال: لا تصل . 1:100

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم دریافت کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو' تو وضو کر لو آپ سے بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں پوچھا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو' تو (وہاں) نماز ادا کر لو۔ آپ سے اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم وضو کرو آپ سے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اس (جگہ) پر نماز ادا نہ کرو۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ شُرْبِ الْأَلْبَانِ كلها

ہر قسم کا دودھ پینے کے بعد وضو کو نہ کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

1158 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابن وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا، ثُمَّ دَعَا بإناء فمضمض وقال: إن له دسما . 4:1

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر آپ نے برتن منگوایا اور کلی کی آپ نے ارشاد فرمایا: اس (دودھ) میں چکناہٹ ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ شُرْبَ اللَّبَنِ لَا يُوجِبُ عَلَى شَارِبِهِ وُضُوْءًا

1158– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 358 في الحيض: باب نسخ الوضوء مما مست النار، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضاً 358 عن أحمد بن عيسى، والبيهقي في السنن 1/160 من طريق بحر بن نصر، كلاهما عن ابن وهب، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/57، وأحمد 1/223 و 227 و 329، والبخاري 5609 في الأشربة: باب شرب اللبن، ومسلم 358، وابن ماجة 498 في الطهارة وسننها: باب المضمضة من شرب اللبن، وابن خزيمة في صحيحه 47، والبيهقي في السنن 1/160، والبغوي في شرح السنة 170 من طريق عن الأوزاعي، عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/373 عن عثمان بن عمر، عن يونس، عن الزهري، به. وسيورده المؤلف بعده 1159 من طريق عقيل، عن الزهري، به، ويخرج عنده. فانظره. وأخرجه عبد الرزاق 673 عن معمر، وابن أبي شيبة 1/57 عن سفيان بن عيينة، عن عبد الله بن أبي بكر، كلاهما عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، مرسلاً.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دودھ کو پینا' پینے والے شخص پر وضو کو لازم نہیں کرتا

1159 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا، فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ وَقَالَ: اِنَّ لَهُ دسما .5:8

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر آپ نے پانی منگوایا اور کلی کی اور ارشاد فرمایا: ''اس میں چکناہٹ ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ اَكْلِ الْفَوَاكِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' پھل کھانے کے بعد وضو کو ترک کرنا مباح ہے

1160 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ خَالُ النُّفَيْلِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ كَانُوا يَاْكُلُوْنَ تَمْرًا عَلٰى تُرْسٍ، فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: سلم، فَتَقَدَّمَ فَاَكَلَ مَعَنَا مِنَ التَّمْرِ، وَلَمْ يَمَسَّ ماء .4:1

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ ایک ڈھال پر کھجوریں رکھ کر کھا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے ہم نے عرض کی: آپ آگے تشریف لے آئیں آپ آگے تشریف لائے آپ نے ہمارے ہمراہ کھجوریں کھائیں اور آپ نے پانی کو نہیں چھوا (یعنی از سر نو وضو نہیں کیا)

1159- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه البخاري 211 في الوضوء: باب هل يمضمض من اللبن، ومسلم 358 95 في الحيض: باب نسخ الوضوء مما مست النار، وأبو داؤد 196 في الطهارة: باب في الوضوء من اللبن، والترمذي 89 في الطهارة: باب المضمضة من اللبن، والنسائي 1/109 في الطهارة: باب المضمضة من اللبن، كلهم عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/337 عن الليث بن سعد، به. وتقدم قبله برقم 1158 من طريق عمرو بن الحارث، عن الزهري، به، وسبق تخريجه هناك.

1160- حديث صحيح، سعيد بن حفص هو ابن عمرو بن نفيل النفيلي، أبو عمرو الحراني، ذكره المؤلف في الثقات 8/269- 270، ووثقه مسلمة بن قاسم، ونقل الحافظ في التهذيب عن أبي عروبة الحراني أنه كان قد كبر، ولزم البيت، وتغير في آخر عمره. وقد توبع عليه، وباقي رجاله على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داؤد 3762 في الأطعمة: باب في طعام الفجاءة، من طريق أحمد بن سعد بن أبي مريم، حدثنا عمي سعيد بن الحكم، حدثنا الليث بن سعد، أخبرني خالد بن يزيد، عن أبي الزبير، عن جابر، وهذا سند رجاله ثقات.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْوُضُوْءِ مِنْ حَمْلِ الْمَيِّتِ

میت کو اٹھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1161 – (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ وَاَبُو يَعْلَى، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا،فليغتسل، ومن حمله فليتوضأ . 1:55

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا حَائِلٌ . وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّهُ الْوُضُوْءُ الَّذِيْ لَا تَجُوزُ الصَّلَاةُ اِلَّا بِهٖ دُوْنَ غَسْلِ الْيَدَيْنِ تَقْرِيْنُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوُضُوْءَ بالاغتسال في شيئين متجانسين.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص میت کو غسل دیتا ہے اسے غسل کرنا چاہئے اور جو شخص میت کو اٹھاتا ہے اسے وضو کرنا چاہئے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات پوشیدہ ہے' جب ان دونوں کے درمیان کوئی رکاوٹ موجود نہ ہو۔ اس بات کی دلیل کہ اس سے مراد وہ وضو ہے' جس کے بغیر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ (اس کی دلیل یہ ہے) کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہم جنس چیزوں میں غسل کے ہمراہ وضو کو ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اقْتِصَارِ الْمَرْءِ عَلٰى مَسْحِ الْيَدِ بِشَيْءٍ مَعَهُ مِنَ الْغَمَرِ دُوْنَ غَسْلِ الْيَدَيْنِ مِنْهُ عِنْدَ الْقِيَامِ اِلَى الصَّلَاةِ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب آدمی کے ہاتھ پر (گوشت کی) بو ہو

تو وہ کسی چیز کے ذریعے ہاتھ پونچھنے پر اکتفاء کر لے اور دونوں ہاتھوں کو دھوئے نہیں' اس وقت جب وہ نماز کے لئے اٹھے

1161– إسناده صحيح، وأخرجه الترمذي 993 في الجنائز: باب ما جاء في الغسل من غسل الميت، وابن ماجة 1463 في الجنائز: باب ما جاء في غسل الميت، والبيهقي في السنن 1/301، من طريق محمد بن عبد الملك بن أبي الشوارب، عن عبد العزيز بن المختار، عن سهيل، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقي 1/300 من طريق القعقاع بن حكيم، عن أبي صالح، به. وأخرجه الطيالسي 2314، وابن أبي شيبة 3/269، وأحمد 2/433، و 454 و 472، والبغوي 339 من طرق عن ابن أبي ذئب . وأخرجه أبو داؤد 3162 في الجنائز، وابن حزم 1/250، والبيهقي 1/301 من طريق سفيان بن عيينة، عن سهيل، عن أبيه، عن إسحاق مولى زائدة، عن أبي هريرة، وإسحاق مولى زائدة ثقة. وأخرجه عبد الرزاق 6110 ومن طريقه أحمد 2/280 عن معمر، عن يحيى ابن أبي كثير.

1162 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَكَلَ النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَتِفًا، ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ بِمِسْحٍ كَانَ تَحْتَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى 4:19.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شانے کا گوشت تناول کیا پھر آپ نے اپنے ہاتھ کو نیچے موجود بچھونے سے پونچھ لیا پھر آپ نے اٹھ کر نماز ادا کی۔

ذكر البيان بأن مسح المرء اللحم النيء لَا يُوجِبُ عَلَيْهِ وُضُوْءًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا بودار گوشت پر ہاتھ پھیرنا وضو کولازم نہیں کرتا

1163 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّ بِغُلَامٍ يَسْلُخُ شَاةً، فَقَالَ لَهُ: تَنَحَّ حَتّٰى اُرِيَكَ، فَاِنِّيْ لَا اَرَاكَ تُحْسِنُ تَسْلُخُ. قَالَ: فَاَدْخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَدَهُ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ، فَدَحَسَ بِهَا حَتّٰى تَوَارَتْ اِلَى الْاِبْطِ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰكَذَا يَا غُلَامُ فَاسْلُخْ ثُمَّ انْطَلَقَ فَصَلّٰى، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ، وَلَمْ يَمَسَّ ماء. 5:8.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک لڑکے کے پاس سے گزرے جو بکری کی کھال اتار رہا تھا۔ آپ نے اس سے فرمایا تم ایک طرف ہٹو میں تمہیں دکھاتا ہوں' کیونکہ میں نے یہ بات نوٹ کی ہے' تم اچھی طرح سے کھال نہیں اتار رہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس کی کھال اور گوشت کے درمیان رکھ لیا۔ آپ اسے اندر لے گئے یہاں تک کہ بغل تک وہ اس میں چھپ گیا پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے لڑکے تم اس طرح کھال اتارو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے۔ آپ نے نماز ادا کی اور آپ نے از سر نو وضو نہیں کیا اور پانی کو چھوا نہیں۔

1162– سماك– وهو ابن حرب– صدوق إلا أن في روايته عن عكرمة اضطراباً، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/47، ومن طريقه أخرجه ابن ماجة 488 في الطهارة وسننها: باب الرخصة في ذلك، وأخرجه أبو داوُد 189 في الطهارة: باب في ترك الوضوء مما مست النار، عن مسدد، كلاهما عن أبي الأحوص، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/267 من طريق زهير، والطبراني 11738 من طريق شريك، كلاهما عن سماك، به. والمِسْح بكسر الميم، ثوب من الشعر غليظ . ومر من رواية عكرمة برقم 1129، وتقدم تخريجه هناك.

1163– إسناده قوي، هلال بن ميمون الجهني ليس بالقوي، يكتب حديثه، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أبو داوُد 185 في الطهارة: باب الوضوء من مس اللحم النِّيء وغسله، عن عمرو بن عثمان، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن ماجة 3179 في الذبائح: باب السلخ، من طريق أبي كريب محمد بن العلاء .

بَابُ الْغُسْلِ

باب5: غسل کا بیان

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغُسْلَ يَجِبُ مِنَ الْاِنْزَالِ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْتِقَاءُ الْخِتَانَيْنِ مَوْجُوْدًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ غسل انزال کے نتیجے میں واجب ہو جاتا ہے

اگرچہ شرم گاہوں کا ملنا موجود نہ ہو

1164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرَى فِيْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ؟ قَالَ: إذا أنزلت المرأة، فلتغتسل .3:57

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو خواب میں وہی چیز دیکھتی ہے جو مرد دیکھتا ہے (یعنی اس خاتون کو احتلام ہو جاتا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب عورت کو انزال ہو جائے تو اسے غسل کرنا چاہئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اُمِّ سُلَيْمٍ: الْمَرْاَةُ تَرَى فِيْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، اَرَادَتْ بِهِ الْاِحْتِلَامَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ ”عورت بھی خواب میں وہی چیز دیکھتی ہے جو مرد دیکھتا ہے“ اس سے ان کی مراد احتلام تھا

1164- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي 1/112 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/121، ومسلم 311 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، والبيهقي في السنن 1/169 من طرق عن يزيد بن زريع. وأخرجه من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، به: ابنُ أبي شيبة في المصنف 1/80 في الطهارات، باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وأحمد في المسند 3/121، وابن ماجة في الطهارة 601 باب: في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل.

1165 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ امْرَاَةُ اَبِي طَلْحَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ غُسْلٌ اِذَا هِيَ احْتَلَمَتْ؟ قال: نعم، إذا رأت الماء

3:57.

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی صاحب زادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا (اپنی والدہ) سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں: ابوطلحہ کی اہلیہ ام سلیم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا اگر عورت کو احتلام ہو جائے، تو کیا اس پر غسل لازم ہوگا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جبکہ وہ پانی (یعنی منی) کو دیکھے (یعنی جب اس کی منی خارج ہوئی ہو)

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ عَلَى الْمُحْتَلِمِ مِنَ النِّسَاءِ

خواتین میں سے جسے احتلام ہو جائے اس پر غسل واجب ہونے کا تذکرہ

1166– (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وهب، قال: أخبرنا يونس، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ زَوْجِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ الْاَنْصَارِيَّةَ، وَهِيَ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا رَاَتِ الْمَاءَ فِي النَّوْمِ مَا يَرَى الرَّجُلُ، اَتَغْتَسِلُ اَمْ لَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَغْتَسِلُ، فَقَالَتْ زَوْجُ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَقْبَلْتُ عَلَيْهَا فَقُلْتُ: اُفٍّ

1165– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في الموطأ 1/51 في الطهارة: باب غسل المرأة إذا رأت في المنام مثل ما يرى الرجل، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في المسند 1/36، والبخاري 282 في الغسل: باب إذا احتلمت المرأة، و 6121 في الأدب: باب ما يستحيا من الحق للتفقه في الدين، والبيهقي في السنن 1/167– 168، وفي المعرفة 9/411، والبغوي في شرح السنة 244 ، وابن خزيمة في صحيحه 235. وأخرجه من طرق عن هشام بن عروة به: عبد الرزاق في المصنف برقم 1049 ، والحميدي في المسند برقم 298 ، وابن أبي شيبة في المصنف 1/80 باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وأحمد في المسند 2/292 و 6/382 و 306، والبخاري 130 في العلم: باب الحياء في العلم، و 3328 في أحاديث الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، و 6091 في الأدب: باب التبسم والضحك، ومسلم 313 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، والترمذي 122 في الطهارة: باب ما جاء في المرأة ترى في المنام مثل ما يرى الرجل، والنسائي 1/114 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وابن ماجة 650 في الطهارة: باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والبيهقي في السنن 1/168، وابن الجارود برقم 88 في الجنابة والتطهر لها، والبغوي في شرح السنة برقم 245 . وصححه ابن خزيمة برقم 235 باب ذكر إيجاب الغسل على المرأة في الاحتلام إذا أنزلت الماء .

لَكِ، وَهَلْ تَرَى ذٰلِكَ الْمَرْاَةُ؟ قَالَتْ: فَاَقْبَلَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: تربت يمينك فمن أين يكون الشبه؟ . 1:65

عروہ بن زبیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں سیدہ ام سلیم انصاریہ رضی اللہ عنہا جو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ ہے رحمۃ اللہ علیہ۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا ہے۔ کیا کسی عورت پر ایسی صورت میں غسل لازم ہوگا وہ نیند کے دوران پانی دیکھ لیتی ہے جس طرح مرد دیکھتا ہے۔ (اس عورت کو احتلام ہوجاتا ہے) تو کیا وہ غسل کرے گی یا نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ غسل کرے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ بیان کرتی ہیں۔ میں اس عورت کی طرف متوجہ ہوئی میں نے کہا تم پر افسوس ہے۔ کیا کوئی عورت بھی اس طرح کا خواب دیکھتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ بیان کرتی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس زوجہ محترمہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں پھر (بچے کی ماں) کے ساتھ مشابہت کس وجہ سے ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِغْتِسَالَ اِنَّمَا يَجِبُ عَلَى الْمُحْتَلِمَةِ عِنْدَ الْاِنْزَالِ دُوْنَ الْاِحْتِلَامِ الَّذِىْ لَا يُوجَدُ مَعَهُ الْبَلَلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ احتلام کا شکار ہونے والی عورت پر انزال کی صورت میں غسل کرنا واجب ہوگا اس سے مراد وہ احتلام نہیں ہے جس کے ہمراہ تری نہیں پائی جاتی (یعنی انزال نہیں ہوتا)

1167 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ امْرَاَةُ اَبِىْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا هِيَ احْتَلَمَتْ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِذَا رَاَتِ

1166 - إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 314 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، وأبو داؤد 237 في الطهارة: باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والنسائي 1/112 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والدارمي 1/195 في الوضوء: باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والبيهقي في السنن 1/168، وفي معرفة السنن والآثار 1/420، من طرق، عن الزهري، بهذا الإسناد . ولكنهم عينوا زوج النبي بأنها عائشة . وقد تابع الزهري في تعيين زوج النبي أنها عائشة، مسافع بن عبد الله، في الرواية التي أخرجها أحمد 6/92، ومسلم 314 33 والبيهقي 1/168 من طريق مصعب بن شيبة، عن مسافع بن عبد الله، عن عروة بن الزبير، عن عائشة.

1167 - إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر الحديث 1165 ، وهو في شرح السنة 245 من طريق أحمد بن أبي بكر، به.

الماء . 3:65

سیدہ امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی صاحب زادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اپنی والدہ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں: سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہیں۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا اگر عورت کو احتلام ہو جائے تو کیا اس پر غسل لازم ہوگا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جب کہ وہ پانی دیکھے (یعنی اس کی منی خارج ہوئی ہو)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِسْقَاطِ الْاِغْتِسَالِ عَنِ المحتلم الذى لا يجد بللا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے احتلام کا شکار ہونے والا جو شخص تری کو نہیں پاتا اس پر غسل لازم نہیں ہوتا

1168 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ بن شِهَابٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: الماء من الماء . 3:57

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانی (یعنی منی کے خروج کی وجہ سے پانی (یعنی غسل) لازم ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفَرْضَ فِىْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ كَانَ عِنْدَ الْاِكْسَالِ غَسْلَ مَا مَسَّ الْمَرْاَةَ مِنْهُ ثُمَّ الْوُضُوْءَ لِلصَّلَاةِ دُوْنَ الْاِغْتِسَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ابتداءِ اسلام میں یہ حکم تھا کہ صحبت کرنے کے نتیجے میں (اگر انزال

1168– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فى صحيحه 343 81 فى الحيض: باب إنما الماء من الماء، عن هارون بن سعيد الأيلى، وأبو داؤد 217 فى الطهارة: باب فى الإكسال، ومن طريقه البيهقى فى السنن 1/167، باب وجوب الغسل بخروج المنى، عن أحمد بن صالح، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/54 عن أحمد بن عبد الرحمٰن، كلهم عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/29 عن يحيى بن كيلان، عن رشدين، عن عمرو بن الحارث، به. وأخرجه أحمد 3/36، ومسلم 343، وابن خزيمة فى صحيحه 2 من طريق شريك بن أبى نمر، عن عبد الرحمٰن بن أبى سعيد الخدرى، عن أبيه. وأخرجه ابن خزيمة أيضاً برقم 233 من طريق سعيد بن عبد الرحمٰن بن أبى سعيد الخدرى، عن أبيه، عن جده. وسيورده المؤلف برقم 1171 من طريق أبى صالح، عن أبى سعيد الخدرى بنحوه. وفى الباب عن أبى أيوب عند أحمد 5/416 و 421، والنسائى 1/115، والدارمى 1/194، والطحاوى 1/54.

نہیں ہوتا) تو عورت (کی شرم گاہ کی جو) رطوبت لگی ہوئی ہو اسے دھولیا جائے اور پھر نماز کے وضو کی طرح کا وضو کرلیا جائے، غسل کرنا (ضروری نہیں تھا)

1169 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُو اَيُّوْبَ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَاْتِي الْمَرْاَةَ فَلا يُنْزِلُ؟ قَالَ: يَغْسِلُ مَا مَسَّ الْمَرْاَةَ منه ويتوضأ ويصلي . 3:57

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے وہ کہتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک شخص اپنی بیوی کے پاس آتا ہے (یعنی اس کے ساتھ صحبت کرتا ہے) اور اس شخص کو انزال نہیں ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کی جو رطوبت اسے لگی ہے وہ اسے دھو لے اور وضو کر کے نماز ادا کر لے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ عَلَى مَنْ اَكْسَلَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ سِوَى الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ ابتداءِ اسلام میں جو شخص صحبت کرتا تھا اس پر غسل جنابت کی بجائے کیا لازم ہوتا تھا

1170 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ: اَرَاَيْتَ اَحَدَنَا اِذَا جَامَعَ الْمَرْاَةَ فَاَكْسَلَ وَلَمْ يُمْنِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ليغسل ذكره وأنثييه، وليتوضأ ثم ليصل . 4:32

1169- إسناده صحيح، على شرطهما، وأخرجه أحمد 5/113، والبخاري 293 في الغسل: باب غسل ما يصيب من فرج المرأة، والبيهقي في السنن 1/164 من طريق مسدد، كلاهما أحمد ومسدد عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه من طرق عن هشام بن عروة، به: الشافعي 1/35، وعبد الرزاق في المصنف برقم 957 و 958، وابن أبي شيبة 1/90، وأحمد في المسند 5/113، 114، ومسلم. 346 84 و 85 في الحيض: باب إنما الماء من الماء، وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند 5/114، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/54، والبيهقي في المعرفة 1/408، والحازمي في الاعتبار ص.29 وفي الباب عن عثمان بن عفان وأبي سعيد الخدري رضي الله عنهما، سيورد المؤلف روايتهما بعد هذه الرواية.

1170- محمد بن عبد ربه، ذكره المؤلف في الثقات 9/107، وقال: يخطىء ويخالف، وقد تابعه عليه نعيم بن حماد عند الطحاوي 1/54، وباقي رجاله ثقات، وانظر الحديث الذي قبله.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اس مسئلے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتا ہے اور اسے انزال نہیں ہوتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے چاہئے کہ اپنی شرم گاہ کو اپنے خصیوں کو دھولے اور وضو کر کے نماز ادا کر لے۔

1171 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِیْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمًا حَتّٰى مَرَّ بِدَارِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ فُلَانٌ؟ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ الرَّجُلُ مُسْتَعْجِلًا، يَقْطُرُ رَاْسُهُ مَاءً، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّنَا اَعْجَلْنَاكَ عَنْ حَاجَتِكَ ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَجَلْ، وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ اُعْجِلْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَجِلَ اَحَدُكُمْ، اَوْ اُقْحِطَ، فَلَا غُسْلَ عَلَيْهِ، اِنَّمَا عليه أن يتوضأ. 3:57

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جا رہے تھے آپ کا گزر ایک انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں شخص کہاں ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بلوایا وہ شخص جلدی سے اندر باہر آیا اس کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شاید ہم نے تمہاری ضرورت کے حوالے سے تمہیں جلدی کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اس شخص نے عرض کی: جی ہاں اللہ کی قسم! یا رسول اللہ مجھے جلدی کرنی پڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی کو جلدی سے کوئی کام کرنا ہو یا اسے (وقت کی) تنگی ہو تو اس پر غسل لازم نہیں ہوتا۔ اس پر وضو کرنا لازم ہوتا ہے۔

1172 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى الْبِسْطَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، قَالَ:

1172- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح خلا محمد بن وهب بن أبي كريمة، وهو صدوق . وأخرجه من طريق شعبة، عن الحكم بن عتيبة، به: الطيالسي 1/59، وابن أبي شيبة 1/89، وأحمد 3/21، والبخاري 180 في الوضوء : باب من لم ير الوضوء إلا من المخرجين من القبل والدبر، ومسلم 345 83 في الحيض: باب إنما الماء من الماء ، وابن ماجة 606 في الطهارة: باب الماء من الماء ، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/54، والبيهقي في السنن 1/165، والحازمي في الاعتبار ص .29 وأخرجه عبد الرزاق 963 عن الثوري، عن الأعمش، عن أبي صالح، به . وقد سمى مسلمٌ هذا الرجل عِتْبان من طريق أخرى عن أبي سعيد الخدري في صحيحه 343 80 وتقدم مختصراً برقم 1168 . إسناده صحيح على شرطهما، وهو في، صحيح، ابن خزيمة برقم 224 ومن طريقه أخرجه البيهقي في السنن .1/164 وأورده المؤلف برقم 127 عن عمر بن محمد الهمداني، عن محمد بن المثنى، عن عبد الصمد بن عبد الوارث، بهذا الإسناد. وتقدم تخريجه هناك.وهذا الحديث منسوخ بالأحاديث التالية. وانظر الفتح .1/397

حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ حَدَّثَهُ، (متنِ حدیث): اَنَّـهُ سَاَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ، فَلا يُنْزِلُ، فَقَالَ لَيْسَ عَلَيْهِ غُسْلٌ . ثُمَّ قَالَ عُثْـمَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَسَاَلْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَّالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَاُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقَالُوْا: مثل ذلك.

قَـالَ اَبُـو سَلَمَةَ: وَحَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اَيُّوْبَ فَقَالَ: مِثْلَ ذٰلِكَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. 4:32

حضرت زید بن خالد بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو صحبت کرتا ہے اور اسے انزال نہیں ہوتا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بتایا ایسے شخص پر غسل لازم نہیں ہوتا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی۔ میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زبانی سنی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں' میں نے حضرت علی بن ابوطالب' حضرت زبیر بن عوام' حضرت طلحہ بن عبیداللہ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے دریافت کیا' تو ان حضرات نے بھی اسی کی مانند جواب دیا:

ابوسلمہ نامی راوی بیان کرتے ہیں۔ عروہ بن زبیر نے یہ بات بتائی ہے' انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند بات بیان کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ يَعْنِيْ خَبَرَ عُثْمَانَ مَنْسُوْخٌ بَعْدَ اَنْ كَانَ مُبَاحًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ روایت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت منسوخ ہے حالانکہ پہلے یہ عمل مباح تھا

1173 - (سندِ حدیث): اَخْبَـرَنَـا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ:

1173- إسناده صحيح على شرط الشيخين، عبد الله هو ابن المبارك، وأخرجه أحمد 5/115 عن على بن إسحاق، و 116 عن خلف بن الوليد، والترمذى 110 فى الطهارة: باب ما جاء أن الماء من الماء، وابن خزيمة فى صحيحه 225 عن أحمد بن منيع، والبيهقى فى السنن 1/165 من طريق الحسن بن عرفة، والحازمى فى الاعتبار ص 32 من طريق الترمذى، أربعتهم عن عبد الله بن المبارك، به.قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وقال الحافظ فى الفتح 1/397: إسناده صالح لأن يحتج به. وأخرجه الشافعى 1/35، 36 عن الثقة، وأحمد 5/115، وابن ماجة 609، وابن الجارود 91، وابن خزيمة 225 من طريق عثمان بن عمر، والبيهقى فى المعرفة 1/411، والحازمى فى الاعتبار ص 32 من طريق الشافعى، كلاهما عن يونس بن يزيد، به وأخرجه أحمد 5/116، والترمذى 111، وابن خزيمة 225 من طريق عبد الله بن المبارك، عن معمر، عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 5/116 عن محمد بن بكر، عن ابن جريج، وعن أبى اليمان، عن شعيب بن أبى حمزة، والدارمى 1/194، والطحاوى 1/57 .

(متن حدیث): اِنَّمَا كَانَ الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ رُخْصَةً فِيْ أول الإسلام، ثم نهى عنها. 3:57

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ مِنْ حَدِيثِ غُنْدَرٍ فَقَالَ: اَخْبَرَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَرَوَاهُ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْ اَرْضَى عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ. وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ الزُّهْرِيُّ سَمِعَ الْخَبَرَ مِنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ كَمَا قَالَهُ غُنْدَرٌ، وَسَمِعَهُ عَنْ بَعْضِ مَنْ يَرْضَاهُ، عَنْهُ فَرَوَاهُ مَرَّةً عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَاُخْرَى عَنِ الَّذِيْ رَضِيَهُ عَنْهُ.

وَقَدْ تَتَبَّعْتُ طُرُقَ هٰذَا الْخَبَرِ عَلٰى اَنْ اَجِدَ اَحَدًا رَوَاهُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا اِلَّا اَبَا حَازِمٍ، وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ الرَّجُلُ الَّذِيْ قَالَ الزُّهْرِيُّ: حَدَّثَنِيْ مَنْ اَرْضَى، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ هُوَ اَبُو حَازِمٍ رَوَاهُ عَنْهُ.

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پانی کے نتیجہ میں پانی (یعنی منی کے خروج کی صورت میں غسل لازم ہونے کا حکم) ابتداءِ اسلام میں رخصت تھی' پھر اس سے منع کر دیا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت معمر نے زہری کے حوالے سے نقل کی ہے' جسے غندر نے نقل کیا ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی ہے۔

یہی روایت عمرو بن خالد نے زہری کے حوالے سے نقل کی ہے۔ اس میں وہ یہ کہتے ہیں۔ مجھے اس شخص نے وہ حدیث بیان کی ہے' جس سے میں راضی ہوں اور اس نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

تو اس بات کا امکان موجود ہے' زہری نے یہ روایت حضرت سہل بن سعد سے خود سنی ہو جیسا کہ غندر نے یہ بات بیان کی ہے' اور زہری نے یہ روایت کسی ایسے شخص سے سنی ہو' جس سے وہ راضی تھے اور اس شخص کے حوالے سے حضرت سہل بن سعد سے سنی ہو۔ تو ایک مرتبہ انہوں نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے اسے نقل کر دی ہو اور دوسری مرتبہ اس شخص کے حوالے سے حضرت سہل بن سعد سے نقل کیا جس سے وہ راضی تھے۔

میں نے اس روایت کے طرق کی تحقیق کی کہ مجھے کوئی ایسا شخص مل جائے جس نے اس روایت کو حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے نقل کیا ہو' تو مجھے دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں ملا صرف ابوحازم ایسا شخص ہے' تو اس بات کا امکان موجود ہے' وہ شخص جس کے بارے میں زہری نے کہا تھا۔ مجھے اس شخص نے وہ حدیث بیان کی ہے' جس سے میں راضی ہوں۔ اس نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی ہے' تو وہ شخص ابوحازم ہو' جس نے حضرت سہل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہو۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ عَلٰى مَنْ فَعَلَ الْفِعْلَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا وَاِنْ لَمْ يُنْزِلْ

جو شخص یہ فعل کرتا ہے جسے ہم نے ذکر کیا ہے' تو اسے اگر انزال نہیں بھی ہوتا تو بھی اس پر غسل کے واجب ہونے کا تذکرہ

1174 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ إبراهيم، قال: و،

اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ وَمَطَرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ، ثُمَّ جَهَدَ فَعَلَيْهِ الْغُسْلُ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص عورت کے چار شعبوں کے درمیان بیٹھ جائے اور پھر وہ صحبت کرے' تو اس پر غسل لازم ہوگا''۔

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفِعْلَ الَّذِىْ اَبَاحَ تَرْكَهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسے فعل پر عمل کرنے کا تذکرہ جس کے ترک کو آپ نے مباح قرار دیا ہو

1175 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عبد الله بن كثير القارىء الدِّمَشْقِيُّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عائشة:

(متن حدیث): انها سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ، فَلا يُنْزِلُ الْمَاءَ ، قَالَتْ: فَعَلْتُ ذٰلِكَ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰه عليه وسلم، فاغتسلنا منه جميعاً. 3:57

1174- إسناده صحيح على شرطهما، أبو رافع: هو نفيع الصائغ المدني وأخرجه مسلم 348 في الحيض: باب نسخ الماء من الماء ، والبيهقي في السنن 1/163، وفي المعرفة 1/417، من طرق عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد . قال مسلم: وفي حديث مطر : وإن لم يُنزل . قال البيهقي: وقد ذكر أبان بن يزيد وهمامُ بن يحيى وابن أبي عروبة عن قتادة الزيادة التي ذكرها مطر. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/85، 86، وأحمد 2/393، والبخارى 291 في الغسل: باب إذا التقى الختانان، والدارمي 1/194، والطحاوى 1/56، وابن الجارود 92 ، والبيهقي في السنن 1/163 كلهم عن أبي نعيم الفضل بن دكين، عن هشام الدستوائي، به. ومن طريق ابن أبي شيبة أخرجه ابن ماجة 610 ، والبغوى في شرح السنة 242 . ومن طريق البخارى أخرجه البغوى 241 . وأخرجه أحمد 2/234 عن عمرو بن الهيثم، و 2/520، وابن الجارود 92 عن عبد الصمد بن عبد الوارث، والبخارى 291 ، والبيهقي في السنن 1/163 عن معاذ بن فضالة، ثلاثتهم عن هشام الدستوائي، به. وأخرجه الطيالسي 1/59، ومن طريقه أحمد 2/520، والبيهقي في المعرفة 1/416، وأخرجه أبو داؤد 216 في الطهارة: باب في الإكسال، وابن حزم في المحلي 2/2، 3 عن مسلم بن إبراهيم، كلاهما الطيالسي ومسلم بن إبراهيم عن هشام وشعبة، عن قتادة، به. وأخرجه أحمد 2/520، ومسلم 348 ، والطحاوى 1/56، عن وهب بن جرير، والنسائى 1/110 في الطهارة: باب وجوب الغسل إذا التقى الختانان، عن محمد بن عبد الأعلى، عن خالد، كلاهما عن شعبة، عن قتادة، به . وأخرجه أحمد 2/347، والطحاوى 1/56، وابن حزم 2/3، والبيهقي 1/163، عن عفان بن مسلم، عن همام بن يحيى وأبان بن يزيد العطار قالا: حدثنا قتادة، به. وأخرجه البيهقي في السنن 1/163 من طريق سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/86 عن ابن علية، عن يونس، وأحمد 2/471 عن يحيى، عن أشعث بن عبد الملك، كلاهما عن الحسن البصرى، عن أبي هريرة . لم يذكرا أبا رافع، ومن طريق أشعث أخرجه النسائي 1/111 عن أشعث ابن عبد الملك، عن ابن سيرين، عن أبي هريرة. قال النسائي: هذا خطأ، والصواب أشعث، عن الحسن، عن أبي هريرة . يعني مثل رواية أحمد. وسيعيده المؤلف برقم 1178 و 1182 .

۞۞ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو صحبت کرتا ہے لیکن اسے انزال نہیں ہوتا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طرح کیا کرتے تھے لیکن ہم دونوں اس صورت میں غسل کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغُسْلَ يَجِبُ عَلَى الْمُجَامِعِ عِنْدَ الْتِقَاءِ الْخِتَانَيْنِ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْاِنْزَالُ مَوْجُوْدًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ صحبت کرنے والے شخص پر غسل اس وقت واجب ہو جاتا ہے جب شرم گاہیں مل جائیں اگرچہ انزال موجود نہ ہو

1176 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: (متن حدیث): اِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ، فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ، فَعَلْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فاغتسلنا. 3:57

۞۞ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب شرم گاہ شرم گاہ سے مل جاتی ہے تو غسل لازم ہو جاتا ہے۔ میں

1175- إسناده صحيح، محمود بن خالد ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الشافعي 1/36 عن الثقة، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد، لكن قال: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، او يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ . قال البيهقي في المعرفة 1/414: هكذا رواه الربيع عن الشافعي بالشك، ورواه المزني عن الشافعي، فقال: عن عبد الرحمن بن القاسم . فذكره بلا شك. وأخرجه ابن الجارود 93 ، والطحاوى 1/55، عن سليمان بن شعيب الغزى، عن بشر بن بكر، والبيهقي في السنن 1/164 من طريق الوليد بن مزيد، كلاهما عن الأوزاعي، بهذا الإسناد . وسيورده المؤلف بعده من طريق الوليد بن مسلم، عن الأوزاعي، به . ويخرج في موضعه . وانظر ما قاله الحافظ في تلخيص الحبير 1/134. وأخرجه أحمد 6/68 و 110، ومسلم 350 ، والطحاوى 1/55، والبيهقي 1/164 من طرق عن أبي الزبير المكي.

1176- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، وقد صرح الوليد بن مسلم بالتحديث عند أحمد وابن ماجة، فانتفت شبهة تدليسه، وأخرجه ابن ماجة 608 في الطهارة: باب ما جاء في وجوب الغسل إذا التقى الختانان، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم الدمشقي، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي كما في مختصر المزني المطبوع بهامش الأم 1/20، 21، وأحمد 6/161، والترمذي 108 في الطهارة، والنسائي في الطهارة في الكبرى كما في التحفة 12/272، أربعتهم عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن أبي شيبة 1/86 عن ابن علية، عن عبد الرحمٰن بن القاسم، به . وأخرجه الشافعي 1/36، وأحمد 6/47 و 112 و 135، والترمذي (109) في الطهارة، والطحاوى 1/56، والبيهقي في المعرفة 1/413، من طرق عن علي بن زيد بن جدعان، عن سعيد بن المسيب، عن عائشة . قال الترمذي: حديث حسن صحيح .وأخرجه ابن أبي شيبة 1/85 عن وكيع، عن عبد الله بن أبي زياد، عن عطاء ، عن عائشة.وأخرجه الطحاوى 1/56 من طريق حبان بن واسع، عن عروة بن الزبير، عن عائشة.

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اس طرح کرتے تھے تو ہم غسل کرتے تھے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْغُسْلِ عِنْدَ الْتِقَاءِ الْخِتَانَيْنِ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْاِنْزَالُ مَوْجُوْدًا

شرم گاہوں کے ملنے پر غسل واجب ہونے کا تذکرہ اگرچہ انزال موجود نہ ہو

1177 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ، فقد وجب الغسل . **3:43**

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب شرم گاہ شرم گاہ سے مل جاتی ہے تو غسل لازم ہوجاتا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْاِكْسَالِ

صحبت کرنے سے غسل واجب ہونے کا تذکرہ

1178 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ وَمَطَرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا جَلَسَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ ثُمَّ جَهَدَهَا، فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ . وَفِيْ حَدِيثِ مَطَرٍ: وَاِنْ لَمْ يُنْزِلْ . **3:43**

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب مرد عورت کے چار شعبوں کے درمیان بیٹھ جائے اور اسے مشقت کا شکار کرے (یعنی اس کے ساتھ صحبت کرے) تو غسل لازم ہوجاتا ہے۔

مطر نامی راوی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: اگرچہ اسے انزال نہ ہوا ہو۔

1177- عبد العزيز بن النعمان: لم يوثقه غير المؤلف 5/125، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 6/123 عن عفان، و 6/227 عن أبي كامل الجحدري، و 6/239 عن يزيد، والطحاوي 1/55 من طريق حجاج، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

1178- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو مكرر الحديث 1174 .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ تَرْكَ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْاِكْسَالِ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ اُمِرَ بِالْاِغْتِسَالِ مِنْهُ بَعْدُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ صحبت کرنے کے نتیجے میں (انزال نہ ہونے پر) غسل کو ترک کرنے کا حکم ابتداءِ اسلام میں تھا اس کے بعد اس صورت حال میں غسل کرنے کا حکم دیا گیا

1179 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ اَبِيْ غَسَّانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اُبَيٌّ، اَنَّ الْفُتْيَا الَّتِيْ كَانُوْا يُفْتُوْنَ: اَنَّ الْمَاءَ مِنَ الْمَاءِ، كَانَ رُخْصَةً رَخَّصَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ اَوَّلِ الزَّمَانِ، اَوْ بَدْءِ الْاِسْلَامِ، ثُمَّ اَمَرَ بِالْاِغْتِسَالِ بَعْدُ. **4:32**

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اَدَّى نَسْخَ هٰذَا الْفِعْلِ عَلٰى مَا اَخْبَرَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ عَنْهُ، ثُمَّ نَسِيَهُ، وَاَفْتٰى بِالْفِعْلِ الْاَوَّلِ الَّذِيْ هُوَ مَنْسُوْخٌ، عَلٰى مَا اَخْبَرَ، عَنْهُ زَيْدُ بْنُ خالد الجهني.

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے لوگ جو یہ مسئلہ بیان کرتے ہیں: پانی کے نتیجے میں پانی (یعنی منی کے خروج کی صورت میں ہی) غسل لازم ہوتا ہے' تو یہ ایک رخصت تھی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدائی زمانے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اسلام کے ابتداء میں عطا کی تھی' پھر آپ نے اس کے بعد غسل کرنے کا حکم دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا امکان موجود ہے' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے اس فعل کے منسوخ ہونے کا پہلے ذکر کیا ہو۔ جیسا کہ حضرت سہل بن سعد نے ان کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے۔

پھر وہ اس بات کو بھول گئے ہوں اور انہوں نے یہ فتویٰ دیا ہو کہ اس فعل کے حوالے سے جو پہلا حکم تھا جسے منسوخ کر دیا گیا جیسا کہ زید بن خالد جوہری نے ان کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِيْ نُسِخَ فِيْهِ هٰذَا الْفِعْلُ

اس وقت کا تذکرہ جس میں اس فعل کو منسوخ قرار دیا گیا

1180 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ

1179 – إسناده صحيح، وأخرجه أبو داوُد 215 في الطهارة: باب في الإكسال، ومن طريقه الدارقطني 1/126، والبيهقي في السنن 1/166، وأخرجه الدارمي 1/194، والطبراني 538، ثلاثتهم عن أبي جعفر محمد بن مهران الجمال، بهذا الإسناد. وصححه الدارقطني، والبيهقي. وتقدم من طريق الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أُبَيٍّ برقم 1173 واستوفى تخريجه هناك، فارجع إليه.

الْجُوزَجَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عُرْوَةَ عَنِ الَّذِيْ يُجَامِعُ وَلَا يُنْزِلُ؟ قَالَ: عَلَى النَّاسِ اَنْ يَاْخُذُوْا بِالْآخِرِ، وَالْآخِرُ مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ وَلَا يَغْتَسِلُ، وَذٰلِكَ قَبْلَ فَتْحِ مَكَّةَ، ثُمَّ اغْتَسَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَاَمَرَ النَّاسَ بِالْغُسْلِ. 4:32

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: الْحُسَيْنُ هٰذَا: هُوَ الْحُسَيْنُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ بِشْرِ بْنِ الْمُحْتَفِزِ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ سكن مرو، ثقة من الثقات.

۞۞ زہری بیان کرتے ہیں: میں نے عروہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو صحبت کرتا ہے لیکن اسے انزال نہیں ہوتا' تو عروہ نے بتایا لوگوں پر یہ بات لازم ہے' وہ آخری حکم کو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول آخری معاملے کو اختیار کریں۔ (عروہ نے یہ بات بتائی)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کیا کرتے تھے اور آپ غسل نہیں کرتے تھے لیکن یہ فتح مکہ سے پہلے کی بات ہے اس کے بعد آپ اس صورت میں غسل کرنے لگے۔ آپ نے لوگوں کو بھی غسل کرنے کا حکم دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حسین نامی راوی حسین بن عثمان بن بشر بن محتفز ہیں۔ ان کا تعلق بصرہ سے ہے۔ انہوں نے مرو میں رہائش اختیار کی تھی۔ یہ ثقہ راویوں میں سے ایک ہیں۔

ذِكْرُ اِيْجَابِ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْجِمَاعِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ اِمْنَاءٌ

صحبت کرنے کے نتیجے میں غسل کے لازم ہونے کا تذکرہ اگرچہ وہاں انزال موجود نہ ہو

1181 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ، فَلَا يُنْزِلُ، قَالَتْ: فَعَلْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاغْتَسَلْنَا مِنْهُ جَمِيْعًا.

۞۞ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو صحبت کرتا ہے' لیکن اسے انزال نہیں ہوتا' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طرح کرتے تھے' تو ہم ایسی صورت میں غسل کیا کرتے تھے۔

1181- إسناده صحيح، وهو مكرر 1175 .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِإِيجَابِ الْإِغْتِسَالِ، عِنْدَ الْتِقَاءِ الْخِتَانَيْنِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ إِمْنَاءٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے شرم گاہوں کے ملنے کی وجہ سے غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہوا ہو

1182 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا جَلَسَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ ثم جهد، فقد وجب الغسل **4:32**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جب مرد عورت کے چار شعبوں کے درمیان بیٹھ کر اسے مشقت کا شکار کرے (یعنی اس کے ساتھ صحبت کر لے) تو غسل واجب ہو جاتا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1183 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى

1182- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم 1174 من طريق معاذ بن هشام، عن أبيه، به.

1183- إسناده صحيح، على شرط الشيخين. محمد بن عبد الله: هو محمد بن عبد الله ابن المثنى بن عبد الله بن أنس بن مالك الأنصاري، وقد تحرف في الإحسان هشام بن حسان إلى هشام بن حسين، والتصويب من الأنواع /4لوحة 33. وأخرجه مسلم 349 في الحيض: باب نسخ الماء من الماء ووجوب الغسل بالتقاء الختانين، والبيهقي في السنن 1/163، وفي المعرفة 1/415، من طريق محمد بن المثنى، عن محمد بن عبد الله الأنصاري، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 227. وأخرجه الشافعي 1/36، ومن طريقه البيهقي في المعرفة 1/412، 413، والبغوي في شرح السنة 343 عن سفيان، وأحمد 6/97 من طريق شعبة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/55 من طريق حماد بن سلمة، ثلاثتهم عن علي بن زيد، عن سعيد بن المسيب، عن أبي موسى، عن عائشة، به. وأخرجه مالك 1/46 في الطهارة: باب واجب الغسل إذا التقى الختانان، وعبد الرزاق 954 عن ابن جريج، كلاهما عن يحيى بن سعيد، عن سعيد بن المسيب، عن أبي موسى، عَنْ عَائِشَةَ موقوفاً عليها.

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ فَقَدْ وجب الغسل . 4:32

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب شرم گاہیں مل جائیں' تو غسل واجب ہو جاتا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1184 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ، قَالَ: حدثنا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو قُرَّةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا جَاوَزَ الختان الختان وجب الغسل . 4:32

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب شرم گاہیں مل جائیں' تو غسل واجب ہو جاتا ہے''۔

ذِكْرُ فِعْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَ مَا وَصَفْنَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فعل کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

1185- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ اَهْلَهُ، فَلا يُنْزِلُ الْمَاءَ . قَالَتْ: فَعَلْتُهُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاغْتَسَلْنَا مِنْهُ جَمِيعًا. 5:8

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا

1184- إسناده حسن، محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، صدوق له أوهام، روى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، فهو حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات، وأبو قرة: اسمه موسى بن طارق اليماني.وأخرجه مالك 1/46 في الطهارة: باب واجب الغسل إذا التقى الخُتانان، ومن طريقه الطحاوي في شرح معاني الآثار 1/60، عن أبي النضر مولى عمر بن عبيد، عن أبي سلمة، عَنْ عَآئِشَةَ موقوفاً عليها، وهذا إسناد صحيح.وانظر الأحاديث 1176 و 1177 و 1183 .

1185- صحيح، وهو مكرر الحديث 1176 ، وذكرت في تخريجه هناك أن الوليد بن مسلم قد صرح بالتحديث عند أحمد وابن ماجة.

جو اپنی بیوی سے صحبت کرتا ہے لیکن اس کی منی خارج نہیں ہوتی' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طرح کرتے تھے' تو ہم دونوں اس صورت میں غسل کرتے تھے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْجِمَاعِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ اِمْنَاءٌ

صحبت کے نتیجے میں غسل واجب ہونے کا تذکرہ اگرچہ انزال نہ ہوا ہو

1186 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ، فَلا يُنْزِلُ الْمَاءَ ، قَالَتْ: فَعَلْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاغْتَسَلْنَا مِنْهُ جميعا. 5:8

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو صحبت کرتا ہے' لیکن اس کی منی خارج نہیں ہوتی تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طرح کرتے تھے' تو ہم دونوں اس صورت میں غسل کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا اَرَادَ الْاِغْتِسَالَ وَهُوَ فِيْ فَضَاءٍ اَنْ يَاْمُرَ مَنْ يَسْتُرُ عَلَيْهِ بِثَوْبٍ حَتّٰى لَا يَرَاهُ نَاظِرٌ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' جب وہ کھلی جگہ پر غسل کرنے کا ارادہ کرے

تو وہ کسی شخص کو یہ ہدایت کرے کہ وہ کپڑے کے ذریعے اس کے لئے پردہ کر دے تا کہ کوئی شخص اسے دیکھے نہیں

1187 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بن يحيى، قال: حدثنا بن وهب، قال: أخبرني يونس، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ اَنَّ اَبَاهُ قَالَ:

1186- إسناده صحيح، وهو مكرر 1175 و 1181.

بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) فَقَالَ اَمَا اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذَا لَكَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ بَرْدَ الْمَاءِ تَيَمَّمَ بِالصَّعِيْدِ زَادَ يَعْلٰى قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لشقيق فلم يكن هٰذا إلا لهٰذا.

1304: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبدالرحمٰن! ایک شخص کو جنابت لاحق ہو جاتی ہے' اور اسے پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے جواب دیا: جی نہیں۔ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' حضرت عمار نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو کسی جگہ بھیجا تھا' تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا۔ پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور انہیں اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیر لیا۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا۔ انہوں نے اس بیان پر قناعت کی ہو۔

1304- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/158، 159، ومن طريقه مسلم (368) (110) في الحيض: باب التيمم، وأخرجه أحمد 2/396و264، والبخاري (347) في التيمم: باب التيمم ضربة واحدة، عن محمد بن سلام، ومسلم (368) (110) عن يحيى بن يحيى وابن نمير، وأبو داؤد (321) عن محمد بن سليمان الأنباري، والنسائي 1/170عن محمد بن العلاء، والدارقطني 1/179، 180 من طريق الحسين بن إسماعيل ويوسف بن موسى، كلهم عن أبي معاوية الضرير، بهٰذا الإسناد، وبه صححه ابن خزيمة برقم (270). وأخرجه أحمد 2/265، وأبو عوانة 1/304، والبيهقي في "السنن" 1/211و226 من طريق يعلى بن عبيد الطنافسي، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/265، البخاري (345) باب إذا خاف الجنب على نفسه المرض أو الموت أو خاف العطش تيمم، من طريق محمد بن جعفر غندر، عن شعبة، و (346) عن عمر بن حفص، عن أبيه، وأبو عوانة 1/303، 304 من طريق الوليد بن القاسم. وسيورده المؤلف بعده من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، به . وانظر طرق الحديث في التخريج المتقدم لرقم (1267) .

تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے:

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی سے تیمم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم اس بارے میں لوگوں کو رخصت دینا شروع کر دیں تو ان دونوں میں سے کسی ایک شخص کو پانی ٹھنڈا لگے تو وہ مٹی کے ذریعے تیمم کرلیا کرے گا۔

یعلی نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے اعمش نے یہ بات بیان کی ہے، میں نے شقیق سے کہا یہ حکم صرف اس کے لئے ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَسْحَ الذِّرَاعَيْنِ فِي التَّيَمُّمِ وَاجِبٌ لَا يَجُوزُ تَرْكُهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، تیمّم میں کلائیوں پر ہاتھ پھیرنا واجب ہے، اور اسے ترک کرنا جائز نہیں ہے

1305 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْمُوْسٰى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَوْ اَنَّ جُنُبًا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا لَمْ يُصَلِّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا قَالَ اَبُوْمُوْسٰى اَمَا تَذْكُرُ حِيْنَ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ اَلَا تَذْكُرُ حِيْنَ بَعَثَنِيْ وَاِيَّاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِبِلِ فَاَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ فَتَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ اَنْ تَقُوْلَ هٰكَذَا"، وَضَرَبَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا جَرَمَ مَا رَاَيْتُ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى فَكَيْفَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ فِيْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) (المائدة: 6) فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ يُوْشِكُ اِذَا بَرَدَ عَلٰى جِلْدِ اَحَدِهِمُ الْمَاءُ اَنْ يَتَيَمَّمَ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ اَمَا كَانَ لِعَبْدِ اللّٰهِ غَيْرُ ذٰلِكَ قال لا.

1305: شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا اگر کسی جنبی کو ایک مہینے تک پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا نہیں کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: نہیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے، حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا تھا کہ اے امیر المومنین کیا آپ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے نہیں ہیں۔ کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے، اللہ کے رسول نے مجھے اور آپ کو (اونٹوں) کے

1305– إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 4/365 عن عفان، ومسلم (368) (111) في الحيض: باب التيمم، وأبو عوانة 1/304 من طريق أبي كامل الجحدري، والعلاء بن عبد الجبار، ثلاثتهم عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد، وتقدم قبله من طريق أبي معاوية الضرير ويعلى بن عبيد، عن الأعمش، به. فانظره تخريجه عنده.

بارے میں بھیجا تھا' تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا جب میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا کہ تم اس طرح کرلو' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اور اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیرلیا۔

حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ بات طے ہے' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا کہ انہوں نے اس پر قناعت نہیں کی تھی' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ سورۃ نساء میں موجود اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمم کرلو''۔

اس پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کردیں تو عنقریب ایسا وقت آجائے گا کہ جب ان میں سے کسی ایک کو پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ تیمم کرلیا کرے گا۔

اعمش نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے میں نے شقیق سے کہا کیا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (کی اس مسئلے کے بارے میں) کوئی اور دلیل بھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

1306 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ الحكم عن ذر عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنِّيْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا أمير المؤمنين إذ أنت وأنا فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا أنت فلم تصلي وأما أنا فتمعكت في التراب فَلَمَّا اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ:

"اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ"، وَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيْهِمَا وَمَسَحَ بهما وجهه وكفيه.

❀❀ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے' اور مجھے پانی نہیں ملا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نماز نہ پڑھو تو حضرت عمار نے کہا: اے امیر المومنین کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' میں اور آپ ایک جنگ میں تھے اور ہمیں جنابت لاحق ہوگئی اور پانی نہیں ملا آپ نے تو نماز ادا نہیں کی اور میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا تھا' اور میں نے نماز ادا کرلی۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں اتنا کافی تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اس پر پھونک ماری اور ان دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیرلیا۔

1306– إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذي أورده المؤلف طريق يزيد بن زريع، عن شعبة، به .وأخرجه البخاري مختصرًا برقم (343) في التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1307 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِي مُوْسٰى فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّجُلُ يُجْنِبُ فَلَا يَجِدُ الْمَاءَ يُصَلِّي فَقَالَ تَسْمَعُ قَوْلَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ لِعُمَرَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا اَنَا وَاَنْتَ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ بِالصَّعِيْدِ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: "اِنَّمَا يَكْفِيكَ هٰذَا"، وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ وَاحِدَةً فَقَالَ اِنِّي لَمْ اَرَ عُمَرَ قَنَعَ بِذٰلِكَ فَقَالَ كَيْفَ تَصْنَعُوْنَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) قَالَ لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِي هٰذِهِ كَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ الْمَاءَ الْبَارِدَ يَمْسَحُ بِالصَّعِيْدِ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ مَا كَرِهَهُ اِلَّا لِهٰذَا.

1307: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھا' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبدالرحمٰن ایک شخص کو جنابت لاحق ہوگئی اور اسے پانی نہیں ملتا تو وہ نماز ادا کرے گا؟ پھر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے حضرت عمار بن یاسر کا قول سنا تھا جو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو ایک مہم پر روانہ کیا تھا۔ میں جنابت کا شکار ہوگیا۔ میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا پھر آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا ایک مرتبہ مسح کیا۔ اس پر حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس بات پر قناعت کی ہو' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تم پاک مٹی کے ذریعے تیمم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کردیں تو ان میں سے کسی ایک کو اگر پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ مٹی سے مسح کرلیا کرے گا۔

اعمش نامی راوی کہتے ہیں میں نے شقیق سے کہا: کیا وہ (حضرت ابن مسعود) اس وجہ سے اسے ناپسند کرتے تھے۔

1307- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذى أورده المؤلف طريق يزيد بن زريع عن شعبة به وأخرجه البخاري مختصرًا برقم (343) في التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. [illegible] وهو مكرر (1304) وورد تخريجه هناك.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاقْتِصَارِ فِي التَّيَمُّمِ بِالْكَفَّيْنِ مَعَ الْوَجْهِ دُونَ السَّاعِدَيْنِ بِالضَّرْبَتَيْنِ

تیمّم کے دوران دوضربیں لگاتے ہوئے' چہرے کے ہمراہ ہتھیلیوں پر تیمّم کرنے پر اکتفاء کرنا اور کلائیوں پر تیمّم نہ کرنا

1308 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزَى عَنْ اَبِيهِ،عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

(متن حدیث): قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَاَمَرَنِيْ بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً.

وَكَانَ قَتَادَةُ بِهٖ يُفْتِي.

❀❀ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے چہرے اور دونوں بازوؤں کے لئے مجھے ایک ضرب (زمین پر) لگانے کا حکم دیا۔

قتادہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ النَّفْخِ فِي الْيَدَيْنِ بَعْدَ ضَرْبِهِمَا عَلَى الصَّعِيدِ لِلتَّيَمُّمِ

تیمّم کے لئے دونوں ہاتھ زمین پر مارنے کے بعد ان پر پھونک مارنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

1309 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ وَعُمَرُ بن محمد الْهَمْدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى،عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنِّيْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا أمير المؤمنين إذ أنت وأنا فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَتَمَعَّكْتُ فِي التراب فَلَمَّا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ:

"اِنَّمَا يَكْفِيكَ"، وَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيْهِمَا وَمَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وكفيه.

1308– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر (1303).

1309– إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1304) وورد تخريجه هناك2. إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر (1303). إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم (268). وانظر استيفاء تخريجه برقم (1267).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ: اللَّفْظُ لِمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ رَحِمَهُ اللّٰهُ.

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے۔ مجھے پانی نہیں ملا تو انہوں نے فرمایا: تم نماز نہ پڑھنا تو حضرت عمار نے کہا: اے امیر المومنین کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے جب میں اور آپ ایک مہم میں شریک تھے۔ ہمیں جنابت لاحق ہوگئی اور ہمیں پانی نہیں ملا تو آپ نے نماز ادا نہیں کی اور میں نے مٹی میں لوٹ پوٹ ہو کر نماز پڑھ لی جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا دونوں ہاتھوں پر پھونک ماری۔ پھر ان دونوں کو چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیرلیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے الفاظ محمد بن اسحاق (یعنی امام ابن خزیمہ) کے نقل کردہ ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صناعة الحديث أنه مضاد للأخبار التى ذكرناه قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا ہے جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں پہلے ذکر کر چکے ہیں

1310 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ بن اَخِي جُوَيْرِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ أبيه، عَنْ عَمَّارٍ قَالَ

(متن حدیث): تَيَمَّمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَنَاكِبِ.

1310- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم (268). وانظر استيفاء تخريجه برقم (1267). إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه النسائي 1/168 في الطهارة: باب الاختلاف في كيفية التيمم، والطحاوي في "شرح معنى الآثار" 1/110 والبيهقي في "السنن" 1/208، من طريق عبد الله بن محمد بن أسماء، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 1/44 عن الثقة، عن معمر، وابن ماجه (566) في الطهارة، الطحاوي 1/110 من طريق سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه الطحاوي 1/110 من طريق سعيد بن داوُد، عن مالك، به. وأخرجه الطيالسي 1/63، ومن طريقه البيهقي في "السنن" 1/208، عن ابن أبي ذئب، وعبد الرزاق (827) ومن طريقه احمد 4/320، عن معمر، وأحمد 4/321، وأبو داوُد 318، (319)، وابن ماجه (571) من طريق يونس بن يزيد، وابن ماجه (565) من طريق الليث بن سعد، والطحاوي 1/111 من طريق ابن أبي ذئب، أربعتهم عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن عمار. قال الزيلعي في "نصب الراية" 1/155 وهو منقطع. فإن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة لم يدرك عمار بن ياسر. وأخرجه أبو داوُد (320)، والطحاوي 1/111، والبيهقي 1/208 من طريق صالح بن كيسان، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن ابن عباس، عن عمار. وذكره الطيالسي 1/63 من طريق محمد بن إسحاق عن الزهري، به.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: كَانَ هٰذَا حَيْثُ نَزَلَ آيَةُ التَّيَمُّمِ قَبْلَ تَعْلِيمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّارًا كَيْفِيَّةَ التَّيَمُّمِ ثُمَّ عَلَّمَهُ ضَرْبَةً وَّاحِدَةً لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ لَمَّا سَاَلَ عَمَّارٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کندھوں تک تیمّم کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ اس وقت کی بات ہے جب تیمّم کے حکم کے حوالے سے آیت نازل ہوگئی تھی لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھی حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو تیمّم کا طریقہ تعلیم نہیں دیا تھا۔ پھر اس کے بعد آپ نے انہیں تعلیم دیتے ہوئے بتایا' چہرے اور دونوں ہاتھوں کیلئے ایک ہی مرتبہ ضرب لگائی جائی گی۔ اس وقت جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں سوال کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ وُضُوءُ الْمُعْدِمِ الْمَاءَ وَاِنْ اَتٰى عَلَيْهِ سِنُونَ كَثِيْرَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ پاک مٹی اس شخص کے لئے وضو کرنے کا ذریعہ ہے' جسے پانی نہیں ملتا اگرچہ اس پر کئی برس ایسی ہی حالت میں گزر جائیں (اسے پانی نہ ملے)

1311 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اجْتَمَعَتْ غُنَيْمَةٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:

(متن حدیث): "يَا اَبَا ذَرٍّ ابْدُ فِيْهَا" قَالَ فَبَدَوْتُ فِيْهَا اِلَى الرَّبَذَةِ فَكَانَتْ تُصِيْبُنِي الْجَنَابَةُ فَاَمْكُثُ

1311- حديث صحيح. وأخرجه أبو داوُد (332) في الطهارة: باب الجنب يتيمم، والحاكم 1/170، والبيهقي في "السنن" 1/220 من طريق عمرو بن عون ومسدد، عن خالد بن عبد الله الواسطي، بهٰذا الإسناد، قال الحاكم: "هٰذا حديث صحيح، ولم يخرجاه إذ لم نجد لعمرو بن بجدان راويًا غير أبي قلابة الجرمي، وهٰذا مما شرطت فيه، وثبت أنهما خرجا مثل هٰذا في مواضع من الكتابين" ووافقه الذهبي. وأخرجه عبد الرزاق (913)، ومن طريقه أحمد 5/155، وأخرجه أحمد 5/180، والترمذي (124) في الطهارة: باب ما جاء في التيمم للجنب إذا لم يجد الماء، من طريق أبي أحمد الزبيري. وأخرجه النسائي 1/171 من طريق مخلد بن يزيد، عن سفيان، عن أيوب السختياني، عن أبي قلابة، به. وأخرجه الدارقطني 1/186، والبيهقي 1/212 من طريق مخلد بن يزيد، عن سفيان، عن أيوب، وخالد الحذاء بهٰذا الإسناد. وأخرجه الدارقطني 1/187 من طريق العباس بن يزيد، عن يزيد بن زريع، عن خالد الحذاء، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/156-157، والدارقطني 1/187، وأحمد 5/146 من طريق ابن علية، والطيالسي (484)، وأبو داوُد (333)، من طريق حماد بن سلمة، وحماد بن زيد، ثلاثتهم عن أيوب، عن أبي قلابة، عن رجل من بني عامر، عن أبي ذر. وأخرجه عبد الرزاق (912) عن معمر، وأحمد 5/146-147 عن محمد بن جعفر، عن سعيد بن أبي عروبة، كلاهما عن أيوب، عن أبي قلابة، عن رجل من بني قشير، عن أبي ذر ...

الْخَمْسَ وَالسِّتَّ فَدَخَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اَبُوْذَرٍّ" فَسَكَتُّ ثُمَّ قَالَ: "اَبُوْذَرٍّ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ" فَاَخْبَرْتُهُ فَدَعَا بِجَارِيَةٍ سَوْدَاءَ فَجَاءَ تْ بِعُسٍّ مِنْ مَاءٍ فَسَتَرَتْنِيْ وَاسْتَتَرْتُ بِالرَّاحِلَةِ فَاغْتَسَلْتُ فَكَاَنَّمَا اَلْقَتْ عَنِّيْ جَبَلًا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ سِنِيْنَ فَاِذَا وَجَدْتَ الماء، فأمسسه جلدك فإن ذلك خير".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ بکریاں اکٹھی ہوگئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! تم ان کے ہمراہ دیہات میں رہو۔ حضرت ابوذر کہتے ہیں میں انہیں لے کر ربذہ کے مقام پر آ گیا۔ مجھے جنابت لاحق ہوگئی۔ میں پانچ یا چھ دن تک اسی حالت میں رہا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: ابوذر! میں خاموش رہا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہاری ماں تمہیں روئے پھر میں نے آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سیاہ فام کنیز کو بلوایا وہ پانی کا ایک برتن لے کر آئی اور اس نے میرے لئے پردہ تان دیا۔ میں سواری کی اوٹ میں ہوگیا۔ میں نے غسل کیا' تو مجھے یوں محسوس ہوا کہ میں نے اپنے اوپر سے پہاڑ اتار دیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ اگرچہ دس سال تک اسے (پانی نہ ملے) جب پانی ملے' تو پھر تم اسے اپنی جلد کے ساتھ مس کرلو (یعنی غسل کرلو) یہ زیادہ بہتر ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَاجِدَ الْمَاءِ اِذَا كَانَ جُنُبًا بَعْدَ تَيَمُّمِهِ عَلَيْهِ اِمْسَاسُ الْمَاءِ بَشَرَتَهُ حِيْنَئِذٍ

اس بات کا تذکرہ کہ جنبی شخص اگر تیمّم کرنے کے بعد پانی کو پالیتا ہے' تو اس پر یہ بات لازم ہوگی کہ وہ اپنی جلد پر پانی بہائے (یعنی غسل کرے)

1312 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيُّ غُلَامُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ قَالَ

(متن حدیث): اجْتَمَعَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمٌ مِنْ غَنَمِ الصَّدَقَةِ فَقَالَ: "ابْدُ يَا اَبَا ذَرٍّ." قَالَ فَبَدَوْتُ فِيْهَا اِلَى الرَّبَذَةِ قَالَ فَكَانَ يَاْتِيْ على الخمس والست وَاَنَا جُنُبٌ فَوَجَدْتُ فِيْ نَفْسِيْ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ اِلَى الْحُجْرَةِ فَلَمَّا رَآنِيْ قَالَ: "مَا لَكَ يا أبا ذر"؟ قال فجلست قال: "مالك يَا اَبَا ذَرٍّ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ؟" قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جُنُبٌ قَالَ فَاَمَرَ جَارِيَةً سَوْدَاءَ فَجَاءَ تْ

1312– صحيح، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه البيهقي في "السنن" 1/ 212 من طريق إبراهيم بن موسى، والدارقطني 1/ 187 من طريق العباس بن يزيد، كلاهما عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد.

بِعُسٍّ فِيْهِ مَاءٌ" فَاسْتَتَرْتُ بِالْبَعِيرِ وَبِالثَّوْبِ فَاغْتَسَلْتُ فَكَأَنَّمَا وَضَعَ عَنِّيْ جَبَلًا فَقَالَ: "ادْنُ فَإِنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ عَشْرَ حِجَجٍ فَإِذَا وَجَدَ الْمَاءَ فَلْيُمِسَّ بَشَرَتَهُ الْمَاءَ".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صدقے کی بکریوں میں سے کچھ بکریاں اکٹھی ہوگئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر تم بدویت کی زندگی بسر کرو۔ راوی کہتے ہیں میں انہیں لے کر ربذہ کے مقام پر آ گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں پانچ یا چھ دن تک جنابت کی حالت میں رہا۔ مجھے بہت الجھن محسوس ہوتی تھی۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ حجرے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ جب آپ نے مجھے ملاحظہ کیا' تو دریافت کیا: اے ابوذر تجھے کیا ہوا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں بیٹھ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوذر کیا ہوا ہے۔ تیری ماں تجھے روئے میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سیاہ کنیز کو حکم دیا وہ پانی کا برتن لے کر آئی۔ میں نے اونٹ کی اوٹ میں کپڑے کا پردہ کیا اور غسل کرلیا' تو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں نے اپنے اوپر سے پہاڑ اتار دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے آجاؤ پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگرچہ دس سال گزر جائیں پھر جب وہ پانی پالے تو اسے اپنے جلد پر پانی لگالینا چاہئے۔ (یعنی غسل کرلینا چاہئے)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ خَالِدُ الْحَذَّاءُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں خالد الحذاء نامی راوی منفرد ہے

1313- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكِيْنِ بِوَاسِطَ وَكَانَ يَحْفَظُ الْحَدِيثَ وَيُذَاكِرُ بِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسْتَامِ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ وَخَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لم يجد الماء عشر سنين".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگرچہ اسے دس سال تک پانی نہ ملے''۔

1313- صحيح، وأخرجه الدارقطني 1/ 186، عن أحمد بن عيسى بن السكين، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي من طريق عمرو بن هشام وأحمد بن بكار، عن مخلد بن يزيد، به. وانظر الحديث (1311) و (1312).

ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّيَمُّمِ لِلْعَلِيْلِ الْوَاجِدِ الْمَاءَ اِذَا خَافَ التَّلَفَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِاسْتِعْمَالِهِ الْمَاءَ

ایسے بیمار شخص کے لئے تیمّم کے مباح ہونے کا تذکرہ جو پانی کو پاتا ہے' لیکن پانی استعمال کرنے کے نتیجے میں اسے اپنی جان ضائع ہونے کا اندیشہ ہو

1314 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ اَخْبَرَنِي الْوَلِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ اَنَّ عَطَاءً عَمَّهُ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فِيْ شِتَاءٍ فَسَاَلَ فَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَمَاتَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "مَا لَهُمْ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ ثَلَاثًا – قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ الصَّعِيْدَ –اَوِ التَّيَمُّمَ– طَهُوْرًا".

قَالَ شك ابن عباس ثم أثبته بعد

⚘⚘ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک آدمی سردی کے موسم میں جنابت کا شکار ہو گیا۔ اس نے مسئلہ دریافت کیا' تو اسے غسل کرنے کی ہدایت کی گئی (غسل کرنے کی وجہ سے اس کا انتقال ہو گیا) اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: لوگوں نے اس کو کیوں مروا دیا' اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو برباد کرے یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی (اور پھر فرمایا) اللہ تعالیٰ نے مٹی کو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تیمّم کو طہارت کے حصول کا ذریعہ بنایا ہے۔

1314– صحيح، وأخرجه الدارقطني /1 186، عن احمد بن عيسى بن السكين، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البيهقي من طريق عمرو بن هشام وأحمد بن بكار، عن مخلد بن يزيد، به. وانظر الحديث (1311) و (1312). الوليد بن عبيد الله: هو ابن أبي رباح بن أخي عطاء بن أبي رباح، ترجمه ابن أبي حاتم /9 9، ونقل توثيقه عن يحيى بن معين، وصحح حديثه هٰذا مع المؤلف شيخه ابن خزيمة (273)، وتلميذه الحاكم /1 165، ووافقه الذهبي. وقال الذهبي في "الميزان" /4 341: "وضعفه الدارقطني"، وباقي رجاله ثقات، رجال الصحيح، وله طرق أخرى يتقوى بها. وأخرجه ابن الجارود في "المنتقى" (128)، والبيهقي في "السنن" /1 226، من طريق عمر بن حفص، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد /1 330، وأبو داوٗد (337)، والدارمي /1 192، والدارقطني /1 191 و 192، والبيهقي /1 227 من طرق عن الأوزاعي، أنه بلغه عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه عبد الرزاق (867)، ومن طريقه الدارقطني /1 191، عن الأوزاعي، عن رجل، عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه ابن ماجة (572) من طريق عبد الحميد بن حبيب بن أبي العشرين، (وهو صدوق ربما أخطأ)، والدارقطني /1 191 من طريق أيوب بن سويد، كلاهما عن الأوزاعي عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه الدارقطني /1 190، والحاكم /1 178 من طريقين، عن الهقل بن زياد (وهو ثقة، وثقه ابن معين وغيره) قال: سمعت الأوزاعي قال: قال عطاء: قال ابن عباس. وأخرجه الحاكم أيضًا /1 178 من طريق بشر بن بكر، حدثني الأوزاعي، حدثنا عطاء بن أبي رباح أنه سمع عبد الله بن عباس ... ففي هذه الرواية التصريح بأن عطاء حدث الأوزاعي. وبشر بن بكر التنيسي: ثقة مأمون، وثقه أبو زرعة، وأخرج له البخاري، وهو من أصحاب الأوزاعي. وأخرجه الطبراني في الكبير (11472) من طريق عبد الرزاق، عن الاوزاعي سمعته منه أو أخبرته عن عطاء بن أبي رباح عن ابن عباس.

روایت کے الفاظ میں یہ شک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو ہے۔ اس کے بعد انہوں نے اسے شک کے بغیر ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْجُنُبِ إِذَا خَافَ التَّلَفَ عَلَى نَفْسِهِ مِنَ الْبَرْدِ الشَّدِيدِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ اَنْ يُصَلِّيَ بِالْوُضُوءِ اَوِ التَّيَمُّمِ دُونَ الْاِغْتِسَالِ

جنبی شخص کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب غسل کرنے کے نتیجے میں' شدید سردی کی صورت میں اپنی جان ضائع ہونے کا اندیشہ ہو' تو وہ وضو یا تیمّم کر کے نماز ادا کر لے اور غسل نہ کرے

1315 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

(متن حدیث): اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ كَانَ عَلٰى سَرِيَّةٍ ، وأنه أصابهم برد شديد لم يرو مِثْلَهُ فَخَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَلَمْتُ الْبَارِحَةَ فَغَسَلَ مَغَابِنَهُ وَتَوَضَّاَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ صَلّٰى بِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ فَقَالَ:

(متن حدیث): "كيف وجدتم عمرا وأصحابه"؟ فَاَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا وَّقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلّٰى بِنَا وَهُوَ جُنُبٌ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو فَسَاَلَهُ فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ وَبِالَّذِيْ لَقِيَ مِنَ الْبَرْدِ وَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: (وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ) (النساء : 29) وَلَوِ اغْتَسَلْتُ مُتُّ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عمرو .

1315: ابوقیس جو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں بیان کرتے ہیں: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بھی ایک مہم پر تھے۔ لوگوں کو اتنی شدید سردی کا سامنا کرنا پڑا کہ اس طرح کی سردی انہوں نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ حضرت عمرو بن العاص صبح کی نماز کے لئے تشریف لائے اور فرمایا گزشتہ رات مجھے احتلام ہو گیا تھا' تو انہوں نے اپنی شرم گاہ کو دھویا اور نماز کے وضو کی طرح وضو کر کے لوگوں کو نماز پڑھا دی۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے دریافت کیا تم نے عمرو اور اس کے ساتھیوں کو کیسا پایا تو لوگوں نے ان کی تعریف کی اور یہ بات کہی۔ یا رسول

1315– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داؤد (335) ، والدارقطني 1/ 179، والحاكم 1/ 177، والبيهقي 1/ 226 من طريقين عن ابن وهب بهٰذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. أبو قيس مولى عمرو بن العاص: اسمه عبد الرحمٰن بن ثابت. وقال أبو داوٗد باثر هٰذا الحديث: وروى هذه القصة عن الأوزاعي، عن حسان بن عطية، قال فيه: فتيمم. وأخرجه أحمد 4/ 203– 204 من طريق ابن لهيعة وأخرجه أبو داوٗد "334" والدارقطني 1/178 من طريق يحيى .

اللہ انہوں نے جنابت کی حالت میں ہمیں نماز پڑھادی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو کو بلوایا اور ان سے دریافت کیا' تو حضرت عمرو نے آپ کو بتایا اور جس سردی کا سامنا کرنا پڑا اس کے بارے میں بتایا: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو'' اگر میں غسل کر لیتا تو میں مرجاتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمرو کی اس بات پر ہنس پڑے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَيَمَّمَ لِرَدِّ السَّلَامِ وَاِنْ كَانَ فِي الْحَضَرِ

اس بات کا تذکرہ کہ یہ بات مستحب ہے' وہ تیمم کرنے کے بعد سلام کا جواب دے اگرچہ وہ حضرت کی حالت میں ہو

1316 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ الهاد أن نافعا حدثه عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ مِنَ الْغَائِطِ فَلَقِيَهُ رَجُلٌ عِنْدَ بِئْرِ جَمَلٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ عَلَى الْحَائِطِ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى الْحَائِطِ ثُمَّ مَسَحَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ ثُمَّ رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّجُلِ السَّلَامَ .

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کر کے تشریف لائے بحر جمل کے قریب آپ کا سامنا ایک شخص سے ہوا اس نے آپ کو سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ دیوار کے پاس تشریف لائے آپ نے اپنا دست مبارک دیوار پر رکھا پھر آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر ہاتھ پھیرا (یعنی تیمم کیا اور) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے سلام کا جواب دیا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُسَافِرِ اَنْ يَّنْزِلَ فِيْ مَنْزِلٍ بِسَبَبٍ مِنْ اَسْبَابِ هٰذِهِ الدُّنْيَا وَهُوَ غَيْرُ وَاجِدِ الْمَاءَ

1316- إسناده صحيح رجاله رجال البخاري. عبد الله بن يحيى: هو المعافري البرلسي، ويزيدبن الهاد: هو يزيد بْن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ الليثي المدني. وأخرجه أبو داوُد (331)، ومن طريقه البيهقي 1/ 206 عن جعفر بن مسافر، عن عبد الله بن يحيى، بهذا الإسناد. وهو في "مسند أبي عوانة" 1/ 215، وأخرجه الدارقطني 1/ 177 من طريق عبد العزيز الجروي، عن عبد الله بن يحيى، به. وفي الباب عن أبي جهيم الحارث بن الصمة الأنصاري مرفوعًا عند البخاري (337)، وعلقه مسلم (369)، وقد تقدم في الجزء الثالث برقم (805).

مسافر کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ کسی دنیاوی کام کے سلسلے میں ایک جگہ پڑاؤ کر لے اگرچہ اسے وہاں پانی نہ ملتا ہو

1317 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): "خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهِ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ اَوْ بِذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِي فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْتِمَاسِهِ وَاَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ وَلَيْسَ هُمْ عَلٰى مَاءٍ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ" فَجَاءَ اُنَاسٌ اِلٰى اَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ فَقَالُوْا اَلَا تَرٰى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ اَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِالنَّاسِ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ" فَعَاتَبَنِي اَبُوْبَكْرٍ وَّقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ وَجَعَلَ يَطْعُنُ بِيَدِهِ فِيْ خَاصِرَتِيْ فَلَا يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ اِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَاءٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّيَمُّمِ فَتَيَمَّمُوا.

قَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَّهُوَ اَحَدُ النُّقَبَاءِ مَا هٰذَا بِاَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا آلَ اَبِیْ بَكْرٍ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِيْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْنَا الْعِقْدَ تحته .

1317: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے ہم ''بیداء'' کے یا شاید ''ذات الجیش'' کے مقام پر پہنچے تو ہار گر گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہار کی تلاش میں وہاں پڑاؤ کر لیا۔ لوگ بھی آپ کے ساتھ وہاں رک گئے۔ وہاں آس پاس پانی نہیں تھا۔ لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں تھا۔ کچھ لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: کیا آپ نے یہ ملاحظہ فرمایا ہے' سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کیا کیا ہے؟ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور لوگوں کو یہاں رکنے پر مجبور کر دیا ہے حالانکہ یہاں آس پاس پانی نہیں ہے' اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (سیدہ عائشہ پر) ناراضگی کا اظہار کیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ کہا وہ اپنا ہاتھ میرے پہلو پر مارتے رہے' لیکن میں نے حرکت اس لئے نہیں کی تھی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (میری گود) میں سر رکھ کر سور ہے تھے پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے' تو صبح کا وقت ہو گیا تھا اور پانی موجود نہیں تھا' تو اللہ تعالیٰ نے تیمم کے حکم سے متعلق آیت نازل کر دی تو لوگوں نے تیمم کیا۔

اس پر حضرت اسید بن حضیر جو نقباء میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے یہ کہا ہے اے آل ابوبکر یہ آپ کی پہلی برکت نہیں ہے۔
سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جس اونٹ پر میں سوار تھی جب ہم نے اس کو اٹھایا تو اس کے نیچے سے ہمیں ہار مل گیا۔

1317– إسناده صحيح، وأخرجه البغوي في "شرح السنة" (307) من طريق أبي مصعب احمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وتقدم تخريجه برقم (1301).

17- بَابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَغَيْرِهِمَا

باب 17: موزوں اور دوسری چیزوں پر مسح کرنے کا بیان

1318- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ يَعْفُوْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَنَسَ بنَ مالك عن المسح عن الْخُفَّيْنِ فَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يمسح عليهما.

1318: ابویعفور بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں دریافت کیا' توانہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موزوں پر مسح کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ اِنَّمَا اُبِيْحَ عَنِ الْاَحْدَاثِ دُوْنَ الْجَنَابَةِ

موزوں پر مسح کرنے کا حکم حدث کی صورت میں مباح قرار دیا گیا ہے جنابت کی صورت میں نہیں ہے

1319- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بن حبيش، قال:

1318- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو عوانة: هو الوضاح بن عبد الله اليشكري. وأخرجه البيهقي في "السنن" 1/ 275 من طريق سفيان، عن أبي يعفور العبدي أنه رأى أنس بن مالك في دار عمرو بن حريث دعا بماء فتوضأ، ومسح على خفيه. ولم يرفعه أنس في رواية البيهقي.

1319- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو عوانة: هو الوضاح بن عبد الله اليشكري. وأخرجه البيهقي في "السنن" 1/ 275 من طريق سفيان . إسناده حسن من أجل عاصم بن أبي النجود، فإن حديثه لا يرقى إلى الصحة، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (793)، ومن طريقه أخرجه أحمد 4/239-240، والدارقطني 1/196-197، والبيهقي في "السنن" 1/282، وله طرق كثيرة عن عاصم، به مطولًا ومختصرًا عند عبد الرزاق (792) و (795)، والشافعي في "المسند" 1/33، وأحمد 4/239و241، وابن أبي شيبه 1/177-178، والحميدي (881)، والطيالسي (1165) و (1166) والترمذي (96) و (3535) و (3546)، وابن ماجة (478)، الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/82، والنسائي 1/83 و84، والبيهقي 1/114و115و118و276و289، والخطيب في "تاريخه" 9/222و12/78، وأبي نعيم في "الحلية" 7/307، وابن حزم في "المحلى" 2/83، والطبراني في "الصغير" 1/91، وصححه ابن خزيمة (17) و (193) و (197). وأخرجه أحمد 4/240، والطحاوي 1/82، والبيهقي 1/276و282 من طريقين عن أبي روق عطية بن الحارث، عن أبي الغريف عبيد الله بن خليفة، عن صفوان.

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ اَسْاَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ مَا غَدَا بِكَ فَقُلْتُ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ قَالَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَصْنَعُ." فَسَاَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أن نَمْسَحَ ثَلَاثًا اِذَا سَافَرْنَا وَيَوْمًا وَّلَيْلَةً اِذَا اَقَمْنَا وَلَا نَنْزِعُهُمَا مِنْ غَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ ولا نوم ولكن من الجنابة.

1319: زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسال کی خدمت میں حاضر ہوا تا کہ ان سے موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں دریافت کروں۔ انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو۔ میں نے جواب دیا: علم کے حصول کے لئے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''طالب علم کے عمل سے راضی ہو کے فرشتے اپنے پر اس کے لئے بچھا دیتے ہیں''۔

میں نے ان سے موزوں پر مسح کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا کہ اللہ کے رسول نے یہ حکم دیا تھا ہم سفر کر رہے ہوں' تو تین روز اور جب ہم مقیم ہوں' تو ایک دن رات تک مسح کر سکتے ہیں۔ ہم پاخانہ یا پیشاب یا سونے (کی وجہ سے وضو کرتے ہوئے) انہیں اتاریں گے البتہ جنابت (کی صورت میں انہیں اتار کر پاؤں کو دھویا جائے گا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيمِ وَالْمُسَافِرِ مَعًا اِنَّمَا اُبِيحَ عَنِ الْاَحْدَاثِ دُونَ الْجَنَابَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ موزوں پر مسح کرنے کا حکم مقیم اور مسافر دونوں کے لئے ہے' اور اسے حدث لاحق ہونے کی صورت میں مباح قرار دیا ہے جنابت کی صورت میں مباح قرار نہیں دیا ہے

1320 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْعَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقُلْتُ اِنَّهُ حَاكَ فِيْ نَفْسِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَهَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ شَيْئًا قَالَ: نَعَمْ، اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنَّا سَفَرًا اَوْ مسافرين أن لا ننزع خفافنا اَوْ نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ مِنْ غائط ولا بول إلا مِنَ الْجَنَابَةِ."

1320- إسناده حسن. عبد الرحمن بن عمرو البجلي هو الحراني، روى عن جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" 8/381، وقال أبو زرعة: شيخ فيما نقله عنه ابن أبي حاتم 5/267، وقد توبع عليه. وباقي رجاله ثقات. وأخرجه النسائي 1/83-84 في الطهارة: باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر، عن يحيى بن آدم، عن زهير بن معاوية وغيره، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

1320: زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسال مرادی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں میرے ذہن میں کچھ الجھن ہے کیا آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! اللہ کے رسول نے ہمیں یہ حکم دیا تھا جب ہم سفر کی حالت میں ہوں (راوی کہتے ہیں شاید یہ الفاظ ہیں) جب ہم مسافر ہوں، تو پاخانہ یا پیشاب کرنے کے بعد (وضو کرتے ہوئے) تین دن اور تین راتوں تک اپنے موزے الگ نہ کریں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اتاریں نہیں البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے۔

1321 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ قُلْتُ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ قَالَ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أجنحتها لطالب الْعِلْمِ رِضًا لِمَا يَطْلُبُ قُلْتُ حَكَّ فِيْ نَفْسِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وكنت امرأ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُكَ اَسْاَلُكَ هَلْ سَمِعْتَ مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ كَانَ يَاْمُرُنَا إذا كنا سفرا أو مسافرين أن لا ننزع خفافنا ثلاثة أيام ولياليهن إلا من جَنَابَةٍ لٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ.

قُلْتُ لَهُ سَمِعْتَهُ يَذْكُرُ الْهَوَى قَالَ نَعَمْ بَيْنَا نَحْنُ مَعَهُ فِيْ مَسِيرٍ فَنَادَاهُ اَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ جهوري يا محمد فأجابه على نحو كَلَامِهِ قَالَ هَاؤُمُ قُلْنَا وَيْلَكَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتَكَ فَاِنَّكَ نُهِيتَ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ اَرَاَيْتَ رَجُلًا اَحَبَّ قَوْمًا وَّلَمَّا يَلْحَقُهُمْ قَالَ: "هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ اَحَبَّ." ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُحَدِّثُنَا حَتّٰى قَالَ اِنَّ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ بَابًا فَتَحَهُ اللّٰهُ لِلتَّوْبَةِ مَسِيرَةَ اَرْبَعِينَ سنة يوم خلق اللّٰه السماوات والأرض،

1321: زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسال مرادی کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو۔ میں نے جواب دیا: علم کے حصول کے لئے انہوں نے فرمایا۔ طالب علم کی طلب سے راضی ہو کر فرشتے اپنے پر اس کے لئے بچھا دیتے ہیں۔ میں نے عرض کی: پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد (وضو کرتے ہوئے) موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں میرے ذہن میں کچھ الجھن ہے۔ آپ صحابی رسول ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں اس بارے میں دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ کیا آپ نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبانی اس بارے میں کچھ سنا ہے، تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ حکم دیتے تھے۔ جب ہم سفر کی حالت میں ہوں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جب ہم مسافر ہوں، تو تین دن اور تین راتوں تک اپنے موزے نہ اتاریں البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے، تاہم پاخانہ پیشاب یا نیند کی (صورت میں وضو ٹوٹنے پر وضو کرتے ہوئے ہم انہیں نہیں اتاریں گے) میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو

1321– إسناده حسن، وهو مكرر (1319) و (1320)، وروى عنه قوله: "المرء مع من أحب" الطبراني في "الصغير" 1/91 من طريق مبارك بن فضالة، عن عاصم، به.ورواه الطيالسي (1167) من طرق عن عاصم به. وروى القسم الأخير منه الطيالسي (1168) من الطريق السابق.

خواہش کے بارے میں کوئی چیز ذکر کرتے ہوئے سنا ہے۔انہوں نے جواب دیا: جی ہاں ایک مرتبہ ہم سفر کر رہے تھے۔ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز میں پکارا اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کلام کی مانند (بلند آواز میں) اسے جواب دیا: فرمایا: آگے آجاؤ ہم نے (اس دیہاتی) سے کہا تمہارا ستیاناس ہو تم اپنی آواز کو پست کرو۔ تمہیں اس بات سے منع کیا گیا ہے۔(تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اونچی آواز میں بات کرو) اس شخص نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو کسی قوم سے محبت رکھتا ہے' لیکن ان کے ساتھ شامل نہیں ہوتا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قیامت کے دن اس کے ساتھ ہوگا' جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل ہمارے ساتھ بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی: ''مغرب کی سمت میں ایک دروازہ ہے' جس کی چوڑائی چالیس برس کی مسافت جتنی ہے۔اللہ تعالیٰ نے جس دن زمینوں اور آسمانوں کو پیدا کیا اس دن اسے توبہ کے لئے پیدا کیا تھا اور وہ اسے اس وقت تک بند نہیں کرے گا' جب تک سورج اس (مغرب کی) طرف سے طلوع نہیں ہوگا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ اَمْرُ تَرْخِيصٍ وَّسَعَةٍ دُونَ حَتْمٍ وَّاِيجَابٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ موزوں پر مسح کرنے کا حکم رخصت اور گنجائش کے طور پر ہے یہ حتمی اور واجب قرار دینے کے طور پر نہیں ہے

1322 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْغَزَّالُ بِالْبَصْرَةِ حدثنا زياد بن أيوب حدثنا

1322– إسناده صحيح على شرط مسلم، وابن أبي غنية: هو يحيى بن عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ اَبِيْ غَنِيَّةَ، والحكم: هو ابن عتيبة.وأخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" (195) عن أبي هاشم زياد بن أيوب، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبه 1/177، وأحمد 1/113، ومسلم (276) في الطهارة: باب التوقيت في المسح على الخفين، والنسائي 1/84 في الطهارة: باب التوقيت في المسح على الخفين للمقيم، وأبو عوانة 1/361، 362، والبيهقي في "السنن" 1/272و275،وابن حزم في "المحلى" 2/82، والبغوي في "شرح السنة" (238) ، وابن خزيمة في"صحيحه" (194) من طرق عن أبي معاوية، عن الأعمش، عن الحكم به . وسقط الحكم من إسناده "مصنف" ابن أبي شيبه.وأخرجه عبد الرزاق (789) ، ومن طريقه مسلم (276) (85) باب التوقيت في المسح على الخفين، والنسائي 1/84 باب التوقيت في المسح على الخفين للمقيم، وأبو عوانة 1/261،وابن حزم في "المحلى" 2/82، والبيهقي في "السنن" 1/275،وأخرجه الدارمي 1/181 باب التوقيت في المسح، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/81، من طريق سفيان الثوري، عن عمرو بن قيس الملائي، وأحمد 1/96و149 من طريق الحجاج بن أرطاة، كلاهما عن الحكم بن عتيبة، به . وتحرف عتيبة في مطبوع الدارمي إلى عطية .وسيورده المؤلف برقم (1331) من طريق شعبة، عن الحكم، به . ويخرج من طريقه هناك . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/180، والطحاوي 1/81 من طريق أبي إسحاق، عن القاسم بن مخيمرة، به . وأخرجه الحميدي (46) عن سفيان، وعبد الرزاق (788) عن معمر كلاهما عن يزيد بن أبي زياد، عن القاسم بن مخيمرة، به.وأخرجه الطحاوي 1/81 من طريق زبيد، عن الحكم بن عتيبة، عن شريح بن هانيء ، به. سقط من إسناده القاسم بين الحكم وشريح.وأخرجه أحمد 1/117، 118، 6/110، والبيهقي 1/282 من طرق عن شريك، عن المقدام بن شريح، عن أبيه، به.

بن اَبِیْ غَنِیَّةَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَیْمِرَةَ عَنْ شُرَیْحِ بْنِ هَانِیْءٍ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَلْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّیْنِ ثلاثة أيام للمسافر ويوما وليلة للحاضر."

❁❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ رخصت دی تھی کہ مسافر تین دن تک اور مقیم شخص ایک دن اور ایک رات تک موزوں پر مسح کر سکتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفٰى جَوَازَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيمِ اِذَا لَمْ يَكُنْ مُسَافِرًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، مقیم شخص جب مسافر نہ ہو، تو اس کے لئے موزوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے

1323 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ قَیْسٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ

(متن حدیث): دَخَلَ بِلَالٌ ورسول الله صلى الله عليه وسلم الأسواق فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ خَرَجَ قَالَ اُسَامَةُ فَسَاَلْتُ بِلَالًا مَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِلَالٌ ذَهَبَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَیَدَیْهِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَمَسَحَ على الخفين ثم صلى.

❁❁ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بازار تشریف لائے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے پھر آپ نے وضو کرتے ہوئے چہرے اور دونوں بازوؤں کو دھویا۔ آپ نے سر پر مسح کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا پھر آپ نے نماز ادا کی۔

1323- إسناده قوي، على شرط مسلم. وأخرجه الحاكم 1/151 من طريق محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وصححه، ووافقه الذهبي. وأخرجه الشافعي في "المسند" 1/28، والنسائي 1/81، 82 في الطهارة: باب المسح على الخفين، والبيهقي في "السنن" 1/275، والطبراني (1065)، وابن خزيمة في "صحيحه" برقم (185) من طرق عن عبد الله بن نافع، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/151 من طريق أبي نعيم عن داؤد بن قيس، به. وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الحاكم أيضًا 1/151 من طريق مالك بن أنس، عن زيد بن أسلم، به. وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وأخرجه من حديث بلال: ابن أبي شيبه 1/177و178و184، والطيالسي (1116) (1/56بترتيب الساعاتي) والحميدي (150)، وأحمد 6/12و13و14و15، ومسلم (275)، وأبو داؤد (153)، والترمذي (101)، والنسائي 1/75و76، والطبراني (1064) وأبو نعيم 4/178، والخطيب 11/137، من طرق عن بلال.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُسَافِرَ اِنَّمَا اُبِيحَ لَهُ الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ اِذَا اَدْخَلَ الْخُفَّيْنِ عَلٰى طهر

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسافر شخص کے لئے موزوں پر مسح کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہے' جبکہ اس نے باوضو حالت میں پاؤں موزوں میں داخل کئے ہوں

1324 - أخبرنا الخليل بن محمد بن بنت تميم بن المنتصر، بِوَاسِطَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا الْمُهَاجِرُ اَبُوْمَخْلَدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ،عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "اَنَّهُ رخص لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيهِنَّ وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ إذا تطهر ولبس خفيه فليمسح عليهما".

1324: عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' مسافر شخص کو تین دن اور تین راتوں تک اور مقیم کو ایک دن اور ایک رات تک (موزوں پر مسح کرنے) کی رخصت دی ہے' جب آدمی وضو کرنے کے بعد موزوں کو پہن لے' تو وہ ان پر مسح کرسکتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ اِنَّمَا اُبِيحَ اِذَا اَدْخَلَ الْمَرْءُ رِجْلَيْهِ فِي الْخُفَّيْنِ وَهُوَ عَلٰى طُهُوْرٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ موزوں پر مسح کرنے کا حکم اس وقت مباح قرار دیا گیا ہے' جب آپ نے دونوں پاؤں باوضو حالت میں موزوں میں داخل کئے ہوں

1325 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ مَا جَاءَ بِكَ قُلْتُ جِئْتُ اَبْتَغِي الْعِلْمَ قَالَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ يَطْلُبُ الْعِلْمَ اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ

1351– حديث صحيح. محمد بن خالد بن عبد الله: هو الطحان الواسطي: ضعفه غير واحد، وقال المؤلف في "الثقات" 9/90: يخطىء ويخالف، ولكنه لم يتفرد به، فقد توبع عليه، وباقي رجاله ثقات، رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 6/187 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، وأبي كامل، ومسلم (334) في الحيض: باب المستحاضة وغسلها وصلاتها، عن محمد بن جعفر بن زياد، والدارمي 1/200، وأبو عوانة 1/320، عن سليمان بن داؤد الهاشمي، وداؤد بن منصور، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/99 من طريق محمد بن إدريس، كلهم عن إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (160)، ومسلم (334)، والنسائي 1/121، والطحاوي 1/99 من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهري به. وأخرجه عبد الرزاق (1164) عن معمر، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 6/28، والنسائي 1/183، وأبو عوانة 1/323، والطحاوي 1/98، والبيهقي 1/349، من طريق يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ أبي بكر، عن عمرة وانظر ما بعده 1. إسناده صحيح على شرط مسم، وأخرجه البيهقي في "السنن" 1/348 من طريق محمد بن الحسن بن قتيبة، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (334)، وأبو داؤد (285) و (288)، والنسائي 1/119 عن محمد بن سلمة المرادي وابن أبي عقيل، وأبو عوانة 1/321، 322 من طريق حجاج بن إبراهيم، والحاكم 1/173، ومن طريقه البيهقي في "السنن" 1/348 عن أبي العباس محمد بن يعقوب، عن الربيع بن سليمان، أربعتهم عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة 1/322 عن أبي عبد الله، عن عمه، عن عمرو بن الحارث، به. وادعى الحاكم أن مسلمًا لم يخرجه من طريق عمرو بن الحارث هذه، وليس كذلك، كما رأيت، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 6/141 عن يزيد، والبخاري (327) في الحيض عن إبراهيم بن المنذر، عن معن، والطحاوي 1/99 من طريق أسد، وأبو داؤد (291) عن محمد بن إسحاق المسيبي، عن أبيه، أربعتهم عن ابن أبي ذئب، عن الزهري، به. وأخرجه أبو داؤد (292)

اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ،عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتِ اسْتُحِيضَتْ سَبْعَ سِنِيْنَ فَاشْتَكَتْ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واستفته فَقَالَ: لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ هٰذَا لَيْسَ بِحَيْضٍ وَّلٰكِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي ثُمَّ صَلِّي" قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلَاةٍ فَكَانَتْ تَجْلِسُ فِي الْمِرْكَنِ فَيَعْلُو حُمْرَةُ الدَّمِ الْمَاءَ ثُمَّ تصلي.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ام حبیبہ بنت جحش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ انہیں سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی تھی۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا اور آپ سے مسئلہ دریافت کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا یہ حیض نہیں ہے بلکہ کسی دوسری رگ کا مواد ہے۔ تم غسل کر کے نماز ادا کرو۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو ام حبیبہ بنت جحش ہر نماز کے لئے غسل کیا کرتی تھی۔ وہ ایک ٹب میں بیٹھ جاتی تھی' تو خون کی سرخی پانی پر غالب آ جاتی تھی' پھر وہ نماز ادا کیا کرتی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ خَبَرَ عَائِشَةَ هٰذَا تَفَرَّدَ بِهِ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت کو نقل کرنے میں عروہ بن زبیر نامی راوی منفرد ہے

1352 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَعُمْرَةَ،عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اسْتُحِيضَتْ سَبْعَ سِنِيْنَ فَاسْتَفْتَتْ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فِي ذٰلِكَ فَقَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِحَيْضَةٍ وَّلٰكِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي وَصَلِّي." قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ فِيْ مِرْكَنٍ حُجْرَةِ اُخْتِهَا زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حَتّٰى يَعْلُوَ حُمْرَةُ الدَّمِ الماء.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ام حبیبہ بنت جحش' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کی اہلیہ تھیں۔ انہیں سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی۔ انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ کسی دوسری رگ کا مواد ہے تم غسل کر کے نماز ادا کرتی رہو۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ خاتون ہر نماز کے لئے غسل کیا کرتی تھی وہ پتھر کے بنے ہوئے ٹب میں بیٹھ جاتی تھی' اور اس کی بہن سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا تھا یہاں تک کہ خون کی سرخی پانی پر غالب آ جاتی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ خَبَرَ عَمْرَةَ تَفَرَّدَ بِهٖ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَالْاَوْزَاعِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' عمرہ کے حوالے سے منقول روایت کو نقل کرنے میں عمرو بن حارث اور امام اوزاعی منفرد ہیں۔

1353 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ وَالْاَوْزَاعِيُّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَعُمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّهَا قالت استحيضت أم حبيبة بنت جَحْشٍ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اُخْتُهَا زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ سَبْعَ سِنِيْنَ فَشَكَتْ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَهَا "لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنَّهُ عِرْقٌ فَاغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ." فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلَاةٍ وَّكَانَتْ تَقْعُدُ فِيْ مِرْكَنِ اُخْتِهَا فَكَانَتْ حُمْرَةُ الدَّمِ تعلو الماء.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ام حبیبہ بنت جحش کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی۔ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھی۔ ان کی بہن سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھی) اس خاتون کو سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی۔ انہوں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حیض نہیں یہ کسی دوسری رگ کا مواد ہے تم غسل کر کے نماز ادا کرتی رہو' تو وہ خاتون ہر نماز کے لئے غسل کیا کرتی تھی۔ وہ اپنی بہن کے ٹب میں بیٹھ جاتی تھی' اور خون کی سرخی پانی پر غالب آجاتی تھی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُسْتَحَاضَةِ بِتَجْدِيدِ الْوُضُوءِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ

مستحاضہ عورت کو ہر نماز کے وقت از سر نو وضو کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1354 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْخُلْقَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْحَمْزَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ

1353- حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح، وأخرجه أحمد 6/82 عن إسحاق، عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (334) في الحيض: باب المستحاضة وغسلها وصلاتها، وأبو داؤد (290) في الطهارة: باب من روى أن المستحاضة تغتسل لكل صلاة، والنسائي 1/119 في الطهارة: باب ذكر الاغتسال من الحيض، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/119، والبيهقي في "السنن" 1/331 و349، من طريق عن الليث بن سعد، عن ابن شهاب، عن عروة، به. وأخرجه الشافعي 1/40، وأحمد 6/83 ومن طريقه الحاكم 1/173، 174، وأخرجه النسائي 1/117، 119 في الطهارة: باب ذكر الاغتسال من الحيض، والدارمي 1/196 و199، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/99، وأبو عوانة 1/320، والبيهقي 1/327-328 من طرق، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُسْتَحَاضُ الشهر والشهرين قال: "ليس ذلك بِحَيْضٍ وَّلٰكِنَّهٗ عِرْقٌ فَاِذَا اَقْبَلَ الْحَيْضُ فَدَعِي الصَّلَاةَ عَدَدَ اَيَّامِكِ الَّتِيْ كُنْتِ تَحِيْضِيْنَ فِيْهِ فإذا أدبرت فاغتسلي وتوضئي لكل صلاة".

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: فاطمہ بنت ابوحبیش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایک دو ماہ تک استحاضہ کا شکار رہتی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ کسی دوسری رگ کا مواد ہے جب حیض آجائے' تو تم اپنے ان مخصوص ایام میں نماز کو ترک کردو جن ایام میں تمہیں پہلے حیض آیا کرتا تھا اور جب وہ دن گزر جائیں تو تم غسل کر کے ہر نماز کے لئے وضو کر لیا کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ تَفَرَّدَ بِهَا اَبُوْ حَمْزَةَ وَاَبُوْ حَنِيفَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' ان الفاظ کو نقل کرنے میں ابوحمزہ اور ابوحنیفہ نامی راوی منفرد ہے

1355 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ فِيْ عَقِبِ خَبَرِ اَبِيْ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ فَقَالَ: "تَدَعُ الصَّلَاةَ اَيَّامَهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ غُسْلًا وَّاحِدًا ثُمَّ تَتَوَضَّأُ عند كل صلاة.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے استحاضہ کا شکار عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے فرمایا: وہ اپنے مخصوص ایام میں نماز کو ترک کر دے گی پھر ایک ہی مرتبہ غسل کرے گی' اور پھر ہر نماز کے وقت وضو کر لیا کرے گی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ اسْتِخْدَامِ الْمَرْءِ الْمَرْاَةَ الْحَائِضَ فِيْ اَسْبَابِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی اپنی روزمرہ کے کاموں میں حائضہ عورت سے خدمت لے سکتا ہے

1356 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ

1354- وأخرجه أبو عوانة 1/321 من طريق ابن أبي ذئب، عن الزهري، به. وأخرجه الدارمي 1/198، والطحاوي 1/98 من طريقين عن الزهري، عن عروة، به. وأخرجه أبو عوانة 1/322 من طريق سفيان، عن الزهري، عن عمرة، به. وانظر الروايتين المتقدمتين قبل هذه، وتخريجهما في موضعيهما.

السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَهِيِّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْجَارِيَةِ: نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ، اَرَادَ اَنْ يَبْسُطَهَا، فَيُصَلِّي عَلَيْهَا، فَقُلْتُ: اِنَّهَا حَائِضٌ، فَقَالَ: اِنَّ حَيْضَتَهَا لَيْسَتْ فِي يَدِهَا . (3: 65)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنیز سے فرمایا: مجھے جائے نماز پکڑاؤ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ یہ تھا کہ اس کو بچھا کر اس پر نماز ادا کریں میں نے عرض کی: وہ حیض کی حالت میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا حیض اس کے ہاتھ میں نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اسْتِخْدَامَ الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ فِي اَحْوَالِهِ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے احوال میں حائضہ عورت سے خدمت لے سکتا ہے

1357 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ، قُلْتُ: اِنِّي حَائِضٌ، قَالَ اِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِي يَدِكِ . (4: 5)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے مسجد میں سے چٹائی پکڑا دو میں نے

1356- إسناده حسن، إسماعيل السدي، وعبد الله البهي وإن خرج لهما مسلم في " صحيحه " لا يرقى حديثهما إلى الصحة. وباقي رجاله ثقات .وأخرجه الدارمي 1/247 عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/106 عن أبي سعيد، و179 عن عبد الصمد وعبد الرحمٰن بن مهدي، وأبو نعيم في " الحلية " 9/23 من طريق ابن مهدي، ثلاثتهم عن زائدة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن ماجة (632) في الطهارة: باب الحائض تتناول الشيء من المسجد .وأخرجه أحمد 6/110 و114 من طريق شريك، عن العباس بن ذريح، عن البهي، عن عائشة.وأخرجه أحمد 6/111، 112 و245 من طريق إسرائيل، و6/214

1357- إسناده على شرط مسلم إلا أن معاوية بن هشام له أوهام، لكنه قد توبع عليه. وأبو كريب: هو محمد بن العلاء .وأخرجه عبد الرزاق (1258) ومن طريقه أحمد 6/173، وابن الجارود (102)، عن سفيان الثوري، به.وأخرجه البغوي في " شرح السنة " (320) من طريق أبي حذيفة، عن سفيان، به . وأخرجه مسلم (298) في الحيض، عن أبي كريب، عن أبي معاوية، عن الأعمش، به.وأخرجه أحمد 6/45 و229، ومسلم (298)، وأبو داؤد (261)، والنسائي 1/192 من طرق عن أبي معاوية، عن الأعمش، به .وأخرجه النسائي 1/192 عن إسحاق بن إبراهيم، عن جرير، وأبو عوانة 1/314 من طريق محمد بن سلمة المرادي، كلاهما عن الأعمش، به.وأخرجه الترمذي (134)، والنسائي 1/192، عن قتيبة، عن عبيدة بن حميد، وأبو عوانة 1/313 من طريق أبي يحيى الحماني ويحيى بن عيسى الرملي، ثلاثتهم عن الأعمش، به.وأخرجه أحمد 6/114، ومسلم (298) (12)، والبيهقي في " السنن " 2/409، من طريقين عن حجاج وعبد الملك بن حميد بن أبي غنيّة، عن ثابت بن عُبيد، به .وسيورده المؤلف بعده من طريق شعبة عن الأعمش، به، فانظر تخريجه عنده.وأخرجه أبو عوانة 1/314 من طريق مسلم بن صبيح، عن مسروق، عن عائشة.وأخرجه أيضًا 1/314 من حديث أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لعائشة.

عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا حیض تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيَانَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، اس روایت کو سفیان کے حوالے سے نقل کرنے میں معاویہ بن ہشام نامی راوی منفرد ہے

1358 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: اِنِّي حَائِضٌ، قَالَ: اِنَّهَا لَيْسَتْ فِي يَدِكِ فَنَاوَلْتُهُ. (4: 5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ الْاَعْمَشُ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْبَهِيِّ، وَالْقَاسِمِ جَمِيعًا، عَنْ عَائِشَةَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: چٹائی پکڑا دو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا حیض تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے، تو میں نے آپ کو وہ (چٹائی) پکڑا دی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اعمش نے ثابت بن عبید کے حوالے سے بہی اور قاسم دونوں کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ تَرْجِيلِ الْمَرْاَةِ شَعَرَ زَوْجِهَا وَاِنْ لَمْ يَحِلَّ لَهَا اَدَاءُ الصَّلَاةِ فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ

عورت کے لئے اپنے شوہر کے بالوں میں کنگھی کرنا مباح ہے، اگرچہ اس وقت میں اس عورت کے لئے نماز کی ادائیگی جائز نہ ہو (یعنی اس وقت وہ حیض کی حالت میں ہو)

1359 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

1359- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أحمد 6/173 عن محمد بن جعفر، بهذا الاسناد. وأخرجه الطيالسي 1/62، ومن طريقه أبو عوانة 1/313، والبيهقي في " السنن " 1/186، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/101 عن عفان، والدارمي 1/197 و248 عن أبي الوليد الطيالسي، كلاهما عن شعبة، به. (2) إسناده صحيح على شرطهما، وهو في " الموطأ " 1/60، ومن طريق مالك أخرجه البخاري (295) في الحيض، والنسائي 1/193 في الحيض، والدارمي 1/246، وأبو عوانة 1/312، والبيهقي في " السنن " 1/186. وأخرجه أحمد 6/99، 100 و204 و208، والبخاري (296) في الحيض، و (2028) في الاعتكاف، ومسلم (297) (9) في الحيض، وأبو عوانة 1/312، 313، وابن الجارود (104) من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ . (50:4)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں کنگھی کر دیا کرتی تھی۔ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ وَمُشَارَبَتِهَا

حیض والی عورت کے ساتھ بیٹھ کر کھانے پینے کے مباح ہونے کا تذکرہ

1360 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مِسْعَرٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: اِنْ كُنْتُ لَاُوتَى بِالْاِنَاءِ وَاَنَا حَائِضٌ، فَاَشْرَبُ مِنْهُ، ثُمَّ يَاْخُذُهُ فَيَضَعُ فَمَهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ، فَيَشْرَبُ، وَاَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ وَاَنَا حَائِضٌ، فَيَاْخُذُهُ فَيَضَعُ فَمَهُ مَوْضِعَ فِيَّ . (1:4)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات میرے سامنے کوئی برتن آتا میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔ میں اس میں سے پانی پی لیتی تھی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ برتن لے کر اپنا منہ مبارک اس جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا اور پانی پی لیتے تھے۔ اسی طرح میں حیض کی حالت میں کوئی ہڈی چوستی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے لے کے اپنا منہ اسی جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَاْخُذُ الْاِنَاءَ لِتَشْرَبَ وَتَاْخُذُ الْعَرْقَ لِتَاْكُلَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا برتن لے کر اسے پی لیتی تھیں

(بقيه تخريج 1359) وأخرجه الدارمي 1/246 من طريق مالك، عن الزهري، عن عروة، به. وأخرجه عبد الرزاق (1247) وعنه أحمد 6/231 عن معمر، عن الزهري، عن عروة، به. وأخرجه أحمد 6/234، والنسائي 1/193 من طريق عبد الأعلى، والبخاري (2046) في الاعتكاف، من طريق هشام بن يوسف. وأخرجه أحمد 6/230، والنسائي 1/193 من طرق عن الأعمش، عن تميم بن سلمة، عن عروة، به، بلفظ: اغتسل. وأخرجه مسلم (297) (8)، والبيهقي في " السنن " 1/308 من طريق عَمْرِو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُروة، به. وأخرجه عبد الرزاق (1248)، وأحمد 6/261، والبخاري (301) في الحيض، و (2031) في الاعتكاف، ومسلم (297) (10)، والنسائي 1/193، والدارمي 1/247، وأبو عوانة 1/313، والبغوي في " شرح السنة " (317) من طرق عن إبراهيم، عن الأسود، عن عائشة.

1360 - إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو عوانة 1/311 عن الدقيقي وأبي غسان الهمداني، كلاهما عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وقد تقدم (1293) من طريق وكيع، عن مسعر وسفيان الثوري، عن المقدام بن شريح، به. وسبق تخريجه هناك.

اور ہڈی لے کر اس سے (گوشت کو) کھا لیتی تھیں

1361 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: اِنْ كُنْتُ لَآتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْإِنَاءِ، فَآخُذُهُ فَاَشْرَبُ مِنْهُ، فَيَاْخُذُ فَيَضَعُ فَاهُ مَوْضِعَ فِيَّ فَيَشْرَبُ، وَاِنْ كُنْتُ لَآخُذُ الْعَرْقَ مِنَ اللَّحْمِ فَآكُلُهُ، فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ فَيَاْكُلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ. (1:4).

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی برتن لے کر آتی۔ میں اسے لے کر اس میں سے پانی پی لیتی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے لے کر اپنا منہ اس جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا اور پانی پی لیتے تھے۔ اسی طرح میں گوشت والی کوئی ہڈی لیتی اور اسے کھا لیتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ اسی جگہ رکھتے تھے۔ جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا اور آپ اسے کھا لیتے تھے حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ وَمُشَارَبَتِهَا وَاسْتِخْدَامِهَا اِذِ الْيَهُودُ لَا تَفْعَلُ ذٰلِكَ

حیض والی عورت کے ساتھ بیٹھ کر کھانے پینے اور خدمت لینے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ یہودی ایسا نہیں کرتے

1362 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الْيَهُودَ كَانُوا اِذَا حَاضَتْ بَيْنَهُمُ امْرَاَةٌ اَخْرَجُوهَا مِنَ الْبُيُوتِ، وَلَمْ يَاْكُلُوا مَعَهَا وَلَمْ يُشَارِبُوهَا، وَلَمْ يُجَامِعُوهَا فِي الْبُيُوتِ، فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (وَيَسْاَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ) (البقرة: 222)، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوا كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا النِّكَاحَ، فَقَالَتِ الْيَهُودُ: مَا نَرٰى هٰذَا الرَّجُلَ يَدَعُ شَيْئًا مِنْ اَمْرِنَا

1362- إسناده صحيح. محمد بن أبان الواسطي، ذكره المؤلف في "الثقات"، ووثقه مسلمة بن القاسم، وأخرج له البخاري في موضعين في صحيحه، وباقي رجال الإسناد على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي (2052)، وأحمد 3/131 و246، ومسلم (302) في الحيض: باب جواز غسل المرأة الحائض رأس زوجها، وأبو داؤد (258) في الطهارة: باب مؤاكلة الحائض ومجامعتها، و (2165) في النكاح: باب في إتيان الحائض ومباشرتها، والترمذي (2977) في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والنسائي 1/152 و187، وابن ماجة (644) في الطهارة: باب ما جاء في مؤاكلة الحائض وسؤرها، والدارمي 1/245 باب مباشرة الحائض، وأبو عوانة 1/311، والبيهقي في "السنن" 1/313، والبغوي في "شرح السنة" (314)، من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

اِلَّا يُخَالِفُنَا، فَجَاءَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ فَقَالَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، اَفَلَا نَنْكِحُهُنَّ فِي الْمَحِيضِ؟ قَالَ: فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ قَدْ وَجَدَ عَلَيْهِمَا، فَخَرَجَا، فَاسْتَقْبَلَتْهُ هَدِيَّةٌ مِنْ لَبَنٍ، فَبَعَثَ فِيْ اٰثَرِهِمَا، فَظَنَنَّا اَنَّهٗ لَمْ يَجِدْ عَلَيْهِمَا، فَسَقَاهُمَا. (1: 103)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودیوں کا یہ معمول تھا کہ ان کے درمیان کسی عورت کو حیض آ جاتا تھا' تو وہ اسے اپنے گھر سے نکال دیتے تھے۔ (یعنی اس کے ساتھ کھاتے پیتے نہیں تھے) اور گھروں میں اس کے ساتھ نہیں ٹھہرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا گیا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تو فرمادو! وہ گندگی ہے تم لوگ حیض کے دوران عورتوں سے الگ رہو''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیوی کے ساتھ صحبت کرنے کے علاوہ تم سب کچھ کر سکتے ہو۔

اس پر یہودیوں نے کہا ہم نے یہ بات نوٹ کی ہے' یہ صاحب ہمارے معاملے میں ہر بات پر مخالفت کرتے ہیں۔ حضرت اسید بن حضیر اور عباد بن بشر آئے۔ ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہودیوں نے یہ بات کہی ہے' تو کیا ہم حیض کے دوران بیویوں کے ساتھ صحبت بھی نہ کرلیا کریں؟ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ سرخ ہو گیا' یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں پر سخت ناراض ہوئے ہیں۔ یہ دونوں صاحبان چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر دودھ پیش کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو بلوایا۔ اس سے ہمیں اندازہ ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان پر سخت ناراض نہیں ہوئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو (وہ دودھ پلوادیا)

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُضَاجِعَ امْرَاَتَهٗ اِذَا كَانَتْ حَائِضًا

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ لیٹ سکتا ہے جبکہ وہ عورت حیض کی حالت میں ہو

1363 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

(متن حدیث): اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِيْ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهَا، قَالَتْ: بَيْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعَةٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمِيلَةِ اِذْ حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حِيضَتِيْ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَفِسْتِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِيْ، فَاضْطَجَعْتُ مَعَهٗ فِي الْخَمِيلَةِ. (1:4)

سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک لحاف میں لیٹ گئی۔ اسی دوران مجھے حیض آ گیا۔ میں کِس کِس کر باہر آ گئی میں نے اپنے حیض کے کپڑے رکھ لئے اور (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تمہیں حیض آیا ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا اور میں آ کر آپ کے ساتھ لیٹ گئی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَائِضَ اِذَا نَامَ مَعَهَا زَوْجُهَا يَجِبُ اَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُضَاجِعُهَا بَعْدُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب حیض والی عورت کے ساتھ اس کا شوہر سونا چاہے تو یہ بات ضروری ہے وہ عورت تہبند باندھ لے اور پھر وہ مرد اس عورت کے ساتھ لیٹے

1364 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

1363- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه مسلم (296) في الحيض: باب الاضطجاع مع الحائض في لحاف واحد، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 1/149 و188 عن عبيد الله بن سعيد وإسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (298) في الحيض: باب من سمى النفاس حيضًا، عن مكي بن إبراهيم، و (323) باب من اتخذ ثياب الحيض سوى ثياب الطهر، عن معاذ بن فضالة، و (1929) في الصوم: عن مسدد، عن يحيى، والنسائي 1/149 و188 عن إسماعيل بن مسعود، عن خالد بن الحارث، والدارمي 1/243 عن وهب بن جرير، وأبو عوانة 1/310 من طريق أبي داؤد، والبيهقي في " السنن " 1/311 من طريق أبي عمر الحوضي، كلهم عن هشام بن أبي عبد الله الدستوائي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/300 عن عفان، عن همام، والبخاري (322) في الحيض: باب النوم مع الحائض وهي في ثيابها، عن سعد بن حفص، عن شيبان، وأبو عوانة 1/310 و311 من طريق حرب بن شداد وحسين المعلم، كلهم عن يحيى بن أبي كثير، به، ومن طريق البخاري أخرجه البغوي في " شرح السنة " (316). وأخرجه عبد الرزاق (1235) عن معمر، عن يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة بن عبد الرحمٰن، عن أم سلمة. لم يرد بينهما زينب بنت أم سلمة. وأخرجه أحمد 6/294، والدارمي 1/243 عن يزيد بن هارون ويعلى بن عبيد، وابن ماجة (637) عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن محمد بن بشر، ثلاثتهم عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أم سلمة. وأخرجه عبد الرزاق (1236) عن ابن جريج، عن عكرمة، عن أم سلمة بنحوه. وأخرجه ابن أبي شيبة 4/254 عن وكيع، عن الأوزاعي، عن عبدة، عن أم سلمة.

1364- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو كامل الجحدري: هو فضيل بن حسين بن طلحة الجحدري. وأخرجه الطيالسي 1/62 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد، ومن طريق الطيالسي أخرجه أبو عوانة الإسفرايني 1/308. وأخرجه أحمد 6/134 عن عفان، وأبو عوانة 1/308 من طريق أحمد بن عبد الملك، كلاهما عن أبي عوانة، به. وأخرجه عبد الرزاق (1237)، والطيالسي (1375) (1/62)، وابن أبي شيبة 4/254، وأحمد 6/55 و174 و189 و259، والبخاري (300) في الحيض: باب مباشرة الحائض، ومسلم (293) في الحيض: باب مباشرة الحائض فوق الإزار، وأبو داؤد (268) في الطهارة: باب في الرجل يصيب منها ما دون الجماع، والترمذي (132) في الطهارة: باب ما جاء في مباشرة الحائض، والنسائي 1/189 في الحيض: باب مباشرة الحائض، وابن ماجة (636) في الطهارة: باب ما للرجل من المرأة إذا كانت حائضًا، وأبو عوانة 1/308 و309، والدارمي 1/242، وابن الجارود (106)، والبيهقي في " السنن " 1/310، والبغوي في " شرح السنة " (317)، من طرق عن منصور، بهذا

اَبُوْعَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا . (1:4)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب ہم (ازواج) میں سے کسی ایک کو حیض آ جاتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے یہ ہدایت کرتے تھے کہ وہ تہبند کو مضبوطی سے باندھ لیں اور پھر آپ اس خاتون کے ساتھ مباشرت کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاِتِّزَارِ الَّذِىْ تَسْتَعْمِلُ الْحَائِضُ عِنْدَ مُضَاجَعَةِ زَوْجِهَا اِيَّاهَا

تہبند باندھنے کی صفت کا تذکرہ جسکے مطابق حیض والی عورت شوہر کے ساتھ لیٹتے وقت اسے باندھے

1365 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَبِيْبٍ، مَوْلٰى عُرْوَةَ، عَنْ نُدْبَةَ، مَوْلَاةِ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(بقيه تخريج 1364)الإسناد. وأخرجه احمد 6/170 عن هشيم، عن مغيرة، عن إبراهيم، عن عائشة. وأخرجه ابن أبي شيبة 4/254 من طريقه مسلم (293) (2)، وابن ماجة (635) باب ما للرجل من امرأته إذا كانت حائضًا، والبيهقي في " السنن 1/310 عن علي بن مسهر، عن أبي إسحاق الشيباني، وأحمد 6/143 و235 عن يزيد، عن الحجاج، والبخاري (302)، وأبو عوانة 1/309 من طريق علي بن مسهر، عن الشيباني، وابن ماجة (635) من طريق أبي الأحوص، عن عبد الكريم، ومن طريق عبد الأعلى، عن محمد بن إسحاق، جميعهم عن عبد الرحمن بن الأسود، عن أبيه، عن عائشة، وصححه الحاكم 1/172 من طريق جرير، عن الشيباني، عن عبد الرحمن بن الأسود، به. وأخرجه أحمد 6/174 و182 و206، والنسائي 1/151 و189، والدارمي 1/244، والبيهقي في " السنن " 1/314، من طرق عن أبي إسحاق، عن أبي ميسرة عمرو بن شرحبيل، عن عائشة. وأخرجه الطيالسي 1/62، ومن طريقه البيهقي 1/312، وأخرجه أحمد 6/187 عن عبد الرحمن بن مهدي، والدارمي 1/244 عن سليمان بن حرب، ثلاثتهم عن حماد بن سلمة، عن أبي عمران الجوني، عن يزيد بن بابنوس، عن عائشة.

1365- نُدْبة، ويقال: بُدَية: ذكرها المؤلف في " الثقات " 5/487، وذكرها ابن مندة وأبو نعيم في الصحابة، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أبو داوُد (267) في الطهارة: باب في الرجل يصيب منها ما دون الجماع، عن يزيد بن خالد بن موهب، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 4/256، والنسائي 1/151-152 في الطهارة: باب مباشرة الحائض، و 189 في الحيض: باب ذكر ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يصنعه إذا حاضت إحدى نسائه، والدارمي 1/246، والبيهقي في " السنن " 1/313، من طرق عن الليث بن سعد، به. وأخرجه عبد الرزاق (1234) عن ابن جريج، والبيهقي في " السنن " 1/313 من طريق شعيب بن أبي حمزة، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق (1233)، ومن طريقه أحمد 6/336، والطبراني 24/ (16) عن معمر، عن الزهري، عن ندبة، عن ميمونة. وانظر الطبراني (17) و (18) و (19) و (20) و (21). وأخرجه ابن أبي شيبة 4/254، والبخاري (303)، ومسلم (294) في الحيض: باب مباشرة الحائض فوق الإزار، وأبو داوُد (2167)، وأبو عوانة 1/309، 310 والبيهقي في " السنن " 1/311 من طرق عن أبي إسحاق الشيباني، عن عبد الله بن شداد، عن ميمونة. وأخرجه الدارمي 1/244 عن عمرو بن عون، حدثنا خالد، عن الشعبي عن عبد الله بن شداد، عن ميمونة. وأخرجه مسلم (295)، وأبو عوانة 1/310، والبيهقي 1/311 من طريق مخرمة بن بكير، عن أبيه، عن كريب مولى ابن عباس، عن ميمونة.

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ، اِذَا كَانَ عَلَيْهَا اِزَارٌ يَبْلُغُ اَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ، اَوِ الرُّكْبَتَيْنِ فَتَحْتَجِزُ بِهِ . (1:4)

❁❁ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج میں سے کسی خاتون کے ساتھ مباشرت کر لیتے تھے حالانکہ وہ خاتون اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی اور اس خاتون نے تہبند باندھا ہوا ہوتا تھا۔ جو نصف زانوں تک (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) گھٹنوں تک ہوتا تھا وہ خاتون اسے لنگوٹ کے طور پر باندھ لیتی تھیں۔

ذِكْرُ جَوَازِ اتِّكَاءِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ وَمُبَاشَرَتِهِ اِيَّاهَا دُونَ وَضْعِ الْاِزَارِ

مرد کے لئے حیض والی عورت سے ٹیک لگانے اور تہبند کے مقام کے علاوہ جسم کے ساتھ جسم مس کرنے کے جائز ہونے کا تذکرہ

1366 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اُمِّهِ صَفِيَّةَ، عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَيَّ وَاَنَا حَائِضٌ .

(10:5)

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے حالانکہ آپ نے میرے ساتھ ٹیک لگائی ہوتی تھی۔ (اور اس وقت) میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ الْحَائِضِ بِالِاتِّزَارِ عِنْدَ اِرَادَةِ مُبَاشَرَةِ الزَّوْجِ اِيَّاهَا

حیض والی عورت کو اس وقت تہبند باندھنے کا حکم ہونا جب اس کا شوہر اس کے ساتھ مباشرت کرے

1367 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَتَّزِرَ، ثُمَّ يُبَاشِرُهَا . (1:82)

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے کسی ایک (زوجہ محترمہ) کو یہ ہدایت کرتے تھے۔ وہ حیض کی حالت میں ہوں تو تہبند باندھ لیں اور پھر آپ اس خاتون کے ساتھ مباشرت کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَائِشَةَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا اَرَادَتْ بِهٖ ثُمَّ يُضَاجِعُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے الفاظ کہ

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ مباشرت کرتے تھے'' اس سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ ہے' آپ ان کے ساتھ لیٹ جاتے تھے

1368 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُضَاجِعَ بَعْضَ نِسَائِهٖ وَهِيَ حَائِضٌ اَمَرَهَا فَاتَّزَرَتْ. (1: 82)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی کسی زوجہ محترمہ کے ساتھ لیٹتے اور اس وقت وہ حیض کی حالت میں ہوتی' تو آپ اسے یہ حکم دیتے تھے کہ وہ تہبند باندھ لے۔

1368- إسناده صحيح على شرطهما. صفيَّة: هي بنت شيبة بن عثمان بن أبي طلحة العبدرية. وقد تقدم برقم (798) في باب قراء ة القرآن، من طريق سفيان الثوري، عن منصور، بهٰذا الإسناد، واستوفي تخريجه هناك. (2) إسناده صحيح، وهو مكرر (1364). (1) إسناده صحيح على شرطهما؛ أبو معاوية: هو محمد بن خازم، والشيباني: هو أبو إسحاق سليمان بن أبي سليمان. وتقدم في حديث ميمونة برقم (1365) تخريجه من طريق الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ ميمونة. وأورده المؤلف هنا من طريق الشيباني من حديث عائشة. قال الحافظ: وكان الشيباني كان يحدث به تارة من مسند عائشة، وتارة من مسند ميمونة. انظر "الفتح" 1/405، وقد أخرجه الحاكم 1/172 من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، عن الشيباني، عن عبد الرحمٰن بن الأسود، عن أبيه، عن عائشة، وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

19- بَابُ النَّجَاسَةِ وَتَطْهِيرِهَا

نجاست اور اسے پاک کرنے کا بیان

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا كَانَ جُنُبًا اَوْ غَيْرَ جُنُبٍ لَا يَجُوزُ اَنْ يُطْلَقَ عَلَيْهِ اسْمُ النَّجَاسَةِ وَاِنْ وَقَعَ فِي الْمَاءِ الْقَلِيْلِ لَمْ يُنَجِّسْهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان جنبی ہو یا جنبی نہ ہو اس پر نجاست کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا اگر وہ تھوڑے پانی میں داخل ہو تو اسے ناپاک نہیں کرے گا

1369 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، حَدَّثَنِي وَاصِلٌ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا جُنُبٌ، فَاَهْوَى اِلَيَّ، فَقُلْتُ: اِنِّي جُنُبٌ، فَقَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ. (3: 10)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھ سے ملاقات ہوئی میں اس وقت جنابت کی حالت میں تھا۔ آپ نے میری طرف ہاتھ بڑھایا تو میں نے عرض کی: میں جنابت کی حالت میں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان نجس نہیں ہوتا۔

1369- إسناده صحيح على شرطهما . واصل: هو ابن حيان الأحدب، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة الأسدى الكوفي . وأخرجه أحمد 5/384 عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد (230) في الطهارة: باب في الجنب يصافح، وأبو عوانة 1/275 من طريق مسدد، والنسائي 1/145 في الطهارة: باب مماسة الجنب ومجالسته، وابن ماجة (535) باب مصافحة الجنب، عن إسحاق بن منصور، وأبو عوانة 1/275 من طريق عمر بن شبة ومحمد بن أبي بكر، وأبو نعيم في "أخبار أصبهان" 2/73 من طريق هارون بن سليمان، كلهم عن يحيى بن سعيد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/173 ومن طريقه مسلم (372)، وأخرجه أحمد 5/402، وابن ماجة (535)، والبيهقي في "السنن" 1/189، كلهم من طريق وكيع، عن مسعر، به. وصححه ابن خزيمة برقم (1359). وقد تقدم برقم (1258) من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن جَرِيرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ حذيفة، ومن هذه الطريق سيورده المؤلف أيضًا بعد هذا.

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَهْوَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى حُذَيْفَةَ

اس بات کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف بڑھایا تھا

1370 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا لَقِيَ الرَّجُلَ مِنْ اَصْحَابِهِ مَسَحَهُ وَدَعَا لَهُ، قَالَ: فَرَاَيْتُهُ يَوْمًا بُكْرَةً، فَحِدْتُ عَنْهُ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ حِينَ ارْتَفَعَ النَّهَارُ، فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُكَ فَحِدْتَ عَنِّي، فَقُلْتُ: اِنِّي كُنْتُ جُنُبًا فَخَشِيتُ اَنْ تَمَسَّنِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ . (3: 10)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنے اصحاب میں سے جب بھی کسی شخص کے ساتھ ملاقات ہوتی تھی تو آپ اس پر ہاتھ پھیرتے تھے اور اسے دعا دیا کرتے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے صبح کے وقت دیکھا تو ایک طرف ہٹ گیا پھر دن چڑھ جانے کے بعد میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں دیکھا تھا کہ تم (مجھے دیکھ کر) ایک طرف ہٹ گئے تھے میں نے عرض کی: میں اس وقت جنابت کی حالت میں تھا مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں آپ ایسی حالت میں مجھے مس نہ کر لیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان نجس نہیں ہوتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ شَعْرَ الْاِنْسَانِ طَاهِرٌ اِذَا وَقَعَ فِي الْمَاءِ لَمْ يُنَجِّسْهُ، وَاِنْ كَانَ عَلَى الثَّوْبِ لَمْ يَمْنَعِ الصَّلَاةَ فِيهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے انسان کا بال پاک ہوتا ہے

اگر وہ پانی میں گر جائے تو وہ اسے ناپاک نہیں کرتا اور اگر وہ کپڑے پر لگا ہوا ہو تو اس کپڑے میں نماز ادا کرنے سے نہیں روکتا

1371 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى اَبُوْيَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اِسْحَاقَ الْفَزَارِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

1370– إسناده صحيح على شرطهما . جرير: هو ابن عبد الحميد الضبي، والشيباني: هو أبو إسحاق، وأبو بردة: هو ابن أبي موسى الأشعري.وهو مكرر (1258) وتقدم تخريجه هناك.

(متن حدیث): قَالَ: رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ اَمَرَ بِالْبُدْنِ فَنُحِرَتْ - وَالْحَلَّاقُ جَالِسٌ عِنْدَهُ - فَسَوّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَئِذٍ شَعْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَقِّ جَانِبِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى شَعْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِلْحَلَّاقِ: احْلِقْ فَحَلَقَ، فَقَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرَهُ يَوْمَئِذٍ بَيْنَ مَنْ حَضَرَهُ مِنَ النَّاسِ - الشَّعْرَةَ وَالشَّعْرَتَيْنِ - ثُمَّ قَبَضَ بِيَدِهِ عَلٰى جَانِبِ شِقِّهِ الْاَيْسَرِ عَلٰى شَعْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِلْحَلَّاقِ: احْلِقْ، فَحَلَقَ، فَدَعَا اَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيَّ، فَدَفَعَهُ اِلَيْهِ. (8:5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ قِسْمَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرَهُ بَيْنَ اَصْحَابِهِ اَبْيَنُ الْبَيَانِ بِاَنَّ شَعْرَ الْاِنْسَانِ طَاهِرٌ، اِذِ الصَّحَابَةُ اِنَّمَا اَخَذُوا شَعْرَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَتَبَرَّكُوا بِهِ، فَبَيْنَ شَادٍ فِيْ حُجْزَتِهِ، وَمُمْسِكٍ فِيْ تِكَّتِهِ، وَآخِذٍ فِيْ جَيْبِهِ، يُصَلُّوْنَ فِيْهَا، وَيَسْعَوْنَ لِحَوَائِجِهِمْ وَهِيَ مَعَهُمْ، وَحَتّٰى اِنَّ عَامَّةً مِنْهُمْ اَوْصَوْا اَنْ تُجْعَلَ تِلْكَ الشَّعْرَةُ فِيْ اَكْفَانِهِمْ وَلَوْ كَانَ نَجِسًا لَمْ يَقْسِمْ عَلَيْهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّيْءَ النَّجِسَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَتَبَرَّكُوْنَ بِهِ عَلٰى حَسَبِ مَا وَصَفْنَا، فَلَمَّا صَحَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَحَّ ذٰلِكَ مِنْ اُمَّتِهِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ مِنْهُ شَيْءٌ طَاهِرٌ، وَمِنْ اُمَّتِهِ ذٰلِكَ الشَّيْءُ بِعَيْنِهِ نَجِسًا.

محمد بن سیرین' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: قربانی کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ کو کنکریاں ماریں پھر آپ کے حکم کے تحت قربانی کے اونٹوں کو نحر کر دیا گیا۔ سر مونڈنے والا شخص آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اپنے بال سیدھے کئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالوں کے دائیں طرف والے حصے کو اپنی مٹھی میں لیا اور حجام سے کہا تم مونڈھ دو اس نے انہیں مونڈھ دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بال اس دن اپنے پاس موجود افراد میں ایک' ایک دو' دو کر کے تقسیم کر دیے پھر آپ نے اپنے بائیں طرف والے بال مٹھی میں لئے اور حجام سے کہا انہیں مونڈ دو تو اس نے وہ مونڈ دیے۔ آپ نے حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو بلایا اور وہ انہیں دے دیے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے اصحاب کے درمیان اپنے بال تقسیم کرنا اس بات کا واضح بیان ہے کہ انسان کا بال پاک ہوتا ہے کیونکہ صحابہ کرام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک حاصل کیے تھے تاکہ اس کے ذریعے برکت حاصل کریں' تو کسی نے اسے اپنے تہہ بند میں رکھ لیا۔ کسی نے اسے اپنے میں پکڑ لیا۔ کسی نے گریبان میں

1371- إسناده صحيح. مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ: ذكره المؤلف في " الثقات " 9/87 .وأخرجه الحميدي (1220) ، وأحمد 3/208 و256، ومسلم (1305) في الحج: باب بيان أن السنة يوم النحر أنْ يرمي، ثم ينحر، ثم يحلق، والابتداء في الحلق بالجانب الأيمن من رأس المحلوق، وأبو داوُد (1981) و (1982) في المناسك: باب الحلق والتقصير، والترمذي (912) في الحج: باب ما جاء بأي جانبي الرأس يبدأ في الحلق، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 1/371. والبيهقي في " السنن " 1/25، من طرق عن هشام بن حسان، بهذا الإسناد . ومن طريق مسلم أخرجه البغوي في " شرح السنة " برقم (1962) ، ومن طريق الحميدي أخرجه البيهقي في " السنن " 5/134. وأخرجه البخاري (171) في الوضوء : باب الماء الذي يغسل به شعر الإنسان، من طريق ابن عون، عن ابن سيرين، به.

رکھ لیا اور وہ لوگ ان کے سمیت نماز ادا کرتے تھے اور وہ اپنی ضروریات پوری کیا کرتے تھے اور موئے مبارک ان کے ساتھ ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ ان میں سے زیادہ تر نے وصیت کی کہ ان موئے مبارک کو ان کے کفن میں رکھا جائے۔ اگر یہ بال ناپاک ہوتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ ناپاک چیز لوگوں میں تقسیم نہ کرتے۔ جبکہ آپ کو اس بات کا علم بھی تھا کہ وہ اس طرح سے برکت حاصل کریں گے جس طریقے کا ہم نے ذکر کیا ہے' تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات مستند طور پر ثابت ہے' تو آپ کی امت کے حوالے سے بھی یہ بات مستند ہوگی کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ ایک چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود سے پاک ہو اور آپ کی امت کی طرف سے وہی چیز بعینہٖ ناپاک ہو۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ تَرْكَ غَسْلِ الثَّوْبِ الَّذِیْ اَصَابَهٗ بَوْلُ الصَّبِیِّ الْمُرْضَعِ الَّذِیْ لَمْ يَطْعَمْ بَعْدُ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ اس کپڑے کو نہ دھوئے جس پر دودھ پیتے بچے کا پیشاب لگا ہوا ہو جو ابھی کچھ کھاتا نہ ہو

1372 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ

1372– إسحاق بن زيد: ذكره المؤلف في " الثقات " 8/122، وروى عنه جمع، وأورده ابن أبي حاتم 2/220، ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين.وأخرجه عبد الرزاق (1489) ، والحميدي (164) ، عن سفيان الثوري، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن الجارود في " المنتقى " (145) عن ابن المقرىء ، عن سفيان، به. وأخرجه مالك 1/64 في الطهارة: باب ما جاء في بول الصبي، ومن طريقه أخرجه البخاري (222) في الوضوء : باب بول الصبيان، والنسائي 1/157 في الطهارة: باب بول الصبي الذي لم يأكل الطعام، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 1/93، والبيهقي في "السنن " .2/414'وأخرجه ابن أبي شيبة 1/120، وأحمد 6/52 و210 و212، والبخاري (5468) في العقيقة: باب تسمية المولود غداة يولد لمن لم يعق عنه وتحنيكه، و (6002) في الأدب: باب وضع الصبي في الحجر، و (6355) في الدعوات: باب الدعاء للصبيان بالبركة ومسح رؤوسهم، ومسلم (286) في الطهارة: باب حكم بول الطفل الرضيع وكيفية غسله، وابن ماجة (523) في الطهارة، وأبو عوانة 1/201 و202، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 1/92 و93، والبيهقي في " السنن " 2/414: من طرق عن هشام بن عروة، به .(1) تحرف في " الإحسان " إلى: " عون "، وابن أبي عمر: هو محمد بن يحيى الحافظ نزيل مكة.(2) إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه عبد الرزاق (1486) ، والحميدي (343) ، وابن أبي شيبة 1/120، وأحمد 6/355، والبخاري (5693) في الطب: باب السعوط بالقُسط الهندي والبحري، ومسلم (287) ، والترمذي (71) ، وابن ماجة (524) ، وابن الجارود (139) ، وابن خزيمة في " صحيحه " (285) ، والبغوي (294) ، والطبراني في " الكبير " 25/ (435) و (436) من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد.وأخرجه مالك 1/64 في الطهارة: باب بول الصبي، عن الزهري، به. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (223) ، وأبو داوُد (374) ، والدارمي 1/189، والطبراني 25/ (437)، والبغوي (293) ، والنسائي 1/157، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 1/92، وابن خزيمة (286) ، وأبو عوانة 1/202، والبيهقي .2/414'وأخرجه الطيالسي 1/44، وعبد الرزاق (1485) ، و (1486) ، و (20168) ، وأحمد 6/356، ومسلم (287) ، والدارمي 1/189، والطحاوي 1/92، والطبراني 25/ (435) و (438) و (440) و (441) و (442) و (443) و (444) ، وأبو عوانة 1/202 و203، وابن خزيمة (286) ، والبيهقي في " السنن " 2/414، من طرق عن الزهري، به.

الْخَطَّابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيُحَنِّكُهُمْ، فَاُتِيَ بِصَبِيٍّ، فَبَالَ عَلَيْهِ، فَاَتْبَعَهُ الْمَاءَ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ . (1:4)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بچوں کو لایا جاتا تھا۔ آپ انہیں گھٹی دیتے تھے۔ ایک بچے کو لایا گیا' تو اس نے آپ پر پیشاب کردیا۔ آپ نے اس پر پانی چھڑک دیا اس جگہ کو دھویا نہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَائِشَةَ فَاَتْبَعَهُ الْمَاءَ ، اَرَادَتْ بِهٖ رَشَّهُ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول ''پھر آپ نے اس کے پیچھے پانی کیا'' اس سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ ہے' آپ نے اس پر پانی چھڑکا

1373 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ الرَّيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيَّةِ،

(متن حدیث): قَالَتْ: دَخَلْتُ بِابْنٍ لِيْ لَمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَالَ عَلَيْهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ ، فَرَشَّهُ عَلَيْهِ . (1:4)

سیدہ اُمّ قیس بنت محصن اسدیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اپنے بچے کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جو کچھ کھاتا نہیں تھا۔ اس نے آپ پر پیشاب کردیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوا کر اس پر چھڑک دیا۔

ذِكْرُ الْاِكْتِفَاءِ بِالرَّشِّ عَلَى الثِّيَابِ الَّتِيْ اَصَابَهَا بَوْلُ الذَّكَرِ الَّذِيْ لَمْ يَطْعَمْ بَعْدُ

اس کپڑے پر پانی چھڑکنے پر اکتفاء کرنے کا تذکرہ جس پر بچے کا پیشاب لگا ہو' جو ابھی کچھ کھاتا نہ ہو

1374 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيَّةَ، اُخْتَ عُكَّاشَةَ بْنِ مِحْصَنٍ - وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ

1374 - إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه ابنُ خُزيمة في " صحيحه " (286) ، وأبو عوانة 1/202، والطحاوي في " شرح معاني الآثار، 1/92 عن يونس بن عبد الأعلى الصدفي، والبيهقي في " السنن " 2/414 من طريق الربيع بن سليمان المرادي، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم في " صحيحه " (287) (104) عن حرملة بن يحيى، عن ابنِ وَهْبٍ، عَنْ يونُس بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزهري، به. وانظر ما قبله.

الَّتِي بَايَعْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَتْ: جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لِي لَمْ يَأْكُلِ الطَّعَامَ، فَأَخَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَسَهُ فِي حِجْرِهِ، فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاءً فَنَضَحَهُ وَلَمْ يَغْسِلْهُ.

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَمَضَتِ السُّنَّةُ بِأَنْ لَا يُغْسَلَ مِنْ بَوْلِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَأْكُلَ الطَّعَامَ، فَإِذَا أَكَلَ الطَّعَامَ غُسِلَ مِنْ بَوْلِهِ (5: 8)

سیدہ اُم قیس بنت محصن اسدیہ رضی اللہ عنہا جو حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں اور ان مہاجر خواتین میں سے ایک ہیں جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کی تھی وہ بیان کرتی ہیں: میں اپنے بچے کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جو کچھ کھاتا نہیں تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑا اور گود میں بٹھا لیا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑوں پر پیشاب کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی لیا اور اس جگہ پر چھڑک دیا۔ آپ نے اسے دھویا نہیں۔

ابن شہاب کہتے ہیں اس کے بعد یہ رواج چل پڑا کہ بچے کے پیشاب کو دھویا نہیں جاتا جب تک وہ کچھ کھانے کے قابل نہیں ہو جاتا جب وہ کھانے لگے گا' تو اس کے پیشاب کو دھویا جائے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ هٰذَا الْحُكْمَ إِنَّمَا هُوَ مَخْصُوْصٌ فِي بَوْلِ الصَّبِيِّ دُوْنَ الصَّبِيَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ حکم بچے کے پیشاب کے ساتھ مخصوص ہے بچی کے پیشاب کا یہ حکم نہیں ہے

1375 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

1375- إسناده صحيح. وهو في " صحيح ابن خزيمة " (284)، وقال الحافظ في " التلخيص " 1/28: إسناده صحيح إلا أنه اختلف في رفعه ووقفه، وفي وصله وإرساله، وقد رجح البخاري صحته، وكذا الدارقطني. وأخرجه عبد الله بن أحمد في " زوائده " على " المسند " 1/137، والترمذي (610) في الصلاة: باب ما ذكر في نضح بول الغلام الرضيع، عن محمد بن بشار بندار، بهذا الإسناد، ومن طريق الترمذي أخرجه البغوي في " شرح السنة " برقم (296). قال الترمذي: رفع هشام الدستوائي هذا الحديث عن قتادة، وأوقفه سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، ولم يرفعه. قلت: ومن طريق سعيد أخرجه عبد الرزاق وابن أبي شيبة وأبو داؤد كما سيرد. وأخرجه أحمد 1/97 و137، والبيهقي في " السنن " 2/415 من طريق الحارثي، كلاهما عن معاذ بن هشام، به. وأخرجه عبد الله بن أحمد في زيادات " المسند " 1/137، وأبو داؤد (378) في الطهارة: باب بول الصبي يصيب الثوب، وابن ماجة (525) في الطهارة: باب ما جاء في بول الصبي الذي لم يطعم، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 1/92، والدارقطني 1/129، والحاكم 1/165، 166، من طرق عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 1/76 عن عبد الصمد بن عبد الوارث، عن هشام، به. وأخرجه أبو داؤد (377)، ومن طريقه البيهقي في " السنن " 2/415، من طريق سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، عن أبي حرب، عن أبيه، عن علي موقوفًا. وأخرجه أحمد 1/137 عن عبد الصمد بن عبد

اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي بَوْلِ الرَّضِيعِ: يُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ. (5: 8)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیتے بچے کے پیشاب کے بارے میں یہ فرمایا ہے' لڑکے کے پیشاب پر پانی چھڑک دیا جائے گا' اور لڑکی کے پیشاب کو دھویا جائے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمِسْكَ نَجِسٌ غَيْرُ طَاهِرٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' مشک نجس ہوتی ہے یہ پاک نہیں ہوتی

1376 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْعَاصِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): "بِهٰذَا اُمِرْتُ." قَالَ اَعْلَمُ مَا تُحَدِّثُ يَا عُرْوَةُ اَوَ اِنَّ جِبْرِيلَ اَقَامَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقْتَ الصَّلَاةِ قَالَ كَذٰلِكَ كَانَ بَشِيرُ بْنُ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ.

قَالَ عُرْوَةُ وَلَقَدْ حَدَّثَتْنِىْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِىْ حُجْرَتِهَا قبل أن تظهر.

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: ایک دن عمر بن عبدالعزیز نے اپنے عہد خلافت میں (یا گورنری کے زمانے میں) ایک نماز میں تاخیر کردی۔ عروہ بن زبیران کے پاس آئے اور انہوں نے یہ بتایا کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن ایک نماز کو تاخیر سے ادا کیا۔ وہ اس وقت کوفہ میں (گورنر تھے) تو حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے اور بولے: اے مغیرہ! یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ کیا آپ یہ بات نہیں جانتے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے تو انہوں نے نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے بتایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے۔

تو عمر بن عبدالعزیز نے کہا: اے عروہ! آپ غور کریں کہ آپ کیا بیان کر رہے ہیں۔ کیا حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نماز کا وقت قائم کریں گے۔

تو عروہ نے کہا: بشیر بن ابومسعود نے اپنے والد کے حوالے سے اسی طرح حدیث بیان کی ہے۔

عروہ بیان کرتے ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ دھوپ ابھی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں ہی ہوتی تھی اور بلند نہیں ہوئی ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَجْمَلَ عَدَدَ الرَّكَعَاتِ لِلصَّلَوَاتِ فِى الْكِتَابِ وَوَلِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيَانَ ذٰلِكَ بِقَوْلٍ وَّفِعْلٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں نمازوں کی رکعات کی تعداد

کا اجمالی ذکر کیا ہے اور اللہ کے رسول کو اس بات کا نگران مقرر کیا ہے کہ وہ اپنے قول اور فعل کے ذریعے اس کی وضاحت کریں

1451 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ بْنُ

سعد عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ،

(متن حدیث):اَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِنَّا نَجِدُ صَلَاةَ الْحَضَرِ وَصَلَاةَ الْخَوْفِ فِي الْقُرْآنِ وَلَا نَجِدُ صَلَاةَ السَّفَرِ فِي الْقُرْآنِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ يَا بن اَخِي اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ اِلَيْنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَعْلَمُ شَيْئًا فَاِنَّمَا نَفْعَلُ كَمَا رَاَيْنَاهُ يفعل.

امیہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: حضر کی نماز اور خوف کے عالم والی نماز کا ذکر ہم قرآن میں پاتے ہیں لیکن ہمیں سفر کی نماز کا ذکر قرآن میں نہیں ملتا تو حضرت عبداللہ نے ان سے کہا: اے میرے بھتیجے! بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف مبعوث کیا۔ ہمیں کسی چیز کا علم نہیں تھا ہم اسی طرح کرتے ہیں جس طرح ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الصلاة ركعة واحدة غير جائز

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے' ایک رکعت نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے

1452 - اَخبرنا بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

1451- تحرفت في "التقاسيم" 1/لوحة 363و"الإحسان" إلى "عبد الملك" إلا أن ناسخ "الإحسان" أثبت فوق "نسخة": "الله." 2إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 2/94، والنسائي 3/117 في تقصير الصلاة في السفر، وابن ماجة (1066) في إقامة الصلاة: باب تقصير الصلاة في السفر، من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم (946) .وأخرجه البيهقي في "السنن" 3/136 من طريق يونس، عن ابن شهاب، بهذا الإسناد، وفيه "عبد الملك بن أبي بكر."وأخرجه مالك 1/145-146 في قصر الصلاة في السفر، ومن طريقه أحمد 2/65، عن ابن شهاب الزهري، عن رجل من آل خالد بن أسيد، أنه سأل عبد الله بن عمر.

1452- إسناده صحيح، ثعلبة بن زهدم: مختلف في صحبته، وقد جزم بصحة صحبته المؤلف، وابن السكن، وابن منده، وأبو نعيم الأصبهاني، وابن عبد البر، وابن الأثير، وذكره البخاري في "التاريخ" 2/174 وقال: قال الثوري: له صحبة، ولا يصح، وذكره مسلم في الطبقة الأولى من التابعين، وقال الترمذي: أدرك النبي صلى الله عليه وسلم، وعامة روايته عن الصحابة، وقال العجلي: تابعي ثقة، وباقي رجال السند على شرط الشيخين.وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم (1343) .وأخرجه أبو داوُد (1246) في الصلاة: باب من قال يصلي بكل طائفة ركعة ولا يقضون، عن مسدد، والنسائي 3/168 في صلاة الخوف، عن عمرو بن علي. والبيهقي 3/261 من طريق محمد بن أبي بكر.وأخرجه عبد الرزاق (4249)، وابن أبي شيبة 2/461، 462، وأحمد 5/385و399، والنسائي 3/167، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/310، والبيهقي في "السنن" 3/261 من طرق، عن سفيان، به . وصححه الحاكم 1/335، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 5/406،والبيهقي في "السنن" 3/261، 262 من طريق أبي إسحاق، عن سليم بن عبد الله السلولي، عن حذيفة . وسليم: وثقه المؤلف 4/330، وقال: وكان قد شهد غزوة طبرستان، وقال العجلي (601) : كوفي، تابعي، ثقة.وأخرجه أحمد 5/395، عن عفان، عن عبد الواحد بن زياد.

قَالَ حَدَّثَنِي الْاَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَهْدَمٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ بِطَبَرِسْتَانَ فَقَالَ اَيُّكُمْ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْخَوْفِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ اَنَا قَالَ فَقَامَ حُذَيْفَةُ فَصَفَّ النَّاسَ خَلْفَهُ صِفَّيْنِ صَفًّا خَلْفَهُ وَصَفًّا مُوَازِيًا لِلْعَدُوِّ فَصَلّٰى بِالَّذِينَ خَلْفَهُ رَكْعَةً ثُمَّ انْصَرَفَ هٰؤُلَاءِ مَكَانَ هٰؤُلَاءِ وَجَاءَ اُولٰئِكَ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَلَمْ يَقْضُوا.

ثعلبہ بن زہدم بیان کرتے ہیں: ہم لوگ سعید بن العاص کے ساتھ طبرستان میں موجود تھے۔ انہوں نے دریافت کیا: آپ لوگوں میں سے کس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز خوف ادا کی ہے؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے اپنے پیچھے لوگوں کی دو صفیں بنالیں۔ ایک ان کے پیچھے کھڑی ہوگئی اور دوسری صف دشمن کے مدمقابل کھڑی ہوگئی۔ انہوں نے اپنے پیچھے موجود لوگوں کو ایک رکعت نماز پڑھائی پھر یہ لوگ جا کر ان کی جگہ کھڑے ہوگئے اور وہ لوگ آگئے تو انہوں نے انہیں بھی ایک رکعت نماز پڑھائی۔ ان لوگوں نے نماز کی قضا نہیں کی (نماز مکمل نہیں کی یعنی صرف ایک ہی رکعت پڑھی)۔

بَابُ الْوَعِيْدِ عَلٰى تَرْكِ الصَّلَاةِ

باب 2: نماز ادا نہ کرنے پر وعید

1453 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الكفر إلا ترك الصلاة".

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بندے اور کفر کے درمیان فرق صرف نماز کو ترک کرنا''۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتْ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ حَتّٰى خَرَجَ وَقْتُهَا كَافِرٌ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس لفظ کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) نماز کو ترک کرنے والا شخص یہاں تک کہ نماز کا وقت رخصت ہو جائے اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے والا (شمار ہوگا)

1453- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين، غير أبو يوسف- واسمه طلحة بن نافع وقد صرح بالسماع عند مسلم .وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (219) من طريق معاذ بن المثنى، عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد.وأخرجه مسلم (82) في الإيمان: باب إطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة، والترمذي (2618) في الإيمان: باب ما جاء في ترك الصلاة، والبيهقي 3/366، من طرق عن جرير، عن الأعمش، به.وأخرجه أحمد 3/370، وابن أبي شيبة 11/14، والترمذي (2618) و (2619)، والطبراني في "الصغير" 2/14، وابن مندة في "الإيمان" (219) من طريق عن الأعمش، به .وأخرجه مسلم (82)، والدارمي 1/280، وابن منده في "الإيمان" (217)، والبيهقي في "السنن" 3/366 من طريق أبي عاصم، عن ابن جريج، قال: أخبرني أبو الزبير، قال: سمعت جابرًا . وهذا سند صحيح، فقد صرح ابن جريج وأبو الزبير بالتحديث وأخرجه النسائي 1/232 (كما في إحدى نسخ "السنن" في الصلاة) من طريق محمد بن ربيعة .وأخرجه ابن أبي شيبة 11/33، أبو داوُد (4678) في السنة: باب في رد الإرجاء، والترمذي (2620) في الإيمان، وابن ماجة (1078) في الإقامة: باب ما جاء فيمن ترك الصلاة، والدارقطني 2/53، وابن مندة في "الإيمان" (218)، والبغوي (347)، والقضاعي في "مسند الشهاب" (267) من طرق .وأخرجه أحمد 3/389 عن سريج، عن ابن أبي الزناد .وأخرجه الطبراني في "الصغير" 1/134، والقضاعي في "مسند الشهاب" (266)، والبيهقي في "السنن" 3/366 من طريق أبي الربيع الزهراني.

1454 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ الْعَهْدَ الَّذِیْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلَاةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ.

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''بیشک ہمارے اور ان (کفار) کے درمیان بنیادی چیز نماز ہے جو شخص اسے ترک کردے وہ کفر کا مرتکب ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ حَتّٰى خَرَجَ وَقْتُهَا مُتَعَمِّدًا لَا يَكْفُرُ بِهٖ كُفْرًا يُخْرِجُهُ عَنِ الْمِلَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے نماز کو اس طرح ترک کرنے والا شخص

کہ نماز کا وقت رخصت ہو جائے اور وہ شخص جان بوجھ کر ایسا کرے تو ایسا شخص کافر ہو جائے گا یہ عمل اسے اسلام سے باہر کردے گا

1455 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ

1454– إسناده جيد. الحسين بن واقد: ثقة، من رجال مسلم إلا أن له أوهامًا، وباقي السند على شرطهما .وأخرجه الترمذي (2621) في الإيمان: باب ما جاء في ترك الصلاة، والنسائي 1/231 في الصلاة: باب الحكم في تارك الصلاة، عن الحسين بن حريث، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حسن صحيح غريب . ومن طريق الحسين بن حريث صححه الحاكم 1/6، 7، ووافقه الذهبي .وأخرجه الترمذي (2621) أيضًا عن يوسف بن عيسى، عن الفضل بن موسى، به .وأخرجه ابن أبي شيبه 11/34، وأحمد 5/346و355، والترمذي (2621) أيضًا، وابن ماجة (1079) في الإقامة، والدارقطني 2/52، والبيهقي 3/366، من طرق عن الحسين بن واقد، به.

1455– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في مصنف عبد الرزاق برقم (4402) ومن طريقه أخرجه أحمد 2/80، والنسائي 1/289 في المواقيت: باب الحال التي يجمع فيها بين الصلاتين .وأخرجه أبو داؤد (1207) في الصلاة، وأبو عوانة 2/349، 350، والبيهقي في "السنن" 3/159 من طريق حماد بن زيد، عن أيوب، به .وأخرجه الدارقطني 1/391و392 من طريق سفيان الثوري، عن موسى بن عقبة، به .وأخرجه مالك 1/144 في الجمع بين الصلاتين في الحضر والسفر، عن نافع، به، ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (4394) ، والنسائي 1/289 في المواقيت: باب الحال التي يجمع فيها بين الصلاتين، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/161، والبيهقي 3/159، والبغوي (1039) .وأخرجه أحمد 2/4و54و102و106، والترمذي (555) في الصلاة: باب ما جاء في الجمع بين الصلاتين، وأبو عوانة 2/350، والطحاوي 1/162، والبيهقي 3/159 من طريق عبيد الله بن عمر، عن نافع، به . وأخرجه عبد الرزاق (4400) و (4401) ، والبخاري (1668) في الحج: باب النزول بين عرفة وجمع، والنسائي 1/287و288، والدارقطني 1/390و291و392و393، وأبو عوانة 1/350، والطحاوي 1/161 و163، والبيهقي 3/159و160، وابن خزيمة في "صحيحه" (970) من طرق عن نافع، به.وأخرجه الشافعي 1/117، وعبد الرزاق (4393) ، وابن أبي شيبة 2/456، والبخاري

الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَیُّوْبَ وَمُوْسٰی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ:

(متن حدیث): اُخْبِرَ ابْنُ عُمَرَ بِوَجَعِ امْرَاَتِهِ فِي السَّفَرِ فَاَخَّرَ الْمَغْرِبَ فَقِيلَ الصَّلَاةَ فَسَكَتَ وَاَخَّرَهَا بَعْدَ ذَهَابِ الشَّفَقِ حَتّٰى ذَهَبَ هَوِيٌّ مِنَ اللَّيْلِ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَفْعَلُ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ اَوْ حَزَبَهُ اَمر.

1455 نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو سفر کے دوران اپنی بیوی کی بیماری کے بارے میں بتایا گیا' تو انہوں نے مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیا۔ ان سے کہا گیا ہے: نماز کا وقت ہو گیا ہے' تو وہ خاموش رہے۔ انہوں نے اس نماز کو شفق رخصت ہو جانے کے بعد تک مؤخر کیا یہاں تک کہ رات کا کچھ حصہ گزر گیا پھر وہ سواری سے نیچے اترے اور انہوں نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی پھر یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کیا کرتے تھے جب آپ کو تیزی سے سفر کرنا مطلوب ہوتا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ مُتَعَمِّدًا حَتّٰى خَرَجَ وَقْتُهَا لَا يَكْفُرُ بِاسْتِعْمَالِهِ ذٰلِكَ كُفْرًا تَبِينُ امْرَاَتُهُ بِهِ عَنْهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں' جان بوجھ کر نماز کو ترک کرنے والا شخص

یہاں تک کہ اس نماز کا وقت رخصت ہو جائے' اس کے اس عمل کی وجہ سے اس شخص کو ایسا کافر قرار نہیں دیا جائے گا کہ اس کی بیوی اس سے بائنہ ہو جائے

1456 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَحْرٍ الْقَرَاطِيسِيُّ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(بقیه تخریج 1455)(1106) فی تقصیر الصلاة، باب الجمع فی السفر بین المغرب والعشاء ، والنسائی 1/290، والطحاوی 1/161، وابن الجارود (226) ، والبیهقی 3/159، وابن خزیمة فی "صحیحه" (964) و (965) من طریق سفیان بن عیینة، عن الزهری، عن سالم، عن ابن عمر .وأخرجه عبد الرزاق (4392) ، والبخاری (1091) و (1092) فی تقصیر الصلاة: باب یصلی المغرب ثلاثًا فی السفر، و (1109) باب هل یؤذن أو یقیم إذا جمع بین المغرب والعشاء ، و (1673) فی الحج: باب من جمع بینهما ولم یتطوع، والنسائی 1/287 فی المواقیت: باب الوقت الذی یجمع فیه المسافر بین المغرب والعشاء ، وأبو عوانة 2/350، والبیهقی 3/165 من طرق عن الزهری، عن سالم، عن ابن عمر .وأخرجه النسائی 1/285و288، والدارقطنی 1/391، والبیهقی 3/165 من طرق عن سالم، عن ابن عمر .وأخرجه البخاری (1805) فی العمرة: باب المسافر إذا جد به السیر یعجل إلی أهله، و (3000) فی الجهاد: باب السرعة فی السیر، والبیهقی 3/160 من طریق محمد بن جعفر، عن زید بن أسلم، عن أبیه، عن ابن عمر .وأخرجه النسائی 1/286، والطحاوی 1/161، والبیهقی 3/161 من طریق ابن عیینة، عن ابن أبی نجیح، عن إسماعیل بن عبد الرحمٰن بن أبی ذؤیب، عن ابن عمر .وأخرجه أبو داوٗد (1217) فی الصلاة: باب الجمع بین الصلاتین، والبیهقی 3/160 من طریق اللیث بن سعد، عن ربیعة بن أبی عبد الرحمٰن، عن عبد اللّٰه بن دینار، عن ابن عمر.

(متن حدیث): قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّجْمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِي السَّفَرِ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يَدْخُلَ اَوَّلُ وَقْتِ العصر ثم يجمع بينهما.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے دوران دونمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کا ارادہ کرتے تھے تو آپ ظہر کی نماز کو مؤخر کردیتے تھے یہاں تک کہ عصر کا ابتدائی وقت داخل ہوجاتا تھا تو آپ ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کرلیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ مَنْ ترك الصلاة متعمدا إلى أن يدخل وَقْتُ صَلَاةٍ اُخْرٰى لَا يَكْفُرُ بِهٖ كُفْرًا يُوجِبُ دَفْنَهٗ فِيْ مَقَابِرِ غَيْرِ الْمُسْلِمِيْنَ لَوْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جو شخص جان بوجھ کر نماز ترک کرے یہاں تک کہ اگلی نماز کا وقت آ جائے تو وہ ایسا کافر نہیں ہوگا کہ اسے غیر مسلموں کے قبرستان میں دفن کرنا لازم ہو اگر وہ شخص اس نماز کو ادا کرنے سے پہلے فوت ہو جاتا ہے

1457 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ

(متن حدیث): اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبَّةٍ مِنْ شَعْرٍ فَضُرِبَتْ لَهٗ بِنَمِرَةَ فَسَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَشُكُّ قُرَيْشٌ إلا أنه واقف عند الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ. فَاَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهٗ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا

1456- إسناده صحيح. سعيد بن بحر القراطيسي: ذكره المؤلف في "الثقات" 8/272، وقد تحرف فيه "بحر" إلى "بحير"، وترجمه الخطيب في "تاريخه" 9/93، ووثقه، وأورده السمعاني في "الأنساب" 10/84، وباقي رجال الإسناد على شرطهما. وأخرجه مسلم (704) (47) في صلاة المسافرين: باب جواز الجمع بين الصلاتين في السفر، عن عمرو الناقد، وأبو عوانة 2/351 عن عيسى بن أحمد البلخي، والدارقطني 1/389، 390، والبيهقي في "السنن" 3/161، من طريق الحسن بن محمد بن الصباح. وأخرجه الدارقطني 1/390 من طريق عبد الله بن صالح، عن الليث بن سعد، به، وانظر "التلخيص" 2/49، 50.= وأخرجه مسلم (704) (48)، وأبو داؤد (1219) في الصلاة: باب الجمع بين الصلاتين، والنسائي 1/287 في المواقيت: باب الوقت الذي يجمع فيه المسافر بين المغرب والعشاء، وأبو عوانة 2/351، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/164، والبيهقي 3/161، والبغوي (1040) من طرق عن ابن وهب، عن جابر بن إسماعيل، عن عقيل بن خالد، به. وقد تحرف "جابر" في المطبوع من "شرح السنة" إلى "حاتم." وصححه ابن خزيمة (969). وسيورده المؤلف برقم (1592) في باب الجمع بين الصلاتين، من طريق المفضل بن فضالة، عن عقيل بن خالد، به، ويرد تخريجه من طريقه هناك. وله طريق أخرى عند الطبراني في "الأوسط" في سندها يعقوب بن محمد، قال الحافظ في "التقريب": صدوق كثير الوهم، وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 2/160 وقال: رجاله موثقون. وله طريق أخرى أيضًا عند ابن أبي شيبه 2/456، 457، والبزار (668) ورجاله ثقات إلا أن فيه عنعنة ابن إسحاق.

حَتّٰى إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ لَهُ فَاَتٰى بَطْنَ الْوَادِيْ، فَخَطَبَ النَّاسُ ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا.

اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ وَاَنَّ اَوَّلَ دَمٍ أضعُ من دمائنا دم بن رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ كَانَ مُسْتَرْضَعًا فِيْ بَنِيْ لَيْثٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَاءِ فَإِنَّكُمْ اَخَذْتُمُوْهُنَّ بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللّٰهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ اَنْ لَا يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ أحدا تَكْرَهُوْنَهُ، فَاِنْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَقَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ كِتَابَ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تُسْاَلُوْنَ عَنِّيْ فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ؟ " قَالُوْا نَشْهَدُ اَنْ قَدْ بَلَّغْتَ فَاَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا اِلَى السَّمَاءِ وَيَنْكُتُهَا اِلَى النَّاسِ: "اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ." ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثم أقام فصلى العصر و لم يصلى بَيْنَهُمَا شَيْئًا.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ لَمَّا جَازَ تَقْدِيْمُ صَلَاةِ الْعَصْرِ عَنْ وَقْتِهَا وَلَمْ يَسْتَحِقَّ فَاعِلُهُ اَنْ يَكُوْنَ كَافِرًا كَانَ مِنْ اَخَّرَ الصَّلَاةَ عَنْ وَقْتِهَا ثُمَّ اَدَّاهَا بَعْدَ وَقْتِهَا أولى أن لا يكون كافرا.

امام جعفر صادق اپنے والد (امام محمد باقر) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوتے تو انہوں نے بتایا (حجۃ الوداع کے موقع پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت بالوں سے بنا ہوا خیمہ لگا دیا گیا وہ آپ کے لئے نمرہ میں لگایا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے۔ قریش کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ آپ مشعر حرام کے قریب وقوف کریں گے، جس طرح قریش زمانہ جاہلیت میں کیا کرتے تھے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے آگے بڑھ گئے اور آپ عرفہ تشریف لے آئے۔ وہاں آپ نے یہ دیکھا کہ وادی نمرہ میں آپ کے لئے خیمہ لگا دیا گیا ہے۔ وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ کیا یہاں تک کہ جب سورج ڈھل گیا، تو آپ کے حکم کے تحت آپ کی اونٹنی قصواء پر پالان رکھ دیا گیا۔ آپ وادی کے نشیبی حصے میں تشریف لائے۔ آپ نے لوگوں سے خطاب کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

''تمہاری جانیں اور تمہارے مال ایک دوسرے کے لئے اسی طرح قابل احترام ہیں جس طرح یہ دن اس مہینے میں اور اس شہر میں قابل احترام ہے''۔

خبردار! زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھنے والی ہر چیز میرے دونوں پاؤں کے نیچے رکھی گئی ہے، اور زمانہ جاہلیت کا ہر خون معاف ہو

1457- حديث صحيح، هشام بن عمار وإن كان فيه ضعف- قد توبع . وأخرجه أبو داؤد (1905) في المناسك: باب صفة حجة النبي صلى الله عليه وسلم، ومن طريقه البيهقي في "السنن" 5/7و49، وأخرجه ابن ماجة (3074) في المناسك: باب حجة النبي صلى الله عليه وسلم. كلاهما عن هشام بن عمار، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1218) في الحج: باب حجة النبي صلى الله عليه وسلم، وأبو داؤد (1905)، والنسائي 1/290 في الجمع بين الظهر والعصر بعرفة، والدارمي 2/44و49، وابن الجارود (469)، والبيهقي 5/7-9، من طرق عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 2/54، ومن طريقه البغوي في "شرح السنة" (1928) عن إبراهيم بن محمد وغيره، وأبو داؤد (1906) من طريق عبد الوهاب الثقفي، وسليمان بن بلال، كلهم عن جعفر بن محمد، به.

گیا ہے۔سب سے پہلا خون جو میں معاف کرتا ہوں وہ ربیعہ بن حارث کے صاحب زادے کا ہے' جو بنولیث میں دودھ پیتے بچے تھے اور ہذیل قبیلے کے لوگوں نے انہیں ماردیا تھا تم لوگ خواتین کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا' کیونکہ تم نے اللہ کی امان میں انہیں حاصل کیا ہے' اور اللہ تعالیٰ کے کلمے کے مطابق ان کی شرم گاہوں کو حلال کیا ہے تمہارا ان پر یہ حق ہے' وہ تمہارے بچھونے پر کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو' اگر وہ ایسا کرتی ہیں' تو تم زیادتی کیے بغیر ان کی پٹائی کرو اور ان کا تم پر یہ حق ہے' تم انہیں رزق اور لباس مناسب طور پر فراہم کرو میں تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑ کر جارہا ہوں کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھام لو تو اس کے بعد کبھی گمراہ نہیں ہوگے وہ اللہ کی کتاب ہے' جب تم سے میرے بارے میں دریافت کیا جائے گا' تو تم کیا جواب دو گے؟ لوگوں نے کہا: ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں' آپ نے تبلیغ کر دی ہے' (فریضہ رسالت کو) ادا کر دیا ہے آپ نے خیر خواہی کی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی کو آسمان کی طرف بلند کیا اور پھر اسے لوگوں کی طرف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اے اللہ! تو گواہ ہو جا'' یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر اذان ہوئی اقامت کہی گئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی پھر اقامت کہی گئی آپ نے عصر کی نماز پڑھائی آپ نے ان دونوں کے درمیان کوئی (نفل) نماز ادا نہیں کی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب عصر کی نماز کو اپنے مخصوص وقت سے پہلے ادا کرنا جائز ہے اور ایسا کرنے والا شخص اس بات کا مستحق نہیں ہوتا کہ اسے کافر قرار دیا جائے' تو جو شخص نماز کو اپنے وقت سے مؤخر کر دیتا ہے پھر اس کا وقت گزر جانے کے بعد ادا کرتا ہے' تو وہ اس بات کا زیادہ مستحق ہوتا ہے کہ وہ کافر نہ ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ مُتَعَمِّدًا لَا يَكْفُرُ كُفْرًا لَا يَرِثُهُ وَرَثَتُهُ الْمُسْلِمُوْنَ لَوْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَهَا

چوتھی روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جان بوجھ کر نماز کو ترک کرنے والا شخص اس طرح کا فر نہیں ہوگا کہ اس کے مسلمان وارث اس کے وارث ہی نہ بنیں' اگر وہ اس نماز کو ادا کرنے سے پہلے ہی فوت ہو جاتا ہے

1458 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَّزِيْدَ

1458- إسناده صحيح على شرطهما . ابو الطُّفيل : هو عامر بن واثلة الليثي، ولد عام أُحُد، ورأى النبي صلى الله عليه وسلم، وروى عن أبي بكر فمن بعده، وعُمِّر إلى أن مات سنة عشر ومئة على الصحيح، وهو آخر من مات من الصحابة، قاله مسلم وغيره.وأخرجه أحمد 5/241، 242، وأبو داؤد (1220) في الصلاة: باب الجمع بين الصلاتين، والترمذي (553) و (554) في الصلاة: باب ما جاء في الجمع بين الصلاتين، والدارقطني 1/392و393، والبيهقي في "السنن" 3/163، والخطيب في "تاريخه" 12/465و466 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد . وسيعيده المؤلف من طريقه برقم (1593) في باب الجمع بين الصلاتين.وأخرجه البيهقي 3/162، وأبو نعيم في "الحلية" 7/89 من طريق سفيان، عن عمرو بن دينار، عن أبي الطفيل، به.وسيورده المؤلف برقم (1591) من طريق قرة بن خالد، وبرقم (1595) من طريق مالك .

بْنِ اَبِیْ حَبِیبٍ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِیْ غَزْوَۃِ تَبُوکَ فَکَانَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ زَیْغِ الشَّمْسِ اَخَّرَ الظُّھْرَ حَتّٰی یَجْمَعَھَا اِلَی الْعَصْرِ فَیُصَلِّیَھِمَا جَمِیْعًا وَّاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ زَیْغِ الشَّمْسِ صَلَّی الظُّھْرَ وَالْعَصْرَ جَمِیْعًا ثُمَّ سَارَ وَکَانَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ الْمَغْرِبِ اَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتّٰی یُصَلِّیَھَا مَعَ الْعِشَاءِ وَاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ الْمَغْرِبِ عَجَّلَ الْعِشَاءَ وَصَلَّاھَا مع المغرب.

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک کے لئے روانہ ہوئے جب آپ سورج ڈھلنے سے پہلے روانہ ہو جاتے تھے تو آپ ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے یہاں تک کہ اسے عصر کے ساتھ جمع کر دیتے تھے اور وہ دونوں نمازیں ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے اور جب آپ سورج ڈھلنے کے بعد روانہ ہوتے تھے تو آپ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ ادا کرتے تھے پھر روانہ ہوتے تھے جب آپ مغرب سے پہلے روانہ ہو جاتے تھے تو آپ مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے یہاں تک کہ اسے عشاء کے ہمراہ ادا کرتے تھے اور جب آپ مغرب کے بعد روانہ ہوتے تھے تو آپ عشاء کی نماز کو جلدی ادا کرتے تھے اور اسے مغرب کے ساتھ پڑھ لیتے تھے۔

ذِکْرُ خَبَرٍ خَامِسٍ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ تَارِکَ الصَّلَاۃِ بَعْدَ اَنْ وَجَبَ عَلَیْہِ اَدَاؤُھَا وَاِنْ ذَھَبَ وَقْتُھَا لَا یَکُوْنُ کَافِرًا کُفْرًا یَکُوْنُ مَالُہٗ بِہٖ فَیْئًا لِلْمُسْلِمِیْنَ

پانچویں روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جب آدمی پر نماز واجب ہو چکی ہو

تو اس کو ترک کرنے والا شخص یہاں تک کہ اس نماز کا وقت رخصت ہو جائے تو وہ شخص اس طرح سے کافر نہیں ہو گا کہ اس کا مال مسلمانوں کے لئے مال فے کی حیثیت اختیار کر جائے

1459 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْیَعْلٰی حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ حَدَّثَنَا بن فُضَیْلٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ کَیْسَانَ

1459– إسناده جيد، يزيد بن كيسان: صدوق من رجال مسلم إلا أنه يخطيء، وباقي رجال السند على شرطهما. ابن فضيل: هو محمد، وأبو حازم: هو سليمان الكوفي الأشجعي. وأخرجه أحمد 2/428، 429، ومن طريقه أبو عوانة 2/252، وأخرجه مسلم (680) (310) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والنسائي 1/298 في المواقيت: باب كيف يقضي الفائت من الصلاة، عن محمد بن حاتم ويعقوب بن إبراهيم الدورقي، وابن خزيمة في "صحيحه" (988) عن محمد بن بشار، والبيهقي في "السنن" 2/218 من طريق محمد بن أبي بكر، كلهم عن يحيى بن سعيد، عن يزيد بن كيسان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة 2/251 من طريق الوليد بن القاسم، عن يزيد بن كيسان، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/64، وابن الجارود (240) من طريقين، عن أبي حازم، به. وسيورده المؤلف برقم (2069) من طريق الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة، ويرد تخريجه هناك. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/402 عن روح بن الفرج، عن أبي مصعب الزهري، عن ابن أبي حازم، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیہِ، عَنْ اَبِیْ هريرة. وسيورده المؤلف برقم (1579) من حديث أبي قتادة، وبرقم (1580) من حديث عبد الله بن مسعود.

عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): عَرَّسْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَلَمْ نَسْتَيْقِظْ حَتّٰى آذَتْنَا الشَّمْسُ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لِيَاْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ رَاحِلَتَهُ ثُمَّ يَتَنَحّٰى عَنْ هٰذَا الْمَنْزِلِ"، ثُمَّ دَعَا بِالْمَاءِ فَتَوَضَّاَ فَسَجَدَ سجدتين ثم أقيمت الصلاة.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ فِيْ تَاْخِيرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَنِ الْوَقْتِ الَّذِیْ اَثْبَتَهُ اِلٰى اَنْ خَرَجَ مِنَ الْوَادِی دَلِيْلٌ صَحِيحٌ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ اِلٰى اَنْ يَّخْرُجَ وَقْتُهَا لَا يَكُوْنُ كَافِرًا اِذْ لَوْ كَانَ كَذٰلِكَ لَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَدَاءِ الصَّلَاةِ فِيْ وَقْتِ انْتِبَاهِهِمْ مِنْ مَنَامِهِمْ وَلَمْ يَاْمُرْهُمْ بِالتَّنَحِّي عَنِ الْمَنْزِلِ الَّذِیْ نَامُوْا فِيْهِ وَالْفَرْضُ لَازِمٌ لَهُمْ قَدْ جاز وقته.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رات کے وقت پڑاؤ کیا ہم لوگ بیدار نہیں ہو سکے یہاں تک کہ سورج نے ہمیں بیدار کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں ہر شخص اپنی سواری کو پکڑ لے اور پھر اس پڑاؤ کی جگہ سے کچھ ہٹ جائے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوا کر وضو کیا پھر دو رکعت نماز ادا کی پھر نماز قائم کی گئی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کیلئے جو وقت مقرر کیا تھا۔ آپ کا اس نماز کو تاخیر سے ادا کرنا یہاں تک کہ آپ کا اس وادی سے باہر چلے جانا اس بات کی صحیح دلیل ہے کہ نماز اتنی دیر تک ترک کرنے والا شخص کہ اس کا وقت رخصت ہو جائے تو وہ کافر نہیں ہوگا کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو ہدایت کرتے کہ وہ نماز کو اس وقت ادا کر لیں جب نیند سے بیدار ہوئے تھے اور آپ انہیں یہ ہدایت نہ کرتے کہ اس جگہ سے کچھ ہٹ جائیں جہاں وہ سوئے رہ گئے تھے اور فرض ان کیلئے اس وقت لازم تھا۔ جب ان کا وقت بھی جائز ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ سَادِسٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ مُتَعَمِّدًا مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ لَا يُوجِبُ عَلَيْهِ ذٰلِكَ اِطْلَاقُ الْكُفْرِ الَّذِیْ يُخْرِجُهُ عَنْ ملة الإسلام به

اس چھٹی روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جان بوجھ کر کسی عذر کے بغیر نماز کو ترک کرنے والے شخص پر اس کفر کا اطلاق کرنا لازم نہیں ہوگا جو آدمی کو دین اسلام سے خارج کر دے

1460 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ موسى أخبرنا عبد الله عن سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَيْسَ فِی النَّوْمِ تَفْرِيطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيطُ عَلٰى مَنْ لَمْ يُصَلِّ الصَّلَاةَ حَتّٰى يَجِیْءَ وَقْتُ صَلَاةٍ اُخْرٰى".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ فِیْ اِطْلَاقِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ "التفریط" علی من لم یصل الصلاۃ حتی دَخَلَ وَقْتُ صَلَاۃٍ اُخْرٰی بَیَانٌ وَاضِحٌ اَنَّہٗ لَمْ یَکْفُرْ بِفِعْلِہٖ ذٰلِکَ اِذْ لَوْ کَانَ کَذٰلِکَ لَمْ یُطْلِقْ عَلَیْہِ اسْمُ التَّاْخِیرِ وَالتَّقْصِیرِ دون إطلاق الکفر.

❀❀ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''نیند میں تفریط نہیں ہے تفریط اس شخص کے لئے ہے' جو اس وقت تک نماز ادا نہیں کرتا جب تک دوسری نماز کا وقت نہیں آجاتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں لفظ تفریط اس شخص کیلئے استعمال کیا ہے' جو نماز کو ادا نہیں کرتا یہاں تک کہ اگلی نماز کا وقت ہو جاتا ہے تو یہ اس بات کا واضح بیان ہے کہ ایسا کرنے والا شخص کافر نہیں ہوگا کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس فعل کیلئے کفر کا لفظ استعمال کرنے کی بجائے تاخیر یا کوتاہی کا لفظ استعمال نہ کرتے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ سَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ وَّلَا نَوْمٍ حَتّٰى يَخْرُجَ وَقْتُهَا لَا يَكْفُرُ بِذٰلِكَ كُفْرًا يَكُوْنُ ضِدَّ الْاِسْلَامِ

اس ساتویں روایت کا تذکرہ' اس بات پر دلالت کرتی ہے' بھولے بغیر اور سوئے بغیر نماز کو ترک کرنے والا شخص یہاں تک کہ نماز کا وقت رخصت ہو جائے

تو اس کو اس طرح سے کافر قرار نہیں دیا جائے گا' جو اسلام کی ضد ہے

1460- إسناده صحيح على شرط مسلم . عبد اللّٰه: هو ابن المبارك .وأخرجه النسائي 1/294 في المواقيت: باب فيمن نام عن الصلاة، عن سويد بن نصر، عن عبد اللّٰه بن المبارك، بهٰذا الإسناد.وأخرجه مسلم (681) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، عن شيبان بن فروخ، وأبو داوٗد (441) من طريق الطيالسي، وابن الجارود (153) ، من طريق موسى بن إسماعيل، والدارقطني 1/386 من طريق علي بن الجعد وشيبان بن فروخ، وأبو عوانة 2/257 والبيهقي في "السنن" 1/404و2/216 من طريق يحيى بن أبي بكير، كلهم عن سليمان بن المغيرة، به .وأخرجه أحمد 5/298، وأبو داوٗد (437) في الصلاة: باب في من نام عن الصلاة أو نسيها، والدارقطني 1/386، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 1/401 من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت البناني، به .ومن طريق أبي داوٗد أخرجه البغوي في "شرح السنة" (439) .وأخرجه الترمذي (177) في الصلاة: باب ما جاء في النوم عن الصلاة، والنسائي 1/294 في المواقيت: باب فيمن نام عن الصلاة، عن قتيبة بن سعيد، وابن خزيمة في "صحيحه" (989) عن أحمد بن عبدة الضبي، كلاهما عن حماد بن زيد، عن ثابت، به. ومن طريق النسائي أخرجه ابن حزم في "المحلى" 3/15.وأخرجه عبد الرزاق (2240) من طريقين عن قتادة، وأحمد 5/305 من طريق بكر بن عبد اللّٰه، وأبو داوٗد (438) ، والبيهقي 2/217 من طريق خالد بن سمير، ثلاثتهم عن عبد اللّٰه بن رباح، به .وسيورده المؤلف برقم (1579) من طريق حصين بن عبد الرحمٰن، عن عبد اللّٰه بن أبي قتادة، عن أبيه، به. ويرد تخريجه هناك.

1461 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ عَرَّسْنَا فَغَلَبَتْنَا اَعْيُنُنَا وَمَا اَيْقَظَنَا اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ فَكَانَ الرَّجُلُ يَقُوْمُ اِلٰى وَضُوئِهِ دَهِشًا فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فتوضؤوا ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ صَلُّوا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلَّى الْفَجْرَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَرَّطْنَا اَفَلَا نُعِيْدُهَا لِوَقْتِهَا مِنَ الْغَدِ فَقَالَ: "يَنْهَاكُمْ رَبُّكُمْ عَنِ الرِّبَا ويقبله منكم إنما التفريط في اليقظة".

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے جب رات کا آخری حصہ آیا تو ہم نے پڑاؤ کر لیا ہماری آنکھ لگ گئی ہمیں سورج کی تپش نے بیدار کیا ہر شخص خوف زدہ ہو کر وضو کے لئے اٹھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ہدایت کی انہوں نے وضو کر لیا پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا انہوں نے اذان دی پھران لوگوں نے فجر کی دو رکعات ادا کیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا۔ انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سے کوتاہی ہوئی ہے۔ کیا ہم اس نماز کو کل اس کے وقت میں دوبارہ ادا نہ کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا پروردگار تمہیں سود سے منع کرتا ہے تو کیا وہ خود تم سے اسے قبول کر لے گا؟ کوتاہی جاگنے کے عالم میں ہوتی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَامِنٍ يَنْفِي الرَّيْبَ عَنِ الْخُلْدِ بِاَنَّ تَارِكَ الصَّلَاةِ مُتَعَمِّدًا مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ وَّلَا نَوْمٍ وَّلَا وُجُودِ عُذْرٍ حَتّٰى يَخْرُجَ وَقْتُهَا لَا يَكُوْنُ كَافِرًا كُفْرًا يُؤَدِّي حُكْمَهُ اِلٰى حُكْمِ غَيْرِ الْمُسْلِمِيْنَ

اس آٹھویں روایت کا تذکرہ جو اس بات کی مکمل نفی کرتی ہے' بھولے بغیر' جان بوجھ کر نماز کو ترک کرنے والا شخص اور کسی نیند کے علاوہ یا کسی عذر کے بغیر نماز کو ترک کرنے والا شخص

یہاں تک کہ نماز کا وقت رخصت ہو جائے وہ اس طرح سے کافر نہیں ہوگا کہ اس کا کفر اس کے حکم کو غیر مسلموں کی طرف لے جائے

1461- حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح إلا أن فيه عنعنة الحسن، وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم (994) .وأخرجه أحمد 4/441 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد أيضًا 4/441، والدارقطني 1/385، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/400، من طريق روح بن عبادة، عن هشام بن حسان، به . وأخرجه أحمد 4/441، والبيهقي في "السنن" 2/217 من طريق مكي بن إبراهيم وزائدة بن قدامة، عن هشام، به .وأخرجه الشافعي 1/54، 55، وأبو داؤد (443) في الصلاة، والدارقطني 1/383، والطحاوي 1/400من طرق عن يونس بن عبيد، عن الحسن البصري، به.وأخرجه عبد الرزاق (2241) من طريق ابن عيينة، عن إسماعيل بن مسلم، عن الحسن، به.وتقدم برقم (1301) و (1302) في باب التيمم من طريق أبي رجاء العطاردي، عن عمران بن حصين، وأوردت تخريجه من طريقه هناك.

1462 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بن أسماء عن نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَى فِيهِمْ يَوْمَ انْصَرَفَ عَنْهُمُ الْاَحْزَابُ: "اَلَا لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدٌ الظُّهْرَ اِلَّا فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ." فَاَبْطَاَ نَاسٌ فَتَخَوَّفُوا فَوْتَ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَصَلُّوا وَقَالَ آخَرُوْنَ لَا نُصَلِّي اِلَّا حَيْثُ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ فَاتَ الْوَقْتُ فَمَا عَنَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدًا من الفريقين.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ لَوْ كَانَ تَاْخِيرُ الْمَرْءِ لِلصَّلَاةِ عَنْ وَقْتِهَا اِلَى اَنْ يَدْخُلَ وَقْتُ الصَّلَاةِ الْاُخْرَى يَلْزَمُهُ بِذٰلِكَ اسْمُ الْكُفْرِ لَمَّا اَمَرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتَهُ بِالشَّيْءِ الَّذِي يَكْفُرُوْنَ بِفِعْلِهِ وَلَعَنَّفَ فَاعِلَ ذٰلِكَ فَلَمَّا لَمْ يُعَنِّفْ فَاعِلَهُ دَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى أنه لم يكفر كفرا يشبه الارتداد.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: (غزوۂ احزاب کے موقع پر جب دشمن) کے لشکر واپس چلے گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں حکم دیا خبردار! کوئی بھی شخص ظہر کی نماز بنوقریظہ (کے علاقے) میں پہنچنے سے پہلے ہرگز ادا نہ کرے کچھ لوگوں کو جانے میں تاخیر ہوگئی انہیں نماز کا وقت فوت ہو جانے کا اندیشہ ہوا تو انہوں نے نماز ادا کر لی دوسرے لوگوں نے یہ کہا: ہم اسی طرح نماز ادا کریں گے۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا ہے اگرچہ نماز کا وقت رخصت ہو جائے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں فریقوں میں سے کسی پر بھی ناراضگی کا اظہار نہیں کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) آدمی کا نماز میں اتنی تاخیر کر دینا کہ اگلی نماز کا وقت شروع ہو جائے۔ اگر ایسا کرنے کے نتیجے میں اس پر کفر کا اطلاق لازم ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کو کسی ایسی چیز کی تعلیم نہ دیتے جس کو کرنے کی وجہ سے وہ لوگ کافر ہو جاتے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مرتکب شخص پر شدید انکار کا اظہار کرتے۔ آپ کا اس پر شدید انکار کا اظہار نہ کرنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ایسا شخص اس طرح سے کافر نہیں ہوتا جو مرتد ہونے سے مشابہت رکھتا ہے۔

1462- إسناده صحيح على شرط البخاري . وأخرجه البخاري (946) في صلاة الخوف: باب صلاة الطالب والمطلوب راكبًا وإيماءً ، و (4119) في المغازي: باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب، ومسلم (1770) في الجهاد: باب المبادرة بالغزو وتقديم أهم الأمرين المتعارضين، والبغوي (3798) من طريق عبد الله بن محمد بن أسماء ، عن جويرية بن أسماء ، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اسے غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

1463 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ عَمْرٍو بِالْفُسْطَاطِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهِ عَنْ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "بَكِّرُوْا بِالصَّلَاةِ فِيْ يَوْمِ الْغَيْمِ فَاِنَّهُ مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ فَقَدْ كَفَرَ".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اَطْلَقَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْكُفْرِ عَلٰى تَارِكِ الصَّلَاةِ اِذْ تَرْكُ الصَّلَاةِ اَوَّلُ بِدَايَةِ الْكُفْرِ لِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا تَرَكَ الصَّلَاةَ وَاعْتَادَهُ ارْتَقٰى مِنْهُ اِلٰى تَرْكِ غَيْرِهَا مِنَ الْفَرَائِضِ وَاِذَا اعْتَادَ تَرْكَ الْفَرَائِضِ اَدَّاهُ ذٰلِكَ اِلَى الْجَحْدِ فَاَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ النِّهَايَةِ الَّتِيْ هِيَ آخِرُ شُعَبِ الْكُفْرِ عَلَى الْبِدَايَةِ الَّتِيْ هِيَ اَوَّلُ شُعَبِهَا وهي ترك الصلاة.

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: بادل والے (یعنی ابرآلود) دن میں نماز کو جلدی ادا کرلیا کرو' کیونکہ جو شخص نماز کو ترک کردے اس نے کفر کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو ترک کرنے والے پر کفر کا اطلاق کیا ہے کیونکہ نماز کو ترک کرنا کفر کے آغاز کا ابتدائی حصہ ہے کیونکہ جب کوئی شخص نماز کو ترک کرتا ہے اور اس کی عادت بنالیتا ہے' تو وہ دیگر فرائض کو ترک کرنے کے راستے پر چل پڑتا ہے اور جب وہ فرائض ترک کرنے کی عادت بنالیتا ہے' تو یہ چیز اسے انکار کی طرف لے جاتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اختتامی نام کو جو کفر کے شعبوں میں سے آخری حصہ ہے اسے ابتداء کیلئے استعمال کیا ہے' جو اس کا پہلا شعبہ ہے اور وہ نماز کو ترک کرنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ تَاسِعٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَنَّ الْعَرَبَ تُطْلِقُ اسْمَ الْمُتَوَقَّعِ مِنَ الشَّيْءِ فِي النِّهَايَةِ عَلَى الْبِدَايَةِ

1463– حديث صحيح. إسحاق بن إبراهيم: قال أبو حاتم: شيخ لا بأس به، ولكنهم يحسدونه، سمعت يحيى بن معين أثنى عليه خيرًا، وقال مسلمة: ثقة، وقال النسائي: ليس بثقة إذا روى عن عمرو بن الحارث، وسئل عنه أبو داوٗد، فقال: ليس بشيء، ونقل تكذيبه عن ابن عوف، وباقي السند رجاله رجال الصحيح. وعم أبي قلابة: هو أبو المهلب الجرمي: ثقة من رجال مسلم. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/342، وأحمد 5/361، وابن ماجة (694) في الصلاة: باب ميقات الصلاة في الغيم، والبيهقي في "السنن" 1/444 من طرق عن الأوزاعي، عن يحيى بن أبي كثير، عن أبي قلابة، عن أبي المهاجر، عن بريدة.

اس نویں روایت کا تذکرہ‘ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے‘ ہم نے جو مفہوم ذکر کیا ہے وہ صحیح ہے‘ کیونکہ عرب بعض اوقات انتہا میں کسی چیز کے متوقع ہونے کا لفظ آغاز کے لیے استعمال کر لیتے ہیں

1464 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "اَلْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كفر".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ اِذَا مَارَى الْمَرْءُ فِي الْقُرْآنِ اَدَّاهُ ذٰلِكَ اِنْ لَمْ يَعْصِمْهُ اللّٰهُ اِلٰى اَنْ يَرْتَابَ فِي الْآيِ الْمُتَشَابِهِ مِنْهُ وَاِذَا ارْتَابَ فِيْ بَعْضِهِ اَدَّاهُ ذٰلِكَ اِلَى الْجَحْدِ فَاَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْكُفْرِ الَّذِيْ هُوَ الْجَحْدُ عَلٰى بِدَايَةِ سَبَبِهِ الذى هو المراء.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”قرآن کے بارے میں بحث و مباحثہ کرنا کفر ہے“۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب کوئی شخص قرآن کے بارے میں بحث کرنا شروع کرتا ہے‘ تو یہ چیز اسے اس چیز کی طرف لے جاتی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے نہ بچائے‘ تو وہ شخص متشابہ آیات کے بارے میں شکوک کا شکار ہو جاتا ہے اور جب وہ قرآن کے بعض حصے کے بارے میں شک کا شکار ہوتا ہے تو یہ چیز انکار کی طرف لے جاتی ہے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفر جو درحقیقت انکار ہے اس کا اطلاق اس کے سبب کے آغاز پر کیا ہے اور وہ (قرآن کے بارے میں) بحث کرنا ہے۔

1464- إسناده حسن، رجاله رجال الشيخين غير محمد بن عمرو بن علقمة بن وقاص الليثي، فقد أخرج له البخاري مقرونًا، ومسلم متابعة، وفيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح. محمد بن عبيد: هو الطنافسي .وأخرجه أحمد 2/528 عن محمد بن عبيد، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 2/503 عن يزيد بن هارون، عن محمد بن عمرو، به، ومن طريق أحمد أخرجه أبو داوُد (4603) في السنة: باب النهي عن الجدال في القرآن .وأخرجه أحمد 2/286 و424 و475،وأبو نعيم في "الحلية" 8/212-213، وفي "أخبار أصبهان" 2/123، من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 2/223، من طريق المعتمر بن سليمان، عن محمد بن عمرو بن علقمة، به وتحرف فيه "بن علقمة" إلى "عن علقمة" ووافقه الذهبي .وأخرجه ابن أبي شيبة 10/529 عن يحيى بن يعلى التيمي، عن منصور، وأحمد 2/258 عن يزيد، عن زكريا، كلاهما عن سعد بن إبراهيم (وقد تحرف في "المسند" إلى: سعيد) عن أبي سلمة، به. وسعد بن إبراهيم يروي عن عمه أبي سلمة كثيرًا، إلا أن سفيان ومنصورًا رويا عن سعد بن إبراهيم، فذكرا عمر بن أبي سلمة بينه وبين أبي سلمة، وهما أحفظ وأثبت وأقدم سماعًا من زكريا ورواية سفيان ومنصور أخرجها أحمد 2/478 و494، وسندها حسن، وصححها الحاكم 2/223، من طريق أبي عاصم، عن سعيد، عن سعد بن إبراهيم، عن عمر بن أبي سلمة، عن أبيه، به. ووافقه الذهبي.وأورد المؤلف طرفه برقم (743) في باب قراءة القرآن، بالإسناد نفسه الذي ذكره هنا، لكن فيه عبدة بن سليمان، بدل محمد بن عبيد.وأورده المؤلف برقم (74) في كتاب العلم، من طريق أبي حازم، عن أبي سلمة، به باطول مما هنا. وسبق تخريجه من طريقه هناك.وفي الباب عن عمرو بن العاص، وعن أبي جهيم عند أحمد 4/170 و204-=.205

ذِكْرُ خَبَرٍ عَاشِرٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا لِهٰذِهِ الْاَخْبَارِ بِاَنَّ الْقَصْدَ فِيْهَا، اِطْلَاقُ الْاِسْمِ عَلٰى بِدَايَةِ مَا يُتَوَقَّعُ نِهَايَتُهُ قَبْلَ بُلُوْغِ النِّهَايَةِ فِيْهِ

اس دسویں روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ان روایات کے بارے میں

ہماری بیان کردہ تاویل صحیح ہیں یوں کہ یہاں آغاز پر متوقع اختتام کا اطلاق کیا گیا ہے' اور یہ اس اختتام تک پہنچنے سے پہلے ہے

1465 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوْسُفَ بِدِمَشْقَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَتْنِيْ كَرِيمَةُ بِنْتُ الْحَسْحَاسِ الْمُزَنِيَّةُ،

(متن حدیث): قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ فِيْ بَيْتِ اُمِّ الدَّرْدَاءِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "ثَلَاثٌ مِنَ الْكُفْرِ بِاللّٰهِ شق الجيب والنياحة والطعن في النسب".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سیدہ اُمّ درداء رضی اللہ عنہا کے گھر میں موجود تھے۔ انہوں نے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین چیزیں اللہ تعالیٰ کا کفر کرنے کے مترادف ہیں (نوحہ کرتے ہوئے) گریبان کو پھاڑنا' نوحہ کرنا اور کسی کے نسب پر طعن کرنا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَرَبَ تُطْلَقُ فِيْ لُغَتِهَا اسْمُ الْكَافِرِ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِبَعْضِ اَجْزَاءِ الْمَعَاصِي الَّتِيْ يُؤُولُ مُتَعَقِّبُهَا اِلَى الْكُفْرِ عَلٰى حَسَبِ مَا تَاَوَّلْنَا هٰذِهِ الْاَخْبَارَ قَبْلُ

1465- حديث صحيح . كريمة بنت الحَسْحَاس: ذكرها المؤلف في "الثقات" 5/344، وعلق البخاري في "صحيحه" 13/499، الحديث القدسي "أنا مع عبدي إذا ذكرني وتحركت به شفتاه" من روايتها عن أبي هريرة بصيغة الجزم، وكانت من صواحب أبي الدرداء، وباقي السند على شرط الصحيح. وأخرجه الحاكم 1/383 عن أبي العباس محمد بن يعقوب، عن سعيد بن عثمان التنوخي، عن بشر بن بكر، بهذا الإسناد، وصححه ووافقه الذهبي، وسيورده المصنف برقم (3161) . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/390، وأحمد 2/377 و441 و496، ومسلم (67) في الإيمان: باب إطلاق اسم الكفر على الطعن في النسب والنياحة، من طرق. ولأبي داؤد الطيالسي (2395) ، وأحمد 2/415 و455 و526، والترمذي: (1001) في الجنائز: باب ما جاء في كراهية النوح، من طريق المسعودي وشعبة، عن علقمة بن مرثدن عن أبي الربيع، عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "أربعة من أمر الجاهلية لن يدعهن الناس: الطعن في الأحساب، والنياحة على الميت، والأنواء، والعدوى؛ جرب بعير، فأجرب مئة، فمن أجرب البعير الأول." وقال الترمذي: هذا حديث حسن. ولأحمد 2/262 من حديث أبي هريرة بلفظ: " ثلاث من عمل الجاهلية، لا يتركهن أهل الإسلام: النياحة، والاستسقاء بالأنواء، والتعاير " يعني بالأنساب، وسيأتي عند الصنف برقم (1341) . وفي الباب عن جنادة بن مالك عند البزار (797) ، والطبراني (2178) ، والبخاري في "تاريخه" 2/233. وعن سلمان الفارسي عند الطبراني (6100) . وعن عمرو بن عوف عند البزار (798) . وانظر "مجمع الزوائد" 3/12- 13.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ عرب اپنے محاورے میں بعض اوقات "کافر" لفظ کا اطلاق اس شخص پر کرتے ہیں جو کسی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اور جو انجام کار کفر تک لے جاتا ہے یہ اس تاویل کے مطابق ہوگا جو ہم نے اس روایت کی بیان کی ہے

1466- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا المقرىء حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ اَنَّ عِرَاكَ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "لَا تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ فَاِنَّهُ مَنْ رَغِبَ عَنْ اَبِيهِ فقد كفر".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"اپنے آباؤاجداد سے منہ نہ موڑو کیونکہ جو شخص اپنے باپ سے منہ موڑتا ہے اس نے کفر کیا"۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ الْمَرْءِ الْمُحَافَظَةَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْمَفْرُوضَاتِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی فرض نمازوں کی محافظت کو ترک کرے

1467- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ حدثنا المقرىء قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِيْ كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ عِيسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ

(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا فَقَالَ: "مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُوْرًا وَبُرْهَانًا وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ يَكُنْ لَهُ بُرْهَانٌ وَلَا نُوْرٌ وَلَا نَجَاةٌ وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ قَارُوْنَ وَهَامَانَ وَفِرْعَوْنَ وَاُبَيِّ بن خلف".

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں ایک دن آپ

1466- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه أحمد 2/526، وأبو عوانة 1/24، وابن مندة في "الإيمان" (590) والطحاوي في "مشكل الآثار" 1/368 من طرق عن عبد الله بن يزيد المقرء، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6868) في الفرائض: باب من ادعى إلى غير أبيه، ومسلم (62) في الإيمان: باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه وهو يعلم، وأبو عوانة 1/24، من طريق ابْنُ وَهْبٍ.

1467- إسناده صحيح . عيسى بن هلال الصدفي: صدوق، وباقي السند على شرط الصحيح . المقرء: هو عبد الله بن يزيد المكي أبو عبد الرحمٰن . وأخرجه أحمد 2/169، والدارمي 2/301، والطحاوي في "مشكل الآثار" 4/229 من طريق عبد الله بن يزيد المقرء بهٰذا الإسناد . وأخرجه الطحاوي 4/229 من طريق ابن لهيعة وسعيد بن أبي أيوب، عن كعب بن علقمة، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 1/192، وزاد نسبته للطبراني في "الكبير" و"الأوسط" وقال: ورجال أحمد ثقات.

نے نماز کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''جو شخص انہیں باقاعدگی سے ادا کرے گا یہ قیامت کے دن اس کے لئے نور' برہان اور نجات ہوں گی اور جو شخص انہیں باقاعدگی سے ادا نہیں کرے گا۔ اس کے لئے کوئی برہان کوئی نور اور کوئی نجات نہیں ہوگی اور وہ شخص قیامت کے دن قارون و ہامان اور اُبی بن خلف کے ساتھ ہوگا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ مُوَاظَبَةِ الْمَرْءِ عَلَى الصَّلَوَاتِ

آدمی کے باقاعدگی کے ساتھ نماز ادا کرنے کو ترک کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

1468 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قال حدثنا أبو عامر عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): "مَنْ فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ فكأنما وتر أهله وماله".

✿✿ حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس کی ایک نماز فوت ہو جائے گویا اس کے اہل خانہ اور مال برباد ہو گئے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ" اَرَادَ بِهِ: صَلَاةَ الْعَصْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جس شخص کی نماز فوت ہو جائے'' اس سے آپ کی مراد عصر کی نماز ہے

1468– إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو العقدي. وأخرجه أحمد 5/429 عن أبي عامر العقدي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (1237) عن ابن أبي ذئب، به. وأخرجه البيهقي 1/445 من طريق ابْنُ اَبِیْ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ، به. وأخرجه البخاري (3602) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (2886) (11) من طريق الزهري، حدثني اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، عن عبد الرحمٰن بن مطيع بن الأسود، عن نوفل بن معاوية ... "من الصلاة صلاة، من فاتته، فكأنما وتر أهله وماله." وأخرجه النسائي 1/238– 239 من طريق ابن إسحاق. وأخرجه النسائي أيضًا 1/238 من طريق الليث بن سعد' وأخرجه النسائي 1/237–238 من طريق ابن المبارك. وأخرجه بهذا اللفظ الشافعي 1/49 من طريق ابن أبي فديك، عن ابن أبي ذئب، عن الزهري، عن أبي بكر بن عبد الرحمٰن، عن نوفل بن معاوية. وانظر "الفتح" 2/30–.31' وقوله: "فكأنما وتر أهله وماله"، "أهله" بالنصب عند الجمهور على أنه مفعول ثان لوتر، وأضمر في "وتر" مفعول لم يسم فاعله، وهو عائد على الذي فاتته، فالمعنى: أصيب بأهله وماله، وهو متعد إلى مفعولين، ومثله قوله تعالى: (وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ). وقال الخطابي: ومعنى "وتر" أي: نقص وسلب، فبقي وترًا فردًا بلا أهل ولا مال، يريد: فليكن حذره من فوتها كحذره من ذهاب أهله وماله.

1518- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه الطيالسي (2093) عن ابن أبي ذئب، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 1/49 عن ابن أبي فديك، وأحمد 3/214و217 عن عبد الملك بن عمرو، وحماد بن خالد، والدارمي 1/274 عن عبد الله بن موسى، أربعتهم عن ابن أبي ذئب، بهذا الإسناد. وأخرجه مالك 1/9 في وقوت الصلاة، عن الزهري، به، من طريقه أخرجه البخاري (551) في مواقيت الصلاة: باب وقت العصر، ومسلم (621) (193) في المساجد: باب استحباب التبكير بالعصر، والنسائي 1/252 في المواقيت: باب تعجيل العصر، والدارقطني 1/253، والطحاوي 1/190، والبغوي (365). وأخرجه عبد الرزاق (2069)، ومن طريقه أحمد 3/161 عن معمر، وأخرجه البخاري (550) في مواقيت الصلاة، ومن طريقه البغوي (336)، من طريق شعيب، و (7329) في الاعتصام: باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على اتفاق أهل العلم، من طريق صالح بن كيسان، ثلاثتهم عن الزهري، به. وأخرجه مالك 1/8 عن إسحاق عن عبد الله بن أبي طلحة، عن أنس بن مالك، قال: كنا نصلي العصر، ثم يخرج الإنسان إلى بني عمرو بن عوف، فيجدهم يصلون العصر، ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (2079)، والبخاري (548) في المواقيت، ومسلم (621) (194)، والنسائي 1/252، والطحاوي 1/190، والدارقطني 1/253. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/326، وأحمد 3/131و169و184، والنسائي 1/253 في المواقيت: باب تعجيل العصر، والدارقطني 1/254، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/190 من طريق ربعي بن حراش، عن أبي الأبيض رجل من بني عامر، عن أنس. وأخرجه أحمد 3/209 عن الضحاك بن مخلد، عن عبد الرحمٰن بن وردان، عن أنس، وانظر ما بعده.

1519- إسناده صحيح . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/327 عن شبابة، وأحمد 3/223 عن إسحاق بن عيسى وهاشم، ومسلم (621) في المساجد، وأبو داؤد (404) في الصلاة، والنسائي 1/253 في المواقيت، عن قتيبة بن سعيد، وابن ماجة (682) في الصلاة عن محمد بن رمح، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/190، من طريق شعيب بن الليث، كلهم عن الليث، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ صَلَاةَ الْعَصْرِ يَجِبُ اَنْ يُعَصَّرَ بِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' عصر کی نماز کے لئے ضروری ہے' اسے نچوڑ لیا جائے

1520 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا بن سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي صَلَاةَ الْعَصْرِ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ فَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ إلى العوالي فيأتي العوالي والشمس مرتفعة.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ سورج ابھی بلند اور چمک دار ہوتا تھا پھر کوئی شخص ''عوالی'' کی طرف جاتا وہ ''عوالی'' پہنچ جاتا تھا اور سورج ابھی بلند ہوتا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ ارْتِفَاعِ الشَّمْسِ فِي الْوَقْتِ الَّذِيْ كَانَ يُصَلِّي فِيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صلاة العصر

اس وقت میں سورج کے بلند ہونے کی صفت کا تذکرہ جس وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کیا کرتے تھے

1521 – أخبرنا بن قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وهب قال حدثنا يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ

(متنِ حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِيْ

1520– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (621) في المساجد، عن هارون بن سعيد الأيلي، عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

1521– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (611) (169) في المساجد: باب أوقات الصلوات الخمس، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مالك 1/5 في وقوت الصلاة: عن الزهري، به، ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (2072)، وأبو داود (407) في الصلاة، والطحاوي 1/192. وأخرجه الحميدي (170)، وابن أبي شيبة 1/326، وأحمد 6/37، والبخاري (546) في المواقيت، ومسلم (611) (168)، وابن ماجة (683) في الصلاة، من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري (545) في المواقيت، والترمذي (159) في الصلاة، والنسائي 1/252 في المواقيت، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث بن سعد، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 6/85 عن محمد بن مصعب، عن الأوزاعي، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 6/204 عن وكيع، والبخاري (544) في المواقيت، من طريق أنس بن عياض، كلاهما عن هشام بن عروة، عن عروة، به.

حُجْرَتِهَا لَمْ يظهر الفيء في حجرتها.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ سورج (یعنی دھوپ) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں ہوتی تھی' اور ان کے حجرے میں سے سایہ بلند نہیں ہوا ہوتا تھا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُعَجِّلَ فِيْ أداء صلاة العصر ولا يؤخرها

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ عصر کی نماز کو جلدی ادا کرے اسے تاخیر سے ادا نہ کرے

1522 - أخبرنا بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حدثني الليث عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ فَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ اِلَى الْعَوَالِي فَيَأْتِي الْعَوَالِي وَالشَّمْسُ مرتفعة.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ سورج ابھی بلند اور چمک دار ہوتا تھا پھر کوئی شخص عوالی جاتا اور وہ عوالی پہنچ جاتا تھا جب کہ سورج ابھی بلند ہی ہوتا تھا۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِيْ يُسْتَحَبُّ فِيْهِ اَدَاءُ الْمَرْءِ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں آدمی کے لئے مغرب کی نماز ادا کرنا مستحب ہے

1523 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ اِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وتوارت بالحجاب.

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے

1522- إسناده صحيح، وهو مكرر (1519).

1523- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه مسلم (636) في المساجد: باب بيان أن أول وقت المغرب عند غروب الشمس، والترمذي (164) في الصلاة: باب ما جاء في وقت المغرب، والبيهقي 1/446 من طريق أحمد بن سلمة، ثلاثتهم عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/54، والبخاري (561) في المواقيت: باب وقت المغرب، وأبو داوُد (417) في الصلاة: باب في وقت المغرب، وابن ماجة (688) في الصلاة: باب وقت صلاة المغرب، والطبراني (6289)، والبيهقي 1/446، والبغوي (372)، من طرق عن يزيد بن أبي عبيد، به.

جب سورج غروب ہو جاتا تھا اور پردے کے پیچھے چھپ جاتا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَغْرِبَ لَيْسَ لَهُ وَقْتٌ وَاحِدٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' مغرب کی نماز کا وقت ایک ہی ہے

1524 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ يُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ المغرب ثم يرجع إلى قومه فيؤمهم.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مغرب کی نماز ادا کرتے تھے پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس جا کر ان لوگوں کی امامت کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمَغْرِبَ لَهُ وَقْتٌ وَاحِدٌ دُوْنَ الْوَقْتَيْنِ الْمَعْلُوْمَيْنِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' مغرب کی نماز کا وقت ایک ہی ہے' اس کے دو متعین اوقات نہیں ہیں

1525 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ بِتُسْتَرَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ

1524 – إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه الترمذي (583) في الصلاة: باب ما جاء في الذي يصلي الفريضة ثم يؤم الناس بعدما صلى، ومن طريقه البغوي (858) عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (465) (181) في الصلاة: باب القراءة في العشاء، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد، لكن بزيادة أيوب بين حماد بن زيد وعمرو بن دينار، وفيه أنه كان يصلي العشاء بدل المغرب . وأخرجه بزيادة أيوب أيضًا البخاري (711) في الأذان: باب إذا صلى ثم أم قومًا، عن سليمان بن حرب وأبي النعمان، عن حماد بن زيد، عن أيوب، عن عمرو بن دينار، عن جابر قال: "كان معاذ يصلي مع النبي صلى الله عليه وسلم، ثم يأتي قومه، فيصلي بهم" لم يعين الصلاة.وأخرجه الطيالسي (1694) عن شعبة، عن عمرو بن دينار، به.وأخرجه أحمد 3/369، والبخاري (700) و (701) في الأذان: باب إذا طول الإمام وكان للرجل حاجة فخرج فصلى، من طريقين عن شعبة، عن عمرو بن دينار، به . وأخرجه الشافعي 1/143، والدارقطني 1/274و275 من طرق عن ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به . وفيه "العشاء " بدل "المغرب."وأخرجه أحمد 3/308، ومسلم (465)، وأبو داؤد (600) في الصلاة: باب إمامة من يصلي بقوم وقد صلى تلك الصلاة، و (790) باب في تخفيف الصلاة، والنسائي 2/102 في الإمامة: باب اختلاف نية الإمام والمأموم من طريق سفيان، والبخاري (6106) في الأدب: باب من لم ير إكفار من قال ذلك متأولًا أو جاهلًا . وأخرجه الشافعي 1/143 ومن طريقه البغوي (857) عن إبراهيم بن محمد، وأبو داؤد (599) من طريق يحيى بن سعيد، كلاهما عن محمد بن عجلان، عن عبيد الله بن مقسم، عن جابر، وفيه "العشاء ."

(متن حدیث): عَنْ اَبِيهِ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَقَالَ: "صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ" فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ قَالَ وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ حَيَّةٌ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ حِينَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَصَلَّى الْعِشَاءَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْفَجْرَ بِغَلَسٍ قَالَ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ لِلظُّهْرِ فَاَنْعَمَ اَنْ يُبْرِدَ بِهَا وَاَمَرَهُ فَاَقَامَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ اَخَّرَهَا فَوْقَ الَّذِي كَانَ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاَمَرَهُ فَاَقَامَ لِلْمَغْرِبِ قَبْلَ مَغِيبِ الشَّفَقِ وَاَمَرَهُ فَاَقَامَ الْعِشَاءَ بَعْدَمَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ وَاَمَرَهُ فَاَقَامَ الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ بِهَا ثُمَّ قَالَ: "اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ" قَالَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: "وَقْتُ صلاتكم بين ما رأيتم".

سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ سے نماز کے وقت کے بارے میں دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہمارے ساتھ ان دو اوقات میں نماز ادا کرو جب سورج ڈھل گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز اس وقت ادا کی جب کہ سورج ابھی بلند اور چمکدار اور روشن تھا پھر آپ نے سورج غروب ہو جانے کے بعد مغرب کی نماز ادا کی شفق غروب ہو جانے کے بعد عشاء کی نماز ادا کی اور فجر کی نماز آپ نے اندھیرے میں ادا کی راوی بیان کرتے ہیں: اگلے دن آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا۔ انہوں نے ظہر کی نماز کی اقامت کہی اور ٹھنڈے وقت میں کہی پھر آپ کے حکم کے تحت عصر کے لئے اقامت اس وقت کہی جب سورج چمکدار تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز کو اس سے ذرا تاخیر سے ادا کیا تھا' جس وقت میں آپ نے اسے گزشتہ روز ادا کیا تھا پھر آپ کے حکم کے تحت مغرب کی نماز کے لئے اس وقت اقامت کہی جب شفق غروب ہونے والی تھی۔ آپ کے حکم کے تحت انہوں نے عشاء کی نماز کے لئے اقامت ایک تہائی رات گزر جانے کے بعد کہی اور آپ کے حکم کے تحت انہوں نے فجر کے لئے اقامت روشنی ہو جانے پر کہی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: نماز کے وقت کے بارے میں دریافت کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: میں ہوں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری نمازوں کا وقت ان کے درمیان ہے' جو تم نے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤَخِّرَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ اِلٰى غَيْبُوبَةِ بَيَاضِ الشَّفَقِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ عشاء کی نماز کو شفق کی سفیدی غائب ہونے تک موخر کرے

1526 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ

1525– إسناده صحيح، وهو مكرر (1492).

(متن حدیث): عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلَاةِ يَعْنِي الْعِشَاءَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ القمر لثالثة.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس نماز (راوی کہتے ہیں یعنی عشاء کی نماز) کے وقت کے بارے میں لوگوں سے زیادہ علم رکھتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو اس وقت ادا کرتے تھے جب تیسری رات کا چاند غروب ہو جاتا تھا۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِيْ يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ اَدَاءُ صَلَاةِ الْعِشَاءِ بِهٖ

اس وقت کا تذکرہ جس میں عشاء کی نماز ادا کرنا آدمی کے لئے مستحب ہے

1527 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کو بہت تاخیر سے ادا کیا تھا

1528- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَسَنٍ قَالَ:

1526- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الطيالسي (797) ، وابن أبي شيبة 1/330، وأحمد 4/270، والحاكم 1/194 من طريق هشيم، عن أبي بشر جعفر بن إياس، عن حبيب بن سالم، به . وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي . وتابع هشيمًا رقبة بن مصقلة فرواه عن أبي بشر، عن حبيب، به، أخرجه النسائي 1/264 في المواقيت: باب الشفق.وقد خالفهما أبو عوانة وشعبة، فقالا عن أبي بشر، عن بشير بن ثابت، عن حبيب بن سالم، به، أخرجه من طريقهما بهذا الإسناد: أحمد 4/272 و274، وأبو داوُد (419) في الصلاة: باب في وقت العشاء الآخرة، والترمذي (165) في الصلاة، والنسائي 1/264 في المواقيت: باب الشفق، والدارمي 1/275، والدارقطني 1/269 و270، والبيهقي 1/448، وصححه الحاكم أيضًا .1/194

1526- إسناده حسن، فإن سماكًا وهو ابن حرب فيه كلام ينزله عن رتبة الصحة .وهو عند ابن أبي شيبة 1/330 ومن طريقه أخرجه مسلم (643) في المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها، والطبراني (1983) .وأخرجه أحمد 5/89 عن عبد الله بن محمد، و93 و95 عن داوُد بن عمرو الضبي، ومسلم (463) (226) ، والبيهقي 1/450، 451 من طريق يحيى بن يحيى، كلهم عن أبي الأحوص بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (643) (227) ، والطبراني (1974) من طريق أبي عوانة، عن سماك، به.وأخرجه الطبراني (1959) و (2016) من طريق شريك وقيس بن الربيع، عن سماك، به.وسيورده المؤلف برقم (1534) من طريق قتيبة بن سعيد، عن أبي الأحوص، به. ويخرج هناك.

(متن حدیث): سَاَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ وَالْمَغْرِبَ حِيْنَ تَغِيْبُ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ رُبَّمَا عَجَّلَهَا وربما أخرها وكان الناس إذا جاؤوا عجلها وإذا لَمْ يَجِيْئُوا اَخَّرَهَا وَكَانُوا يُصَلُّوْنَ الصُّبْحَ بِغَلَسٍ .

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا آپ ظہر کی نماز سورج ڈھل جانے کے بعد ادا کرتے تھے اور عصر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج ابھی روشن ہوتا تھا اور مغرب کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج غروب ہو جاتا تھا اور عشاء کی نماز کو آپ بعض اوقات جلدی ادا کر لیتے تھے اور بعض اوقات تاخیر سے ادا کرتے تھے جب لوگ پہلے آ جاتے تھے' تو آپ اسے جلدی ادا کر لیتے تھے اور جب لوگ (پہلے) نہیں آتے تھے' تو آپ اسے تاخیر سے ادا کرتے تھے جبکہ آپ صبح کی نماز اندھیرے میں ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اِرَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَاْخِيرَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عشاء کی نماز کو نصف رات تک تاخیر سے ادا کرنے کے ارادے کا تذکرہ

1529 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَصْحَابِه ذَاتَ لَيْلَةٍ وَّهُمْ يَنْتَظِرُوْنَ الْعِشَاءَ

1528 – إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه الطيالسي (1722) عن شعبة، به، ومن طريق الطيالسي أخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/184 وتحرف فيه سعد إلى سعيد. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/318، وأحمد 3/369، والبخاري (560) في المواقيت: باب وقت المغرب، و (565) باب وقت العشاء إذا اجتمع الناس أو تأخروا، ومسلم (646) في المساجد: باب استحباب التبكير بالصبح في أول وقتها، وأبو داؤد (397) في الصلاة: باب في وقت صلاة النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي 1/264 في المواقيت: باب تعجيل العشاء، والبيهقي في "السنن" 1/449، والبغوي في "شرح السنة" (351) من طريق مسلم بن إبراهيم ومحمد بن جعفر، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 3/303 عن وكيع، عن سفيان، عن عبد الله بن محمد بن عقيل، عن جابر، نحوه.

1529 – إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطَعة العبدي العوقي البصري. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/402، البيهقي في "السنن" 1/375 عن أبي معاوية محمد بن خازم، بهاذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة في "المصنف" 1/402، ومن طريقه أخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/157، عن حسين بن علي، عن زائدة (هو ابن قدامة)، عن سليمان (هو الأعمش، وليس بالتيمي)، عن أبي سفيان طلحة بن نافع، عن جابر وهذا الإسناد صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/367 من طريق أبي الجواب، عن عمار بن رزيق، عن الأعمش، به. وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد" 1/312، وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح.

فَقَالَ: "صَلَّى النَّاسُ وَرَقَدُوْا وَاَنْتُمْ تَنْتَظِرُوْنَهَا اَمَا اِنَّكُمْ فِيْ صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوْهَا" ثُمَّ قَالَ: "لَوْلَا ضَعْفُ الضَّعِيفِ - اَوْ كِبَرُ الْكَبِيرِ - لَاَخَّرْتُ هٰذِهِ الصَّلَاةَ اِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ".

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے پاس تشریف لائے وہ لوگ اس وقت عشاء کا انتظار کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے نماز ادا کر بھی لی ہے اور وہ سو بھی گئے ہیں اور تم لوگ اس کا انتظار کر رہے ہو تم جب سے اس کا انتظار کر رہے ہو۔ اس وقت سے نماز کی حالت میں شمار ہو گے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کمزور شخص کی کمزوری (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) عمر رسیدہ شخص کی عمر کا خیال نہ ہوتا' تو میں اس نماز کو نصف رات تک مؤخر کرتا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ تَاْخِيرَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ اِذَا لَمْ يَخَفْ ضَعْفَ الضَّعِيفِ وَكَانَ ذٰلِكَ بِرِضَا الْمَاْمُوْمِيْنَ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کرے' جبکہ اسے کسی کمزور کی کمزوری کے حوالے سے اندیشہ نہ ہو اور یہ بات مقتدیوں کی رضامندی کے ساتھ ہو

1530 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ عَنْ زِرِّ بن حبيش عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

(متن حدیث): قَالَ اَخَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ يَنْتَظِرُوْنَ الصَّلَاةَ فَقَالَ: "اَمَا اِنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ الْاَدْيَانِ اَحَدٌ يَذْكُرُ اللّٰهَ هٰذِهِ السَّاعَةَ غَيْرُكُمْ"، ثُمَّ نَزَلَتْ عَلَيْهِ (لَيْسُوا سَوَاءً مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اُمَّةٌ قَائِمَةٌ يَتْلُوْنَ آيَاتِ اللّٰهِ) إلى (يَسْجُدُونَ) (آل عمران: **113**).

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرنے میں تاخیر کر دی پھر آپ مسجد کی طرف تشریف لائے لوگ نماز کا انتظار کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اس

1530– إسناده حسن من أجل عاصم بن أبي النجود. وأخرجه أحمد 1/396، والنسائي في التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة" 7/25، والبزار (375)، والواحدي في "أسباب النزول" ص87، 88 من طرق عن شيبان، به، وهو في "مسند" أبي يعلى ورقة 1/247. وأخرجه الطبري (7661)، والواحدي في "أسباب النزول" ص (88)، والطبراني في "الكبير" (10209)، وأبو نعيم في "الحلية" 4/187 من طريقين، عن يحيى بن أيوب، عن عبيد الله بن زحر، عن سليمان الأعمش، عن زر، به. وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد" 1/312، وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، والبزار، والطبراني في "الكبير"، وقال: ورجال أحمد ثقات. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 4/187 من طريق محمد بن عبد الله بن الحسن، حدثنا شيبان بن فروخ، حدثنا عكرمة بن إبراهيم، حدثنا عاصم، به. وأخرجه الطبري (7662) من طريق يونس، عن علي بن معبد، عن أبي يحيى الخراساني، عن نصر بن طريف، عن عاصم، به. ونصر بن طريف ضعيف جدًا، أجمعوا على ضعفه. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 2/65، وزاد نسبته لابن المنذر، وابن أبي حاتم.

وقت تمہارے علاوہ کسی بھی دین کا ماننے والا کوئی بھی شخص اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کر رہا''۔

اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

''وہ لوگ برابر نہیں ہیں۔اہل کتاب سے تعلق رکھنے والی ایک امت ایسی ہے جو قیام کی حالت میں اللہ کی آیات کی تلاوت کرتے ہیں''۔یہ آیت یہاں تک ''وہ سجدہ کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ تَأْخِيرَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى بَعْضِ اللَّيْلِ مَا لَمْ يَشُقَّ ذَلِكَ عَلَى الْمَأْمُومِينَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جواس بارے میں ہے' آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے' وہ عشاء کی نماز کو رات کا کچھ حصہ گزرنے تک مؤخر کردے جبکہ یہ بات مقتدیوں کیلئے مشقت کا باعث نہ ہو

1531- (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي مَعْشَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ الْوُضُوءِ وَلَأَخَّرْتُ الْعِشَاءَ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ أَوْ شَطْرِ اللَّيْلِ"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں وضو کے ہمراہ مسواک کرنے کا حکم دیتا اور میں عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات تک (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نصف رات تک مؤخر کرتا''۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ تَأْخِيرِ الْمَرْءِ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ عَنْ أَوَّلِ وَقْتِهَا

آدمی کا عشاء کی نماز کواس کے ابتدائی وقت سے تاخیر سے ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

1532- (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عمرو بن عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا بن جُرَيْجٍ قَالَ

1531- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد 2/250 عن يحيى القطان بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (2106) عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد، وتحرف فيه إلى عبد الله. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/331 ومن طريقه ابن ماجة (287) في الطهارة: باب السواك، عن أبي أسامة وابن نمير، عن عبيد الله بن عمر، به. وشقه الأول تقدم برقم (1068) من طريق مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة. وتقدم تخريجه هنالك.

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَطَاءٍ اَیُّ حِیْنٍ اَحَبُّ اِلَیْكَ اَنْ اُصَلِّیَ الْعَتَمَةَ اِمَّا اِمَامًا اَوْ خَلْوًا فَقَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ اَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ حِیْنَ رَقَدَ النَّاسُ وَاسْتَیْقَظُوْا وَرَقَدُوْا وَاسْتَیْقَظُوْا فَقَالَ عُمَرُ الصَّلَاةَ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاٰنَ یَقْطُرُ رَاْسُهٗ مَاءً وَاضِعًا یَدَیْهِ عَلٰی رَاْسِهٖ فَقَالَ:

(متن حدیث): "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ یصلوا هكذا".

ابن جریج کہتے ہیں میں نے عطا سے دریافت کیا: آپ کے نزدیک کون سا وقت زیادہ پسندیدہ ہے، جس میں، میں عشاء کی نماز ادا کروں، خواہ میں امام ہوں، یا تنہا نماز ادا کر رہا ہوں، تو انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرنے میں تاخیر کردی یہاں تک کہ لوگ سو گئے پھر وہ بیدار ہوئے پھر سو گئے پھر بیدار ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: نماز، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے، آپ کے سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ آپ نے اپنے ہاتھ اپنے سر پر رکھے ہوئے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

''اگر مجھے اپنی اُمت کی مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا، تو میں ان لوگوں کو یہ حکم دیتا کہ وہ اس نماز کو اس وقت میں ادا کریں''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ یُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1533- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ اِسْمَاعِیْلَ بِبُسْتَ حدثنا بْنِ اَبِیْ عُمَرَ الْعَدَنِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَیْلَةٍ بِالْعَشَاءِ فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الصَّلَاةَ فَقَدْ رَقَدَ النِّسَاءُ وَالْوِلْدَانُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

1532- إسناده صحيح . وتقدم برقم (1098) في نواقض الوضوء، وأوردت تخريجه هناك. وسيورده المؤلف برقم (1533) من طريق سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ ابن عباس، وبرقم (1537) من طريق منصور، عن الحكم، عن نافع، عن ابن عمر. ويأتي تخريج كل طريق في موضعه.

1533- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الحميدي (492)، والبخاري (7239) في التمني: باب ما يجوز من اللو، عن علي بن المديني، والنسائي 1/266 في المواقيت: باب ما يستحب من تأخير العشاء، عن محمد بن منصور المكي، والدارمي 1/276 في الصلاة: باب ما يستحب من تأخير العشاء، عن محمد بن أحمد بن خلف، والطبراني (11391) من طريق سعيد بن منصور، كلهم عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم (342). وأخرجه ابن أبي شيبة 1/331 عن إسحاق بن منصور، والبخاري (7239) تعليقًا من طريق معن، وعبد الرزاق (2113) ومن طريقه الطبراني (11390)، كلهم عن محمد بن مسلم، عن عمرو بن دينار، به. وانظر سابقه.

وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ يُصَلُّوا هذه الصلاة".

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرنے میں تاخیر کر دی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (حجرہ مبارک کے قریب) آئے اور بولے: نماز (کا وقت ہو گیا ہے) خواتین اور بچے سو چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ کے سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے آپ نے ارشاد فرمایا:

''اگر مجھے اہل ایمان کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں یہ حکم دیتا کہ وہ یہ نماز (یعنی اس وقت میں یہ نماز) ادا کریں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فعل کئی مرتبہ کیا تھا

1534 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

(متن حدیث): قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ الآخرة.

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ تَعَلَّقَ بِهٖ بَعْضُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ فَزَعَمَ اَنَّ تَاْخِيرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ كان ذلك فى أول الإسلام

اس روایت کا تذکرہ جس سے وہ شخص متعلق ہوا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے' نبی اکرم ﷺ نے جو عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کی تھی یہ ابتداءِ اسلام کی بات ہے

1535 – أخبرنا بن قُتَيْبَةَ اللَّخْمِيُّ بِعَسْقَلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وهب قال أخبرنا يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ اَنَّ عَائِشَةَ

(متن حدیث): قَالَتْ اَعْتَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِي بِصَلَاةِ الْعِشَاءِ وَهِيَ الَّتِىْ تُدْعَى الْعَتَمَةَ فَلَمْ يَخْرُجْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ

1534– إسناده حسن، وأخرجه مسلم (643) في المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها، والنسائي 1/266 في المواقيت: باب ما يستحب من تأخير العشاء، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وتقدم برقم (1527) من طريق ابن أبي شيبة، عن أبي الأعوص، به، فانظر تخريجه من طريقه هناك.

فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِاَهْلِ الْمَسْجِدِ حِيْنَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ: "مَا يَنْتَظِرُهَا اَحَدٌ[1] مِنْ اهل الأرض غيركم" وذلك قبل أن يفشوا الإسلام في الناس.

قال ابن شِهَابٍ وَّذَكَرُوْا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تبدروا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّلَاةِ " وَذٰلِكَ حِيْنَ صَاحَ عمر بن الخطاب.

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرنے میں تاخیر کر دی۔ یہ وہ نماز ہے جسے ''عتمہ'' کہا جاتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مسجد میں) تشریف نہیں لائے یہاں تک کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے (بلند آواز میں کہا) خواتین اور بچے ہو چکے ہیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ نے تشریف لانے کے بعد اہل مسجد سے فرمایا۔ اس وقت تمہارے علاوہ روئے زمین پر اور کوئی شخص اس کا انتظار نہیں کر رہا۔

(سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) یہ لوگوں کے درمیان اسلام کے پھیل جانے سے پہلے کی بات ہے۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: راویوں نے یہ بات ذکر کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی۔

''تمہارے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے' تم نماز کے حوالے سے اللہ کے رسول سے آگے نکلنے کی کوشش کرو''۔

یہ بات آپ نے اس وقت ارشاد فرمائی تھی جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں (آپ کی خدمت میں گزارش کی تھی)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْتَظِرُهَا اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْاَرْضِ غَيْرُكُمْ اَرَادَ بِهٖ مِنْ اَهْلِ الْاَدْيَانِ غَيْرُكُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اہل زمین میں سے تمہارے علاوہ کوئی بھی اس کا انتظار نہیں کرتا'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی تمہارے علاوہ کسی اور دین کے پیروکار (اس کا انتظار نہیں کر رہے)

1535- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في "صحيحه" (638) في المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (638) أيضًا عن عمرو بن سواد العامري، عن ابن وهب، به. وأخرجه أحمد 6/199و215و272، والبخاري (566) في المواقيت: باب فضل العشاء، و (569) باب النوم قبل العشاء لمن غلب، و (862) في الأذان: باب وضوء الصبيان، و (864) باب خروج النساء إلى المساجد بالليل والغلس، والنسائي 1/239 في الصلاة: باب فضل صلاة العشاء، و 1/267 في المواقيت: باب آخر وقت العشاء، والبيهقي في "السنن" 1/374، والبغوي في "شرح السنة" (375) من طرق عن الزهري، به.

1536 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عتيبة عن نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): قَالَ مَكَثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ نَنْتَظِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ فَخَرَجَ عَلَيْنَا حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ اَوْ بَعْدَهُ فَقَالَ حِيْنَ خَرَجَ: "اِنَّكُمْ تَنْتَظِرُوْنَ صَلَاةً مَا يَنْتَظِرُهَا اَهْلُ دِيْنٍ غَيْرُكُمْ وَلَوْلَا اَنْ تَثْقُلَ عَلٰى اُمَّتِيْ لَصَلَّيْتُ بِهِمْ هٰذِهِ الصَّلَاةَ هٰذِهِ السَّاعَةَ" قَالَ ثُمَّ أمر المؤذن فأقام ثم صلى.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم عشاء کی نماز کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کرتے رہے۔ آپ اس وقت ہمارے پاس تشریف لائے جب ایک تہائی رات گزر چکی تھی یا شاید اس کے کچھ بعد کی بات ہے جب آپ تشریف لائے تو آپ نے ارشاد فرمایا: ”تم لوگ نماز کا انتظار کر رہے ہو تمہارے علاوہ کسی بھی دین کے ماننے والے اس کا انتظار نہیں کر رہے اگر اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ یہ بات میری اُمت کے لئے مشکل ہو گی تو میں انہیں یہ نماز اس گھڑی میں پڑھاتا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر آپ نے مؤذن کو حکم دیا انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ تِلْكَ الصَّلَاةَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَدْ اَخَّرَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ تِلْكَ الْمُدَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے وہ نماز جس کا ہم نے ذکر کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے (مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد) مدت گزر جانے کے بعد تاخیر سے ادا کیا تھا

1537 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوْا لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هَلْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمٌ فَقَالَ اَخَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: "اِنَّ النَّاسَ قَدْ

1536- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه مسلم (639) (220) في المساجد ومواضع الصلاة: باب وقت العشاء وتأخيرها، والنسائي 1/267 في المواقيت: باب آخر وقت العشاء، والبيهقي في "السنن" 1/450، من طريق أحمد بن سلمة، ثلاثتهم عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد (420) في الصلاة: باب في وقت العشاء الآخرة، عن عثمان بن أبي شيبة، الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/156، 157 من طريق الحسن بن عمر بن شقيق، كلاهما، عن جرير، به. وصححه ابن خزيمة برقم (344). وأخرجه ابن أبي شيبة 1/331 عن حسين بن علي، عن زائدة، عن منصور، به. وأورده المؤلف برقم (1099) في باب نواقض الوضوء، من طريق عبد الرزاق، وتقدم تخريجه من طريقه هناك.

صلوا وإنكم لن تزالوا في الصلاة ما انتظرتم الصلاة ." قَالَ اَنَسٌ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى وَبِيصِ خَاتَمِهِ مِنْ فِضَّةٍ قَالَ وَرَفَعَ أنس يده اليسرى.

ثابت بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی تھی؟ تو انہوں نے بتایا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت عشاء کی نماز ادا کرنے میں تاخیر کردی' یہاں تک کہ نصف رات گزر گئی تو پھر آپ تشریف لائے آپ نے ارشاد فرمایا: لوگ نماز ادا کر چکے ہیں اور تم لوگ جب سے نماز کا انتظار کررہے ہو۔ اس وقت سے نماز کی حالت میں شمار ہو گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چاندی کی انگوٹھی کی چمک کا منظر گویا کہ آج بھی میری نگاہ میں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنا بایاں ہاتھ اٹھا کر یہ بات کہی۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِىْ كَانَ يَسْتَحِبُّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَاْخِيرَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ اِلَيْهِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات مستحب سمجھتے تھے کہ عشاء کی نماز کو اس وقت تک تاخیر سے ادا کرے

1538 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْعَرُوبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَخَّرْتُ الْعِشَاءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ".

1537- إسناده صحيح . إبراهيم بن الحجاج السامي: ثقة، روى له النسائي، وباقي السند على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 3/267 عن عفان، ومسلم (640) في المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها عن أبي بكر بن نافع العبدي، عن بهز بن أسد، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 1/157 عن ابن مرزوق، عن عفان، كلاهما عن حماد بن سلمة، به .وأخرجه أحمد 3/182و189و200، والبخاري (572) في المواقيت: باب وقت العشاء إلى نصف الليل، و (661) في الأذان: باب من جلس في المسجد ينتظر الصلاة، و (847) باب يستقبل الإمام الناس إذا سلم، و (5869) في اللباس: باب فص الخاتم، والنسائي 1/268 في المواقيت: باب آخر وقت العشاء ، والطحاوي 1/157 و158، والبغوي في "شرح السنة " (376) ، من طرق عن حميد عن أنس .وأخرجه البخاري (600) في المواقيت: باب السمر في الفقه والخير بعد العشاء ، عن عبد الله بن الصباح، عن عبيد الله بن عبد المجيد الحنفي، عن قرة بن خالد، عن الحسن، عن أنس .وأخرجه مسلم (640) (223) عن حجاج بن الشاعر، عن سعيد بن الربيع، وعن عبد الله بن الصباح، عن عبيد الله الحنفي، كلاهما عن قرة بن خالد، عن قتادة، عن أنس.

1538- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1531) .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات تک مؤخر کرتا''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ لَا يُؤَخِّرُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ عَلٰى دَائِمِ الْاَوْقَاتِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کو ہمیشہ تاخیر سے ادا نہیں کرتے تھے

1539 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْعَرُوبَةَ بِحَرَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَخَّرْتُ الْعِشَاءَ إلى ثلث الليل أو شطر الليل".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں عشاء کو ایک تہائی رات تک (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نصف رات تک مؤخر کرتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "شَطْرَ اللَّيْلِ اَرَادَ نِصْفَهٗ"

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان ''شطر اللیل'' سے مراد ''نصف رات'' ہے

1540 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابُوْرَ الرُّوْمِيُّ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ الْوُضُوءِ وَلَاَخَّرْتُ الْعِشَاءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ أو نصف الليل".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

1539– إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر ما قبله.

1540– إسناده صحيح. محمد بن عبد الله بن سابور (وقد تصحف في "ثقات المؤلف" 9/92 إلى: شابور) قال أبو حاتم صدوق، روى له ابن ماجة، وباقي السند على شرطهما، وهو مكرر ما قبله.

''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں وضو کے ہمراہ مسواک کرنے کا حکم دیتا اور عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات تک (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں) نصف رات تک مؤخر کرتا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تُسَمَّى صَلَاةُ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ الْعَتَمَةَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ عشاء کی نماز کو ''عتمہ'' کہا جائے

1541 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حدثني بن أبي لبيد عن أبي سلمة عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "لا تغلبنكم الاعراب عَلٰى اسْمِ صَلَاتِكُمُ الْعِشَاءِ يُسَمُّونَهَا الْعَتَمَةَ لِإِعْتَامِ الإبل".

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دیہاتی لوگ تمہاری نماز عشاء کے نام کے حوالے سے تم پر غالب نہ آ جائیں وہ لوگ اسے عتمہ کہتے ہیں' کیونکہ وہ اونٹوں (کی دیکھ بھال کے حوالے سے) تاخیر کرتے ہیں''۔

1541– إسناده صحيح على شرط مسلم، واسم ابن أبي لبيد: عبد اللّٰه.وأخرجه أحمد 2/19 عن يحيى بن سعيد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (2151) ومن طريقه أبو عوانة 1/397، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أبي لبيد، به .وأخرجه عبد الرزاق (2152) ومن طريقه أحمد 2/144 عن ابن عيينة، به .وأخرجه أحمد 2/10، والشافعي 1/50، ومن طريقه أبو عوانة 1/397، والبيهقي في "السنن" 1/372، والبغوي في "شرح السنة" (377) عن سفيان بن عيينة، به .وأخرجه أحمد 2/49 عن عبد اللّٰه بن الوليد، ومسلم (644) في المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها، عن زهير بن حرب وابن أبي عمر، ومن طريق وكيع، وأبو داوٗد (4984) في الأدب: باب في صلاة العتمة، عن عثمان بن أبي شيبة، والنسائي 1/270 في المواقيت: باب الكراهية في ذلك، من طريق أبي داوٗد الخضري، وابن ماجة (704) في الصلاة ك باب النهي أن يقال: صلاة العتمة، عن هشام بن عمار ومحمد بن الصباح، وأبو عوانة في "مسنده" 1/369 من طريق أبي عامر العقدي، كلهم عن سفيان بن عيينة، بهٰذا الإسناد.

فَصْلٌ فِي الْاَوْقَاتِ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا

فصل 4: ان اوقات کا بیان (جن میں نماز ادا کرنے) سے منع کیا گیا ہے

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ اِنْشَاءِ الصَّلَاةِ النَّافِلَةِ فِي اَوْقَاتٍ مَعْلُومَةٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات لازم ہے وہ متعین اوقات میں نفل نمازیں ادا نہ کرے

1542 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الشَّطَوِيُّ بِبَغْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن اَبِي فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): قَالَ سَاَلَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ اَمْرٍ اَنْتَ بِهٖ عَالِمٌ وَاَنَا بِهٖ جَاهِلٌ قَالَ: "مَا هُوَ" قَالَ هَلْ مِنْ سَاعَاتِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سَاعَةٌ تُكْرَهُ فِيْهَا الصَّلَاةُ قَالَ: "نَعَمْ اِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَدَعِ الصَّلَاةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ لِقَرْنِ الشَّيْطَانِ ثُمَّ صَلِّ وَالصَّلَاةُ مُتَقَبَّلَةٌ حَتّٰى تَسْتَوِيَ الشَّمْسُ عَلٰى رَاْسِكَ كَالرُّمْحِ فَاِذَا كَانَتْ عَلٰى رَاْسِكَ كَالرُّمْحِ فَدَعِ الصَّلَاةَ فَاِنَّهَا السَّاعَةُ الَّتِيْ تُسْجَرُ فِيْهَا جَهَنَّمُ وَيُغَمُّ فِيْهَا زَوَايَاهَا حَتّٰى تَزِيْغَ فَاِذَا زَاغَتْ فَالصَّلَاةُ مَحْضُوْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ دع الصلاة حتى تغرب الشمس".

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں آپ سے ایک ایسی چیز کے بارے میں سوال کرنا چاہتا ہوں جس کے بارے میں آپ جانتے ہیں اور میں اس سے ناواقف ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کیا چیز ہے۔ انہوں نے عرض کی: کیا رات اور دن کے اوقات میں کوئی گھڑی ایسی ہے، جس میں نماز ادا کرنا مکروہ ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں جب

1542– إسناده حسن. يحيى بن المغيرة: صدوق، روى له الترمذي، وباقي السند رجاله رجال الصحيح إلا أن الضحاك بن عثمان فيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح. وأخرجه ابن ماجة (1252) في الإقامة: باب ما جاء في الساعات التي تكره فيها الصلاة، عن الحسن بن داود المنكدري، والبيهقي في "السنن" 2/455 من طريق أحمد بن الفرج، كلاهما، عن محمد بن إسماعيل بن أبي فديك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/312، والطبراني (7344) من طريق محمد بن أبي بكر المقدمي، عن حميد بن الأسود، عن الضحاك بن عثمان، عن المقبري، عن صفوان. وهذا إسناد منقطع. قال الهيثمي في "المجمع" 2/224–225 بعد أن نسبه لعبد الله بن زيادات المسند، ورجاله رجال الصحيح إلا أني لا أدري سمع سعيد المقبري منه أم لا، والله أعلم.

تم صبح کی نماز ادا کرلو تو نماز کو ترک کردو یہاں تک کہ سورج شیطان کے سینگ سے طلوع ہوجائے پھر تم نماز ادا کرسکتے ہو اور نماز قبول کی جے گی یہاں تک کہ سورج تمہارے سر کے اوپر نیزے کی طرح بالکل برابر ہوجائے جب وہ تمہارے سر پر نیزے کی طرح ہوجائے' تو تم نماز کو ترک کردو' کیونکہ یہ ایک ایسی گھڑی ہے' جس میں جہنم کو بھڑ کایا جاتا ہے' اور اس کے گوشوں کو ملایا جاتا ہے' یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے جب وہ ڈھل جائے' تو نماز میں (فرشتوں کی) حاضری بھی ہوتی ہے' اور وہ قبول بھی ہوتی ہے' یہاں تک کہ جب تم عصر کی نماز ادا کرلو تو پھر نماز ادا کرنے سے رُک جاؤ یہاں تک کے سورج غروب ہوجائے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ قَدْ زُجِرَ عَنِ الصَّلَاةِ فِيْ وَقْتَيْنِ مَعْلُوْمَيْنِ اِلَّا بِمَكَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کو دو متعین اوقات میں نماز ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے البتہ مکہ میں موجود شخص کا حکم مختلف ہے

1543 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَعَنِ الصَّلَاةِ بعد الصبح حتى تطلع الشمس.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

1544 – أخبرنا الفضل بن الحباب قال الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حِبَّانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

1543– إسناده صحيح على شرطهما . الأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز . وأخرجه البغوي في "شرح السنة" (774) من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وهو في "الموطأ" 1/221 في وقوت الصلاة: باب النهي عن الصلاة بعد الصبح وبعد العصر .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "المسند" 1/52، وأحمد 2/462و529، ومسلم (825) في صلاة المسافرين: باب الأوقات التي نهي عن الصلاة فيها، والنسائي 1/276 في المواقيت: باب النهي عن الصلاة بعد الصبح، والبيهقي في "السنن" 2/452، ومن نسبه إلى البخاري، فقد وهم.وأخرجه ابن أبي شيبة 2/348، والطيالسي (2463)، وأحمد 2/496و510، والبخاري (588) في المواقيت: باب لا يتحرى الصلاة قبل غروب الشمس، والبيهقي 2/452، من طريق عبيد الله (وقد تحرف إلى "عبد الله" عند ابن أبي شيبة) ابن عمر، عن خبيب (وقد تصحف إلى "حبيب" عند الطيالسي، وابن أبي شيبة) ابن عبد الرحمٰن، عن حفص بن عاصم، عن أبي هريرة.

1544– إسناده صحيح على شرطهما. القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة. وهو مكرر ما قبله.

وَعَنِ الصلاة بعد الصبح حتى تطلع الشمس.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا نُهِيَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ان دو اوقات میں نماز ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے

1545 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "اِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَلَا تُصَلُّوا حَتّٰى يَبْرُزَ ثُمَّ صَلُّوا فَاِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَلَا تُصَلُّوا حَتّٰى تَغْرُبَ ثُمَّ صَلُّوا وَلَا تَحَيَّنُوا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوْعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا وإنها تطلع بين قرني شيطان".

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب سورج کا کنارہ نکل آئے، تو تم نماز ادا نہ کرو یہاں تک کہ وہ ظاہر ہو جائے پھر تم نماز ادا کرو پھر جب سورج کا کنارہ ڈوب جائے تم نماز ادا نہ کرو یہاں تک کہ وہ مکمل غروب ہو جائے، تو پھر تم نماز ادا کرو اور تم اپنی نماز کے لئے سورج کے طلوع ہونے یا سورج کے غروب ہونے کے وقت کو متعین نہ کرو (یعنی اس وقت میں نماز ادا نہ کرو)، کیونکہ یہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الْمَحْصُورَ فِي خَبَرِ اَبِي هُرَيْرَةَ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت میں متعین تعداد سے یہ مراد نہیں ہے، اس کے علاوہ تعداد کی نفی کر دی جائے

1545– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البخاري (3272) في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، عن محمد بن سلام، عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 2/354، ومن طريقه مسلم (829) في صلاة المسافرين: باب الأوقات التي نهي عن الصلاة فيها، عن وكيع، عن هشام بن عروة به .وأخرجه مسلم أيضًا (829) ، والطحاوي 1/152 من طريق عبد الله بن نمير، عن أبيه، وابن بشر، عن هشام بن عروة، به .وأخرجه البيهقي 2/453 من طريق أنس بن عياض، عن ابن عروة، به . وسيورده المصنف برقم (1567) و (1569) من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن هشام بن عروة، به، ويأتي تخريجه من طريقه هناك .وأخرجه مالك في "الموطأ" ص43 (برواية القعنبي) في وقوت الصلاة: باب ما قيل في النهي عن الصلاة بعد الصبح وبعد العصر، عن هشام بن عروة، عن أبيه مرسلًا لم يذكر ابن عمر .وانظر الحديث (1549) .

1546 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْفَرَّاءُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ يَنْهَانَا عَنْهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُصَلِّيَ فِيْهِنَّ وَاَنْ نَقْبُرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِيْنَ يَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰى تَمِيلَ الشمس وحين تصوب الشمس لغروبها.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تین اوقات ایسے ہیں جن میں نماز ادا کرنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع کیا ہے اور ان اوقات میں ہمیں اپنے مردوں کو دفنانے سے منع کیا ہے۔ اس وقت جب سورج طلوع ہو رہا ہو یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے۔ اس وقت جب عین زوال کا وقت ہو یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے اور اس وقت جب سورج غروب ہونے کے قریب ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّهْيَ عَنِ الصَّلَاةِ فِيْ هٰذِهِ الْاَوْقَاتِ لَمْ يُرِدْ كُلَّ الْاَوْقَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ فِي الْخِطَابِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی دلالت کرتی ہے ان اوقات میں نماز ادا کرنے کی ممانعت سے مراد وہ تمام اوقات نہیں ہیں جن کا متن میں ذکر ہے

1547 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَشُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ الْاَجْدَعِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "لَا تُصَلُّوْا بَعْدَ الْعَصْرِ اِلَّا أن تصلوا والشمس مرتفعة".

1546- إسناده صحيح . الحسن بن سفيان، محله الصدق، وباقي رجال السند على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 4/152، والنسائي 4/82 في الجنائز: باب الساعات التي نهي عن إقبار الموتى فيها، والبغوي في "شرح السنة" (778) ، من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، عن موسى بن علي، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوٗد (3192) في الجنائز: باب الدفن عند طلوع الشمس وعند غروبها، والترمذي (1030) في الجنائز: باب ما جاء في كراهية الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس وعند غروبها، وابن ماجة (1519) في الجنائز: باب ما جاء في الأوقات التي لا يصلى فيها على الميت ولا يدفن، من طرق عن وكيع، عن موسى بن علي، به. وأخرجه من طرق عن موسى بن علي، به: الطيالسي (1001) ، وابن أبي شيبة 2/353، ومسلم (831) في صلاة المسافرين: باب الأوقات التي نهي عن الصلاة فيها، والنسائي 1/275-276 في المواقيت: باب الساعات التي نهي عن الصلاة فيها، و 1/277 باب النهي عن الصلاة نصف النهار، والدارمي 1/333، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/155، والبيهقي في "السنن" 2/454و4/32، والطبراني 17/ (797) و (798) .

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عصر کی نماز کے بعد نماز ادا نہ کرو البتہ تم اس وقت نماز ادا کر سکتے ہو جب سورج بلند ہو''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّهْيَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْاَوْقَاتِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا اِنَّمَا اُرِيْدَ بِهَا بَعْضُ تِلْكَ الْاَوْقَاتِ لَا الْكُلَّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے ان اوقات میں نماز ادا کرنے کی ممانعت، یعنی وہ اوقات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے اس سے مراد ان کا اوقات کا کچھ حصہ ہے تمام اوقات مراد نہیں ہیں

1548 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عن نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَا يَتَحَرّٰى اَحَدُكُمْ فَيُصَلِّي عِنْدَ طلوع الشمس ولا عند غروبها".

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی بھی شخص سورج طلوع ہونے کے وقت یا اس کے غروب ہونے کے وقت نماز ادا کرنے کی کوشش نہ کرے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَالْفَجْرِ

مسجد میں خواتین کے لئے خیمے لگانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

1655 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْهَبَّارِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ

1654–فی الباب مایشهد له من حديث جابر بن سمرة، أخرجه مسلم (430) فی الصلاة: باب الأمر بالسكون فی الصلاة، وأبو داؤد (4823) فی الأدب: باب فی التحلق، والبيهقی فی "السنن" 3/234، والبغوی (3337)، والطبرانی فی "الكبير" (1823) و (1830) و (1831)، ولفظه: قال: خرج علينا (رسول الله صلى الله عليه وسلم) فرآنا حلقًا، فقال: "مالی أراكم عزين" لفظ مسلم.

(متنِ حدیث): اَنَّ وَلِيدَةً كَانَتْ مِنَ الْعَرَبِ فَاَعْتَقُوهَا فَكَانَتْ مَعَهُمْ فَخَرَجَتْ صَبِيَّةٌ لَهُمْ عَلَيْهَا وشاح 1 أحمر من سيور قالت: فَوَضَعَتْهُ فَمَرَّتْ بِهِ حُدَيَّاةٌ وَهُوَ مُلْقًى فَحَسِبَتْهُ لَحْمًا فَخَطِفَتْهُ قَالَتْ فَالْتَمَسُوهُ فَلَمْ يَجِدُوهُ قَالَتْ فَاتَّهَمُونِي بِهِ فَقَطَعُوا بِي يُفَتِّشُونِي فَفَتَّشُوا حَتّٰى فَتَّشُوا قُبُلَهَا قَالَتْ فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَقَائِمَةٌ مَعَهُمْ إذا مَرَّتِ الْحُدَيَّاةُ فَاَلْقَتْهُ فَوَقَعَ بَيْنَهُمْ قَالَتْ فَقُلْتُ هٰذَا الَّذِي اتَّهَمْتُمُونِي بِهِ زَعَمْتُمْ وَاَنَا مِنْهُ بَرِيئَةٌ وَهُوَ ذَا هُوَ قَالَتْ فَجَاءَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فأسلمت قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ لَهَا خِبَاءٌ فِي الْمَسْجِدِ قالت فكانت تأتيني فتحدث عندي قالت لا تَجْلِسُ عِنْدِي مَجْلِسًا اِلَّا قَالَتْ:

وَيَوْمَ الْوِشَاحِ مِنْ اَعَاجِيبِ رَبِّنَا ۔۔ اَلَا اِنَّهُ مِنْ بَلْدَةِ الكفر أنجاني

قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ لَهَا مَا شَأْنُكِ لَا تَقْعُدِينَ مَعِي مَقْعَدًا اِلَّا قُلْتِ هٰذَا قَالَتْ فحدثتني بهٰذا الحديث.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کسی عرب (قبیلے) کی ایک کنیز تھی۔ ان لوگوں نے اسے آزاد کر دیا وہ کنیز ان لوگوں کے ساتھ ہی رہی۔ ایک مرتبہ اس قبیلے والوں کی بچی نکلی جس نے چمڑے اور جواہرات سے بنا ہوا سرخ ہار پہنا ہوا تھا۔ اس لڑکی نے اس ہار کو ایک جگہ رکھا۔ اس کے پاس سے چیل گزری وہ ہار وہاں رکھا ہوا تھا چیل یہ سمجھی کہ شاید یہ گوشت ہے۔ اس نے اسے اُچک لیا۔ وہ کنیز بیان کرتی ہیں۔ لوگوں نے اس ہار کو تلاش کیا جب وہ انہیں نہیں ملا تو انہوں نے مجھ پر الزام لگایا اور انہوں نے میری پوری تلاشی لی' یہاں تک کہ انہوں نے میری شرم گاہ کی بھی تلاشی لی وہ کنیز بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! میں ان کے پاس ہی کھڑی ہوئی تھی۔ اسی دوران وہ چیل وہاں سے گزری اس نے اس ہار کو پھینکا جوان کے درمیان آ کر گرا۔ وہ کنیز کہتی ہے میں نے کہا یہ ہے وہ جس کی وجہ سے تم نے مجھ پر الزام عائد کیا تھا۔ تم لوگوں کا یہ گمان تھا اور میں اس سے بری تھی یہ رہا وہ ہار' وہ کنیز بیان کرتی ہیں۔ پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے اسلام قبول کر لیا۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ اس کنیز کے لئے مسجد میں ایک خیمہ لگایا گیا تھا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ وہ کنیز میرے پاس آیا کرتی تھی' اور میرے ساتھ بات چیت کیا کرتی تھی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں وہ جب بھی میرے پاس آ کر بیٹھتی تھیں تو یہی شعر کہا کرتی تھی۔

''ہار والا دن میرے پروردگار کی حیران کن نشانیوں میں سے ایک تھا بے شک اسی نے مجھے کفر کی سرزمین سے نجات دی ہے''۔

1655 – في "الإحسان": فوضعت، وفي البخاري: "فوضعته أو وقع منها" قال الحافظ: شك من الراوي، وقد رواه ثابت السرقسطي في "الدلائل" من طريق أبي معاوية، عن هشام، فزاد فيه: أن الصبية كانت عروسًا، فدخلت مغتسلها، فوضعت الوشاح.

2 إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه في "صحيحه" (439) في الصلاة: باب نوم المرأة في المسجد، عن عبيد بن إسماعيل، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة (1332 في مناقب الأنصار: باب أيام الجاهلية، عن فروة بن أبي مغراء، عن علي بن مسهر، عن هشام بن عروة، به.

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے اس کنیز سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے جب تم میرے پاس آ کر بیٹھتی ہو تو یہ شعر کہتی ہو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ پھر اس کنیز نے مجھے یہ پورا واقعہ سنایا۔

ذكر الإباحة للعزب أن ينام في مسجد الْجَمَاعَاتِ

کنوارے شخص کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ ایسی مسجد میں سو جائے جہاں باجماعت نماز ادا ہوتی ہے

1656 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وهب قال أخبرني يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

قَالَ بْنُ عُمَرَ كُنْتُ اَبِيتُ فِيْ مَسْجِدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ فَتًى شَابًّا عَزَبًا وَّكَانَتِ الْكِلَابُ تَبُولُ وَتُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِي الْمَسْجِدِ فَلَمْ يَكُوْنُوا يَرُشُّوْنَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: قول بن عُمَرَ وَكَانَتِ الْكِلَابُ تَبُولُ يُرِيْدُ بِهٖ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ وَتُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِي الْمَسْجِدِ فَلَمْ يكن يرشون بمرورها في المسجد شيئا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں رات بسر کیا کرتا تھا۔ میں نوجوان کنوارہ شخص تھا کتے مسجد میں آیا جایا کرتے تھے اور پیشاب کیا کرتے تھے اور ان کے پیشاب پر کوئی چیز نہیں چھڑکی جاتی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ کتے پیشاب کر دیا کرتے تھے اس سے مراد یہ ہے کہ مسجد کے باہر ایسا کرتے تھے اور پھر مسجد میں آتے جاتے تھے لیکن ان کے آنے جانے کی وجہ سے مسجد میں پانی نہیں چھڑکا جاتا تھا۔

1656- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داوُد (382) في الطهارة: باب في طهور الأرض إذا يبست، ومن طريقه أخرجه البغوي (292)، عن أحمد بن صالح، والبيهقي في "السنن" 2/429 من طريق هارون بن معروف، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/70-71 عن سكن بن نافع، عن صالح بن أبي الأخضر، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ. وأخرج القسم الأول منه: البخاري (1121) في التهجد: باب فضل قيام الليل، و (3738) في فضائل الصحابة: باب مناقب عبد الله بن عمر، والترمذي (321) في الصلاة: باب ما جاء في النوم في المسجد، من طريق عبد الرزاق، عن مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عمر. وأخرجه البخاري (7030) في التعبير: باب الأخذ على اليمين في النوم، من طريق هشام بن يوسف، عن معمر، عن الزهري، عن سالم، عن ابن عمر. وأخرجه البخاري (440) في الصلاة: باب نَوْم الرجال في المسجد، والنسائي 2/50 في المساجد: باب النوم في المسجد، والبيهقي 2/445، من طريق يحيى، وابن ماجة (751) في المساجد: باب النوم في المسجد، من طريق عبد الله بن نمير، كلاهما عن عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر. أخرجه البخاري (7028) في التعبير: باب الأمن وذهاب الروع في المنام، من طريق صخر بن جويرية، عن نافع، عن ابن عمر.

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ الْخُبْزِ وَاللَّحْمِ فِي الْمَسَاجِدِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مسجد میں روٹی اور گوشت کھائے

1657 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ زِيَادٍ الْحَضْرَمِيُّ

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ يَقُوْلُ كُنَّا نَاْكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في المسجد الخبز اللحم ثم نصلي ولا نتوضأ.

حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں مسجد میں ہی روٹی اور گوشت کھالیا کرتے تھے پھر نماز پڑھ لیا کرتے تھے ہم از سرِ نو وضو نہیں کرتے تھے۔

1657- إسناده صحيح رجاله رجال الصحيح غير سليمان بن زياد الحضرمي وهو ثقة، وأخرجه ابن ماجة (3300) في الأطعمة: باب الأكل في المسجد، عن يعقوب بن حميد بن كاسب وحرملة بن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد، وابنه عبد الله في زوائده على "المسند" 4/190 من طريق هارون بن معروف، عن ابن وهب، عن حيوة بن شريح، عن عقبة بن مسلم، عن عبد الله بن الحارث بن جزء . وهذا سند صحيح أيضًا. وأخرجه أحمد 4/190و191، وابن ماجة (3311) والترمذي في "الشمائل" (166)، من طرق عن ابن لهيعة.

بَابُ الْاَذَانِ

باب 7: اذان کا بیان

1658 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ

(متن حدیث): عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ

1658– في البخارى (6008) :"وكان رقيقًا رحيمًا" قال الحافظ: هو للأكثر بقافين من الرقة، وللقابسي والأصيلي والكشميهني بفاء ثم قاف من الرفق 2. إسناده صحيح على شرط البخارى. رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فإنه من رجال البخارى، إسماعيل بن إبراهيم: هو ابن مقسم الأسدى مولاهم المعروف بابن عُلية، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، وأبو قلابة هو عبد الله بن زيد الجرمي، وهو في "صحيح البخارى " (6008) في الأدب: باب = رحمه الناس والبهائم، و "الأدب المفرد" (213) ، و"سنن أبي داوُد" (589) في الصلاة: باب من أحق بالإمامة، عن مسدد، بهذا الإسناد. ومن طريق أبي داوُد أخرجه البيهقي في "السنن" .3/120،وأخرجه أحمد 3/436، ومسلم (674) في المساجد: باب من أحق بالإمامة، والنسائي 2/9 في الأذان: باب اجتزاء المرء بأذان غيره في السفر، والطبراني 19/ (640) و (641) ، والدارقطني 1/272–273، والبيهقي 2/17 و3/54، من طرق عن إسماعيل بن إبراهيم بهذا الإسناد . وصححه ابن خزيمة (398) .وأخرجه البخارى (628) ، والدارمي 1/286، وأبو عوانة 1/331، 332، والبيهقي 1/385، من طريق وهيب، عن أيوب، عن أبي قلابة ...وأخرجه أحمد 5/53، والبخارى (685) في الأذان: باب إذا استووا في القراءة فليؤمهم أكبرهم، و (819) باب المكث بين السجدتين، ومسلم (674) ، والنسائي 2/9 في الأذان، وأبو عوانة 1/331 من طرق عن حماد بن زيد، عن أيوب، به .وأخرجه الشافعي 1/129، والبخارى (631) في الأذان: باب الأذان للمسافرين إذا كانوا جماعة، و (7246) في أخبار الآحاد، ومسلم (674) ، والطبراني /19 (637) ، والدارقطني 1/273، والطحاوى في "مشكل الآثار" 2/296–297، والبيهقي في "السنن" 3/120، والبغوى (432) من طريق عبد الوهاب الثقفي، عن أيوب، عن أبي قلابة.. وصححه ابن خزيمة (397) .وأخرجه الطبراني /19 (635) و (636) من طرق عن حماد بن سلمة، عن أيوب، عن أبي قلابة، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 1/217، وأحمد 3/436و5/53، والبخارى (630) في الأذان و (658) باب إثنان فما فوقهما جماعة، و (2848) في الجهاد: باب سفر الاثنين، ومسلم (674) (293) ، وأبو داوُد (589) في الصلاة، والترمذى (205) في الصلاة: باب ما جاء في الأذان في السفر، والنسائي 2/8–9 في الأذان: باب أذان المنفردين في السفر و 2/21 باب إقامة كل واحد لنفسه، و 2/77 في الإمامة: باب تقديم ذوى السن، وابن ماجة (979) في الإقامة: باب من أحق بالإمامة، والدارقطني 1/346، والدارمي 1/286، وأبو عوانة 1/332، والبيهقي 1/411و 3/67 والبغوى (431) ، والطبراني /19 (638) و (639) ، من طرق عن خالد الحذاء ، عن أبي قلابة، به. وصححه ابن خزيمة (395) و (396) وسيورده المؤلف برقم (2128) و (2129) و (2130) .

فَاَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِينَ لَيْلَةً فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اِلٰى اَهْلِينَا سَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا فِيْ اَهْلِنَا فَاَخْبَرْنَاهُ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا رَفِيْقًا فَقَالَ: "ارْجِعُوْا اِلٰى اَهْلِيْكُمْ فَعَلِّمُوْهُمْ وَمُرُوْهُمْ وَصَلُّوا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فليؤذن أحدكم وليؤمكم أكبركم".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "صَلُّوا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ" لَفْظَةُ اَمْرٍ تَشْتَمِلُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ كَانَ يَسْتَعْمِلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاتِهِ فَمَا كَانَ مِنْ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ خَصَّهُ الْاِجْمَاعُ اَوِ الْخَبَرُ بِالنَّفْلِ فَهُوَ لَا حَرَجَ عَلٰى تَارِكِهِ فِيْ صَلَاتِهِ وَمَا لَمْ يَخُصَّهُ الْاِجْمَاعُ اَوِ الْخَبَرُ بِالنَّفْلِ فَهُوَ اَمْرٌ حَتْمٌ عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ كَافَّةً لَا يَجُوْزُ تركه بحال.

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نوجوان ہم عمر لوگ تھے ہم نے آپ کے پاس 20 دن قیام کیا جب آپ کو یہ اندازہ ہوا کہ ہمیں اپنے گھر والوں کی یاد ستا رہی ہے تو آپ نے ہم سے دریافت کیا کہ ہم اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ کر آئے ہیں ہم نے آپ کو اس بارے میں بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے مہربان اور نرم دل تھے۔ آپ نے فرمایا: تم اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلے جاؤ انہیں تعلیم دو انہیں حکم دو اور تم لوگ اس طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' جب نماز کا وقت آ جائے' تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور تم میں سے جو شخص عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اس طرح نماز ادا کرو جس طرح تم مجھے ادا کرتے دیکھتے ہو'' یہ ایسے حکم کے الفاظ ہیں جو ہر اس چیز پر مشتمل ہیں جن پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران عمل کیا کرتے تھے۔ البتہ ان میں سے جن چیزوں کو اجماع یا کسی دوسری حدیث کے ذریعے نفل قرار دیا گیا ہو تو نماز کے دوران انہیں ترک کرنے والے شخص پر کوئی حرج نہیں ہوگا لیکن جس چیز کو اجماع یا حدیث نے نفل ہونے کے طور پر مخصوص نہ کیا ہو وہ تمام مخاطب افراد کو لازمی حکم ہوگا جس کو ترک کرنا کسی بھی حال میں جائز نہ ہوگا۔

ذِكْرُ التَّرْغِيبِ فِي الْاَذَانِ بِالْاِسْتِهَامِ عَلَيْهِ

اذان کے لئے قرعہ اندازی کا تذکرہ کر کے اذان دینے کی ترغیب دینے کا تذکرہ

1659 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا عَلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا ولو حبوا".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر لوگوں کو یہ پتہ چل جائے کہ اذان اور پہلی صف میں (کیا اجر وثواب) ہے اور پھر انہیں قرعہ اندازی کے ذریعے اس کا موقع ملے تو وہ اس کے لئے قرعہ اندازی بھی کر لیں اور اگر انہیں یہ پتہ چل جائے کہ عشاء اور فجر (کی نماز با جماعت) میں کیا اجر وثواب ہے تو وہ ان دونوں میں ضرور شریک ہوں۔ اگر چہ وہ گھسٹ کر چل کر آئیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنَ الْمُوَاظَبَةِ عَلَى التَّأْذِيْنِ وَلَا سِيَّمَا إِذَا كَانَ وَحْدَهُ فِي شواهق الجبال وبطون الأودية

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ باقاعدگی کے ساتھ اذان دے بطور خاص اس وقت جب وہ پہاڑوں یا ویرانوں میں تنہا ہو

1660 - أخبرنا بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْ عُشَّانَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "يَعْجَبُ رَبُّكَ مِنْ رَاعِي غَنَمٍ فِيْ رَأْسِ الشَّظِيَّةِ لِلْجَبَلِ يُؤَذِّنُ لِلصَّلَاةِ وَيُصَلِّي فَيَقُوْلُ اللّٰهُ انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِي هٰذَا يُؤَذِّنُ وَيُقِيمُ لِلصَّلَاةِ يَخَافُ مِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِي وَاَدْخَلْتُهُ الجنة".

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تمہارا پروردگار بکریوں کے اس چرواہے پر بہت خوش ہوتا ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر موجود ہوتا ہے وہ نماز کے لئے اذان

1659- إسناده صحيح على شرطهما. سُمي: هو مولى أَبِيْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هشام، وأبو صالح: هو ذكوان السمان الزيات المدني، وهو في "شرح السنة" (384) من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، عن مالك ...وهو في "الموطأ" برواية يحيى 1/68 في الصلاة: باب ما جاء في النداء للصلاة و131 في صلاة الجماعة: باب ما جاء في العتمة والصبح. ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (2007)، وأحمد 2/236و278و303و374و375 و 533، والبخاري (615) في الأذان: باب الاستهام في الأذان، و (654) باب فضل التهجير إلى الظهر، و (721) باب الصف الأول، و (2689) في الشهادات: باب القرعة في المشكلات، ومسلم (437) في الصلاة: باب تسوية الصفوف وإقامتها وفضل الأول فالأول منها، والنسائي 1/269 في المواقيت: باب الرخصة في أن يقال للعشاء العتمة، و 2/23 في الأذان: باب الاستهام على التأذين، والترمذي (225) و (226) في الصلاة: باب ما جاء في فضل الصف الأول، وأبو عوانة 1/332و2/37؛ والبيهقي 1/428و10/288، وصححه ابن خزيمة (391)

1660- إسناده صحيح، أبو عُشَّانة: هو حيٌّ بن يُؤمن المصري وهو ثقة، وباقي رجال السند على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 4/158، وأبو داوُد (1203) في الصلاة: باب الأذان في السفر، والنسائي 2/20 في الأذان: باب الأذان لمن يصلي وحده، والبيهقي 1/405، والطبراني 17/ (833)، من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/145و157 عن قتيبة بن سعيد، وحسن بن موسى، كلاهما عن ابن لهيعة، عن أبي عشانة، به. وابن لهيعة ضعيف، لكن الطريق الأولى تقويه.

دیتا ہے اور نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے اس بندے کی طرف دیکھو اس نے اذان بھی دی ہے اور نماز بھی ادا کی ہے یہ مجھ سے ڈرتا ہے میں نے اپنے بندے کی مغفرت کر دی ہے اور میں اسے جنت میں داخل کروں گا''۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْأَشْيَاءِ لِلْمُؤَذِّنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِأَذَانِهِ فِي الدُّنْيَا

دنیا میں دی جانے والی اذان کی وجہ سے قیامت کے دن جنات' انسانوں اور دیگر اشیاء کا مؤذن کے حق میں گواہی دینے کا تذکرہ

1661 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ صَعْصَعَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ اِنِّيْ اَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ فَاِذَا كُنْتَ فِيْ غنمك وباديتك وأذنت في الصلاة فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ فَاِنَّهُ لَا يَسْمَعُ مَدٰى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلَا اِنْسٌ وَلَا شَيْءٌ إلا شهد له يوم القيامة.

قَالَ اَبُوْسَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا میں نے دیکھا ہے' تم بھیڑ بکریوں میں رہنے اور دیہاتی زندگی کو پسند کرتے ہو (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) یا تم بھیڑ بکریوں میں اور ویرانے میں رہتے ہو' تو نماز کے اذان دو اور اپنی آواز کو اذان دیتے ہوئے بلند رکھو' کیونکہ مؤذن کی آواز جہاں تک جاتی ہے وہاں اسے جو بھی جن' انسان اور جو بھی چیز سنتی ہے' تو وہ قیامت کے دن اس مؤذن کے حق میں گواہی دے گی''۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

ذِكْرُ تَبَاعُدِ الشَّيْطَانِ عِنْدَ سَمَاعِ النِّدَاءِ وَالْإِقَامَةِ

اذان اور اقامت کی آواز سن کر شیطان کے دور چلے جانے کا تذکرہ

1662 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا إسحاق بن اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ

1661– إسناده صحيح على شرط البخاري. القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب القعنبي الحارثي، ثقة فاضل، وهو أحد رواة "الموطأ" عن مالك، وقد انفردت نسخته بحديث "لا تطروني كما أطرت النصارى عيسى بن مريم، إنما أنا عبد، فقولوا: عبده ورسول" وكان ابن معين وابن المدين لا يقدمان عليه أحدًا في "الموطأ"، وهو فيه بروايته ص87 (نشر دار الشروق) و1/69 برواية يحيى، باب جامع النداء .ومن طريق مالك أخرجه أحمد 3/35و43، والبخاري (609) في الأذان: باب رفع الصوت بالنداء، و (3296) في بدء الخلق: باب ذكر الجن وثوابهم وعقابهم، و (7548) في التوحيد: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة"، والنسائي 2/12 في الأذان: باب رفع الصوت بالأذان، والبيهقي 1/397و427.

الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ فَاِذَا سَكَتَ اَقْبَلَ فَاِذَا ثُوِّبَ اَدْبَرَ وَلَهُ ضُرَاطٌ فَاِذَا سَكَتَ اَقْبَلَ يَخْطِرُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ لَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى فَاِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَوَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب مؤذن اذان دیتا ہے' تو شیطان پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے' جب مؤذن خاموش ہو جاتا ہے' تو وہ پھر آ جاتا ہے' پھر جب مؤذن اقامت کہتا ہے' تو وہ پھر پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے' اور اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے۔ جب مؤذن خاموش ہوتا ہے' تو شیطان آ جاتا ہے' اور آدمی کے دل میں مختلف طرح کے خیالات پیدا کرنا شروع کر دیتا ہے' یہاں تک کہ آدمی کو یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی نماز ادا کی ہے' جب کسی شخص کو نماز ادا کرتے ہوئے اس طرح کی صورت حال کا سامنا کرنا پڑے تو اسے قعدہ کے دوران دو مرتبہ سجدہ سہو کر لینا چاہیے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا تَبَاعَدَ اِنَّمَا يَتَبَاعَدُ عِنْدَ الْاَذَانِ بِحَيْثُ لَا يَسْمَعُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شیطان جب اذان کے وقت دور جاتا ہے تو وہ اتنی دور چلا جاتا ہے جہاں وہ اذان کی آواز نہ سن سکے

1663 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بن قتيبة حدثنا بن اَبِي السَّرِيِّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "اِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ التَّاْذِيْنَ فَاِذَا قُضِيَ التَّاْذِيْنُ اَقْبَلَ حَتّٰى اِذَا ثُوِّبَ بِهَا اَدْبَرَ حَتّٰى اِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بين المرء وَنَفْسِهٖ يَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ مِنْ قَبْلُ حَتّٰى يَظَلَّ الرجل لا يدرى كم صلى".

1662– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "مصنف عبد الرزاق" برقم (3462). وأورده المؤلف برقم (16) من طريق هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، بهذا الإسناد، وذكرت تخريجه من طرقه كلها هناك.

1663–حديث صحيح، ابن أبي السرى، وإن كان سيىء الحفظ، قد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرطهما. وأخرجه أحمد 2/313 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (389) (20) في الصلاة: باب فضل الأذان وهرب الشيطان عند سماعة، من طريق محمد بن رافع، والبيهقي 1/432، والبغوي 2/274 من طريق أحمد بن يوسف السلمي، كلاهما عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (392) من طريق أنس بن عياض، عن كثير بن زيد، عن الوليد بن رباح، عن أبي هريرة. وانظر ما قبله.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے' تو شیطان پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے۔ اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے۔ وہ اتنی دور چلا جاتا ہے جہاں وہ اذان کی آواز نہ سن سکے جب اذان مکمل ہوتی ہے' تو شیطان پھر آ جاتا ہے یہاں تک کہ جب اقامت کہی جاتی ہے تو وہ پھر چلا جاتا ہے یہاں تک کہ جب اقامت مکمل ہو جائے' تو وہ پھر آ جاتا ہے' اور آدمی کے دل میں مختلف طرح کے خیالات پیدا کرنا شروع کرتا ہے وہ کہتا ہے: تم فلاں چیز کو یاد کرو' فلاں چیزوں کو یاد کرو وہ ان چیز کو یاد کرواتا ہے' جو آدمی کو ویسے یاد نہیں آتی تھیں یہاں تک کہ آدمی کا یہ عالم ہو جاتا ہے' اسے یہ یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی نماز ادا کی ہے''۔

ذِكْرُ قَدْرِ تَبَاعُدِ الشَّيْطَانِ عِنْدَ النِّدَاءِ بِالْإِقَامَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ شیطان اقامت سن کر کتنی دور جاتا ہے

1664 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصَّلَاةِ ذَهَبَ حَتّٰى يَكُوْنَ مَكَانُ الرَّوْحَاءِ."

قَالَ سُلَيْمَانُ فَسَاَلْتُهُ عَنِ الرَّوْحَاءِ فَقَالَ هِيَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى سَبْعَةٍ وثلاثين ميلا.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''شیطان جب اذان سنتا ہے' تو وہ چلا جاتا ہے یہاں تک کہ ''روحاء'' پہنچ جاتا ہے''۔

سلیمان نامی راوی کہتے ہیں میں نے اپنے استاد سے ''روحاء'' کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: یہ مدینہ منورہ سے **37** میل کے فاصلے پر ہے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْفِطْرَةِ لِلْمُؤَذِّنِ بِتَكْبِيْرَةٍ وَّخُرُوْجِهِ مِنَ النَّارِ بِشَهَادَتِهِ لِلّٰهِ بِالْوَحْدَانِيَّةِ

مؤذن کیلئے اس کے تکبیر کہنے کی وجہ سے فطرت کے اثبات کا تذکرہ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کی

1664- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو سفيان: هو طلحة بن نافع القرشي مولاهم الواسطي من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما، وهو في مسند أبي يعلى (1895). وأخرجه مسلم (388) في الصلاة: باب فضل الأذان وهرب الشيطان عند سماعه، عن قتيبة بن سعيد، وعثمان بن أبي شيبة، وإسحاق بن إبراهيم، وابن خزيمة (393) عن يوسف بن موسى، كلهم عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/228، 229، وأحمد 3/316، ومسلم (388)، وأبو عوانة 1/333، والبيهقي 1/432 والبغوي (414)، من طرق عن أبي معاوية، عن الأعمش، به. وصححه ابن خزيمة (393). وأخرجه أحمد 3/336 من طريق ابن لهيعة، حدثنا أبو الزبير، عن جابر.

وحدانیت کی گواہی دینے کی وجہ سے اس کے جہنم سے نکلنے کا تذکرہ

1665 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ خُلَيْفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ

(متن حدیث): سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَّهُوَ فِيْ مَسِيرٍ لَّهُ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "عَلَى الْفِطْرَةِ." ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "حُرِّمَ عَلَى النَّارِ." فَابْتَدَرْنَاهُ فَاِذَا هُوَ صاحبُ ماشية أدركته الصلاة فنادى بها.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کے دوران ایک شخص کو سنا جو الله اکبر الله اکبر کہہ رہا تھا (یعنی وہ اذان دے رہا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ فطرت پر ہے پھر اس نے کہا اشهد ان لا الـه الا الله تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جہنم پر حرام ہو گیا ہم لپک کر اس شخص کے پاس گئے تو وہ جانوروں کا چرواہا تھا جسے نماز کا وقت ہو گیا تھا تو وہ اس کے لئے اذان دے رہا تھا۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُؤَذِّنِ مَدٰى صَوْتِهِ بِاَذَانِهٖ

اللہ تعالیٰ کا مؤذن کو اتنی مغفرت عطا کرنے کا تذکرہ جہاں تک اس کی اذان کی آواز جاتی ہے

1666 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُوْسٰى بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ سَمِعْتُ اَبَا يَحْيٰى يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "اَلْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهٗ مَدٰى صَوْتِهٖ وَيَشْهَدُ لَهٗ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَّشَاهِدُ الصلاة يكتب له خمس وعشرين حسنة ويكفر عنه ما بينهما".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اَبُوْ يَحْيٰى هٰذَا اسْمُهٗ سَمْعَانُ مَوْلٰى اَسْلَمَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَالِدِ اُنَيْسٍ وَّمُحَمَّدٍ ابْنَيْ اَبِيْ يَحْيَى الْاَسْلَمِيِّ مِنْ جِلَّةِ التَّابِعِيْنَ.

وَابْنُ ابْنِهٖ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ يَحْيٰى تَالِفٌ فِي الرِّوَايَاتِ.

1665- إسناده صحيح، حسين بن معاذ بن خليف: ثقة، روى له أبو داؤد، وباقي رجال السند على شرطهما . وأخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" (399) عن إسماعيل بن بشر السليمي، عن عبد الأعلى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/132و229و241و253و270، ومسلم (382) في الصلاة: باب الإمساك عن الإغارة على قوم في دار الكفر إذا سمع فيهم الأذان، والترمذي (1618) في السير: باب ما جاء في وصيته صلى الله عليه وسلم في القتال، وأبو عوانة في "مسنده" 1/336، والبيهقي في "السنن" 1/405 من طرق عَنْ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ . وصححه ابن خزيمة (400) .وفي الباب عن ابن مسعود عند البيهقي في "السنن" 1/405، وعن الحسن مرسلًا عند عبد الرزاق (1866) .

وَمُوْسٰی بْنُ اَبِیْ عُثْمَانَ مِنْ سَادَاتِ اَهْلِ الْكُوفَةِ وَعُبَّادِهِمْ وَاسْمُ أبيه عمران.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مؤذن کی آواز جہاں تک جاتی ہے۔ اس کی اتنی مغفرت ہو جاتی ہے' اور ہر خشک وتر چیز اس کے حق میں گواہی دے گی اور نماز میں شریک ہونے والے کے لئے پچیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دو نمازوں کے درمیان کے اس کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابویحییٰ نامی راوی کا نام سمعان ہے یہ اسلم نامی صاحب کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ ان کا تعلق اہل مدینہ سے ہے۔ یہ انیس اور محمد بن ابویحییٰ اسلمی نامی راوی کے والد ہیں جو جلیل القدر تابعین میں سے ایک ہیں۔ ان کے پوتے ابراہیم بن محمد بن ابویحییٰ ہیں جو روایات میں ہلاکت کا شکار ہونے والا تھا۔

موسیٰ بن ابوعثمان نامی راوی اہل کوفہ کے اکابرین اور عبادت گزاروں میں سے ایک ہیں ان کے والد کا نام عُمران تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يَغْفِرُ لِلْمُؤَذِّنِ وَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ بِاَذَانِهٖ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى يَقِيْنٍ مِنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ مؤذن کی مغفرت کرے گا' اور اس کی اذان کی وجہ سے اسے جنت میں داخل کردے گا' جبکہ وہ یقین کے ساتھ (اذان کے کلمات کہے)

1667 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يحيى حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشَجِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ خَالِدٍ الدُّؤَلِيِّ اَنَّ النَّضْرَ بْنَ سُفْيَانَ الدُّؤَلِيَّ حَدَّثَهُ

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَلَعَاتِ النَّخْلِ فَقَامَ

1666–وأخرجه أحمد 2/411و429و458و461، وأبو داؤد (515) في الصلاة: باب رفع الصوت في الصلاة، والنسائي 2/13 في الأذان: باب رفع الصوت بالأذان، وابن ماجة (724) في الأذان: باب فضل الأذان، والبغوي في "شرح السنة" (411) من طرق عن شعبة، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة (390) عن بندار، عن عبد الرحمٰن بن مهدي، عن شعبة به. وأخرجه عبد الرزاق (1863) ومن طريقه أحمد 2/266 عن معمر، عن منصور، عن عباد بن أنيس، عن أبي هريرة. وعباد بن أنيس ترجمه المؤلف في "الثقات" 5/141، فقال: عباد بن أنيس من أهل المدينة، يروي عن أبي هريرة، روى عنه منصور بن المعتمر. قال الشيخ أحمد شاكر رحمه الله في تعليقه على "المسند" (7600) بعد أن نقل كلام ابن حبان: ثم مما يؤيد توثيقه أن روى عنه منصور، ففي "التهذيب" 10/313: قال الآجري عن أبي داؤد: منصور لا يروي إلا عن ثقة. وأخرجه أحمد برقم (9537) من طريق يحيى بن سعيد، عن شعبة، حدثني موسى بن أبي عثمان، حدثني أبو يحيى مولى جعدة، سمعت أبا هريرة ... وأبو يحيى مولى جعدة وثقه الذهبي في "الميزان" 4/587. وأخرجه البيهقي 1/431 من طريقين آخرين عن الأعمش

بِلَالٌ يُنَادِي فَلَمَّا سَكَتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ قَالَ مِثْلَ ما قال هٰذا يقينا دخل الجنة".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کھجوروں کے جھنڈ کے پاس تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر اذان دینے لگے جب وہ خاموش ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص یقین کے ساتھ وہی کلمات کہے جو اس نے کہے ہیں تو وہ شخص جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُؤَذِّنَ يَكُوْنُ لَهٗ كَاَجْرِ مَنْ صَلّٰى بِاَذَانِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے مؤذن کی اذان کو سن کر جتنے لوگ نماز ادا کریں گے اس مؤذن کو اس کے مطابق اجر ملے گا

1668 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ

(متن حدیث): اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُبْدِعَ بِيْ فَاحْمِلْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَيْسَ عِنْدِي" فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا اَدُلُّهٗ عَلٰى مَنْ يَّحْمِلُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فاعله".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ قَوْلُهٗ اُبْدِعَ بِيْ يُرِيْدُ قُطِعَ بِيْ عَنِ الرُّكُوْبِ لِاَنَّ رَوَاحِلِي كَلَّتْ وعرجت.

1667- النضر بن سفيان روى عنه مسلم بن جندب، وعلي بن خالد الدؤلي، ووثقه المؤلف 5/474، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد، وابنه عبد الله في زوائده على "المسند" 2/352 عن هارون بن معروف، والنسائي 2/24 في الأذان: باب ثواب ذلك، عن محمد بن سلمة، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/204 ووافقه الذهبي، من طريق بحر بن نصر الخولاني، عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عن علي بن خالد الدؤلي أنه حدثه، أنه سمع أبا هريرة يقول ... وقد تحرف "الدؤلي" في سنن النسائي المطبوع إلى "الزرقي."

1668- إسناده صحيح على شرطهما. أبو عمرو الشيباني: هو سعد بن إياس، وأخرجه أحمد 5/272، ومسلم (1893) في الإمارة: باب فضل إعانة الغازي في سبيل الله بمركوب وغيره، والطبراني 17/ (626)، والبيهقي في "السنن" 9/28 من طرق عن أبي معاوية محمد بن خازم، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (20054)، والطيالسي (611)، وأحمد 4/120 و5/272و273و274، ومسلم (1893)، والبخاري في "الأدب المفرد" (242)، وأبو داوُد (5129) في الأدب: باب في الدال على الخير، والترمذي (2671) في العلم: باب ما جاء في الدال على الخير كفاعله، والطحاوي في "مشكل الآثار" 1/484، والطبراني 17/ (622) و (623) و (624) و (625) و (627) و (628) و (629) و (630) و (631) و (632)، والخرائطي في "مكارم الأخلاق" ص16-17، والبيهقي في "السنن" 9/28، وفي "الآداب" 217، والبغوي في "شرح السنة" (2625)، وابن عبد البر في "جامع بيان العلم وفضله" 1/16؛ من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد، وانظر الحديث المتقدم برقم (289).

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس سواری کا انتظام نہیں ہے۔ آپ مجھے سواری کے لئے کچھ دیجئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ میرے پاس نہیں ہے۔ ایک صاحب نے عرض کی: میں اس کی رہنمائی اس شخص کی طرف کرسکتا ہوں جو اس کو سواری کے لئے جانور دیدے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص بھلائی کی طرف رہنمائی کرے اسے اس بھلائی پر عمل کرنے والے کے اجر کی مانند اجر ملتا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے الفاظ اُبْدِعَ بِیْ سے مراد یہ ہے کہ میرے لیے سفر کرنا ممکن نہیں رہا کیونکہ میرے جانور کمزور اور بیمار ہو گئے ہیں۔

ذِكْرُ تَاَمُّلِ الْمُؤَذِّنِيْنَ طُولَ الثَّوَابِ فِي الْقِيَامَةِ بأذانهم في الدنيا

اس بات کی امید کا تذکرہ کہ قیامت کے دن اذان دینے والوں کو دنیا میں اذان دینے کی وجہ سے زیادہ ثواب ملے گا

1669 – أخبرنا محمد بن عمرو بْنِ يُوسُفَ اَبُوْ حَمْزَةَ بِنَسَا حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ

(متن حدیث): سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ الناس أعناقا يوم القيامة".

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''قیامت کے دن مؤذنوں کی گردنیں سب سے زیادہ لمبی ہوں گی''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس

1669– إسناده قوى على شرط مسلم، طلحة بن يحيى: هو ابن طلحة بن عبيد الله التيمي المدني حسن الحديث خرج له مسلم، وباقي رجال السند على شرطهما. بندار: هو لقب محمد بن بشار، وأبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو القيسي العقدى. وأخرجه ابن ماجة (725) في الأذان: باب فضل الأذان، عن بندار محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (387) في الصلاة: باب فضل الأذان، وابن ماجة (725) عن إسحاق بن منصور، والطحاوى في "شرح مشكل الآثار" 208، وأبو عوانة 1/333 عن إبراهيم بن مرزوق، كلاهما عن أبي عامر العقدى، به. وأخرجه أبو عوانة 1/333 من طريق الفريابي، والطبراني في "الكبير" 19/(736) من طريق محمد بن كثير، كلاهما عن سفيان، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/225، وأحمد 4/95 و98، ومسلم (387)، وأبو عوانة 1/333، والبيهقي 1/432، والبغوى (415) من طرق عن طلحة بن يحيى، به. وأخرجه عبد الرزاق (1862) عن الثورى، عن طلحة بن يحيى، عن عيسى بن طلحة، عن رجل، عن النبي صلى الله عليه وسلم. وفي الباب عن أبي هريرة في الحديث الذي بعده.

روایت کونقل کرنے میں حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

1670 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ اُنَيْسٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ الناس أعناقا يوم القيامة".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ الْعَرَبُ تَصِفُ بَاذِلَ الشَّيْءِ الْكَثِيْرِ بِطُوْلِ الْيَدِ وَمُتَاَمِّلَ الشَّيْءِ الْكَثِيْرِ بِطُوْلِ الْعُنُقِ فَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ" يُرِيْدُ اَطْوَلَهُمْ اَعْنَاقًا لِتَاَمُّلِ الثَّوَابِ, كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنِسَائِهِ: "اَسْرَعُكُنَّ بِيْ لُحُوْقًا اَطْوَلُكُنَّ يَدًا" فَكَانَتْ سَوْدَةُ اَوَّلَ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحِقَتْ بِهِ وَكَانَتْ أكثرهن صَدَقَةً. وَلَيْسَ يُرِيْدُ بِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا اَنَّ الْمُؤَذِّنِيْنَ هُمْ اَكْثَرُ النَّاسِ تَاَمُّلًا لِلثَّوَابِ فِي الْقِيَامَةِ وَهٰذَا مِمَّا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا اِنَّ الْعَرَبَ تَذْكُرُ الشَّيْءَ فِيْ لُغَتِهَا بِذِكْرِ الْحَذْفِ عَنْهُ مَا عَلَيْهِ مُعَوَّلُهُ فَاَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ: "اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا" اَيْ مِنْ اَطْوَلِ النَّاسِ اَعْنَاقًا فَحَذَفَ "مِنْ" مِنَ الْخَبَرِ كَمَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِيْ عَنِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: "اَحَبُّ عِبَادِيْ اِلَيَّ اَعْجَلُهُمْ فِطْرًا" اَيْ مِنْ اَقْوَامٍ اُحِبُّهُمْ وَهٰؤُلَاءِ مِنْهُمْ وَهٰذَا بَابٌ طَوِيْلٌ سَنَذْكُرُهُ فِيْ مَوْضِعِهِ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ فِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وشاءه.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن مؤذنوں کی گردنیں سب سے زیادہ لمبی ہوں گی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عرب زیادہ چیز خرچ کرنے والے کو ہاتھ لمبا ہونے اور زیادہ چیز کی امید رکھنے والے کو گردن لمبی ہونے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ قیامت کے دن اذان دینے والے لوگ لمبی گردنوں

1670- عباد بن أنيس، ذكره المؤلف في "الثقات" 5/141، وباقي رجال السند على شرطهما، وقد تقدم في التعليق على الحديث (1667) قول أبي داؤد: منصور لا يروى إلا عن ثقة. ويشهد له حديث معاوية السابق. والحديث في "مصنف عبد الرزاق" (1863) بهذا الإسناد، لكن بلفظ: "إن المؤذن يغفر له مدى صوته، ويصدقه كل رطب ويابس سمعه ..." وأما اللفظ الذى أورده المصنف هنا، فهو في "المصنف" (1861) عن معمر، عن قتادة، عن رجل، عن أبي هريرة. وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 1/326 وقال: "رواه الطبراني في الأوسط، وفيه أبو الصلت، قال المزي: روى عنه علي بن زيد، ولم يذكر غيره. وقد روى عنه ابنه خالد بن أبي الصلت في الطبراني، في هذا الحديث، وبقية رجاله موثقون." وفي الباب عن أنس عند أحمد 3/169و264، قال الهيثمي: ورجاله رجال الصحيح، إلا أن الأعمش قال: حدثت عن أنس. وانظر "مسند البزار" (354). وعن بلال عند الطبراني في "الكبير" (1080)، والبزار (353). وعن زيد بن أرقم عند ابن أبي شيبة 2/225، والطبراني (5118) و(5119). وعن عقبة بن عامر عند الطبراني 17/ (777).

والے ہوں گے اس سے مراد یہ ہے کہ انہیں زیادہ ثواب کی امید ہوگی۔ اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ازواج سے یہ فرمان ''تم میں مجھ سے سب سے جلدی وہ ملے گی' جس کے ہاتھ تم میں سے' سب سے زیادہ لمبے ہیں'' تو سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے ان سے مل گئی تھیں کیونکہ وہ زیادہ صدقہ کیا کرتی تھیں[1]۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک فرمان سے یہ مراد ہرگز نہیں ہے کہ قیامت کے دن ثواب کی زیادہ امید صرف اذان دینے والوں کو ہوگی یہ ان کلمات میں سے ایک ہے جن کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ عرب اپنے محاورے میں کسی چیز کا تذکرہ کرتے ہیں اور اس کے ہمراہ اس لفظ کو حذف کر دیتے ہیں جس پر اس کی بنیاد ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ لمبی گردن والے ہوں گے اس سے مراد یہ ہے کہ لمبی گردن والے لوگوں میں سے ہونگے۔ یہاں پر لفظ ''من'' محذوف ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

''میرے بندوں میں سے میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ وہ ہیں جو جلدی افطار کرتے ہیں''۔

اس سے مراد یہ ہے کہ وہ لوگ جن سے میں محبت رکھتا ہو۔ یہ ان میں سے ہیں' یہ ایک طویل باب ہے جسے ہم اس کتاب میں اس کے مخصوص مقام پر ذکر کریں گے جو سنت کی اقسام میں سے تیسری قسم میں ہوگا۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا۔

ذكر إثبات عفو الله جلا وَعَلَا عَنِ الْمُؤَذِّنِيْنَ

اذان دینے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی معافی کے اثبات کا تذکرہ

1671 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سلمة المرادى حدثنا بن وَهْبٍ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ سُلَيْمَانَ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِىْ صَالِحٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): "اَلْاِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ فَاَرْشَدَ اللّٰهُ الْاَئِمَّةَ وَعَفَا عَنِ الْمُؤَذِّنِيْنَ".

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْصَالِحٍ السَّمَّانُ عَنْ عَائِشَةَ عَلٰى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَاهُ وَسَمِعَهُ مِنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا فَمَرَّةً حَدَّثَ بِهِ عَنْ عَائِشَةَ وَاُخْرٰى عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَتَارَةً وَقَفَهُ عَلَيْهِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَاَمَّا الْاَعْمَشُ فَاِنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفًا وَّسَمِعَهُ مِنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

[1] یہ روایت نقل کرنے میں امام ابن حبان کو وہم ہوا ہے کیونکہ تمام اہلِ سیر و مغازی کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی ازواجِ مطہرات میں سے سب سے پہلے سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا تھا اور وہ دیگر ازواجِ مطہرات کے مقابلے میں زیادہ صدقہ خیرات کیا کرتی تھیں۔ مترجم عفی عنہ

1671- محمد بن أبي صالح (ذكوان السمان) ذكره المؤلف في "الثقات" 7/417، وقال: يخطىء. وقال الحافظ في "التقريب": صدوق يهم. وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 6/65، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/53، والبيهقي 1/425و426و431، من طريق عبد الله بن يزيد المقرء، عن حيوة بن شريح، بهٰذا الإسناد. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1532) من طريق ابن وهب به، وقال بإثره: الأعمش أحفظ من منتين مثل محمد بن أبي صالح. وقد خالفه أخوه سهيل بن أبي صالح، فقال: عن أبيه، عن أبي هريرة، قال أبو زرعة: وهٰذا أصح. وحديث أبي هريرة سيورده المؤلف في الرواية الآتية.

مَرْفُوعًا وَّقَدْ وَهِمَ مَنْ اَدْخَلَ بَيْنَ سُهَيْلٍ وَّاَبِيهِ فِيهِ الْاَعْمَشَ لِاَنَّ الْاَعْمَشَ سَمِعَهُ مِنْ سُهَيْلٍ لَا اَنَّ سُهَيْلًا سَمِعَهُ من الأعمش.

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''امام، ضامن ہے' اور مؤذن امین ہے اللہ تعالیٰ ائمہ کی رہنمائی کرے اور مؤذنوں سے درگزر کرے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت ابوصالح سمان نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے سنی ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے اور انہوں نے یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مرفوع حدیث کے طور پر بھی سنی ہے' تو ایک مرتبہ انہوں نے اسے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کر دیا ہے اور ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کر دیا ہے اور ایک دفعہ موقوف روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔ مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا اور جب اعمش نے یہ روایت ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے موقوف روایت کے طور پر سنی تو انہوں نے یہ روایت ابوصالح کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مرفوع حدیث کے طور پر سنی تو وہ شخص وہم کا شکار رہا جس نے سہیل نامی راوی اور اس کے والد کے درمیان اعمش کو داخل کر دیا کیونکہ اعمش نے یہ روایت سہیل سے سنی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ سہیل نے یہ روایت اعمش سے سنی ہے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْغُفْرَانِ لِلْمُؤَذِّنِ بِاَذَانِهٖ

مؤذن کے اذان دینے کی وجہ سے اس کے لئے مغفرت کی اثبات کا تذکرہ

1672 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "اَلْإِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ فَاَرْشَدَ اللّٰهُ الْاَئِمَّةَ وَغَفَرَ لِلْمُؤَذِّنِينَ".

1672- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 2/419 عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (1531) من طريقين عن سهيل بن أبي صالح به. وأخرجه الشافعي 1/57 ومن طريقه البيهقي في "السنن" 1/430 عن إبراهيم بن محمد، وعبد الرزاق (1839) عن سفيان بن عيينة، كلاهما عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، به. ولفظ "عن ابيه" سقط من "مصنف" عبد الرزاق. وأخرجه الرامهرمزي في "المحدث الفاصل" رقم (257) من طريق يزيد بن زريع، حدثنا عبد الرحمٰن بن إسحاق، عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه عبد الرزاق (1838)، والشافعي 1/128، والحميدي (999)، وأحمد 2/284 و424 و464 و472، والترمذي (207)، وأبو داوٗد (517)، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/52، والطيالسي (2404)، وأبو نعيم في "الحلية" 7/118، والطبراني في "الصغير" 1/107 و2/13، والبيهقي 1/430 و3/127، والبزار (357)، من طرق كثيرة عن الأعمش، عن أبي صالح ... وصححه ابن خزيمة (1528).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ اَلْفَرْقُ بَيْنَ الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ اَنَّ الْعَفْوَ قَدْ يَكُوْنُ مِنَ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا لِمَنِ اسْتَوْجَبَ النَّارَ مِنْ عِبَادِهٖ قَبْلَ تَعْذِيْبِهٖ اِيَّاهُمْ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ وَقَدْ يَكُوْنُ ذلك بعد تعذيبه إياهم الشيء اليسير، ثُمَّ يَتَفَضَّلُ عَلَيْهِمْ جَلَّ وَعَلَا بِالْعَفْوِ اِمَّا مِنْ حَيْثُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ وَاِمَّا بِشَفَاعَةِ شَافِعٍ وَّالْغُفْرَانُ هُوَ الرِّضَا نَفْسُهٗ وَلَا يَكُوْنُ الْغُفْرَانُ مِنْهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَنِ اسْتَوْجَبَ النِّيْرَانَ بِفَضْلِهٖ اِلَّا وَهُوَ يَتَفَضَّلُ عَلَيْهِمْ بِاَنْ لَا يدخلهم إياها بحيله.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''امام ضامن ہے اور مؤذن امین ہے اللہ تعالیٰ ائمہ کی رہنمائی کرے اور مؤذنوں کی مغفرت کرے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عفو اور غفران میں فرق ہے عفو پروردگار کی طرف سے ایسے شخص کیلئے بھی ہوتا ہے کہ اس کے جس بندے پر جہنم لازم ہو چکی ہو تو یہ اسے عذاب دینے سے پہلے سے بھی ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے بچا کر رکھے۔ اور بعض اوقات یہ اسے عذاب دینے کے کچھ عرصہ کے بعد بھی ہو سکتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر فضل کرے گا کہ انہیں معاف کر دے گا یا تو یہ اپنے فضل کی وجہ سے کرے گا یا کسی شفاعت کرنے والے کی وجہ سے کرے گا اور غفران سے مراد اس کی ذات کا راضی ہونا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس شخص کیلئے مغفرت ہوگی جس پر جہنم لازم ہو چکی ہو اور یہ اس کے فضل کی وجہ سے ہی ہوگی۔ ماسوائے اس کے کہ وہ ان پر اپنا فضل کرتے ہوئے اپنی قوت کے ساتھ انہیں اس میں داخل ہی نہ کرے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاَذَانِ الَّذِیْ كَانَ يُؤَذَّنُ بِهٖ فِیْ اَيَّامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اذان کے اس طریقے کا تذکرہ جس کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اذان دی جاتی تھی

1673 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ عَنْ يَّحْيَى الْقَطَّانِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ كَثُرَ الناس فأمرنا مناديا ينادي على الزوراء.

1673- إسناده صحيح على شرط البخاري. رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فإنه من رجال البخاري. وأخرجه أحمد 3/450، والبخاري (912) في الجمعة: باب الأذان يوم الجمعة، والترمذي (516) في الصلاة: باب ما جاء في أذان الجمعة، وابن الجارود (290)، والطبراني (6647)، والبيهقي 3/192، والبغوي (1071) من طرق عن أبي ذئب، بهذا الإسناد وأخرجه الشافعي 1/160، والبخاري (913) في الجمعة: باب المؤذن الواحد يوم الجمعة، و (915) باب الجلوس على المنبر عند التأذين، و (916) باب التأذين عند الخطبة، والنسائي 3/100، 101 في الجمعة، وأبو داؤد (1087) في الصلاة: باب النداء يوم الجمعة، والطبراني (6646) و (6648) (6649) و (6650) و (6651) و (6652)، والبيهقي 3/192، و205، من طرق عن الزهري، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/222، وأبو داؤد (1088)، والطبراني (6642) و (6643) و (6644) و (6645)، وابن ماجة (1135)، من طرق عن ابن إسحاق، عن الزهري، به. وصححه ابن خزيمة (1837) وقد تحرف فيه "ابن إسحاق" إلى أبي إسحاق."

سائب بن یزید بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ اقدس میں اذان کے کلمات دو دو مرتبہ کہے جاتے تھے (یعنی جمعہ کے دن ایک اذان ہوتی تھی' اور ایک اقامت ہوتی تھی) یہاں تک کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا عہد حکومت آیا اور لوگ زیادہ ہو گئے' تو انہوں نے مؤذن کو یہ ہدایت کی کہ وہ زوراء کے مقام پر (جمعے کے دن) دوسری اذان دیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْإِقَامَةِ الَّتِي كَانَ يُقَامُ بِهَا الصَّلَاةُ فِي اَيَّامِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اقامت کے اس طریقے کا تذکرہ جس کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں نماز کے لئے اقامت کہی جاتی تھی

1674 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ يُحَدِّثُ عَنْ مُسْلِمٍ اَبِي الْمُثَنّٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً غَيْرَ اَنَّهُ يَقُوْلُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ فَاِذَا سَمِعْنَا الْاِقَامَةَ تَوَضَّاْنَا ثم جئنا إلى الصلاة.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذان کے کلمات دو مرتبہ ہوتے تھے اور اقامت ایک مرتبہ ہوتی تھی تاہم قد قامت الصلوٰۃ کو دو مرتبہ کہا جاتا تھا جب ہم اقامت سنتے تھے' تو ہم وضو کر لیتے تھے اور نماز کے لئے آجاتے تھے۔

1675 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَيُّوْبَ

1675- إسناده قوى . أبو جعفر: هو محمد بن إبراهيم بن مسلم، قال ابن معين: ليس به بأس، وقال الدارقطني: بصرى يحدث عن جده، ولا بأس بهما، وجده مسلم بن المثنى وثقه أبو زرعة، وذكره المؤلف في "الثقات"، وسيعرف بهما المؤلف بإثر الحديث (1677) وباقي رجال السند على شرطهما. وأخرجه أبو داوُد (510) في الصلاة: باب في الإقامة، ومن طريقه البغوى في "شرح السنة" (406)، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (374). وأخرجه أحمد 2/85، والدولابى في "الكنى والأسماء" 2/106، من طريق محمد بن جعفر، به. ومن طريق أحمد أخرجه الحاكم 1/197، 198، وصححه، ووافقه الذهبي، وقد أخطأ الحاكم وتابعه الذهبي في تعيين أبي جعفر وشيخه، وبين خطأهما الشيخ المحقق أحمد شاكر رحمه الله في تعليقه على "المسند" (5569). وأخرجه أحمد 2/87، والنسائي 2/3 في الأذان: باب تثنية الأذان، و2/20، 21 باب كيف الإقامة، والدولابي 2/106، والدارمي 1/270، والبيهقي في "السنن" 1/413، وابن خزيمة (374) من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد2. إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أبو عوانة 1/327، 328 عن أبي خليفة بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا عن محمد بن حيوية ومحمد بن أيوب، عن محمد بن كثير، به. وأخرجه عبد الرزاق (1794)، ومن طريقه أبو عوانة 1/328، والبيهقي في "السنن" 1/413، والبغوى (405)، وابن خزيمة (375)، عن معمر، عن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبن أبي شيبة 1/205، وأحمد 3/103، ومسلم (378) (5) في الصلاة: باب الأمر بشفع الأذان وإيتار الإقامة، والنسائي 2/3 في الأذان: باب تثنية الأذان، وأبو

عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ

(متن حدیث): اُمِرَ بلال أن يشفع الأذان ويوتر الإقامة.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: ما روى هذا عَنِ ابْنِ كَثِيْرٍ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ ثِقَةٌ غَيْرُ مُحَمَّدِ بن أيوب الرازى وأبى خليفة.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ اذان کے کلمات جفت اور اقامت کے کلمات طاق تعداد میں کہیں۔

(امام ابن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) ابن کثیر کے حوالے سے شعبہ سے منقول اس روایت کو کسی بھی ثقہ راوی نے نقل نہیں کیا صرف محمد بن ایوب رازی اور ابوخلیفہ نے نقل کیا ہے۔

